188639

UNIVERSAL
LIBRARY
OU_188639
UNIVERSAL
LIBRARY

OSMANIA UNIVERSITY LIBRARY

Call No. ۲۲۳ ا Accession No. ۱۰۶-۱

Author امیر عبدالرحمٰن ۔م

Title سند محمد حسن عمری

This book should be returned on or before the date last marked below.

۱-۶۰۱
۱
Checked 1975

فہرست مضامین

صفحہ

باب اوّل - کابل مین میرا جانشین کون ہوگا ۱

باب دوم - صنعت حرفت وتجارت پھیلانیکے لئے مینے کیا کیا تدبیرین کیں ۲۵

باب سوم - سرکاری محکمے ۹۲

باب چہارم - میری روزانہ زندگی کے بعض تفصیلی حالات ۱۴۵

باب پنجم - تعلقات انگلستان وافغانستان ۲۰۵

باب ششم - مسئلہ حدود افغانستان وڈیورانڈ مشن .. ۲۶۴

باب ہفتم - افغانستان کا انجام ۳۰۱

باب ہشتم - انگلستان - روس اور افغانستان ۴۸۰

فہرست تصاویر

۱ ۔ شبیہ ضیاء الملۃ والدین امیر عبدالرحمٰن خان غازی ..... صفحہ ۱

۲ ۔ ایوان شاہی واقع باغ بالا (کابل) جو دربار کیلئے مخصوص ہے ۱۶۰

۳ ۔ شاہی رسالہ کا یونیفارم ۳۴۹

۴ ۔ شبیہ شاہزادہ نصراللہ خان ۱۸۹


۵ ۔ شاہی پلٹن کا یونیفارم ۱۰۵

۶ ۔ شبیہ امیر دوست محمد خان غازی ۴۰۵

۷ ۔ شبیہ امیر شیر علی خان ۴۳۵

۸ قلعہ غزنی ..... ٹائٹل جلد

بندگانِ عالی متعالی نظام الملک آصفجاہ نواب میر محبوب علیخان بہادر ظلہ العالی خلد اللہ ملکہ وسلطنتہ



مترجم یہ کتاب عالیجناب نواب میر اسد علیخان نظام یار جنگ
نظام یار الدولہ حسام الملک خانخانان بہادر دام اقبالہ کے نذر کرتا ہے
جو صدر ضفتا جداری - بدرقبہ کامگاری - اعلیحضرت قدر قدرت خداوند
نعمت کے دربارِ دربار کے امرائے عظام سے ہین آپکی
ذاتی اوصاف وکمالات - حق شناسی - خوش خلقی - سیہ چشمی محتاج بیان
نہین - سارا ملک واقف ہے آپکا معزز خاندان سلاطین مغلیہ کے

عہد مین بھی بہت نامور و ممتاز رہا۔ امانت خان و دیانت خان کے نام تاریخ عہد اورنگ زیب سے کبھی محو نہ ہونگے۔ اور شاہنواز خانِ اوّل و خانخانانِ اول کی صولت دربار آصفی مین یادگار رہیگی۔ نوابصاحب ممدوح بالقابہ رضوی سید ہین۔ اور یہ بھی ایک حسن اتفاق ہے کہ روضہ مشہد مقدس کے کلید بردار آپ کے جد امجد تھے۔ یہ خدمت بھی کچھ ایسی ویسی نہ تھی بلکہ اسقدر وقعت و منزلت کی نگاہ سے دیکھی جاتی تھی کہ شاہان کجکلاہ اوسکی آرزو کرتے تھے۔ وَالقِصَّۃُ یَطُوْلُھَا الحاصل مترجم کی یہ آرزو ہے کہ یہ ہدیہ مقبول ہو۔

دعاگوئی ترقیخواہ

سید محمد حسن بلگرامی

(مترجم کتاب)



یورپ سے ایشیا تک لوگ مان گئے کہ امیر عبدالرحمن خان
غازی حکمران دولت خداداد افغانستان خلداللہ ملکہٗ دنیا کے اُن
مدبرون مین ہین جنکے ذہن ثاقب وفکر صائب کی روشنی دور دور
کی نگاہون کو خیرہ کر رہی ہے اور قرب وجوار کے گم کردہ راہون کو
طلوع صبح صادق کی طرح منزل مقصود کی راہین دکھا رہی ہے۔ انکی
حالات سے اگرچہ بہت سے سیاحین یورپ نے بحث کی اور انگریزی

اخبارون مین بہی انکے تذکرے بہت کچھ چھپ چکے لیکن بعض
مضامین تو اختصار کیوجہ سے بے کیف رہے اور اکثر تعصبات
کی امیزش سے قابل وثوق نہ سمجھے گئے۔

مدت سے اہل ہند خصوصًا اہل اسلام انکی سوانح اوقات
وارتقائے درجات وملک گیری وباج ستانی وطرز سیاست وتایین
ریاست ورفع مکائد ودفع معاند کے مفصل حالات سننے اور دیکھنے
کے مشتاق تہے کہ جہان اوستاد نے کیا کیا پیچ نکالے اور کیسے
کیسے توڑ کئے کہ میدان ہاتھ رہا۔ کن کن گتہیون کو سلجھایا اور کیا
کیا اوالجہنین ڈالدین کہ ناخن افکار اون عقدون کے حل کرنے مین
بیکار رہے۔


بالفعل لندن مین انکی ایک لائف طبع ہوئی جو اُنہین کے
سکرٹری آف اسٹیٹ سلطان محمد خان بیرسٹرایٹ لا کی لکہی ہوئی
ہے جس مین اونکے مفصل حالات درج ہین۔ اس کتاب کی دیباچہ مین

بہت کچھ شہرت ہوئی اور اکثر اخبارون مین ریویو لکھے گئے۔ چونکہ کتاب انگریزی زبان مین تھی اس لئے اکثر وہ لوگ جو انگریزی زبان سے ناآشنا ہین اسکا لطف اُٹھانے سے محروم رہے۔ میرے ایک شفیق عزیز کرم فرما مولوی سید **بشارت حسین** صاحب نے مجھے مجبور کیا کہ اس کتاب کا نہایت سلیس اور عام فہم اردو مین ترجمہ کرون تاکہ وہ حضرات جو انگریزی زبان سے نابلد ہین اپنی آتش شوق بجھا سکین اور اس طلسم بوقلمون کی سیر سے فائدہ اُٹھا سکین۔ مین اونکی فرمایش سر آنکھون سے بجا لایا اور اس کتاب کو اردو کے معلّی کا لباس پہنایا۔

ناظرین سے یہ توقع ہے کہ اگر کہین ترجمہ مین سقم واقع ہو یا کوئی غلطی ہو تو معاف فرمائین۔ اِسلئے کہ مین نہ انگریزی زبان کا ادیب ہون نہ اردو کا مدعی۔ والعفو عند کرام الناس مامول۔

حیدر آباد دکن
مورخہ ۹ اجولائی سنہ ۱۹۰۱ء

سید محمد حسن بلگرامی



باب اوّل

کابل مین میرا جانشین کون ہوگا

اس مسئلہ کے متعلق کہ میرے بعد کابل کے تخت پر کون بیٹھیگا بہت رائے زنی ہوئی ہے۔ مختلف خیالات ظاہر کئے گئے ہین اور طرح طرح کے قیاسات دوڑائے گئے ہین۔ لوگون کو تعجب ہے کہ کیون مین اس بات کا اعلان نہین کرتا۔؟ اس معاملہ مین غیر ملک والے تو کیا خود میرے یہان کے لوگ اور

میرے اعزہ واقربا بھی میرے ارادہ سے ناواقف ہین - بعض
لوگون کا گمان ہے کہ میرا بڑا بیٹا **حبیب اللہ خان** جسکو وہ وارث
حقیقی خیال کرتے ہین میرا جانشین ہوگا - بعض کا خیال ہے کہ
نصر اللہ خان تخت پر بیٹھے گا کیونکہ مین نے اُس کو ملکہ معظمہ وکٹوریہ
کی ملاقات کے لئے انگلستان بھیجا - ان لوگون کے نزدیک یہ گویا
ایک ظاہری علامت ہے کہ مین اُسی کو اپنا جانشین کرونگا - قبل
وفات حفیظ اللہ جو میرا بہت پیارا بیٹا تھا اور بہت وجیہ وعزیز تھا
بعض کی یہ رائے تھی کہ مجھے اُسی کو وارث بنانا منظور تھا - بعض یہ
کہتے ہین کہ نہین محمد عمر وارث ہوگا جس کی ماں میرے ازواج
مین بہت ممتاز ومقرب ہے - اصل بات یہ ہے کہ ایسے وحشی وجاہل
لوگون پر مین بمصلحت اِس امر کو ظاہر نہین کرتا کہ میرا جانشین کون ہوگا؟
اب رہے وہ لوگ جنہین خدا نے عقل وفراست دی ہے اُنھین
میرے طرز عمل وطریقہ انتظام امور سلطنت سے بخوبی معلوم ہوگیا

ہوگا۔ کہ میرے بعد میرا وارثِ تاج و تخت کون ہے۔ مین اسبات کا جو عام اعلان نہین کرتا اُس کے بہت سے وجوہ ہین اُن مین سے چند وجوہ تمثیلاً یہان بیان کرتا ہون۔

(۱) چونکہ زمانہ گذشتہ مین بارہا ایسا اتفاق ہوا کہ وارثِ تخت کی جان خطرہ مین پڑی لہذا بمصلحت مین مناسب سمجھتا ہون کہ اس معاملہ مین اپنے ارادہ کو حتی الوسع پوشیدہ رکھون۔

(۲) امیر شیر علی نے عبداللہ جان کو اپنا جانشین مقرر کرکے کیسا مزا چکھا اُن کے بیٹے اُن سے باغی ہوگئے۔ اگر دیکھا جائے تو صرف یہ ایک مثال مجھے اُن کی تقلید سے باز رکھنے کے لئے بس ہے۔

(۳) تاج و تخت فی الحقیقت خدا کی مِلک ہے جو شاہون کا شاہ اور ہم سب کا خالق ہے۔ مثل گلہ بانون کے وہ شاہون کو گلۂ رعایا کی حفاظت کے لئے مقرر کرتا ہے اور اپنی مخلوق کو اُن کی

نگرانی مین سونپتا ہے تو مین بھی اس معاملہ کو اُسی کی ذات پاک پر چھوڑتا ہون - اُسے اختیار ہے کہ میرے لڑکون مین جسے امارت کے قابل سمجھے اُسے یہ عزت بخشے -

(۴) جو لوگ افغانستان کی تاریخ سے اور یہان کے معاملات سے واقف ہین اُنہین معلوم ہوگا کہ اس ملک کی حکومت گویا جمہوری اصول پر مبنی ہے یعنی رعایا کو اختیار ہے جسکو چاہے بادشاہ بنائے - اور جو لوگ خلاف مرضی رعایا بہ جبر بادشاہ بنائے گئے نہ صرف ملک اُن کے ہاتھ سے نکل گیا بلکہ تن پر سے سر بھی اوتر گیا - اسی لئے مین نہین چاہتا کہ اُن کے خلاف رائے بجبر اپنے کسی فرزند کو بادشاہ نامزد کر کے اپنی توہین کراؤن - بہتر یہی ہے کہ اس مسئلہ کو رعایا کی رائے پر چھوڑ دون وہ خود فیصلہ کر لینگے کہ کس کو اُن کا حکمران ہونا چاہیئے -

(۵) تاریخ مین ایسی مثالین بہت ملینگی کہ جب کسی بادشاہ نے اپنے

کسی فرزند کو جانشینی سے نامزد کیا اُس نے بغیر رفع حصول
زمام حکومت اپنے باپ کا فیصلہ ہی کر دیا۔ گو مجھے اپنے بیٹون
کی طبیعت پر ناز ہے مگر اس کے ساتھ ہی مین افغانون کے
خصائل سے بھی واقف ہون جنہون نے اکثر بھائیون بھائیون
اور باپ بیٹون مین نفاق ڈلوادیا۔

(۶) مین نہین چاہتا کہ اپنی زندگی مین اپنی ہی اولاد مین منازع جھگڑا
فساد ڈلوادون۔ اگر لوگون نے عقل سے کام لیا اور باہمی اتفاق
ویکدلی کے ساتھ میرے بیٹون مین سے کسی ایک کے سر ہو رہے
تو ملک کے امن و آسایش مین خلل نہ واقع ہوگا ورنہ اگر میری نصیحت
کے خلاف عمل کیا اور آپس مین لڑے تو اپنے کیے کی سزا
پائین گے۔

اس معاملہ مین اب اور زیادہ لکھنے کی ضرورت نہین۔ صرف اتنا
کافی ہے کہ مین نے اہل افغانستان پر اور دوسرے ملک کے لوگون

پر بھی یہ بات فی الجملہ ظاہر کردی ہے کہ اپنے بیٹون مین کس کو
مین اپنا جانشین سمجھتا ہون - البتہ اُن لوگون کے بیانات کا رد کرنا
لازم ہے جو لاعلمی یا خود غرضی یا طمع زر سے میری بیبیون اور بیٹونکی
خوشامد کرکے انہین وارثِ تاج و تخت ہونے کی اُمید دلاتے
ہین - اس بارہ مین تفصیلی حالات لکھنا خلاف مصلحت ہے اِسلئے
سکوت اختیار کرتا ہون - جو لوگ ایسی افواہین پھیلاتے ہین وہ
میرے ارادہ سے بالکل ناواقف ہین -

مین نے مسئلہ جانشینی کے متعلق جو اصول اختیار کیا ہے اُسکے
لئے ضرور ہے کہ تاریخ افغانستان کا کچھ حوالہ دیا جاے - گو میری
کتاب کے دوسرے حصہ مین اس کا تفصیلی ذکر آچکا ہے مگر تاہم اس
موقع پر بھی اس کے متعلق چند الفاظ لکھتا ہون -

خاندانِ درّانی کا پہلا بادشاہ جس خاندان سے مین ہون
احمد خان تھا جو احمد شاہ درّانی یا ابدالی کے نام سے مشہور ہے

یہہ بادشاہ ۱۷۴۸ء مطابق ۱۱۶۱ھ مین افغانستان کے تخت
پر بیٹھا۔ وہ رعایا کا پسند کیا ہوا بادشاہ تھا۔ بہت سے قبیلون
کے سردارون اور وکیلون نے ملک کی پرآشوب حالت سے
تنگ آکر قیام صلح وامن کی غرض سے اُس کے بادشاہ ہونیکا اعلان
کیا۔ احمد شاہ نے ہمیشہ اِن وکلاء قبایل کے مشورہ سے حکومت
کی اور نہایت ہردل عزیز بادشاہ ہوا۔ اُس نے ہندوستان بہی فتح
کیا اور ایک بڑا مشرقی شہنشاہ کہلایا۔ احمد شاہ کی وفات کے بعد
اُس کے بیٹون نے باہم نفاق کیا اور جمہوری اصول سلطنت
کو توڑنے کی کوشش کی اور جسطرح ملک اپنے ہاتھ سے کھویا تاریخ
بخوبی شاہد ہے۔ آخری بادشاہ جسکا نام شاہ شجاع تھا اور جسکو انگریز
خلافِ مرضیِ رعایا بادشاہ بنانا چاہتے تھے افغانون کے ہاتھ
سے مارا گیا اور اُس کے ساتھہ بہت سے انگریز بہی جو اُس کی حمایت
پر تہے کام آئے۔ میرے دادا دوست محمد خان کو معلوم تھا کہ خاص

سبب جو خاندانِ احمد شاہ کی تباہی کا باعث ہوا یہ تھا کہ تیمور نے اپنی زندگی مین اپنی سلطنت کو کئی صوبون مین تقسیم کر دیا تہا اور اپنے بیٹون کو ہر ہر صوبہ کا حاکم مقرر کیا تہا۔ ہر ایک بیٹے کو علاوہ اُس کی ذاتی فوج کے محاصل صوبہ پر بہی پورا اختیار تہا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ جب تیمور نے ۱۷۹۳ء مین وفات پائی اُس کے بیٹون مین خانہ جنگی شروع ہو گئی جسکی وجہ سے ملک بہت تباہ ہو گیا۔ اس مقام پر بہ تفصیل یہ بات بیان کرنے کی ضرورت نہین کہ میرے دادا دوست محمد خان تیمور کے بیٹون کی خانہ جنگیون مین کس طرح تخت پر بیٹھے۔ لیکن اُنہون نے بھی وہی غلطی کی جو تیمور نے کی تھی یعنی ملک افغانستان اپنے بیٹون مین تقسیم کر دیا اور ہر ایک کو علیحدہ علیحدہ فوج دی۔ گویا خود باپ نے بیٹون کو مسلح کر دیا کہ وہ آپس مین لڑین۔ مثلاً میرے والد جو ترکستان کے وائسرائے تھے۔ اُنکے پاس سب سے زیادہ قوی فوج تھی جو بعد شاہی فوج کے گنی جاتی

تھی۔ میرے دادا نے اپنے دوسرے بیٹے شیر علیخان
کو اُس فوج کا سردار مقرر کیا جو اُن کے انتقال کے وقت ہرات
مین اُن کے پاس تھی۔ میرے چچا اعظم کو صوبہ کورم اور جاجی تفویض
کئے تھے اور وہان کی فوجین بھی بطور ارث اُن کو ملی تھین ۔
شیر علی خان کا بھائی امین قندہار کا حاکم تھا جہان کی فوج بھی اُسکے
تحت مین تھی۔ سردار اسلم خان صوبہ ہزارا اور بامیان پر حکمران تھے
اور اسی طرح باقی صوبہ جات اور وہان کی فوجین دوسرے بیٹون مین
تقسیم تھین۔ جب میرے دادا نے انتقال کیا تو سب خانہ جنگی پر
آمادہ ہو گئے جسکی وجہ سے ملک مین بہت کچھ کشت و خون ہوا
اور سلطنت کمزور ہو گئی۔ اِن مثالون کو بطور سبق پیش نظر رکھ کے
مین اپنے باپ دادا کی پیروی نہین کر سکتا اس لئے کہ مین نہین
چاہتا کہ میرے بیٹے میرے بعد آپسمین لڑین۔ مین اپنے کل
بیٹون کو پائے تخت (کابل) مین رکھتا ہون اور وے سب میرے

بڑے بیٹے کے زیر فرمان ہین - مین نے ان معاملات کا اسطرح پر انتظام کیا ہے - ابتداءً مین نے اپنے بڑے بیٹے کو کچھ تھوڑا سا کام دیا بعدازان رفتہ رفتہ اُس کے فرایض اور اُس کا اعزاز اور اختیار بڑہاتا گیا اور جون جون اُس کا سن زیادہ ہوا اور تجربہ بڑہا مین نے اور بہت سے معاملات متعلق سیاست و انتظام ملک اُس کے سپرد کئے - چنانچہ اب یہ حالت ہے کہ مین خود دربار نہین کرتا جو ابتک کل شاہانِ افغانستان جن مین مین بھی شامل ہون ہمیشہ بالذات کرتے آئے - مین نے یہ کل کام بالکل بڑے بیٹے کے تعلق کر دیا ہے - مین اپنے دوسرے بیٹے **نصر اللہ خان** کو جو حبیب اللہ کا برادر عینی ہے صیغۂ مالگذاری اور صدر محاسبی کا افسر اعلیٰ مقرر کیا ہے مگر وہ اپنے بڑے بہائی کے زیر فرمان ہے - وہ ہر معاملہ مین حسب ہدایت حبیب اللہ عمل کرتا ہے اور اپنی کل رپوٹین اُس کے سامنے پیش کرتا ہے - میرے دوسرے بیٹے

امین اللہ محمد عمر اور غلام علی وغیرہ بھی رفتہ رفتہ مختلف سرکاری
خدمتون پر مقرر کئے جائینگے اور اپنے بڑے بھائی حبیب اللہ
کے زیر فرمان رہین گے۔ ہر ایک صیغہ کا افسر خواہ اہل قلم یا اہل سیف
اپنے مراسلات اور رپورٹین میرے بڑے بیٹے کے پاس
بھیجتا ہے اور کل عہدہ دار اسی طرح پر اُس کے دربار مین حاضر
ہوتے ہین جسطرح کہ میرے دربار مین حاضر ہونا چاہیئے۔ کل
ایسے امور مین جو متعلق بہ احکامات بنام گورنران صوبہ جات وجنرلان
ودیگر افسران فوج ہون جو ملک کے مختلف مقامات پر تعینات ہین
میرا بڑا بیٹا میرے حسب ہدایت عمل کرتا ہے یہ ہدایات اگر ایک
تحریری ضابطہ قانون کی صورت مین ہین تو اُسے مجھ سے استفسار
کی ضرورت نہین پڑتی ورنہ خاص خاص معاملات کے متعلق جو
اثنا ء انتظام مین پیش آجاتے ہین وہ مجھ سے مشورہ کرتا ہے۔
اور اُن کے متعلق براہ راست میرا حکم لیتا ہے۔ ہر ایک عہدہ دار کو

یہ ہدایت ہے کہ میرے بیٹے کا حکم واجب التعمیل جانے۔ اسکے
علاوہ ۱۸۹۷ء سے مین نے اُسے خزانہ شاہی پر بھی اختیار دیدیا
ہے جو اسوقت تک بالکل میرے تحت مین تھا۔ خزانہ پر ادائے
رقوم کے کل احکامات میرے بیٹے کے دستخط سے جاری ہوتے
ہین۔ کل سرکاری عہدہ دارون کا تقرر۔ برطرفی۔ ترقی یا تنزل اُسی کے
اختیار مین ہے مگر یہ اختیار بالکل قطعی نہین ہے بلکہ میری منظوری
یا نامنظوری کے تابع ہے لیکن وہ ان اختیارات کو اس طرح پر
استعمال کرتا ہے کہ لوگ یہ سمجھین کہ میرے حسب الحکم یہ کام ہوا ہے۔
اُسے مرافعہ سُننے کا اختیار بھی حاصل ہے اور کل عدالتہائے امور
مذہبی اور مالگذاری و تجارتی اور عدالتہائے فوجداری اُس کے
ماتحت ہین۔ کوئی عدالت بجز میرے دربار کے اُس پر فوقیت نہین
رکھتی۔ اکثر اہل قلم نے سخت غلطی کی ہے جو یہ بیان کیا ہے کہ تخت
کابل کی جانشینی مدعی امارت کی مان کے درجہ پر منحصر ہے۔ ایک زمانہ

مین انہون نے اسی بنا پر یہ بحث چھیڑی تھی کہ شیر علی کو تخت کابل
کا زیادہ استحقاق ہے اس لئے کہ اُس کی مان شاہی خاندان سے
ہے اور اُسے اِسی وجہ سے میرے والد امیر افضل پر ترجیح ہے حالانکہ
یہ غلط تھا۔ اول تو میری والدہ ایک ایسے قدیم شاہی خاندان سے
تھین جو شاہ تہماسپ سے سلسلہ رکھتا تھا بخلاف اس کے شیر علی
کی مان ایک قبیلہ سلیم زئی کی لڑکی تھی جو پوپل زئی کی ایک شاخ ہے
اور اُس کے خاندان مین کوئی تخت پر نہ بیٹھا تھا۔

اِسکے علاوہ امیر دوست محمد خان کی والدہ قزلباش تھین اور
قبیلہ قزلباش افغانستان مین بالکل ایک اجنبی قبیلہ گنا جاتا ہے
مگر باوجود اِس کے دوست محمد خان امیر ہوئے۔

اصل یہ ہے کہ مذہب اسلام مین اُن قوانین کی رو سے جو کلام اللہ
مین درج ہین اور احادیث مین وارد ہین کل اولاد بلا امتیاز مدارج
اُمہات یکسان حقدار ہے یہان تک کہ اگر کسی ادنیٰ سے ادنیٰ جاریہ

کے بطن سے کوئی اولاد ہو تو وہ بھی شہزادیون کی اولاد کے برابر
حصہ پائیگی۔ اس لئے کہ وہ جاریہ بھی مثل اور بیبیون کے خیال
کیجائے گی۔ شرع اسلام مین برتری و کمتری یا کسی کے حقوق
کو دوسرے پر تفوق بالکل ناجائز ہے۔ لہذا ایسا نہین ہو سکتا کہ
ایک بی بی تو ملکہ کہلاے اور دوسری کچھہ نہ ہو اگر اُنکا شوہر بادشاہ
ہے تو سب ملکہ ہین اور اگر شوہر گدا ہے تو سب گدا۔ اس مین شک
نہین کہ بعض ان مین سے زیادہ عزیز و رفیق ہوتی ہین مگر اس سے
یہ غرض نہین کہ بادشاہ اُن کی محبت مین اپنے تئین تباہ کردے
جیسا کہ امیر شیر علی نے کیا۔ اُس نے اپنے چھوٹے بیٹے عبداللہ
جان کو اور بیٹون پر ترجیح دیکر ولیعہد مقرر کیا اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ دوسرے
بیٹے اُسکے باغی ہو گئے۔

اس معاملہ مین مذہبی پہلو کو قطع نظر کرکے اگر دیکھا جائے تو
افغان ایک جری قوم کے سپاہی ہین۔ اپنا بادشاہ محض مان کے

درجہ کی وجہ سے نہین انتخاب کرتے بلکہ اُس کے ذاتی اوصاف
اور قابلیت اور بادشاہ کا بیٹا ہونیکی وجہ سے منتخب کرتے ہین۔

مسٹر کرزن جواب لارڈ کرزن ہین یہ پہلے یورپین ہین جنہون نے
اس مسئلہ کے متعلق میرے خیالات دریافت کئے ۱۸۹۵ء مین
اثنائے گفتگو مین یونہین ہنسی ہنسی مین مجھ سے یہ نازک سوال کر بیٹھے
کہ میرا ولیعہد کون ہوگا۔ دل لگی تو تھی ہی مجھے بھی انکار کرتے نہ بن پڑا۔
مگر خیریت یہ ہوئی کہ یہ باتین بالکل تخلیہ مین ہو رہی تھین جہان بجز دو
تین آدمیون کے کوئی ایسا نہ تھا جس سے افشاء راز کا اندیشہ ہو۔

ہمارے مذہب اور رواج کے رو سے تو صاف ظاہر ہے کہ
بڑا بیٹا جانشین ہوتا ہے بشرطیکہ وہ اس قابل ہو اور قوم اُس کا انتخاب
منظور کرے۔ ایسی مثالین بھی ہین جہان بادشاہون نے اپنی بیبیون
کی خاطر سے اپنے چھوٹے بیٹون کو ولیعہد بنایا ہے۔ مگر ہمیشہ اُس کا
نتیجہ یہ ہوا کہ ملک مین شورش و خانہ جنگی پھیلی اور ملک تباہ ہوا۔ میری

رائے مین بھترین تدبیر جو مین نے اختیار کی ہے یہ ہے
کہ شاہی خاندان اکل شاہزادون کو اپنے بڑے بیٹے کے زیر
اختیار کر دیا ہے۔ اس کے علاوہ مین نے اُس کو اپنی زندگی مین
امور سلطنت مین اسقدر دخیل اور با اختیار کر دیا ہے جیسا کہ کسی
بادشاہ کے بیٹے کو توقع ہو سکتی ہے میرے بعد اُسے اس چیز
کی ضرورت نہو گی کہ از سر نو تخت نشینی کے لئے نامزد کیا جائے
اس لئے کہ در اصل اسوقت وہ کل فرایض انجام دینے کے لئے
تیار ہو گا جو اسوقت میری صلاح اور مشورہ سے کر رہا ہے اُسے اپنی
حکومت قایم کرنے کے لئے لڑنے جھگڑنے کی ضرورت نہ پڑیگی
نہ اُس کے بھائیون مین کوئی ایسا ہے جو اُس کی مخالفت کرے
وہ سب مثل اور سرکاری عہدہ دارون کے اُس کے نوکر ہین۔ وہ
رشتہ مین بیشک بھائی ہین مگر ملک کے ملازم۔ میری رعایا کو کوئین وکٹوریہ
سے ایک سبق حاصل کرنا چاہیئے جنہون نے اپنے فرزند ڈیوک

آف کناٹ کو ہندوستان بھیجا جہان انہون نے بخوشی و بکمال
تو جھہ انگریزی جنرلون کی تحت مین رہکر جو اُن کی مان کو ئین کے
نوکر تھے ملازمت کی۔ میرے خاندان کے بعض بیرونی دشمن بھی
قابل لحاظ ہین مگر اسوقت مین چند الفاظ مین صرف اپنے بیٹونکے
متعلق اپنی رائے ظاہر کرونگا۔ جو لوگ کابل کے تخت کے دعویدار
ہین۔ اُن کے متعلق پھر ذکر کیا جائے گا۔ تعجب ہے کہ بڑے
بڑے واقف کار انگریز جو عہدہ ہائے جلیلہ پر ممتاز ہین۔ اب بھی
افغانستان کو ویسا ہی سمجھتے ہین جیسا کہ بیس برس پہلے تھا۔
اس کی مثال تو ایسی ہوگی۔ کوئی شخص یہ کہے "اُف انگریزی گورنمنٹ
بڑی ظالم گورنمنٹ ہے کیونکہ اوس کا قانون ایسا ظالمانہ ہے کہ
ایک بکری چرانے کی سزا مین انسان پھانسی دیا جاتا ہے"
اِس مین شک نہین کہ کسی وقت مین ایسا ہی تھا۔ مگر اب جون جون
لوگ شایستہ اور تعلیم یافتہ ہوتے گئے۔ قوم کی ضرورتون کے

لحاظ سے قانون بھی ویسی ہی نرم اور مناسب بنائے گئے۔ ایسے
ہی افغانستان کی نسبت سمجھنا چاہیئے۔ اس ملک نے بیس برس
کے عرصہ مین جو ترقی کی ہے۔ وہ اور ملکون مین پچاس برس مین بھی
نہ ہوئی ہوگی۔ تو جو لوگ ان تغیرون اور ترقیون سے لاعلم ہین۔ جو
میری تخت نشینی کے وقت سے اب تک ظہور مین آئین اُنہین
واقفیت کا دعویٰ نہ کرنا چاہیئے اس لئے کہ جو نقصان اُن کی غلط
بیانی سے سرزد ہوتا ہے اُس سے مخلوق برطانیہ محفوظ رہیگی۔
بعض اوقات انگریزی اخبارون مین اس طرح کے غلط مضامین
شایع ہوتے ہین جنمین میرے تخت کے دعویدارون کے نام تک
درج ہوتے ہین اور نام بھی اون لوگون کے جنہین مرے ایک زمانہ
گذرا یا جن کا کبھی وجود بھی نہ تھا۔ یا اگر وجود بھی تہا تو کبھی انہون نے
خواب وخیال مین بھی ایسی آرزو نہ کی۔ مجھے امید ہے کہ میرے
لوگ اسقدر ہوشیار اور مضبوط ہین کہ میرے بیٹون مین سے کسی

ایک کو جو ایک ذمہ داری کی قابلیت رکھتا ہو بادشاہی کے لئے
منتخب کرلین گے اور اپنے خانگی معاملہ مین کسی غیر کو مزاحم نہ ہونے
دینگے۔ اگر عملاً دیکھا جائے تو فی الحقیقت کابل کا تخت وکلار قوم کے
ہاتھ مین ہے مین نے اس دشواری کو اس طرح رفع کیا ہے کہ ملک کے
بعض نام آور خاندانون سے اپنے بڑے بیٹے کی رشتہ بندی
کردی ہے یعنی ملک کے بعض مشاہیر جو گویا رکن گنے جاتے
ہین۔ اُن کی لڑکیون سے شادی ہے یا اُس کے لڑکون کی بعض
لڑکیون کے ساتھ نسبت کردی ہے ان مین سے بعض عقد
مذکرۂ ذیل مین درج کئے جاتے ہین۔ حبیب اللہ کی پہلی اور
نہایت مشہور بی بی محمد شاہ خان سردار تغاب کی بیٹی اور جنرل
امیر محمد خان کی بھتیجی ہے جو عساکر کابل کا سردار اور سنیر جنرل
ہے۔ اس شادی سے میرا بیٹا غلزئی تغاب قبیلہ مین شامل
ہوگیا ہے جو ایک نہایت قوی قبیلہ ہے۔ کابل کے حکمران کیلئے

سب سے زیادہ خطرہ اور سب سے بڑی پناہ فوج کی وفاداری پر منحصر ہے۔ اور مین کہہ سکتا ہون کہ ضرورت کے وقت کابل کی فوج جنرل امیر محمد خان کے سے ہر دلعزیز افسر کے مطیع رہیگی۔

حبیب اللہ کا بڑا بیٹا عنایت اللہ اسی بی بی کے بطن سے ہے۔

حبیب اللہ کی دوسری بی بی جو بلحاظ مدارج پہلی بی بی سے اگر زیادہ نہین تو مساوی ہے قاضی سعید الدین خان کی بیٹی ہے جو میری طرف سے ہرات کا حاکم ہے اور عبد الرحمن خان علامۂ افغانستان کی پوتی ہے اس بی بی سے بھی ایک لڑکا ہے۔ اس بی بی کے چچا اور بھائی ملک کے بڑے بڑے شہرون مثلاً کابل جلال آباد۔ قندہار۔ ہرات اور بلخ مین عدالتہائے امور مذہبی کے افسر ہین۔

تیسری بی بی جسکے بطن سے ایک لڑکا اور ایک لڑکی ہے شاہ غاشی سرور خان کی دختر ہے جو پہلے میرا عرض بیگی تہا جس خدمت

پر اب سردار عبدالقدوس خان معین ہے۔ وہ بعد ازان میرے
چچازاد بھائی اسحٰق کی جگہ ترکستان کا وائسرائے اور گورنر جنرل
مقرر ہوا مگر بوجہ بیماری اُسے مجبوراً خدمت سے علیحدہ ہونا پڑا۔
اگر ضرورت پیش آئے گی تو وہ بھی میرے بیٹے کے بہت کام
آئیگا۔ اس لئے کہ آدمی جوان اور مستعد ہے اور بڑا مدبر۔ یہ بی بی شاغاسی
سرور خان کی ربیبہ ہے اُس کا باپ بوئی نائب مرحوم ایک زمانہ مین
امیر شیر علی خان کا ملازم تھا۔ اُس کے بھائی ایوب خان کے
پاس ہین اور صفدر یہی لوگ ایسے ہین جو اُس کے لئے بہت
بکار آمد ہو سکتے ہین۔

چوتھی بی بی جسکے ساتھ میرا بیٹا منسوب ہے گو ابھی شادی
نہین ہوئی ایک نہایت ممتاز لڑکی ہے جس کا وجہ بلحاظ خاندان
اُن تینون بیبیون سے بڑھا ہوا ہے جن کا ذکر ہو چکا ہے۔ یہ لڑکی
امیر شیر علیخان کی پوتی اور اُس کے بڑے بیٹے ابراہیم خان کی

بیٹی ہے جو فی الحال ہندوستان مین ہے اس شادی سے
یہ توقع ہے کہ دونون شاہی خاندان تخت کابل یعنی میرا خاندان
اور خاندان شیر علی مرحوم مل جائین گے۔ اس میل سے
آئے دن کی لڑائیون اور جھگڑون کا فیصلہ ہو جائے گا جو بوجہ اُس
نقیض کے جو میرے والد اور امیر شیر علی مین واقع تھی ہمیشہ
ہوا کرتی تھین۔

حبیب اللہ کی پانچوین بی بی بھی ایک بڑے معزز خاندان
کی بیٹی ہے اور اس شادی سے میرا بیٹا اذبک سردارون کے
ساتھ ملگیا ہے۔ یہ بی بی میر سہراب بیگ شاہ معزولہ کولاب کی
بیٹی ہے اور اپنی مان کی طرف سے سردار قدوس خان کی نواسی
چھٹی بی بی صوبہ کوسٹ اور منگل کے سردار کی بیٹی ہے اس
بی بی کے بطن سے جو لڑکا ہے وہ اُس کا منجھلا بیٹا ہے۔

ساتوین بی بی اکبر خان مومند خان لال پورہ کی بیٹی ہے

اس شادی سے میرا لڑکا قبیلہ مومندین شامل ہوا ہے جو ایک بڑا قبیلہ سرحد ہندوستان پر واقع ہے۔

حبیب اللہ کا بڑا لڑکا عنایت اللہ عمر خان والی بجور کی لڑکی سے منسوب ہے اور دوسرے لڑکے بھی اور معزز خاندانون کی لڑکیون سے منسوب ہین۔

پس یہ صاف ظاہر ہے کہ جب اُن لوگون کو میرے خاندان کے ساتھ ایسی رشتہ داری ہے تو یہ اُن کا فرض ہے کہ وقت پر میرے بیٹے کی حمایت کرین۔ اس لئے کہ وہ اندرونی و بیرونی دقتون سے محفوظ رہین گے۔

میرے دوسرے بیٹے نصر اللہ خان کی شادی حسب ذیل خاندانون مین ہوئی ہے۔

اسکی پہلی بی بی میرے چچا سردار یوسف خان کی بیٹی ہے جو ابھی بقید حیات ہین اور کابل مین رہتے ہین۔

دوسری بی بی سردار فقیر محمد خان کی لڑکی ہے جسکا بھائی نور محمد خان میری باڈی گارڈ کا کرنل ہے۔

تیسری بی بی میرے بڑے معتبر کمانڈر انچیف فرامز خان کی لڑکی ہے جو ہرات مین تعینات ہے۔

اس طرح پر اور طریقون سے جن کو اس بیان سے کچھ تعلق نہین مین نے کتنے ہی نام آور قبیلون کے سردارون اور وکلاء کے ساتھ اپنے بیٹے کو اور اپنے خاندان کو ملا دیا ہے۔

باب دوم

صنعت وحرفت وتجارت پھیلانے کیلئے
مین نے کیا کیا تدبیرین کین
(افغانستان مین غیر ملکیون کی ملازمت)

خلاّق عالم نے ہمکو یہ جتانے کے لئے کہ ہم سب تمدن مین
ایک دوسرے کے محتاج ہین خود ہمارے تشخص مین اُس کی
مثالین ظاہر کی ہین۔ انسان کے تمام اعضاء کو دیکھو ہر ایک عضو

دوسرے کا محتاج ہے مثلاً سر بغیر جسم کے یا جسم بغیر سر کے۔
بازو بغیر ہاتھ کے۔ اور ہاتھ بغیر اونگلیون کے کچھ کام نہین دیسکتی
اسی طرح بعینہ نظام عالم بھی واقع ہوا ہے کہ ہر انسان کسی دوسرے
انسان کی اعانت کا محتاج ہے بڑے بڑے سلاطین اس نکتہ
سے عبرت حاصل کرسکتے ہین کہ اُن مین کوئی ایسا نہین جو اپنی ضروریات
دنیوی مین ادنیٰ سے ادنیٰ نوکر کا مثل باورچی اور کفش دوز اور
خیاط وغیرہ کے محتاج نہو۔ اُن کو یہ نہ سمجھنا چاہیئے کہ وہ بغیر دوسرونکی
اعانت کے کچھ کرسکتے ہین اور یہ بھی یاد رکھنا چاہیئے کہ قادر مطلق
نے اس دنیا کو ایک ہفتہ مین خلق کیا جیسا کہ صحائف آسمانی مین
ذکر آیا ہے اور ہم کو ہدایت کیگئی ہے کہ کل امور کی تکمیل کے لئے
صبر درکار ہے۔ ہمکو نہ زیادہ جلدی کرنا چاہیئے نہ ہمت ہارنا چاہیئے
ہر ایک گورنمنٹ کی قوت اور اقتدار اُن اجزا پر منحصر ہے جس سے
کہ وہ مرکب ہو۔ جتنے زیادہ لایق مُتدین تجربہ کار۔ ہوشیار اور بکار آمد

لوگ گورنمنٹ مین ہونگے - اُتنے ہی وہ زیادہ قوی اور ترقی پذیر
اور آسودہ حال ہوگی - اِسی لئے ہر گورنمنٹ لائق اور متدین آدمیونکو
رکھتی ہے اور اُن کی قدر کرتی ہے - بادشاہ اپنے ملک مین خدا
تعالےٰ کے جانشین ہین - اور بذاتِ خاص یا بہ وساطتِ وزرا اپنی
محکوم رعایا پر متصرف ہوتے ہین - اِس لئے اُن کو ہمیشہ خیال رکھنا
چاہیئے کہ وہ بادشاہِ حقیقی جس کے یہ جانشین ہین اُن سے یہ توقع
رکھتا ہے کہ اُس کی کل مخلوق کے ساتھ بلا امتیازِ رنگ وشکل
(وہ گورے ہون یا کالے) اور بلاتخصیص مذاہب (مسلمان ہون یا
عیسائی اور موسائی ہون - ہنود ہون یا بُدھ کے مذہب پر ہون
یا دہریہ ہون) یکسان عادلانہ سلوک کرین - غرضکہ بادشاہون کو چاہیئے
کہ بلا رو رعایت اُن لوگون کو جو اُسکی ملازمت اختیار کرین یا اُسکے
ملک مین آکر سکونت پذیر ہون مساوی حقوق عطا کرے اور اُن کو
بلا امتیازِ قوم وملت اپنی رعایا کے مثل سمجھے تا اُس حاکم حقیقی

کی پیروی ہو سکے جسکے دینوی معاملات مین وہ جانشین کہلاتے ہین -

یہ عجب بات ہے کہ ہم کو دوسرونکے عیب نظر آتے ہین اور اپنے ہنر - مگر یہ بیماری کوتاہ نظری ہے کہ اپنے عیب اور دوسرونکی ہنر نظر نہین آتے - ایک ہوشیار اور باخبر مبصر جو ملوک وممالک کے حالات سے واقف ہو وہ جانتا ہوگا کہ آیا تمام بڑے بڑے مہذب اور مغرور سلطنتون مین یہ دستور ہے کہ کل ملازمین اور رعایا کو بلا امتیاز قوم وجنس ودین وملت مساوی حقوق اور مدارج اور خدمات دئے جاتے ہین - مجھے البتہ اس بات پر ناز ہے کہ جن لوگون نے میری ملازمت اختیار کی انہون نے میرے عزیزون سے بھی بڑھ کر اعلیٰ سے اعلیٰ عہدہ پائے - مثلاً میر منشی یا سکرٹری آف اسٹیٹ - کوارٹر ماسٹر جنرل - دیوان خالصہ - افسر اعلیٰ صیغۂ مالگذاری - شاہی ڈاکٹر - اس سے ثابت ہوتا ہے کہ مین دوستی اور عزیزداری کے

مقابلہ مین لیاقت اور قابلیت کی زیادہ قدر کرتا ہون انشاء اللہ اگر
میرے بعد میرے لڑکون اور جانشینون نے میری پیروی کی
اور بلا تعصب قوم و ملت لائق عہدہ دارون کو رکھا تو ملک ہمیشہ ترقی کریگا
اُن کو یہ بھی چاہیئے کہ اپنے خاص لوگون اور عزیزون کو الاونس
وغیرہ کی مدد دیکر کام کی طرف راغب کرین مگر ساتھ ہی اُس کے
یہ بھی خیال رہے کہ جو کچھ انہین دیا جائے اُس کے مطابق اُنسے
کام بھی اُتنا لیا جائے۔ شیخ سعدی فرماتے ہین ؎

میپندار اے مرد نا بردہ رنج	کہ آسان تو ان یافت بی رنج گنج

اس باب کے مضمون کو یہان تک ذکر کرکے اور اپنے بیٹون
اور جانشینون کے لئے چند پند آمیز الفاظ کہکر اب مین یہ بیان کرتا
ہون کہ مین نے مختلف اقوام کے لائق اور ہوشیار لوگ کسطرح
بہم پہنچائے۔ مین نے اُن کے حسن خدمات کا صلہ دیا اور میرے
قوم کو اُن کی تعلیم اور اُن کے کام سے فائدہ پہنچا۔ چنانچہ اکثر فنون

مین جو اونھین غیر ملکیون نے سکھائے وہ خود بڑے ماہر ہوگئے
مین برابر انہین اصول پر چل رہا ہون اور مجھے توقع ہے کہ میرے
جانشین بھی اس کی پیروی کرینگے ۔

یہ مشکل ہے کہ مین اُن سب کے نام لکھ سکون جو میرے ملازم
رہے ۔ ہان چند شخصون کا ذکر کرون گا جنہون نے اپنے کام کو بھی
انجام دیا اور کچھ دایمی یادگار بھی چھوڑ گئے ۔ جس سے میری گورنمنٹ
فائدہ اٹھا رہی ہے ۔ بعض نے ملک مین بالکل نئے محکمے قایم
کئے اور بعض نے افغانون کو مختلف فنون صنعت و حرفت اس
خوبی سے سکھائے کہ اب وہ خود تنہا بغیر اُستاد کے کام کر سکتے
ہین ۔

دوسرے نالک کے لوگون مین سے جو میرے ملازم تھے اور
اب بھی ہین ۔ بعض مستعفی ہو گئے اور بعض مدت معاہدہ ختم ہونے
پر نوکری چھوڑ کر چلے گئے ۔ بعض اب بھی کام کر رہے ہین اور

بعض اپنے قصور کے سبب سے برطرف کردئے گئے مگر مین
اُن کا نام نہین لونگا اس لئے کہ مین اب اُن کی معیشت مین جہان
کہین وہ ہون ضرر پہنچانا نہین چاہتا۔ اگر خلق خدا اُنکے عیوب
دریافت کرلے تو مین اُس سے بری ہون۔

بعض اوقات میری اس مصلحت پر نکتہ چینیان ہوتی ہین کہ مین نے
کیون غیر ملکیون کو اپنے ملک مین بلایا۔ لوگون کو تعجب ہے کہ
مین خود اپنے لوگون کو اس کے عوض کہ اُن کے لئے افغانستان
مین اُستاد بلاؤن اُنہین کو کیون نہین یورپ بھیجتا۔ اس کے وجوہ
حسب ذیل ہین۔

(۱) اس سوال کا جواب کہ مجھے اپنے لوگون کو بغرض تحصیل صنعت
وحرفت اور ملکون مین بھیجنا چاہئے تھا یا نہین یہ ہے۔ اوّل
تو یہ طریقہ اختیار کرنے سے بہت کچھ خرچ ہوتا جس کا بار اُن نوجوانون
کے والدین نہ اُٹھا سکتے اور سرکاری خزانہ کی مالی حالت

ایسی نہ تھی کہ وہ اس بار خرچ کی متحمل ہوسکتی۔

(۲) مین نے اکثر اپنے طبیبون اور کاریگرون سے کہا ہے کہ اپنے لڑکون کو میرے پاس لاؤ تا مین اُن کو بغرض تعلیم ڈاکٹری و انجنیری وغیرہ ولایت بھیجون مگر میرے اس سوال کا جواب بجز سکوت کچھ نہ ملا۔

(۳) میری رعایا غیر زبانون سے بالکل لاعلم ہے اور اگر اُن مین سے کچھ لوگ ولایت بھیجے گئے تو انہین کوئی کام سیکھنے کے لئے ایک بڑا زمانہ درکار ہوگا اس لئے کہ اول اونھین وہان کی کتابین اور مضامین سمجھنے کے لئے وہانکی زبان سیکھنا ہوگی۔ مین نے اس خیال سے اپنے یہان بہ اہتمام میر منشی سلطان محمد خان ایک دفتر قایم کیا اور کل انگریزون اور دوسرے غیر ملکیون کو جو مختلف کارخانون مین نوکر تھے یہ حکم دیا کہ میر منشی کے ذریعہ سے اپنی اپنی رپوٹین میرے

پاس بھیجا کرین - اس محکمہ مین ان کتابون کا جو فنون حرفت و علوم ریاضی و کمسٹری و فزکس وغیرہ مین لکھی گئی ہین فارسی زبان مین ترجمہ ہوتا ہے۔ اس محکمہ کی ایک شاخ ہندوستان مین بھی کھولیجائیگی اکثر کتابین ترجمہ ہوچکی ہین اور بعض یہان کے نوجوانون کی تعلیم کے لئے شایع بھی ہوئی ہین -

(۴) مین دیکھتا ہون کہ بعض مشرقی طالب علم جو بغرض تحصیل مغرب کو بھیجے گئے اونھون نے اہل مغرب کے اوصاف و قابلیت حاصل کرنے کے بدلے اُن کی بُرائیان سیکھین اور شراب خواری اور قمار بازی وغیرہ اپنے ملک مین اپنے ساتھہ ساتھہ لائے اور اکثر اُن مین سے بالکل لامذہب ہوگئے۔ اس لئے مین یہی مناسب سمجھتا ہون کہ اپنے یہان کے نوجوانون کو اپنی ہی نگرانی مین تعلیم دلواؤن

(۵) کوئی علم و حکمت کسی ملک مین مستحکم بنا نہین پاسکتا جب تک

کہ اُسی ملک کی زبان مین وہ حاصل نہ کیا جائے۔

(۶) فی الحال مین نے یہ انتظام کیا ہے کہ اپنے یہان کے لوگون کو مجبور کرتا رہتا ہون کہ جہان تک ہو سکے جلد کام سیکھین اور اسکے ساتھہ ھی معلمین کو یہ تاکید ہے کہ حتی الوسع بہت جلد اُن کو کام سیکھا دین تاکہ اگر وہ کہین چلے جائین تو اُن کے شاگردون کو کام کے بگڑنیکا کچھہ ڈر نہ رہے۔ مین نے انگریزون سے اور ہندوستانیون سے اور دوسرے ملک کے لوگون کے ساتھہ جو معاہدے کئے ہین اُن مین ایک فقرہ یہ بھی ہے کہ اُنہین گھر جانیکی اجازت نہ ملیگی جب تک کہ اُن کے شاگرد بلا اعانتِ معلمین اپنا کام انجام نہ دیسکین۔ اس فقرہ نے غیر ملکی معلمین پر بہت اچھا اثر ڈالا ہے کہ وہ اپنے کام کو اچھی طرح انجام دیتے ہین تاکہ اُس کے اختتام پر وہ خوش خوش اپنے وطنون کو جاسکین۔ مجھے بہت خوشی ہے کہ اس تدبیر سے

میرے ملک نے بہت فائدہ اُٹھایا ہے۔ مختلف محکمہ جات جو غیر ملکی معلمین کے زیر نگرانی تھے اب اُنھین بالکل میرے ملک کے لوگ چلا رہے ہین۔

صنعت و حرفت

مین جانتا ہون کہ ایک ہاتھی خریدنا اور پہلے سے اُس کے لئے دانہ چارہ اور طویلہ کا انتظام نہ کرنا کوئی دانشمندانہ فعل نہین ہے۔ اسی طرح اشیاء تجارت اور آلات و اسباب جنگ تیار کرنے کے لئے کلین خریدنا اور کلون کو ہمیشہ چلانے کے لئے پہلے سے وہ مواد بہم نہ پہنچانا جنکی کلون مین ضرورت ہے عاقلانہ کام نہین ہے۔ اِس لئے مین چاہتا تھا کہ اپنے ملک کے قدرتی پیداوار اور معدنیات سے جہانتک ہو سکے مواد بہم پہنچاؤن۔ بمصداق الحاجات اُمّھات الاختراعات جب انسان کو بھوک لگتی ہے تو وہ روکھی سوکھی بھی

غنیمت سمجھتا ہے اور غذائے لذیذ کا انتظار نہین کرتا۔ مجھے اسوقت
آلات واسباب جنگ کی نہایت شدید ضرورت تہی۔ اس لئے کہ
میرے ملک مین وقتاً فوقتاً لڑائیان ہوا کرتی تہین اور یہ بھی نہین
معلوم تہا کہ کس وقت کیا اتفاق پیش آجائے۔ مین چاہتا تہا کہ
افغانستان کے معدنیات سے لوہا۔ کوئلہ۔ سیسہ۔ تانبا وغیرہ
نکالنے کے لئے ضرور کلین خریدون۔ مگران سب کلون کی قیمت
بہت زیادہ تہی اور مین دوسری سرکاری ضرورتون کی وجہ سے اتنا
روپیہ نہ صرف کرسکتا تہا۔ اس بنا پر مین نے اپنے معدنیات کے
کام کے لئے اور روزانہ کلون کے مصرف کے واسطے اُن معدنیات
سے فلزات نکالنے کو بڑی بڑی کلون کا منگانا ملتوی کیا۔ پہلے
توپون اور بندوقون اور کارتوسون کے بنانیکی کلین خریدین۔
مین باہر کے ملک سے مواد معدنی کی آمدنی رفتہ رفتہ روکتا
جاتا ہون اور اپنے ملک کی پیداوار یعنی اشیاء معدنی وغیرہ کام

مین لاتا ہون - اُن کی تفصیل آگے درج کیجائے گی مین نے
ایک جگہہ بیان کیا ہے مجھے بچپن سے لکھنے پڑہنے سے
نفرت تھی اپنا سارا وقت والد کے کارخانون مین کاریگرون کے
ساتھہ صرف کرتا تہا جبہی سے میری دلی خواہش صرف یہ تھی
کہ فنون معماری و تفنگ سازی و نجاری و آہنگری وغیرہ کو سیکھون
چنانچہ مین نے یہ کل فنون بخوبی سیکھ لئے اور بغیر کاریگرون کی مدد
کے مین یہ چیزین اپنے ہاتھہ سے ایسی عمدہ بنانے لگا جیسی کہ
وہ لوگ بنا سکتے تھے جنہون نے مجھے سکھایا تہا - دو بندوقین
جو مین نے تمام و کمال خود اپنے ہاتھہ سے بغیر کسی اعانت کے بنائی
تھین ابتک کابل مین موجود ہین -

المختصر ابتدائے عمر مین سوائے انجنیری کے مجھے اور کسی پیشہ
کا اتنا شوق نہ تھا - جتنے دنون مین نے ملک روس مین قیام کیا
ہمیشہ اپنی فرصت کے اوقات صنعت و حرفت کی تحصیل مین

صرف کرتا تھا۔ مین نے اُس زمانہ مین زرگری۔ مینا کاری۔ طلا کاری اور دباغی وغیرہ سیکھہ لی۔ اِس موقع پر یہ بیان کرنا بے موقع نہوگا کہ اس وقت میرے کارخانون مین تین پیشدست کاریگر مسمی غلام مہتمم سوہن کاران وزمان تفنگ ساز۔ ونجف مہتمم آہنگری جو ملازم ہین یہ دے لوگ ہین جنہون نے مجھے ابتدا مین یہ کام سکھائے۔ مین اپنے کل اُستادون کے نام بنظر اختصار لکھہ نہین سکتا۔

جب مین تخت پر بیٹھا تو مجھے کچھہ تو بوجہ قلتِ آلات حرب اور کچھہ بوجھہ ذاتی شوق صنعت وحرفت مجبور ہونا پڑا کہ چند کارخانے قایم کرون جہان ہاتھہ سے بندوقین اور دوسری چیزین بنائی جائین۔ ان کارخانون مین کوئی کارخانہ ایسا نہ تھا جہان دخانی کلون سے کام لیا جاے۔

مین اُن دُخانی کلون کی قدر وقیمت بخوبی جانتا تہا جو عقلاے

عصر نے ایجاد کی ہین - اور مین یہ بھی جانتا تھا کہ بڑی بڑی قوی سلطنتین مثل برطانیہ اعظم انہین کلون اور تجارت کی بدولت اس حیرت انگیز ترقی کو پہنچی ہین - ورنہ انگلستان بہت ہی چھوٹا سا ملک ہے اور جہان تک مجھے علم ہے وہان کوئی الماس یا سونیکی کان نہین - محض اُن کی صنعت و حرفت اور تجارت اُن کی قوم کی آسودہ حالی اور ملک کی تقویت کا باعث ہے -

مگر باوجود اس امر کے کہ مین اُن کلون کی قدر و قیمت سے واقف تھا - میری خانگی مہمات و بیرونی تشویشون نے میری توجہ کو اچھی طرح اُس طرف مبذول نہ ہونے دیا تا اینکہ جب مین اپنے لائق و دانشمند دوست لارڈ ڈفرن سے جو اُس زمانہ مین ہندوستان کے وائسرائے تھے راولپنڈی مین ملاقات کو گیا -

تب ایک فرانسیسی انجنیر مسمی ام - ٹروم جو برقی روشنی کی کلون اور انجنون وغیرہ کا مہتمم تھا میرے سامنے پیش کیا گیا اور یہ کہا گیا

کہ یہ شخص بہت ہوشیار اور واقف کار ہے۔ گو وہ صرف برقی کلون
کا انجنیر تہا مگر بعد مجہے معلوم ہوا کہ اُسے ہر طرح کی انجنیری مین
بہت کچہ تجربہ حاصل ہے۔ مین نے اُسے نوکر رکھہ لیا اور یہ ارادہ
کیا کہ کابل مین جدید یورپین طریقہ پر کارخانجات کھولون۔ میرا انجنیر
اپنے ساتھ ایک اور ہندوستانی لایا جو برقی روشنی کے کام
مین بہت ہوشیار تہا اور جس کا نام کریم بخش تہا جو ابتک کابل مین
موجود ہے۔ اِم۔ ثروم پہلا یورپین تہا جو بہ حیثیت انجنیر میرا ملازم
ہوا وہ کچہ عرصہ تک کابل مین رہا اور اُس کے اثنائے قیام
مین مین نے مختلف کلون کی فہرستون کو ملاحظہ کیا جن مین مین نے
چند خراد نے کی کلین۔ آہنی تختون مین سوراخ کرنے کی کلین۔ رندہ
یا سطح ہموار کرنے کی کلین۔ آہنی تختے وغیرہ کاٹنے یا سوراخ بنانے
کی کلین۔ کٹنگ مشین اور کپنگ مشین۔ ایک ڈہالنے کا سانچہ اور
تین۔ چھہ آٹہہ اور دس گہوڑون کی قوت کے انجنون پر بغرض خریداری

نشان کر دیا۔ مین نے چند اور چھوٹی کلین منگانیکا بھی حکم دیا تا کہ کام
شروع ہو جائے۔ اس چھوٹے سے کارخانہ کی ابتدا کے لئے
جسقدر کلین اور انجن درکار ہوئے ان کی لاگت ایک لاکھ اکتالیس
ہزار روپیہ سکہ ہندوستان بیٹھی۔ مین نے ژردم کو اجازت دی کہ
ہندوستان جاکر یہ کلین بھی خریدے اور چند اور مددگار انجنیر اور ہندوستانی
کاریگر بھی جو اس کام مین ہوشیار ہون اور کلون کو جوڑ سکین اور
چلا سکین نوکر رکھ کر لے آئے۔

ژردم نے کلکتہ پہنچکر بائیس ہندوستانی پیشدست مستری
اور دوسرے کاریگر نوکر رکھ لئے اور اُن کو کلون کے ساتھہ روانہ
کیا۔ یہ کاریگر اور کلین کابل پہنچین مگر ژردم خود نہین آیا اور ابتک
مجھے اُس کی کچھہ خبر نہین کہ اُسپر کیا گذری اور وہ کیون نہین واپس
ہوا۔ یہ کلین اور اسباب کابل مین پڑے رہے مگر کوئی انجنیر نہ تھا
مجھے بہت افسوس ہوا نہ صرف اِس وجہ سے کہ اتنا روپیہ کلون کے

خرید سے نہین ضایع گیا - بلکہ اس وجہ سے کہ میرے لوگ مجھپر ہنستے تھے اور یہ خیال کرتے تھے کہ مین یہ چھوٹا سا کارخانہ نہ چلا سکون گا اِنَّ اللّٰہَ مَعَ الصَّابِرِیْنَ قرآن مین آیا ہے یعنی اللہ اُن کے ساتھ ہے جو ہمت نہین ہارتے -

مین ایسا آدمی نہ تھا کہ کسی کام کے کرنیکا ارادہ کرون اور پھر اُسے چھوڑ دون - چنانچہ مین نے جنرل امیر احمد خان کو جو ہندوستان مین میرے ایلچی تھے لکھا کہ کوئی اور انجنیر تلاش کرین جسقدر ماہوار وہ مانگے سے نوکر رکھ لین - جنرل نے ایک انگریزی انجنیر مسمی مسٹر پائین جو اب میر سالٹر پائین ہین مقرر کرکے بذریعہ سلطان محمد خان میر منشی کابل کو روانہ کیا - مسٹر پائین ماہ اپریل ۱۸۸۶ء کے پہلے ہفتہ مین کابل پہنچے اور مین نے جنرل کو پھر لکھا کہ ایک شخص اور سلطان محمد خان کی جگہ کے لئے سکرٹری مقرر کرکے بھیجین - اس لئے کہ سلطان محمد خان کو مین اپنی پیشی مین رکھنا چاہتا تھا -

مین نے اِن کارخانون کے لئے ایک جگہ تلاش کی جس کا نام عالم گنج تہا اور جو اس کام کے لئے بہت موزون تھی کیونکہ یہ جگہہ شہر کابل سے باہر تھی اور شہر کے بہت قریب تھی۔ وسعت مین بھی اُس نواح مین بہ نسبت اور جاؤن کے بڑی تھی اور بہت خوش آب وہوا خیال کیجاتی تھی۔ اس مقام سے ایک نہایت پر فضا منظر نظر آتا تھا اور ایک طرف پانی کی نہر بہتی تھی جسکا پانی کارخانون مین انجنون وغیرہ کے لئے بکار آمد ہوسکتا تھا۔ اور اس مقام کے پائین مین دریاے کابل بہتا تہا جو کلون کے خراب مستعمل شدہ پانی کو بہالے جاسکتا تہا۔

مین نے میر منشی کو حکم دیا کہ مسٹر پائین کو لیجا کر وہ مقام دکھائین بعد ازان مجہے اطلاع کرین کہ اُن کی راے مین کارخانون کے لئے وہ مقام مناسب ہے یا نہین۔

المختصر ایک ساعت نیک مین بمشورۂ منجمین ورمال بتاریخ ۷۔ اپریل

کارخانہ کی بنا کا پتھر رکھا گیا اور حسب رواج غربا کو شیرینی و خیرات تقسیم ہوئی۔

مسٹر پائین نے چند خراد نے کی کلین۔ رندا کرنیکی کلین۔ کٹنگ اور کٹنگ مشین اون انجنون کی مدد سے جو ام۔ ژروم نے خرید کر بھیجے تھے وہان نصب کرکے کام شروع کیا۔ چند ماہ کے بعد انہون نے مجھ سے انگلستان جانیکی اجازت چاہی اور وہ کلین ہندوستانی کاریگرون کی نگرانی مین چھوڑ گئے۔ ۱۲ مہینے کے بعد پھر وہ کابل واپس آئے اور اس مدت مین وہ اور نئی کلون کے متعلق جو کابل مین نصب کرنا چاہیئے تھین تفصیلی حالات دریافت اور تحقیقات کرتے رہے مین نے اسوقت دو اور انگریز انجنیرون کو نوکر رکھا اس سال سے مین نے اپنی گورنمنٹ مین مختلف طور پر انگریزون کو ملازم رکھنا شروع کیا۔ اس سے میری دو غرضین تھین اوّل تو یہ کہ میرے لوگ فن انجنیری اور دوسرے کامون مین ان انگریزون سے جو ان چیزون مین

بہت واقف کار تھے تعلیم پا جائین - دوسرے میرے لوگون کو
انگریزون کے ساتھ میل جول کا موقع ملے تاکہ وہ قدیم نفرت جو آپسمین
ان دونون قومون کے مابین چلی آتی ہے دور ہو جائے - اسلئے
کہ میری گورنمنٹ اور گورنمنٹ ہند مین دوستانہ اتحاد ہے اور دونون
گورنمنٹ کے اغراض ایک ہین - میری یہ خواہش بہی تھی کہ انگریز لوگ
خود اپنے اہل ملک کی زبان سے اس ترقی کے حالات سنین جو
میری گورنمنٹ مین ہوئی ہے - افغانون نے تمام انگریز مردون اور
عورتون کے ساتھ جو کابل مین آئے ایسا دوستانہ سلوک کیا کہ
جس سے ثابت ہوتا ہے کہ ابتک وہ انہین محض اپنا دشمن سمجھکر قتل
کرتے تھے - جب قوم افغانستان کے فائدہ کے لئے میرے
ملازم ہوئے اُن کے ساتھ ہر طرح کی مہمان نوازی اور خاطر داری کیگئی
جیسا کہ دوستون کے ساتھ ہونا چاہیئے - مسٹر پائین کے بعد دوسرا
انگریز جو کابل مین آیا اُس کا نام مسٹر اومیرا تھا - یہ شخص دانت بنانیکا ڈاکٹر

وہ دراصل میرے لئے ایک دانتون کا چوکا بنانے کی غرض سے
کابل آیا اور ۱۸۸۷ء کے اخیر مین جب وہ ہندوستان واپس گیا تو
اوس نے تمام حالات جو کچھ اوسنے کابل مین حیرت اور اطمینان
کے ساتھہ دیکھے تھے بیان کئے۔

سب سے زیادہ عجیب بات اوس نے یہ بیان کی کہ امیر بڑی
جفاکشی سے کام کرتے ہین۔ اُن کے نزدیک کوئی چیز بہت مشکل
یا نہایت دشوار نہین۔ وہ ہمیشہ اپنے لوگون کی فریاد سنتے اور اونکی
دادرسی کے لئے مستعد رہتے ہین۔ مثلاً ایک دن کا واقعہ ہے
کہ وہ گھوڑے پر سوار جارہے تھے کہ اثنار راہ مین ایک بوڑھی عورت
ملی جس نے عرضی دینے کے لئے ہاتھہ اوٹھایا امیر نے فوراً
گھوڑا روک لیا اور اُس ضعیفہ کو اپنے قریب بُلایا۔ شروع سے آخر
تک اس کی عرضی پڑھی اور بہت سے سوال کئے اور کچھہ دیر تک
اُس کے ساتھہ بکمال عنایت ومہربانی باتین کرتے رہے وہ ضعیفہ

بالکل مطمئن اور خوش خوش چلی گئی۔ ایک دن اور امیر مجھ سے اپنے مہمات مالی کے متعلق باتین کر رہے تھے۔ اثنار گفتگو مین یہ بیان کیا کہ میرے ملک کی صرف ایک ربع مالگذاری خزانہ مین داخل ہوتی ہے اور دوسرا ربع وصول کرنے کے لئے مجھے لڑنا پڑتا ہے۔ تیسری چوتھائی لوگون سے وصول تو ہوتی ہے مگر کبھی مجھ تک نہین پہنچی۔ اب رہی ایک چوتھائی وہ لوگون کو معلوم نہین کہ کسے دین۔"

مسٹر او میرا افغانستان مین اپنی ایک یادگار بھی چھوڑ گئے مین نے ایک ہوشیار شخص مسمی معصومی عبدالحق کو اُن کے سپرد کیا کہ اُسے دانت بنانا سکھا دین اور اُسے یہ تنبیہ کی کہ اگر اس کام کو بہت جلد اور اچھی طرح نہ حاصل کریگا تو اُسے سخت سزا دیجائے گی اسلئے کہ یہ بہت ضرور تھا کہ اس فن کو قبل مسٹر او میرا کے جانیکے حاصل کرلے۔ چنانچہ اوسنے تھوڑے ہی عرصہ مین یہ کام بخوبی سیکھ لیا۔ کچھ تو سزا کے ڈر سے اور کچھ اسوجہ سے کہ مسٹر او میرا اپنے

شاگرد کو سزا دلانا نہ چاہتے تھے لہذا انہون نے اُسے جلد
سکھا دیا - ممکن ہے کہ ایک اور بھی سبب ہو وہ یہ کہ خود مسٹر اُومیرا
کابل مین ضرورت سے زیادہ رہنا نہ چاہتے تھے - صوفی نے اور بہت
سے لوگون کو دانت بنانا اور آلہ جراحی سے دانت اُکھاڑنا سکھا دیا
ہے جس سے لوگونکو بہت آرام ہو گیا ہے اس لئے کہ پہلے لوگ
دانتون کے علاج کے لئے دور سے ملکون مین جایا کرتے تھے
جب مسٹر اُومیرا روانہ ہوئے تو مین نے اونکو علاوہ اور انعام
واکرام کے ایک اعزازی طلائی تمغہ بھی دیا -

مسٹر پائین کے زمانہ غیر حاضری مین ہندوستانی اور کابلی کاریگر
اُس چھوٹے سے کارخانہ کو چلاتے رہے - سال بسال کارخانون
مین توسیع ہوتی گئی اور حسب ضرورت نئے کارخانے قایم کئے گئے
مارٹنی ہنری واسنائیڈر بندوقون اور اُن کے لئے کارتوس بنانے
کے لئے کلین منگائی گئین اور اُن کارخانون مین جمائی گئین - کل

کل قسم کی نجاری کام کے لئے آرے کی کلین منگائی گئین اور
اُن کے لئے ایک علیحدہ کارخانہ تعمیر ہوا۔ علاوہ ازین مین نے
حسب ذیل اور کلین بھی خریدین اور اونکا کام شروع کیا۔ مارٹنی ہنری
اور دوسری بندوقون کے لئے کارتوس بنانے کی کل۔ خراد کی
کل۔ بندوقون اور توپون کی نالین بنانیکی کل۔ سو گھوڑون کی قوت
کے انجن معہ بوائلر۔ دخانی ہتھوڑہ معہ بوائلر۔ بوٹ بنانے اور چمڑہ
سینے کی کلین۔ بارود بنانے کے کارخانے۔ صابون اور موم بتی
بنانیکی کلین۔ دارالضرب کے لئے سکہ ٹھپہ اور نقش بنانے کے
آلات۔ شراب وغیرہ کی بھٹی کے لئے آلات عرق کشی۔ باغبانی
اور زراعت و فلاحت کے آلات۔ آہنگری اور بہاری توپین بنانے
کے لئے فولاد اور دیگر خام معدنیات کو گلانے کے لئے بڑی
بڑی بھٹیان۔ تلوار اور کارتوسون کی ٹکلیان بنانے کی کلین اور
نیز کارتوس بھرنیکی کلین۔ چھوٹی توپون اور بڑی بھاری بھاری

توپون کے لئے گولے بنانیکی کلین اِس کے علاوہ اور طرح
طرح کی مختلف کلین۔ مَین ہرسال اِن کلون کا ذخیرہ بڑہاتا جاتا ہون
اور جو نئی نئی کلین یورپ مین ایجاد ہوتی ہین۔ اُن کو حسب
ضرورت منگاتا ہون۔

ابتدائً یہ کارخانہ جات قایم کرنے مین مجھے بڑی دقتین
پیش آئین۔ چونکہ میرے لوگ ان کلون سے اور جدید ایجادون
سے بالکل ناواقف تھے اس لئے میرے ان تمام نئے ارادون
کی مخالفت کرتے تھے۔ مین تمثیلاً ایک واقعہ بیان کرتا ہون جس سے
ناظرین کو میرے لوگون کی جہالت کا اندازہ ہوجائے گا۔ ۱۸۸۵ء
مین جب مین راولپنڈی گیا ہوا تھا۔ ایک دن ایک فوٹوگرافر نے
میرا فوٹو لینے کے لئے اپنا کمرہ میرے سامنے نصب کیا تھا۔ میں
ہی ماریئر عرض بیلی بھینٹ کر کمرہ کے پاس گیا اور اپنے دونون ہاتھ
اُس پر رکھدئے مین نے پوچھا یہ کیا کرتے ہو۔ اُس نے عرض

کیا حضور آپ کو معلوم نہین یہ ایک قسم کی نوایجاد توپ ہے جس سے
یہ شخص آپ پر نشانہ لگایا چاہتا ہے - مین یہ سنکر بہت ہنسا اور کہا کہ
بہ این ریش وفش تمہارا دل جہالت سے بالکل تاریک ہو رہا ہے
وہان سے ہٹ آؤ اور اُس شخص کو میری تصویر اُتارنیدو - اُس بیچارے
نے اول کبھی کمرہ نہ دیکھا تھا اس لئے وہ سمجھہ نہ سکتا تھا کہ یہ کیا
چیز ہے مین نے ہرچند اُسے سمجھایا مگر وہ نہ سمجھا -

جب اوّل اوّل مین نے کارخانے کھولے میرے لوگون
نے اُن کی نسبت ہر قسم کے اعتراض کئے کوئی کہتے تھے کہ
بہ نسبت کلون کے ہاتھ سے کام بہت اچھا ہو سکتا ہے - جو لوگ
اِن کارخانون پر مامور تھے اُن پر یہ الزام لگائے کہ تم گورنمنٹ کے
دشمن ہو جو کلین خریدنیکے بہانہ سے ملک کا روپیہ باہر بھجوا رہے ہو
مین ان ابلہانہ مخالفتون سے سخت عاجز آگیا تھا مگر باوجود ان سب
باتون کے اپنے ارادہ سے باز نہ آیا کیونکہ مین خوب واقف تھا کہ

جب تک میرے یہان اُس طرح کی توپین اور بندوقین اور دیگر آلات
حرب جو دوسری قومین استعمال مین لاتی ہین مہیا نہ ہونگے گورنمنٹ
کی منزلت کو قائم رکھنا اور ملک کو بیرونی حملہ آورون سے بچانا غیر ممکن ہے
اس مین شک نہین کہ جو کچھ ان کلون مین خرچ ہوا اُس کا فائدہ
بہت دنون کے بعد اُٹھایا گیا اِس لئے کہ یہ تمام زر کثیر سرکاری
خزانہ سے دیا گیا تھا اور جب مین اُس روپیہ کے سود کا حساب
کرتا تھا جو کارخانون اور کلون مین لگایا گیا تھا اور کئی سال تک
جس سے کچھ آمدنی نہ ہوئی تھی تو مجھے اس کا بہت خیال ہوتا تھا۔ مین نے
ہر سال جسقدر روپیہ بہم پہنچا کلین خریدنا جاری رکھا اور جون جون کلون
کی تعداد بڑھتی گئی مین نے اور نئے نئے کارخانے تعمیر کراوئے
مین نے ہر سال کلون کی خریداری کا سلسلہ جاری رکھا ہے۔
جس سے میرے ملک مین تجارت اور صنعت و حرفت کو بہت
ترقی ہوئی ہے۔

الحمدللہ کہ مین ہمیشہ سے کلون اور کارخانون کا شوق رکھتا تھا اور اُن کی قدر جانتا تھا۔ مین جانتا تہا کہ الماس کو الماس ہی کاٹ سکتا ہے اور دشمن کے ساتھہ برابر کا مقابلہ تب ہی ہوگا۔ جب میرے پاس بھی نئے نئے اُسی قسم کے ہتیار موجود ہون جیسے غنیم کے پاس ہین۔ ؎

ہر کہ بافولاد بازو پنجہ کرد	ساعد سیمین خود را رنجہ کرد

اِس لئے جب میرے کاریگر کبھی کوئی ہتیار بنانے مین عاجز ہوتے تھے تو مین خود اُنہین سکہاتا تہا کہ کیونکر بنانا چاہیئے۔ میری تعلیم اور اُن کی کوشش دونون ملکر کامیابی کی صورت پیدا کرتے تھے مین تمثیلاً اس طرح کے اکثر واقعات بیان کرسکتا ہون چنانچہ اس موقع پر بسبیل تذکرہ دو ایک واقعہ لکھتا ہون۔

۱۸۹۳ء مین جب لارڈ لینسڈاؤن کی گورنمنٹ نے میری ہاچکس توپین ہندوستان مین رد کین تب میرے کاریگرون نے مجھ سے

یہ عرض کیا کہ بغیر نمونہ کی توپون کے دیسی توپین بنانا غیر ممکن ہے
تب مین نے میر منشی کو یہ حکم دیا کہ اُن توپون کا تفصیلی حال مع وضع
اور پیمانہ انگریزی سے فارسی مین ترجمہ کرے۔ چنانچہ اُس نے
فارسی مین اُن توپون کا کل حال یعنی طول و عرض و گندگی اور اُنکی
مختلف وضع و صورت لکھکر مجھکو دی۔ جب وہ لکھہ چکا تو فارسی مین
مجھے ہر ایک چیز زبانی سمجھائی مین نے کل ہندوستانی اور کابلی
پیشہ دست کاریگرون کو اپنے روبرو طلب کیا اور انہین سکھایا
کہ اس طرح اوّل کل چیزین لکڑی کی بناؤ جب وہ تیار ہو جائین
تب اون کا امتحان کرو کہ آیا مختلف ٹکڑے موقع سے بیٹھتے
ہین یا نہین۔ چنانچہ میرے حسب ہدایت جب توپ تیار ہو گئی تو
امتحاناً اُس مین سے لکڑی کا گولہ چلاکر دیکھا گیا۔ جب اس امتحان
مین بھی پوری اُتری تب مین نے حکم دیا کہ اس کے نمونہ پر آہنی
توپ تیار کیجاے مگر اُس کے بنانے مین ویسا ہی فولاد اور مصالح

لگایا جائے جیسا اصلی ہاچکس مین لگایا جاتا ہے۔ غرضکہ ہم نے
وہ توپ بعینہ مثل نمونہ کے بنالی گو ہمارے پاس سوائے اس چوبی
توپ کے اور کوئی نمونہ نہ تھا۔ توپ چلا کر امتحان کیا گیا اور امتحان
مین پوری اوتری۔ مین نے تب میر منشی کی اور سب کاریگرون کی
بہت تعریف کی اور اُن کا شکریہ ادا کیا اور اُن کو بارہ ہزار روپیہ نقد
اور خلعت انعام دیا۔ جب سر مارٹمر ڈیورانڈ اور دیگر افسران مشن کابل
آئے وہ کابل کی بنی ہوئی توپ اور یورپ کی بنی ہوئی توپ مین
کچھ فرق نہ بتا سکتے تھے۔ اسی طرح ہم نے محض تصویرون کو
دیکھ کر اور اُن کا حال فارسی مین ترجمہ کرا کر میگزم۔ گارڈنر اور
کپتنگ توپین بنالین گو آخر الذکر حالت مین ہمارے پاس علاوہ
تصویرونکے نمونہ کی توپین بھی تھین۔

خدا کا شکر ہے کہ آج افغانستان مین ایک لاکھ آدمی سڑکون
کی تعمیر اور مکانات و کارخانجات و معدنیات وغیرہ مین جو سب

میرے ہاتھہ سے جاری ہوئے ہین کام کرتے ہین۔ اِس سے
ثابت ہوتا ہے کہ میرے ملک مین کتنی بڑی ترقی ہوئی علاوہ
اِسکے اتنے آدمیون کے لئے بسر اوقات کا ایک عمدہ ذریعہ
نکل آیا ہے۔ لوگ ابتداء چوریان کرتے تھے اور کاروانون کو
لوٹتے تھے۔ چونکہ اُن دنون مین اِن کے لئے کوئی اور پیشہ یا
کام نہ تھا اِس لئے وہ لوٹ مار سے اپنی اوقات بسری کرتے
تھے۔ ایک مثل مشہور ہے کہ شیطان کاہل آدمی کو بہکاتا ہے اور
ہمارے نبی برحق فرماتے ہین الکاسب حبیب اللہ۔
میرے لڑکے اور میرے جانشین یہ نہ خیال کرین کہ میرے
ملک کو جو کچھ فائدہ ہوا وہ صرف اسباب جنگ سے ہوا۔ دراصل یہ
کارخانہ جات صنعت و حرفت باعث ترقی تجارت و ذرایع آسودگی
ملک ہین۔ جو روپیہ غیر ملکون مین جاتا تھا وہ اب افغانستان
مین صرف ہوتا ہے۔ اگر میری رعایا دولتمند ہو جائے تو اُس کی

وجھہ سے گورنمنٹ مضبوط قوی اور محفوظ ہوگی۔ اِس لئے کہ اکثر
فسادات جو ناداری اور بیکاری کی وجھہ سے اُٹھا کرتے ہین۔
دور ہو جائین گے۔ جو لوگ صاحب جائداد ہونگے وہ خواہ مخواہ
یہ چاہین گے کہ ملک مین کسی قسم کی لڑائی یا بلوہ نہ ہو جس سے
اُن کو نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہے اور اُن کو یہ بھی معلوم ہو جائیگا
کہ لوٹ مار مین وقت ضایع کرنے سے دولتمند ہونا بہتر ہے۔

اور اقسام کی کلین بھی مین نے خریدی ہین جنہین کام مین لارہا
ہون مثلاً ایک چھوٹا انجن اور چند میل تک ریل کی لائین یا بہاری
توپین کھینچنے کا انجن۔

مین نے برقی روشنی اور ٹیلیفون کا کارخانہ بھی قایم کیا ہے
جس مین اوّل چند ہندوستانی اور کابلی کاریگر جو ہندوستان مین یہ
کام سیکھ چکے تھے نوکر رکھے۔ بعدازان مسٹر براؤن نے ۱۸۹۴ء
مین اِن کارخانون کو بہت ترقی دی۔ خصوصاً برقی روشنی مین اُنہین

بہت کامیابی ہوئی۔

دارالضرب

میری ابتدائے عہدِ حکومت مین دارالضرب کا کام اُسی قدیم طریقہ پر ہوتا تھا جو صدہا برس سے چلا آیا تھا یعنی روپیہ ہاتھ سے بنایا کرتے تھے کوئی کل وغیرہ نہ تھی۔ قدیم روپیہ پر ایک طرف "ضرب دارالسلطنتِ کابل اور سنہ ضرب اور دوسرے جانب صرف میرا نام امیر عبدالرحمن بغیر کسی سجع یا علامت کے ہوتا تھا"، مگر ۱۸۹۶ء مین جب قوم افغانستان نے مجھے ضیاء الملت والدین کا خطاب دیا۔ اُس وقت سے سکہ پر ایک طرف یہ الفاظ اور دوسرے جانب معرکہ ہوتا ہے۔ میرے ملک کا مسی سکہ پاؤ آنہ و آدہ آنہ ہے اور نقری سکہ روپیہ۔ قران اور تنگاز۔

مسٹر میکنزماٹ نے جو دارالضرب کلکتہ مین کام کر چکے

تھے۔ میرے کابلی کاریگرون کو یہ سکہ بنانا سکھا دیا اور جب سے وہ چلے گئے اُن کے شاگرد بغیر کسی کی نگرانی کے برابر کام چلا رہے ہین۔ میرے دارالضرب کابل مین روزانہ اسّی ہزار سے ایک لاکھ روپیہ بآسانی بن سکتے ہین۔ میرے یہان کے کاریگر نہ صرف روپیہ ہی ڈہال سکتے ہین بلکہ روپیہ کے لئے ٹھپہ اور سکہ بھی بنا لیتے ہین۔ مجھے صرف پہلے ہی دفعہ انگلستان سے سکہ وغیرہ بنانیکے اوزار و آلات منگانا پڑے اُسکے بعد پھر کبھی نئے اوزار منگانیکی ضرورت نہ ہوئی اس لئے کہ ہر ایک چیز کابل مین بننے لگی۔

مارٹنی ہنری بندوق کیلئے کارتوس بنانے کا کارخانہ

کلین آنے کے قبل یہ کارتوس اور اسنائیڈر کی کارتوس ہاتھہ

سے بنائے جاتے تھے جو تعداد مین کم اور قسم مین ادنیٰ درجہ
کے ہوتے تھے۔ مین نے اِس کے لئے کلین منگائین اور
کارتوس واوزار دپیمانے بنانے کے لئے مسٹر ڈلٹن کو نوکر
رکھا۔ مین اُن کے کام سے بہت خوش ہوا اس لئے کہ اُنہون
نے میرے کاریگرون کو یہ کام ایسی اچھی طرح سکھادیا کہ اب
وہ بغیر کسی کی مدد یا نگرانی کے کارتوس۔ اوزار اور پیمانے بنالیتے
ہین۔

اب میرے کارخانون مین جو کارتوس تیار ہوتے ہین وہ
ایک سالم ٹکڑے کے بنائے جاتے ہین اور ایک دفعہ کام
مین آنیکے بعد پھر کئی دفعہ بھرے جا سکتے ہین۔ ان مستعمل شدہ
کارتوسون کو بھرنے کے لئے مین نے ایک خاص کل کابل
مین تیار کرائی ہے۔ جو کارتوس داغنے کے بعد پھیل جائے
یا خراب ہوجائے وہ اس کل کے ذریعہ سے درست ہوکر پھر اپنی

اصل حالت مین آجاتا ہے۔ اُس کے بعد سوراخ کرکے نئی ٹوپی چڑھا دیجاتی ہے اور کارتوس بھر لیا جاتا ہے میرے یہان کابل کے کارخانون مین روزانہ دس ہزار کارتوس بنتے ہین اور اگر ضرورت پیش آئے تو اُس کے دو چند بھی بن سکتے ہین۔

اسنائڈر بندوق کے لئے کارتوس بنانے کا سامان

یہ کارتوس بھی اولاً ہاتھ ہی سے بنائے جاتے تھے۔ جب کلون سے بنانے کے لئے مین نے پورا سامان منگا لیا تب جس طرح مسٹر مڈلٹن کو مارٹنی ہنری کے کارتوس بنانے کیلئے نوکر رکھا تھا اُسی طرح مسٹر اڈورڈس کو اسنائڈر بندوق کے کارتوس بنانے کے لئے مقرر کیا۔ اب اس کام کو کابلی کاریگر

بلا اعانت غیرے بخوبی انجام دے رہے ہین۔ روزانہ دس
گھنٹون مین جسقدر کارتوس تیار ہوتے ہین اُن کی تعداد دس ہزار
ہے لیکن ضرورت کے وقت یہ مقدار دوچند ہو سکتی ہے۔ مسٹر
اِڈورڈس نے میرے آدمیون کو توپون اور گولون وغیرہ کے
پیمانے بنانا بھی سکھا دیا ہے اور مین کہہ سکتا ہون کہ جو کارتوس
مارٹنی ہنری بندوق کے لئے استعمال ہوتے ہین وہی کارتوس
میگرم کیٹلنگ اور گارڈنر توپون کے لئے بھی بکار آمد ہو سکتے
ہین اِس لئے کہ توپون اور بندوقون کی نالیان خاص وضع کی
بنائی گئی ہین کہ ایک ہی ناپ کے کارتوس سب مین آسکین۔

مارٹنی ہنری بندوق بنانیکا سامان

اور دوسرے چھوٹے قسم کے

ہتیار بنانے کی کلین

کلین آنے کے پہلے بندوقین بھی کابل مین ہاتھ سے بنائی
جاتی تھین مگر کارتوسون کی طرح وہی نقص اُن مین بھی ہوتا تھا
سو اچھے بندوقون کے جو بہت ہوشیار کاریگرون کے ہاتھ کی
بنی ہوئی ہوتی تھین باقی سب ناقص اور ادنیٰ درجہ کی ہوتی تھین
چنانچہ مین نے مارٹنی ہنری بندوقین بنانے کے لئے پورا
سامان منگایا اور مسٹر کمران کو جو دم دم فیکٹری گورنمنٹ ہند مین ملازم
ہے نوکر رکھا۔ اُنھون نے اپنا کام نہایت عمدہ طور پر انجام دیا
اور کابلی کاریگرونکو ہر ایک چیز بنانا سکھا بھی دیا اور کارتوس بنانیکے
کارخانون مین اور دوسرے قسم کے مختلف چھوٹے چھوٹے
ہتیار بنانے کے کارخانون مین بہت کچھ اصلاح بھی کی۔ میرے
نزدیک جتنے انجنیر میرے ملازم ہوئے اُن سب مین یہ شخص توپین

اور دوسرے قسم کے چھوٹے چھوٹے ہتیار بنانے مین بہت
ہوشیار تھا۔ اُس کے کام سے میری گورنمنٹ کو بہت فائدہ ہوا۔
جہانتک ممکن تہا اُس نے کابلی کاریگردن کو سب کچھ سکھا دیا اور
انکی تعلیم مین بہت توجہ کی۔ اس نے مجھے کل قسم کے آلاتِ جنگ
بنانے اُن کا امتحان کرنے اور اُن کو استعمال مین لانے کی بابت
خاص کتابون اور رسالون کی ایک فہرست دی۔ یہ کتابین عام طور پر
کسی شاپ مین نہ ملتی تھین۔ مین نے یہ فہرست اپنے سفیر کے
پاس بھیجی جو ہندوستان مین تھا اور اُس کو لکھا کہ گورنمنٹ ہند
سے یہ کتابین حاصل کرے۔ چنانچہ جب مین نے اپنے سفیر
کرنل ولی احمد خان کے ذریعہ سے فارن سکرٹری ہند کو لکھا
تو وہ کتابین مل گئین جن مین بعض کا فارسی مین ترجمہ بھی ہوگیا۔

نئی کلون کے ذریعہ سے روزانہ مکمل پندرہ عدد مارٹینی ہنری
بندوقین تیار ہوتی ہین مگر ضرورت کے وقت یہ تعداد دوچند ہوسکتی

ہے گو یہ کلین صفر مارٹنی ہنری بندوقین بنانے کے لئے ہین
مگر اُن مین نئے اوزار و پیمانے لگانے سے اِن کلون کے خراد
ڈرلنگ ۔ رافلنگ ۔ ٹرننگ مشین ۔ ریپیٹر رائفل ۔ لی مٹفورڈ اور
دوسری قسم کی توپین و بندوقین بنانے کے لئے کام مین لائے
جاسکتے ہین جس طرح کہ دارالضرب کے ایک ہی کل مین مختلف
وضع و اقسام کی دائیان لگاکر ہر قد و قامت کا طلائی یا نقرئی سکہ
بن سکتا ہے ۔

انجن ۔ بوائلر ۔ آہنگری و بندوق سازی کا کام

جیساکہ اوپر بیان ہوچکا ہے کلون کا کارخانہ جا ۔ ی ہونے کے
پیشتر بندوقین اور توپین ہاتھ سے بنائی جاتی تھین اور جو
انجن مین نے پہلے خریدے وہ ہلکے قسم کے تھے اور اُنکے

لئے علیحدہ علیحدہ بوائلرس کی ضرورت نہ تھی۔ اس وجہ سے
مین مجبور ہوا کہ سو گھوڑون کی قوت کا ایک بڑا انجن معہ بوائلر خریدلون
تاکہ ان کارخانون کا کام اور وسعت کے ساتھ چلنے لگے۔ مین نے
جب کارتوس بنانیکا سامان اور دارالضرب کے لئے کلین اور
صابون وموم بتی بنانے کی کلین خریدکین اُسوقت مجھے یہ خیال
آیا کہ ایک بڑا دخانی ہتوڑا اور بوائلر بھی خریدون اس لئے کہ ان
کل کلون کے لئے بوائلر کی ضرورت تھی۔ ان ضرورتون کے
لحاظ سے اور توپ بنانے کی بھٹیون اور کارآہنگری کے لئے
بھی مین نے ایک مُسن تجربہ کار انگریز انجنیر مسمی مسٹر اسٹوارٹ کو
نوکر رکھا۔ یہ شخص بہت قابل تجربہ کار جفاکش مستعد اور ظریف آدمی
تھا۔ گو معمر تھا مگر اپنے کام مین نہایت چست وچالاک تھا۔ اُسنے
کل کام شروع کئے اور ہندوستانی وکابلی کاریگرون کو اپنے
کام مین ایسا برق کردیا کہ اب یہ لوگ خود انجن بوائلر اور بھٹیان

بنا سکتے ہین۔ میرے نزدیک یہ امر بہت قابل اطمینان ہے۔
ایک کابلی پیشہ دست کاریگر مسمی سلام نجار نے جو سانچہ بنانے کے
کام پر معین ہے چند اور کاریگرون کی مدد سے ایک لکڑی کا انجن
بنایا۔ یہ انجن بالکل انگریزی انجن کے مثل تھا اور جب تیار ہوگیا
مین نے دیکھا کہ کام بھی بخوبی دیتا ہے۔ تب مین نے اُن کاریگرون
کی تنخواہین جنھون نے ملکر اُسے بنایا تھا دوچند کردین۔ اِسکے
علاوہ مین نے اُن کو چھ ہزار روپیہ نقد اور خلعت بھی عطا کئے
اس انعام سے ایک اور کاریگر مسمی قاسم کو جو حکاکی اور نقشہ
نویسی پر مقرر تھا جراءت ہوئی اور اُس نے ایک اور چھوٹا سا انجن
تیار کیا جو لکڑی کا نہ تھا جیسا کہ نجار نے بنایا تھا بلکہ اصلی لوہے
فولاد اور تانبے کا تھا۔ میرے روبرو اس انجن مین آگ اور پانی
ڈالا گیا اور وہ ایک چھوٹے سے خراد کو چلانے لگا۔ مین نے
اُس شخص کو بھی اس صنعت کے صلہ مین انعام دیا۔ کل بھٹیان جن

بہاری توپین بنتی ہین اور کارتوس بنانے کے لئے تانبا اور سکہ بنانے کے لئے چاندی گلائی جاتی ہے اور وہ دخانی ہتوڑے ڈھالنے کی بھٹیان اور مختلف کام جو آہنگری سے متعلق ہین اُن سب کو اب کابلی کاریگر چلاتے ہین - مین اس محکمہ مین مسٹر اسٹوارٹ کے کام سے بہت خوش ہون -

مین ہندوستانی اور کابلی کاریگرون کی تعریف مین بھی دو ایک لفظ ضرور لکھون گا کہ اُنہون نے مسٹر پائین کی غیر حاضری مین اپنے فرایض کو کس عمدگی سے انجام دیا اور کارخانون کو برابر چلاتے رہے جب تک مسٹر پائین میرے ملازم رہے اُنہون نے نصف سے زیادہ مدت ملازمت میرے ملک کے باہر گذاری - اسلئے کہ اُنہین کابل کی موسم سرما کی شدید سردی کی وجہ سے مجبوراً انگلستان جانا ہوتا تھا - علاوہ کارخانون کی نگرانی کے مسٹر پائین نے اور خدمات بھی انجام دیے جن کا ذکر دوسری جگہ آئیگا -

اکثر لوگون کو تعجب ہوگا کہ یہ بڑی بڑی کلین۔ بہاری دخانی ہتوڑہ اٹھائیس ۲۸ فیٹ کا لنبا خراد بڑے بڑے انجن اور بڑی بھاری بھاری کلین کابل مین کیونکر لائی گئین۔ اِس لئے کہ ملک مین ریل نہین ہے۔ بلاشک ان کلون کا لانا دشوار امر تھا مگر میرا عزم ان دشواریون کے مقابلہ مین کہین زیادہ بڑھا ہوا تھا۔

شراب کی بھٹیان

سیماب کی بارود بنانے اور کارتوس کی توپیان بنانے مین اور اور کامون کے لئے جو اسپرٹ درکار ہوتی تھی کم کم مقدار مین ہاتھہ سے کھینچی جاتی تھی اِس لئے کہ اُس کے بنانے کے لئے کوئی کل نہ تھی۔ چونکہ افغانستان مین انگور۔ کشمش و منقی وغیرہ کثرت سے ہوتا ہے مین نے خیال کیا کہ اگر شرابین بنانے کے لئے ایک بھٹی قایم کیجائے تو اُس سے بہت نفع ہوگا۔ چنانچہ

مین نے شراب کھینچنے کی کلین منگائین اور ایک بڑی بھٹی قایم
کی جسمین آٹھ گھنٹہ مین پندرہ سو شیشہ شراب کے تیار ہوتے ہین
مین نے برانڈی اور دوسرے قسم کی اسپرٹ بنانے کے لئے
ایک اور بھی بھٹی قایم کی - یہ شرابین اور اسپرٹ بغرض تجارت
میرے ملک سے دوسرے ممالک مین جانے کے لئے یا میری
رعایا کے اُس طبقہ کے لوگون کے لئے جو مسلمان نہین ہین
تیار ہوتی ہین -

یہ کارخانہ جاری ہونے کے قبل بعض ارمنی عیسائی جو کابل
مین رہتے تھے شراب کھینچا کرتے تھے - بعد ازان اور لوگون
نے بھی اس کام کو اختیار کیا اور رفتہ رفتہ اُمرا اور سردار بھی اُسکے
پیرو بنے مگر یہ لوگ اپنے گھرون مین بھٹیان قایم کرکے شراب
کھینچتے تھے - یہ لوگ عرق کشی کے فن سے بالکل ناواقف
تھے جو شراب اُن کی کھینچی ہوئی ہوتی تھی ایسی خراب ہوتی تھی

کہ جو لوگ اُسے پیتے تھے طرح طرح کے امراض مین مبتلا ہوتے تھے اور سب کی صحت پر بہت بُرا اثر پڑتا تھا۔ چونکہ مذہب اسلام کے رو سے شراب پینا منع ہے مین نے اُن لوگون کو جو شراب بناتے تھے بیچتے تھے۔ یا خریدتے تھے سخت سزائین دین۔ ان سزاؤن سے لوگون نے شرابخواری کی عادت چھوڑ دی جو شیر علی اور اعظم خان کے زمانہ سے پڑی ہوئی تھی۔

مین نے چند کابلی کاریگر جو قدیم طریقہ عرق کشی سے واقف تھے اور جنھون نے ارمنی کلوارون کے نیچے کام کیا تھا اِسلئے مقرر کئے کہ ایک عرق کش مسمی رام سنگھ سے عمدہ اور نیا طریقہ شراب کشی کا سیکھین۔ اب اس کام کو میرے یہان کے لوگ بلا اعانت غیر چلا رہے ہین۔

دبّاغی

جس زمانہ مین مَین توپین اور آلات حرب بنانے کے لئے کلین
خریدنے اور کارخانہ کھولنے مین مشغول تھا جو بوقت جنگ بکار آمد
ہوسکین یا تجارتی اغراض کے لئے بھی مفید ہون میری توجہ اس
امر کی نسبت بھی مایل ہوئی کہ کارخانون اور کلون کے لئے روزانہ
جس اسباب کی ضرورت ہے وہ بھی دیسی ہونا چاہیئے تاکہ مجھے
غیر ملکون سے منگانیکی ضرورت نہ پڑے کیونکہ ان چیزون کے
منگانے مین جسقدر روپیہ سال بسال صرف ہوگا وہ بجائے دوسری
قومون کو فائدہ پہنچانے کے اپنے ہی ملک مین رہیگا اور جو کچھ
اُس سے نفع ہوگا وہ خزانہ شاہی مین داخل ہوگا اور ملک کے کام
آئے گا یہ غرض حاصل کرنے کے لئے مین نے کابل مین
ایسا سامان بنانے اور بہم پہنچانے کے لئے جو کارخانون مین

بکار آمد ہو سکے مختلف کام جاری کئے۔ مین اس بات پر اب بھی
بہت غور کر رہا ہون کیونکہ مجھے یاد ہے کہ ایک دفعہ گورنمنٹ ہند نے
میرا کل سامان جو ہتیار اور سامانِ جنگ بنانے کے لئے منگایا
گیا تھا ہندوستان سے افغانستان آنیکو روکدیا تھا اُسوقت سے مین بہت متنبہ
ہو گیا ہون۔ واقعی امر یہ ہے کہ آلات حرب بنانے کے لئے
کارخانہ فیکٹریان قایم کرنا بے سود ہے جب تک کہ اُن کے
بنانے کے لئے خود افغانستان مین وہ مواد بہم نہ پہنچایا جاے
الحمد للہ کہ اب اس معاملہ مین ہم دوسرے ملکون کے بالکل محتاج
نہین رہے اور یہ گویا بڑا فائدہ ہم نے حاصل کیا کیونکہ ممکن تھا
دوسری بڑی سلطنتین جسوقت چاہتین فولاد۔ لوہا۔ تانبا۔ پیتل
کی آمدنی بند کردیتین اور اس صورت مین ہمارے یہان کے کارخانے
بند ہو جاتے۔ مین نے معدن نکالنے کے لئے اور لوہا۔ فولاد
اور سیسہ گلانے کے لئے اور کانون سے تانبا پیتل اور کوئلہ

نکالنے کے لئے ضروری کلین منگائی ہین۔ اس کام مین جون
جون مجھے نئی باتین معلوم ہوتی جاتی ہین۔ بتدریج ترقی دے رہا
ہون ایک بہت قیمتی چیز جو مجھے ہندوستان یا یورپ سے خریدنا
پڑتی تھی دباغت کیا ہوا چمڑا تھا اور جسقدر کارخانے بڑھتے
گئے روز بروز چمڑے کی ضرورت بھی زیادہ ہوتی گئی۔ توپخانے
کے لئے بہت سے چمڑے کی چیزین درکار ہوتی ہین۔ مثلاً
بوٹ۔ پٹیان۔ اور کلون کے لئے چمڑے کے تسمے۔ زین اور
ساز اور متفرق چیزین۔ اس ضرورت کو رفع کرنے کے لئے مین نے
کل قسم کا چمڑا رنگنے اور دباغت کرنے کے لئے ضروری کلین
اور اوزار خریدے اب خدا کے فضل سے کابل مین بھی چمڑا
اُن مختلف طریقون پر جو انگلستان۔ ہندوستان۔ ایران اور
روس مین رائج ہین رنگا جاتا ہے اور کمایا جاتا ہے۔ غیر ملکیون مین
سے جو شخص اس کام مین بہت بکار آمد ثابت ہوا وہ مسٹر ٹاسکر

ایک انگریز دبّاغ تھا۔ اُس نے کابل کے کارخانہ دبّاغت کے ایک پیشدست کاریگر مسمی اعظم کو چمڑا بنانے کے وہ کل طریقے جو انگلستان مین رائج ہین سکھا دئے۔ اور اب بالکل میرے ملک کے کاریگر اس کام کو چلا رہے ہین۔ ایک اور انگریز مسمی تھارنٹن نے غلام حیدر کو جو کابی رنگریزون مین سرآوردہ تھا کل انگریزی رنگون کا استعمال سکھا دیا۔ اس کام کو بھی اب محض کابی کاریگر کر رہے ہین۔

ایرانی چمڑا جو خاص طور پر ہمدان مین رنگا جاتا ہے اور کمایا جاتا ہے اُس کے لئے مین نے ہمدان سے دو کاریگر بلائے کہ میرے یہان کے کاریگرون کو وہ چمڑا بنانا سکھا دین۔ لاہوری چمڑا بنانے کے لئے بھی مین نے یہی طریقہ اختیار کیا اور اب میرے کابی کاریگر اُسے ایسا عمدہ بنا لیتے ہین۔ جیسے ہندوستانی کاریگر۔ روس کا چمڑا بنانا مجھے خود معلوم تھا چنانچہ مین نے اپنے

کاریگرونکو خود سکھا دیا۔ مین اُن تمام لوگون سے بہت خوش ہون جنھون نے اسقدر تکلیف اُٹھاکر میرے آدمیون کو چمڑا بنانا سکھایا ہے اور خاص کرمین اس معاملہ مین ہمدان کے ایرانی دباغون کا زیادہ تر مشکور ہون۔

بوٹ بنانے اور کلون کے لئے چرمی تسمہ بنانے کا کارخانہ

اگرچہ میرے کاریگر چمڑا رنگنا اور کمانا سیکھہ گئے تھے مگر اُن مین کوئی ایسا نہ تھا جو بوٹ یا بلٹ وغیرہ بنا سکے۔ لہذا مین نے ایک شخص مسمی احمد اذبک کو جو ہمارے روس سے تھا اِس کام کے لئے مقرر کیا۔ اور اُس سے کہا کہ کابلی کاریگرون کو یہ چیزین بنانا سکھادے مگر اُس نمونہ کی جیسی کہ روس مین بنی ہین۔ یہ شخص

حج کی غرض سے مکہ جارہا تھا کابل مین ٹھہرنا کسی طرح منظور نہ کرتا
تھا مین نے اُس سے بحث کی اور اُسے سمجھایا اور احادیث
سے ثابت کیا کہ بنی آدم کی خدمت کرنا مکہ جانے سے بدرجہا بہتر
ہے۔ خواجہ عبداللہ انصاری جو ایک بڑے ولی گذرے ہین
اُن کا قول بھی اُسے پڑھکر سُنایا وہ فرماتے ہین کہ "بہت عبادت
کرنا گویا کاہلی ہے اور کام سے جی چرانا ہے بہت روزے رکھنا
گویا جزورسی ہے اور کھانا بچانا ہے مگر ایک دوسرے کے
کام آنا بڑے بہادرون کا کام ہے اور اصل عبادت یہی ہے"
المختصر اوس نے میری ملازمت قبول کی اور اپنا کام میرے
کاریگرون کو سکھادیا۔

میرا ایک چچازاد بھائی جس کا نام سردار کریم خان تھا
ایک زمانہ مین اُس نے ہجرت کرکے ہندوستان مین رہنا اختیار
کیا تھا اور وہان اوس نے اپنے ایام قیام مین بوٹ بنانا سیکھ لیا

تھا۔ مین نے بہت کچھ مباحثہ کے بعد اُسے بھی اس کام کے
لئے امادہ کیا اور اُس سے کہا کہ شاہی خاندان کے کسی رکن
کو اپنے ہاتھ سے کام کرنا کوئی ننگ کی بات نہین جیسا کہ جاہل
افغانون کا عقیدہ ہے بخلاف اِسکے اگر کوئی شخص کام نہ کرے
تو البتہ جائے شرم ہے۔ مین نے اُس سے کہا کہ ایک اور شخص
جو قبیلہ ہزارا سے ہے اور لڑائی مین قید ہو کر میرے یہان آیا
ہے اور جو فن کفش دوزی سے واقف ہے اپنا شریک کرو چنانچہ
دونون نے مل کر کابل مین ایک کارخانہ کیا۔ اور رفتہ رفتہ اور
بہت سے موچیون نے اُن سے یہ کام اچھی طرح سیکھ لیا۔ اب
اُن کلون کی اِعانت سے جو مین نے بوٹ سازی اور چرم دوزی
کے لئے خریدے ہین۔ ہزارہا بوٹ روزانہ کابل اور دوسرے
شہرون کے کارخانون مین تیار ہوتے ہین جو میری فوج کے
سپاہیون کو دئے جاتے ہین اور بازار مین فروخت ہوتے ہین

پس جسقدر روپیہ - بوٹ - بلٹ ساز اور دوسری چیزون کے
خریدنے کے لئے باہر بھیجا جاتا تھا اب ملک ہی مین رہتا ہے
جو ایک بیّن نفع ہے - مین ایک اور حکم جاری کرنے والا ہون
کہ کوئی بوٹ یا دوسرا سامان چرمی باہر سے میرے ملک مین
آنے نہ پائے اور جن لوگون کو ان چیزون کی ضرورت ہو وہ
یہین کی بنی ہوئی چیز خریدین - مین فقط یہ دیکھتا ہون کہ اچھی طرح
سب لوگون کو یہ کام بنانا آجائے تاکہ تمام ملک کی ضرورت اچھی
طرح پوری ہوسکے مین نے حکم دیا ہے کہ کسی قسم کا خام چرم بغیر
میری گورنمنٹ کے افسرون کی خاص اجازت کے افغانستان سے
باہر نہ جانے پائے - یہ عجب بات ہے کہ خود میرے ملک کا چمڑا
دوسرے ملکون مین رنگنے اور کمانے کے لئے بھیجا جائے اور
پھر وہی چمڑا چوگنی قیمت پر میرے لوگون کے ہاتھ فروخت ہو -

صابون اور موم بتی بنانیکا کارخانہ

مین نے اوّل یہ کام مختلف اضلاع مین جاری کیا مگر یہ چیزین ہاتھہ سے بنائی جاتی تہین - چونکہ افغانستان کے باشندے سب کے سب گوشت خوار ہین لہذا ان چیزون کے لئے چربی کی کمی نہ تھی علاوہ اس کے میرے ملک کے سرد مقامات مین جانورون کی چربی اسقدر جلد نہین پگھلتی جیسے کہ گرم ملکون مین یہی وجہ ہے کہ سرد ممالک کی بھیڑین اور گائین بہت موٹی ملتازی ہوتی ہین اور گرم ممالک کی پتلی - صابون اور موم بتی بنانیکا کارخانہ جاری ہونے کے قبل ایک بڑی مقدار چربی کی پھینک دی جاتی تھی اور وہ یون ہی بیکار ضایع ہوتی تھی - جب تک یہ دونون چیزین ہاتھہ سے بنائی گئین - وہ محض چربی کی ہوتی تہین اُن مین کوئی اور چیز نہ ملائی جاتی تھی جس

عمدہ خوشنما صورت پکڑین - اب مین نے صابون اور موم بتی بنانیکا
پورا سامان منگا لیا ہے اور یہ کارخانہ کھلنے سے میری گورنمنٹ
کی محاصل کو بہت ترقی ہوئی ہے گو ابھی اس کارخانہ کو ایسی وسعت
اور ترقی نہین ہوئی ہے جیسی کہ مین چاہتا ہون - میرا ارادہ ہے کہ
افغانستان کے تمام مشہور اضلاع مین یہ کارخانہ جاری کردون تاکہ
لوگ کرایہ وغیرہ کے نقصان سے بچین - مین نے اسی لئے
ملک کے مختلف مقامات مین گولے ڈھالنے کے کارخانے قایم
کئے ہین تاکہ نقل و حرکت کا صرف نہ پڑے - ہاتھ سے صابون
اور موم بتی بنانے کے کارخانے قریب قریب اُن کل اضلاع مین
جاری ہین جہان ابھی کلین نہین منگائی گئین - مقام غور ہے کہ جو روپیہ
غیر ملک کا سامان خریدنے مین صرف ہوتا تھا وہ اب اپنے ہی
ملک مین رہتا ہے -

کارخانہ خیاطی

اگلے زمانہ مین افغانستان کے کل لوگ بادشاہ سے لیکر فقیر تک اور کل اہل سیف اور اہل قلم افسر اور اُمرا بڑے بڑے ڈھیلے پائجامے اور کُرتے جن کی آستینین کئی گز کی ڈھیلی ہوتی تھین پہنتے تھے۔ صرف ایک پاجامہ کے لئے پندرہ ۱۵ گز کپڑا درکار ہوتا تھا اِس مین اول تو صرف بہت ہوتا تھا دوسرے نہایت بدنما اور خلاف حکم خدا تعالیٰ تھا۔ اِس لئے کہ خدا قران مین فرماتا ہے۔

(اِنَّ اللّٰہَ لَا یُحِبُّ الْمُسْرِفِیْنَ)

علاوہ اسراف کے اس نامعقول وضع سے لوگ کاہل ہوتے تھے اچھی طرح نقل وحرکت نہ کر سکتے تھے کئی گز کپڑے کی دم اُن کے پیچھے لٹکتی رہتی تھی مین نے اِس رواج کو اُٹھانیکے لئے ہندوستانی درزی جو اول ہندوستان مین فوج کی انگریزی

وردیان بنانے کی نوکری کر چکے تھے نوکر رکھے - اُن کے بعد
مین نے اپنے یہان کے صدہا درزی بغرض تعلیم اُن کے
سپرد کئے جنہون نے میرے سپاہیون کے اور اہل قلم کیلئے
وردیان تیار کین اِن وردیون کی قیمت ہر ملازم کی ماہوار سے
وضع کیگئی -

اِس کے بعد مین نے حکم دیا کہ آیندہ جو کوئی یہ لمبے پائجامے
پہنکر اپنے کام پر آئیگا اُس سے چھہ مہینے کی تنخواہ ضبط کر لیجائیگی -
مجھے اِن ہندوستانی درزیون کی تراش کچھ زیادہ پسند نہ آئی چنانچہ
مین نے ایک انگریز درزی مسمی مسٹر والٹر نوکر رکھا جس نے میرے
کارخانۂ خیاطی کو بہت درست کر دیا - اُس نے اور میر منشی نے ملکر
ایک کتاب لکھی جس مین انگلستان کی مختلف وردیون کی وضع اور
صورت - اُن کی تراش اور سینے کا طریقہ درج کیا - اس کتاب مین
ناپنے کے ضروری قواعد بھی لکھے جن سے یہ معلوم ہو سکے

کہ مختلف قد و قامت کے سپاہیون کی وردی کے لئے کسقدر
کپڑا درکار ہوتا ہے۔ اب درزیون کو کپڑا چرانیکا کوئی موقع نہین
ہے کیونکہ میرے یہان کے محاسب اُن قوا عد کی رو سے حساب
کرکے یہ بتا سکتے ہین کہ مختلف قد و قامت کے لوگون کیلئے
کس قدر کپڑا درکار ہوگا۔ میری گورنمنٹ کے کل افسر اہل قلم و اہل
سیف بہ آسانی پہچانے جا سکتے ہین۔ اس لئے کہ بلحاظ مدارج
ہر ایک کا یونی فارم جدا ہے۔ مثلاً کل اہل قلم جن مین اُمرا گورنر
افسر مختلف صیغون کے بالادست۔ حکام۔ معتمدین اور اہل دربار
شامل ہین اُنکی وردیان اُن فوجی افسرون کی سی ہین جو بلحاظ ماہوار
اور درجہ اُن کے ہم پلہ ہین۔ اسی طرح اہل قلم بھی کمانڈر انچیف جنرل
بریگیڈیر کرنل۔ کپتان اور لفٹنٹ وغیرہ کی وردیان پہن سکتے ہین
میرے دربار مین بلحاظ مراتب و مشاہرہ اُن کی جگہین معین ہین۔
اِس بارے مین ایک کتاب بھی لکھی گئی ہے جس مین مختلف اہل قلم

واہل سیف کے درجے اور اُن کے یونی فارم وغیرہ کا ذکر ہے
یہ کتاب میرے بیٹے **حبیب اللہ خان** کے پاس رہتی
ہے جس کا یہ فرض ہے کہ ہر ایک شخص جو اُس کے دربار یا
میرے دربار مین حاضر ہو یہ خیال رکھے کہ اپنا پورا یونی فارم پہنکر
آیا اور اپنی مقررہ جگہ پر بیٹھا یا نہین - مثلاً کوئی اہل قلم جسکی تنخواہ سالانہ
بارہ ہزار روپیہ سکہ کابل یا اس سے زیادہ ہو وہ کمانڈر انچیف کا درجہ
رکھتا ہے آٹھ ہزار روپیہ سالانہ پانیوالے جنرل اور ڈپٹی کمانڈر انچیف
کے ہم پلہ ہین اور پانچہزار روپیہ سالانہ پانے والے بریگیڈیر
کے ہم مرتبہ ہین اور علیٰ ہذا چار ہزار روپیہ پانے والے کرنل کے
ہم مرتبہ ہین -

شاید بعض لوگ جو اوروں کی عیب جوئی اور اپنی عیب پوشی
مین بڑے سرگرم ہین یہ اعتراض کرینگے کہ مین روپیہ کا بڑا لالچی
ہون - اس قسم کے اعتراضات مین بارہا سُن چکا ہون - لوگ کہتے

ہین کہ مین واجبی وغیرواجبی دونون طریقونسے ایک ایک پیسہ پیدا کرنے
کے ذرایع نکالتا ہون - ایسے اعتراضات کی نسبت مین صرف یہ
کہونگا کہ اس بیہودہ گوئی کا کچھ جواب نہین ہے - میرے ملک کا
امن اور حفاظت زیادہ تر فوج اور سامان جنگ پر منحصر ہے اور
اور یہ دونون چیزین ہمیشہ عمدہ حالت مین رہنا چاہیئے - مگر یہ امر بغیر
روپیہ کے ممکن نہین - گو بہ نسبت اور سابق امیرون کے مین اپنے
ملک سے زیادہ مالگذاری وصول کرتا ہون مگر اُس کے ساتھ ہی
مین بہ نسبت امیرانِ سلف کے اپنے سپاہیون کو اچھی ماہوار بھی
دیتا ہون - جو لوگ ایسے اعتراضات کرتے ہین اُنکو چاہیئے کہ
کہ خواجہ احرار ہراتی کا جو بڑے ولی اور پیشوا گذرے ہین - یہہ
قول ملاحظہ فرمائین (خدا کا عاشق روپیہ کا عاشق نہین ہو سکتا لیکن
جو خدا کی راہ مین روپیہ کا عاشق بنے وہ عین خدا کا عاشق ہے)

مطبع اور تعلیم

جب مین تخت پر بیٹھا ہون اُس سے قبل کل ممالک محروسہ افغانستان
مین کہین مطبع کا نام ونشان تک نہ تھا اور تعلیم کی یہ حالت تھی کہ
مجھے تین نشیون کے لئے جو اپنی زبان مین لکھہ پڑہ سکتے ہون
سارے ملک مین اشتہار دینا پڑا۔ مگر بجائے تین کے صرف
تین نشی دستیاب ہوئے خدا کا شکر ہے کہ اب میرے ملک
مین ہزار ہا آدمی لکھہ پڑہ سکتے ہین اور کابل کے مطبع مین مختلف
مضامین کی صدہا کتابین۔ نقشہ جات۔ کاغذ مہور و پرامیسری نوٹ
وغیرہ چھپتے ہین۔ روز شایع ہوتے ہین۔ کل اضلاع اور فوج کی
ہر رجمنٹ مین تعلیم کے لئے مدارس کہولے گئے ہین اور انشاءاللہ
عنقریب کابل مین مختلف علوم فنون کی تعلیم کے لئے یورپین
طریقہ پر ایک کالج بہی قایم کیا جائیگا۔ مین نے اہل کابل کو حکم

دیا ہے کہ چند لوگ مل کر ایک نیم سرکاری اخبار بھی جاری کرین

جس شخص نے کابل مین مطبع کھولا اور بہت تعریف و توصیف

کا مستحق ہے وہ منشی عبدالرزاق دہلوی تہا جس کا انتقال ہوگیا

اُس نے بعارضۂ بخار قضا کی۔ مگر مطبع کا کام اب کابلی لوگ چلا رہے

ہین۔ مین نے اُس کی خدمات کے صلہ مین اُس کی بیوہ اور

لڑکیون پر اُسکی سالم ماہوار بحال رکھی۔

مختلف فنون صنعت و حرفت کے کارخانے

اگر مین اُن کُل کارخانون کا تفصیلی حال بیان کرون جو مین نے

جاری کئے تو ایک بڑی کتاب ہوجائے۔ صرف اسی قدر بس

ہے جو اوپر بیان کرچکا ہون۔ اُس کے سلسلہ مین بہ سبیل تذکرہ

اس باب مین حسب ذیل کارخانون کا ذکر کرتا ہون جو افغانستان مین جاری ہوئے ہین۔ کارخانہ کلاہ سازی (یورپین اور مشرقی دونون وضع کی) کارخانہ دوربین سازی اور توپ خانہ کے لئے فاصلہ دریافت کرنے کا آلہ۔ ہیلیو گرافی اور اس فن کے متعلق کل چیزون کے مہیا کرنے کا کارخانہ۔ (اس سے پہلے افغانستان مین کوئی ہیلیو گرافی کے نام سے بھی واقف نہ تہا) بارود اور گولی بنانیکا کارخانہ۔ تارکشی اور سنہرا لیس بنانیکی کلین۔ ایرانی اور ہندوستانی قالین بنانیکی کلین۔ پرتوہ اور کرسیان بنانیکا کارخانہ۔ پگڑیان بُننے اور بنانے کی کلین۔ ڈیرے بنانے کا کارخانہ۔ طلائی اور ایلکٹرو پلیٹنگ ملمع کرنے کا کارخانہ۔ کل قسم کا سامانِ جنگ علاوہ اُس کے جو اوپر بیان ہوچکا ہے۔ مثلاً تلوار، پرکشن کیپ۔ فیوز۔ ریوالور۔ تفنگچہ۔ اور بہالے وغیرہ بنانے کا کارخانہ۔ مینا کاری اور کاغذ بنانے کا کارخانہ۔ ایسٹڈ

بنانے کی کلین - جلد بندی کا کارخانہ - بسکٹ اور کیک بنانے کا کارخانہ - قندیلین اور شیشہ آلات بنانے کا کارخانہ - موزے اور خیاطی کے کام کی کلین - چاندی - تانبا - پیتل - فولاد اور لوہا گلانے کی بھٹیان - چونا اور خشت پزی کی بھٹیان - مختلف فنون تعمیرات و نجاری کے کارخانے - سنگتراشی - دلی کی عمارتون کے وضع پر پتھرون مین نقش و نگار بنانے کا کارخانہ آئیل ملز (تیل نکالنے کی کلین) فوجی بینڈ[۱] کے لئے بگل - بیگ پائپ اور دوسرے باجے بنانے کی کلین -

مین نے یہ بھی انتظام کیا ہے کہ جتنے اہل حرفہ جنگ مین یا بوجہ ارتکاب جرائم قید ہو کر آئین وہ سب اپنے اپنے پیشہ کے

[۱] - کابل مین کل ملٹری بینڈ باکل اسی وضع اور قطع کے ہین جیسے انگریزی فوج کی ہر رجمنٹ مین استعمال ہوتے ہین اور بینڈ و فوجی قواعد کی کتابین بھی انگریزی سے فارسی مین ترجمہ ہوئی ہین ہر افسر کو فوج یا اور کسی محکمہ کی ملازمت حاصل کرنے کے لئے امتحان پاس کرنا ہوتا ہے -

لحاظ سے کام سیکھنے کے لئے مستریون کے حوالہ کردے جائین۔
جب وہ کام مین بخوبی ہوشیار ہوجائین تب قید سے رہائی دیجائے
اور نوکر رکھہ لئے جائین۔ اُن کو اسی قدر ماہوار دیجائے جو اور
کاریگرون کو ملتی ہے۔ اس تدبیر سے مین نے بہت کاریگر جمع
کرلئے ہین۔ ورنہ مین اپنی رعایا کو بہ جبر کارخانون کی نوکری کے
لئے مجبور نہ کرسکتا تھا۔ قیدی اس سے بڑہ کے اور کیا چاہتے
تھے کہ رہائی پائین۔ انہون نے بہت جلد کام سیکھہ لیا اور رہائی
پائی۔ علاوہ رہائی کے اپنی محنت اور کام کی مزدوری بھی ملی مجھے
یہ فائدہ ہوا کہ ایسے اچھے خوشدل مزدور ہاتھ آئے۔

باب سوم
سرکاری محکمے

مین نہین چاہتا کہ زیادہ طول دیکر ناظرین کو زحمت دون مگر خیال یہ ہے کہ کوئی بات اُس ترقی کے متعلق جو میرے عہد مین ہوئی ہے فروگذاشت کرونگا تو کتاب ناقص رہیگی ۔ اصل یہ ہے کہ عموماً تمام لوگون کو افغانستان کے حالات سے واقفیت بہت ہی کم ہے جو کچھ مین بیان کرونگا وہ سب کے نزدیک بالکل نیا حال ہوگا جو انہون نے کبھی نہ سُنا تھا ۔ مجھے خوب معلوم ہے کہ بعض افاقیون نے جو وقتاً فوقتاً کابل مین آئے ہین بالکل غلط حالات اور لچر واقعات بیان کرکے اپنے تئین دنیا کی نظر مین

افغانستان کے اندرونی و بیرونی حالات کا بڑا ماہر و محقق بنانا چاہا ہے۔ حالانکہ مجھے اکثر اُن کے لکھے ہوئے مضامین پڑھکر ہنسی آتی ہے اِس لئے کہ جانتا ہون وہ لوگ افغانستان کی سرحد سے پانسو میل سے زیادہ آگے نہین بڑھے۔ ایسی حالت مین ضرور ہے کہ مین کچھ اصلی واقعات بیان کرون اگر بالتفصیل نہین تو مجملاً ہی سہی۔ گو مین بہت عدیم الفرصت ہون مگر اس کام مین ضرور تھوڑا وقت صرف کرونگا۔

میری تخت نشینی سے پہلے یہان کی گورنمنٹ ایک طرفہ معجون تھی۔ کوئی یہ نہ کہہ سکتا تھا کہ ملک مین کوئی سرکاری دفتر یا محکمہ بھی ہے ایک شخص مستوفی ہوتا تھا جسے خواہ وزیر اعظم کہیئے یا صدر محاسب یا بخشی یا کسی اور نام سے پکارئیے۔ اِس شخص کے پاس دس منشیون کا ایک مختصر سا عملہ تھا اور وہ اپنی خوابگاہ مین بیٹھکر سارے ملک کا انتظام کرلیا کرتا تھا۔ سرکاری دفاتر کا کوئی نام بھی نہ جانتا

تھا۔ مین اکثر لوگون کو یہ کہتے ہوئے سُنتا ہون کہ وہی قدیم طریقہ بہت اچھا تھا جب نہ دفاتر تھے نہ کوئی محکمہ۔ ہر چیز اسقدر آسان اور مختصر تھی کہ ایک شخص سارے ملک کا انتظام کر سکتا تھا۔ اِن باتون سے صاف ظاہر ہے کہ لوگ انتظام مملکت سے محض ناواقف ہین اور اُن کی یادہ گوئی قابل اعتنا نہین۔

یہ بات تو یقینی ہے کہ جو گورنمنٹ اس طرح چل سکے کہ چند منشی اُس کے انتظام اور نظم ونسق کو انجام دے سکین۔ وہ ایک بنیے کی دوکان سے بھی مختصر ہوگی اِس لئے کہ دوکان کا حساب وکتاب رکھنے کے لئے بھی بہت سے آدمی درکار ہوتے ہین ایک اور امر قابل لحاظ یہ ہے کہ جب ایک شخص کو اتنا اختیار دیا جائے اور کچھ اس کی روک ٹوک نہو تو اوسے لوگون کے اتلافِ حقوق وتغلب وتصرف کا اچھی طرح موقع ملیگا۔ یہی وجہ ہے کہ اگلے زمانون مین حکمرانون کی بے پرواہی۔ کاہلی۔ غفلت وجہالت

کی بدولت بہت سی مشرقی سلطنتین تباہ و برباد ہوگئین - بمصداق
"اَلْاِنْسَانُ مُرَکَّبٌ مِنَ الْخَطَاءِ وَالنِّسْیَان" غلطی تو ہم سب سے
ہوتی ہے اور ہم سب مین عیب و ہنر دونون موجود ہین مگر جب تک
کوئی بادشاہ یا افسر محکمہ اپنے تئین ہر ایک بات سے جو ملک مین
واقع ہو باخبر رکھتا ہے اور اگر زیادہ نہین تو مثل دوسرے عہدہ دارون
کے جفاکشی سے کام کرتا ہے تو البتہ اُس کی نسبت یہ توقع ہوسکتی
ہے کہ کچھ کر دکھائیگا لیکن زیادہ تر تو ایسے ہی ہوتے ہین جیسے کہ
ہندوستان کے بعض والیان ملک ہین کہ مہینون اپنے محل سے
برآمد نہین ہوتے - جب یہ حالت ٹھہری تو کس طرح ممکن ہے کہ وہ
اپنی رعایا کی فریاد سنین یا اُن کی داد کو پہنچین - سعدی فرماتے ہین

	تو کے بشنوی نالۂ دادخواہ		بکیوان برت کلۂ خوابگاہ

افسوس کی بات ہے کہ افغانستان مین بھی انتظام ملک کے لئے جیسے
چاہیئے محکمے قایم نہین ہوئے ہین - مجھے زیادہ تر اپنے یہان

کے عہدہ دارون کی وجہ سے دقتین پیش آتی ہین اس لئے کہ وہ اپنا کام نہین سمجھتے۔ ایک محکمہ کے معاملات دوسرے مین شامل کر دیتے ہین یا اپنے اختیارات اُن چیزون تک بڑہانیکی کوشش کرتے ہین جن کو اُن کے دفتر سے کوئی تعلق نہین۔ مگر مجھے اُمید ہے کہ جسطرح افغانستان نے اتنے تھوڑے عرصہ مین ایسی جلد ترقی کی ہے اُس کے دفاتر اور محکمے بھی عنقریب درست ہوجائین گے۔

مین نے ملک کے کُل دفاتر اور محکمے دو قسمون مین تقسیم کیے ہین

ملٹری یا نظامی۔ سول یا ملکی

یون دیکھا جائے تو ہر شخص سپاہی ہے اور ہر شخص پر شمشیر زنی فرض ہے۔ ہر با ایمان مسلمان کو اپنے مذہب کے لئے لڑنا واجب ہے۔

ملیٹری یا نظامی

مختلف صیغہ جات متعلق فوج کا ذکر کرنے سے پہلے مین یہ کہنا چاہتا ہون کہ سامانِ جنگ وغیرہ بنانے کے کل کارخانے جو دوسرے باب مین ذکر ہو چکے ہین اسی ملیٹری محکمہ کی نگرانی مین ہین۔ کل کاریگرون اور اون کے پیشدستون کی تنخواہ معتمد فوج کے دفتر سے ملتی ہے۔ اکثر غیر ملکی ملازم و کاریگر۔ ہندوستانی و انگریز وغیرہ اپنی تنخواہ اسی دفتر سے پاتے ہین۔ اس کا سبب یہ ہے کہ فوجی دفاتر سے ماہ بماہ نقد تنخواہ تقسیم ہوتی ہے جو شاہی خزانہ سے دیجاتی ہے۔ بخلاف اس کے اہل قلم کی ماہوار عموماً ملک کے محاصل سے دلائی جاتی ہے۔ اُس کا طریقہ یہ ہے کہ ملازمین اہل قلم کے نام خزانہ شاہی سے حکمنامے جاری ہوتے ہین اور اُن پر دفتر مالگذاری کے کسی افسر بالا کے دستخط ہوتی ہے۔ اور

میری مہر بھی ثبت ہوتی ہے۔ اس طریقہ سے جو تنخواہین ادا ہوتی ہین وہ سالانہ یا بعض اوقات ششماہی ہوتے ہین اور پیشگی دیجاتی ہین۔ یہ مکنامے برات کہلاتے ہین اور ان کا روپیہ اہل قلم کو بذات خود اُن لوگون سے وصول کرنا ہوتا ہے جو سرکار کے مالگذار ہون۔ ٹیکس ہو یا کردرگیری یا لگان۔ اس کتاب مین فوج کی تعداد لکھنا بے محل ہوگا۔ اس لیے مین فقط مختلف محکمون کا ذکر کرتا ہون جو فوج سے متعلق ہین۔

میری فوج کے محکمے

(۱) توپخانہ

(۲) رسالہ

(۳) پلٹن۔ پولیس۔ ملیشیا (جو خاصہ دار کہلاتے ہین) سوار خوانین۔ (یعنی رسالہ فوج بیقاعدہ جو بعض امرا یا سردارون کے پاس

بہ لحاظ اُن کے منصب یا جاگیر کے ہے) اور والنٹیر (مجاہد ہین)
اِس زمرہ مین ہر شخص آگیا جو ستر برس سے کم اور رسولہ سے اوپر
ہے۔ اس کا انتظام یون ہے کہ لوگ خود بحساب فی آٹھہ نفر ایک
آدمی بھیجتے ہین اور جب تک وہ فوجی تعلیم اور قواعد وغیرہ سیکھنے
مین مشغول رہتا ہے اُس کے کل ضروری مصارف کو وہی ادا
کرتے ہین۔ بعد ازان جب وہ تعلیم پاکر اپنے گھر واپس جاتا ہے
اور کاشتکاری یا کسی اور پیشہ مین مصروف ہوتا ہے اُس کی جگہ اُسی
طرح پر دوسرا شخص آجاتا ہے۔ یہ طریقہ ۱۸۹۶ء مین خود لوگون کی
درخواست پر جاری کیا گیا ہے۔ جبری نہین ہے۔ مین خود جبریہ
ملازمت کے بہت خلاف ہون اور کبھی یہ نہین چاہتا کہ لوگون سے
اُن کے خلافِ مرضی کوئی کام لیا جائے یا فوج مین بھرتی کیے
جائین۔ اِس مین شک نہین کہ افغان بڑے بہادر ہین اور ہر شخص
پورا سپاہی ہے مگر بغیر قواعد جانے اور بے فوجی تعلیم پائے اُنکی

بہادری اقوام یورپ کے باقاعدہ فوجون کے مقابلہ مین کیا سر بر
ہوسکتی تھی۔ مین بہت خوش ہون کہ میرے ملک مین یہ طریقہ جاری
ہوا۔ اور اب میری سلطنت و رعیت کے پاس ایک عمدہ باقاعدہ
فوج تیار ہے اور لشکر کشی کے لئے بقدر کافی روپیہ بھی موجود ہے
مجھے خدا سے اُمید ہے کہ اگر کوئی قوی سے قوی سلطنت میرے
ملک پر حملہ کرکے لینا چاہیگی تو میری فوج بخوبی اُس کا مقابلہ کریگی
اور اپنا ملک بچا لیگی۔ یہ ثابت ہو جائیگا کہ افغانستان کے گذشتہ
حالات ایک خواب و خیال ہین۔ مجھے اس موقع پر ایک واقعہ یاد
آیا جو میری جلاوطنی کے زمانہ مین روس مین مجھپر گذرا تھا۔ مین اُسی
مختصراً بہ سبیل تذکرہ یہان بیان کرتا ہون۔

روسی ایک بڑی بہاری توپ لائے تھے جس سے قلعہ
توڑنے کی مشق کرتے تھے۔ مین بھی اُس کا تماشا دیکھنے گیا۔ ایک
روسی افسر نے میرے پاس آکر کہا کہ یہ توپ اس لئے آئی ہے

کہ ہرات پر حملہ کرکے قلعہ ہرات چھین لین - مین نے جواب دیا
کہ اگر خدا نے افغانستان کی حکومت میری قسمت مین لکھی ہے تو تم
دیکھنا کہ جہان یہ توپ بیکار ثابت ہوگی وہ مقام ہرات ہی ہوگا -
لیکن اگر مین بادشاہ نہوا تو مین نہین کہہ سکتا کہ کیا گذرے گی -
روسی افسر نے حقارت سے یہ کہا کہ آپ تو ہماری گورنمنٹ کے وظیفہ
خوار ہین آپ کیون ایسا فرماتے ہین - مین نے جواب دیا کہ مین نے
تمہاری گورنمنٹ کے ہاتھ اپنا ملک - اپنی قوم - اپنا مذہب اور اپنی
حمیّت وحب الوطنی بیچکر یہ وظیفہ نہین قبول کیا ہے - مین اُن بزدلون
مین نہین ہون جو افغانستان کی تباہی اور بربادی کا حال سنین اور
چپ رہین - اگر تم سچی بات سننا نہین چاہتے تو بہتر ہوتا کہ تم مجھ سے
اس توپ کا ذکر ہی نہ کرتے - قوم افغان جو کہ فطرۃً سپاہی ہین اور
بچپن سے لڑائی کے عادی - اگلے زمانہ مین اس طرح جنگ کیا کرتے
تھے کہ ہر ایک سردار - زمیندار - سید - ملّا کے پاس سپاہیون کا ایک

جرگہ ہوتا تھا جو ایک جھنڈا اور ایک دُہل اور ایک شہنا اپنے ساتھ رکھتا تھا۔ جسوقت دُہل پر ضرب پڑی اور شہنا بجی ہزارون آدمی جمع ہو جاتے تھے اور جنگ کے لئے روانہ ہوتے تھے۔ یہ دُہل اور شہنا میدانِ کارزار مین گویا اُن کے بینڈ تھے۔ اور جب بجائے جاتے تھے ہر مسلمان پہ یہ فرض ہوتا تھا کہ کسی نہ کسی جھنڈے کے نیچے جاکر کھڑا ہو جائے۔ اُن کی قواعد صرف صدائے "اللہ اکبر" یا "یا چہار یار" تھی۔ اُن کے ہتیار پیتل یا تانبے کی توپین نالی سے بھرنے کی بندوقین۔ قدیم وضع کے تفنگچے ایرانی و گجراتی تلوارین اور کابلی تیغے تھے۔ ہر شخص غازی تھا۔ اب بھی یہ حالت ہے کہ ہر افغان جب رات کے وقت سونیکو لیٹتا ہے تو خدا سے یہ دعا مانگتا ہے کہ یا اللہ مجھے میدانِ جنگ مین سپاہی کی موت نصیب ہو۔ مین اپنے بستر پر نہ مرون۔ یا اللہ مین تیری راہ مین شہید ہون۔ ہم مسلمانون کا یہ عقیدہ ہے کہ جو کوئی

شہید ہوگا وہ بلا مواخذہ قیامت کے دن جنت مین داخل ہوگا۔ جو
لوگ غازی ہین وہ خدا کے نزدیک معصوم خیال کئے جاتے
ہین۔ یہ قدیم طریقہ جنگ اس صدی کے شروع تک جاری رہا
میرے دادا کے وقت سے پہلے فوج کی کوئی ترتیب نہ تھی
ایک انبوہ کثیر ہوتا تھا جس مین سوار پیدل سب ملے ہوتے تھے
نہ کوئی باقاعدہ توپخانہ تہا۔ نہ رجمنٹ۔ نہ پلٹن۔ میرے والد نے اسکی
بنا ڈالی اور فوج کو مختلف حصون۔ پرون۔ توپخانون۔ رسالون۔
رجمنٹون مین ترتیب دیا اور یہ سب میرے دادا کے حسب ہدایت
عمل مین آیا انہین اس کام مین ایک یورپین فوجی افسر مسمی مسٹر
کیمبل جن کا ذکر اوّل ہوچکا ہے اور دوسرے ہندوستانی فوجی افسرون
سے مدد ملی جو انگریزی اور مغلیہ فوجون مین نوکر تھے اور غدر
کے زمانہ مین اپنا ملک چھوڑکر میرے والد کی فوج مین آملے۔
اِس سے فوج کو باقاعدہ بننے مین بڑی مدد ملی۔ امیر شیر علیخان

نے بھی تخت پر بیٹھنے کے بعد یہ طریقہ جاری رکھا بلکہ کچھ اور اصلاح
کی جو اُنہین بعض انگریزی کتابون کا پشتو مین ترجمہ کرانے سے
معلوم ہوئی۔ یہ کتابین انگریزی فوج کے استعمال مین تھین۔ مگر بعض
امور مین اُن کی فوج ناقص تھی مثلاً سپاہیون کو ماہ بماہ تنخواہ نہ ملتی
تھی۔ اُن کو اختیارات دیے گئے تھے کہ رعایا سے بہ جبر روپیہ
وصول کرلین اور اُن کے ظلم و تشدد کی کچھ داد فریاد نہ تھی فوج
کے افسر کاہل و عیاش تھے اور ہر قسم کے عیوب مثل قمار بازی۔
چانڈو بازی۔ مدک بازی مین مبتلا تھے۔ علاوہ اسکے اور بُری بُری
عادتین رکھتے تھے۔ جن کا ذکر اس کتاب مین نہین ہو سکتا اسلئے
کہ ناظرین کو تنفر ہوگا۔ اِن سب پر طرہ یہ تھا کہ جبریہ ملازمت کا طریقہ
جاری تھا۔ جس سے ملک مین عام بددلی پھیلی ہوئی تھی۔ اس جبریہ
ملازمت اور افسرون کی بداعمالی کی وجہ سے اس کی فوج اتنی بھی
نہ تھی کہ انگریزی فوج کے مقابلہ مین اتنا ٹھہر سکے جتنا کوئی معمولی



سردار۔

الحمدللہ کہ اب میری فوج باقاعدہ یورپین فوجون کی طرح آراستہ ہے اور میرے سپاہیون کو برابر ہر دوسرے مہینہ تنخواہ تقسیم ہوجاتی ہے۔ ہر رسالہ کے رجمنٹ اور توپخانہ کی پلٹن مین سیپرس و مائینرز و انجینیرز۔ بینڈ۔ خیمے۔ دواخانے (جن مین حکیم و جراح بھی ہین) امام جماعت و محاسب و کمسریٹ وغیرہ مقرر ہین میری فوج مین نئی سے نئی وضع کی نارڈن فلِنٹ۔ ہاچکس اور کرپ۔ بریچ لوڈنگ (کوہنی دار) توپین مہیا ہین۔ اور انگریزی وضع کا کوہی توپخانہ۔ خچر کا توپخانہ۔ میگزم۔ گارڈنر اور گٹلینگ توپین بھی ہین۔ سپاہیون کے پاس بندوقین بھی اسی وضع کی ہین جو انگریزی فوج مین استعمال کیجاتی ہین۔ لی مٹفورڈ۔ رپیٹر۔ مارٹنی ہنری۔ اسنائڈر اسکے علاوہ ماسر وضع کی بریچ لوڈنگ قرابین بھی ہین جو آسٹریا کی فوج مین استعمال ہوتی ہین اور بعض نئی

سمجھہ سکتے ہین کہ اتنے آدمیون کے لئے باربرداری کا سامان۔
کہانا۔ تنخواہ۔ اور جمیع مایحتاج مہیا کرنا آسان بات نہین ہے۔ البتہ
ایک بڑی چیز میرے حسب دلخواہ ہے وہ یہ کہ ملک ہتیارون سے
بھرا ہوا ہے۔ ہر مرد وزن کے پاس ایک بندوق اور ایک تلوار تو ضروری
ہے بلکہ بعض قبائل افغان مین یہ دستور ہے کہ دلہن کے جہیز
مین محض سامان جنگ دیا جاتا ہے۔ باربرداری کے لئے بھی
عمدہ سامان مہیا ہے۔ مثلاً ہاتھی۔ اونٹ۔ گھوڑے۔ ٹٹو۔ خچر
گدہے بکثرت ہین۔ اور اُن کے لئے ملک مین افراط سے
چارہ موجود ہے۔ ہان جس چیز کی کمی ہے وہ روپیہ ہے اور اُسکی
جمع کرنے مین مین شب و روز مشغول ہون۔ مگر خوش نصیبی کی بات
یہ ہے کہ ہم کسی کے زیربار نہین ہین۔ دو قومین یعنی انگلستان
و افغانستان جن کے اغراض متحد ہین گویا اس طور پر ایک
دوسرے کی اعانت کے لئے تیار ہین۔

وضع کی روسی توپین بھی ہین - انگلستان کے نو ایجاد پرکشن - اور
ٹائم فیوزز بھی کابل کے کارخانون مین مثل انگلستان کے کلون
سے بنائے جاتے ہین - اس وقت اگر ضرورت پڑے تو میرے
یہان تین لاکھ سپاہیون کے لئے تمام ہتیار اور سامانِ جنگ
مع شل (گولہ) و کارتوس تیار ہین - سامانِ رسد - روپیہ - باربرداری
کے جانور غرضکہ سب چیزین جو فوری نقل و حرکت کے لئے
درکار ہون مہیا ہین - مین اب اس کوشش مین ہون کہ ایسے
دس لاکھ سپاہی تیار ہو جائین - جن کے پاس کل نئی وضع کے
ہتیار ہون - اور اتنا سامانِ جنگ - سامان رسد - اور روپیہ فراہم
ہو جائے کہ دو برس کے لئے کافی ہو سکے تاکہ اگر اتفاق سے
جنگ چھڑے تو دو برس تک اطمینان سے لڑ سکون - اگرچہ
افغانستان مین دو ہفتہ کے اعلان جنگ پر اتنے آدمی بہم پہنچانا
کچھ دشوار نہین ہے مگر جو لوگ حالات جنگ سے واقف ہین وہ

کہ انگلستان کو افغانی سپاہیون کی ضرورت ہے۔ جو اُس کیلئے
پشت و پناہ ہون اور اُس کے پاس سامان جنگ اور روپیہ بیشمار ہے
افغانستان کے پاس سپاہی موجود ہین مگر اُنکے روپیہ اور سامان
جنگ کی ضرورت ہے جو انگلستان کے پاس بکثرت ہے۔
اس بات کا تو یقین ہے کہ کوئی سلطنت دس لاکھ سپاہی
افغانستان میں نہین لاسکتی اور نہ انہین ایک عرصہ دراز تک
لڑا سکتی ہے۔ افغانون کو یہ غنیمت حاصل ہے کہ وہ مضبوط آدمی
ہین اور اپنے ملک مین گھوڑے کی چال سے جلد جلد سفر
کر سکتے ہین اور اپنے ڈیرے۔ توسدان۔ بندوق اور تیس ۳۰ روٹیان
جو مہینہ بھر کے لئے کافی ہون اپنے کاندھے پر لیجا سکتے ہین
مکرر یہ ہے کہ کسی سلطنت کو قلب افغانستان مین اتنی فوج لانے
کے لئے جتنی مدت چاہیئے اُس سے پہلے افغانستان اُسکی
مقابلہ کے لئے تیار ہو جائیگا۔ مین نے یہ انتظام کیا ہے کہ ہر توپ

کے لئے کم سے کم پانسو شل کے گولے اور ہر بندوق کے لئے
پانچہزار کارتوس مہیا رہین۔ جسقدر بندوقین مین نے انگلستان اور جرمنی
سے خرید کر منگائی ہین اور جو برٹش گورنمنٹ نے مجھے عنایت کی
ہین۔ اُن سب کے لئے فی بندوق پانچہزار کارتوس موجود ہین۔ علاوہ
اُس سامان جنگ کے جو میری تخت نشینی کے وقت سے اب تک
برٹش گورنمنٹ نے مجھے دیا اور بہت سے سلاح و سامان جنگ
خود میرے کارخانون مین تیار ہوئے ہین اور اُن کی کثرت روز بروز
ہوتی جاتی ہے۔ مثلاً ہر سال ہاچکس و نارڈن فلٹ وضع کی بریچ لوڈنگ
توپین ۳۶ تیار ہوتی ہین جن کا ساز و سامان گاڑیان گولے وغیرہ
سب لیس ہوتے ہین۔ اب افغانستان کو باقاعدہ تعلیم یافتہ افسرون
کی بہت ضرورت ہے تاکہ یہ سب سامان جنگ کام مین لاسکین
جون جون وقت گذرتا ہے۔ مین اس نقص کو رفع کرتا جاتا ہون۔
اولاً مین نے مصنوعی جنگ کا طریقہ جاری کیا ہے اور کل قسم

کے قواعد و فنون جنگ سیکھنے کے لئے فوجی امتحانات مقرر کئے
ہین تاکہ توپون کی زد کا فاصلہ دریافت کرنے کا اصول اور دوسری
مفید باتین جو فوجی مشق سے متعلق ہون سکھائی جائین۔ میرے
سپاہی کل قسم کی توپون کے پرزے علیحدہ علیحدہ کرکے پھر جما سکتے
ہین۔ اور یہ کام افسر و سپاہی دونون بغیر شرکت کاریگر کر سکتے ہین۔
انہین بارود کا پیمانہ اور پرکشن وٹایم فیوزز وغیرہ کا استعمال بھی سکھایا
گیا ہے۔ سیپرس و مائینرز کو علاوہ فن انجنیری کے سڑک بنانا۔ پل
باندھنا۔ خندق کھودنا۔ سنگر بنانا اور توپچیون اور پیدلون کا کام بھی
آتا ہے۔ چونکہ افسرون کی عملی تعلیم کے لئے علمی تعلیم بہی ضروری
چیز ہے لہذا اُنکو ہر کام کے لئے تحصیل علم مین بہی کوشش کرنی
پڑتی ہے تاکہ اپنے فرایض کو انجام دیسکین۔ اُن کی لیاقت کی تشخیص
کے لئے امتحانات مقرر ہین۔ جامی فرماتے ہین۔ ؎

فزونی شکر نماید بکار		دو صد مرد میدان به از صد هزار	

مجھے بارہا یہ مشورہ دیا گیا۔ (جیسا کہ مین نے اور جگہ بیان کیا ہے)
کہ ایک جگہ سے دوسری جگہ فوج لیجانے کے لیے بہترین تدبیر یہ
ہے کہ ملک مین ریل بنائی جائے مگر مین اپنے بیٹون اور جانشینون
کو پھر وہی نصیحت کرونگا کہ انہین یاد رکھنا چاہیئے کہ فی زمانا جس اصول
پر اکثر اقوام عمل کرتی ہین وہ یہ ہے "جسکی تیغ اُسکی دیگ" چونکہ ابھی
افغانستان کے پاس اتنا کافی سامان جنگ موجود نہین ہے کہ
کسی بڑے حملہ آور سلطنت کا خاطر خواہ مقابلہ کر سکے ایسی حالت مین
تمام مُلک مین ریل بنانا حماقت ہے۔ میرا محکمۂ مخبری ایسا ہے کہ
مجھے اپنے ہمسایون کی فوج کی نقل و حرکت سے برابر خبر رہتی ہے
اور مین جسقدر فوج جب چاہون سرحد پر پہنچا دون قبل اس کے
کہ غنیم اُسکی نصف تعداد بھی وہان لا سکے۔

مین بیان کر چکا ہون کہ برطانیہ اعظم اور افغانستان کے
اغراض ایک ہین اور یہ بات بالکل سچ ہے مگر چونکہ زمانہ کے

اتفاقات ہر قوم کے خیالات کو بدلتے رہتے ہین لہذا میرے
جانشینون کو چاہیئے کہ کبھی غافل نہون اور برطانیہ اعظم کی مدد پر
پورا بھروسہ نہ کرین ممکن ہے۔ کہ وہ سلطنت ان روابط کو جو اسوقت
افغانستان کے ساتھ ہین۔ بدل دے یا کسی وقت افغانستان کو
مدد دینا اپنی مصلحت کے خلاف سمجھے۔ میرے جانشینون کو چاہئے
کہ ہمیشہ اُس سچی حکمت کی پیروی کرین جو ہمارے مذہب نے ہمکو
سکھائی ہے یعنی "ہر دشواری کا مقابلہ کرنے کے لئے تیار رہو اور
خدا پر بھروسہ کرو" برطانیہ اعظم نے میرے ملک کی حفاظت اور بقائے
دولت کی نسبت جو عہد و پیمان کئے ہین۔ اُس کا اُن سے پھرنا دشوار
ہے اس لئے کہ انگلستان کا فائدہ اسی مین ہے کہ افغانستان
قوی اور خود مختار رہے تاکہ روس اور ہندوستان کے درمیان
سد سکندر کی طرح حائل رہے۔

محکمہ سول یا ملکی

علاوہ اُن صیغون کے جو اس باب کے پہلے حصہ مین بیان ہو چکے ہین۔ کل صیغے سول محکمہ کی نگرانی مین ہین۔ اس چھوٹی سی کتاب مین اتنی گنجایش نہین کہ سب کے نام یا تفصیلی حالات بیان ہو سکین تاہم چند ضروری صیغون کا ذکر کرتا ہون۔

خزانہ

میرے ملک کا جملہ محاصل خزانہ مین داخل ہوتا ہے اور کل اخراجات خزانہ سے ادا کئے جاتے ہین۔ خزانہ دو حصون مین منقسم ہے خزانہ عامرہ و خزانہ خاص۔ خزانہ خاص میرا خانگی خزانہ ہے۔ جس مین میری جاگیر یا تجارت وغیرہ کی خانگی آمدنی جمع ہوتی ہے مین بجز کھانے یا کپڑے وغیرہ کے خرچ کے خزانہ عامرہ سے

کوئی رقم اپنے ذاتی اخراجات کے لیے نہین لیتا ہون۔ اِن
دونون خزانون کی دو اور تقسیمین ہوئی ہین۔ یعنی خزانہ، نقود و خزانہ
اجناس۔ یہ دونون خزانے قلعہ کابل کے اندرونی احاطہ مین جو
قلعہ ارک کہلاتا ہے واقع ہین۔ اس قلعہ کے بیرونی احاطہ مین
مختلف سرکاری دفاتر اور دربار عام کا مکان بنا ہوا ہے۔ قلعہ کے
گرداگرد باغ اتنا بڑا ہے کہ سارا شہر کابل سما جائے۔ میری تخت
نشینی سے پہلے نہ اس قلعہ کا وجود تھا نہ باغ کا۔ اس خزانہ کی شاخین
قریب قریب افغانستان کے ہر ایک ضلع اور قصبہ مین واقع
ہین اور تمامی سال پر بعد وضع اخراجات جو کچھ خزانہ مین بچتا ہے
وہ صدر خزانہ مین بھیجدیا جاتا ہے۔ اگر کسی ضلع کے اخراجات
اُس کی آمدنی سے زیادہ ہوتے ہین تو کمی صدر خزانہ سے پوری
کیجاتی ہے۔

اپنی گورنمنٹ کے مداخل و مخارج سے ہمیشہ واقف رہنے کی

لئے مین نے یہ انتظام کیا ہے کہ ہر شب کو صدر خزانہ سے
میرے پاس ایک گوشوارہ آتا ہے جس مین یہ درج ہوتا ہے
کہ اس دن خزانہ مین کس قدر رقم داخل ہوئی اور کس قدر صرف
ہوئی اور گوشوارہ بناتے وقت خزانہ مین کسقدر رقم باقی تھی۔ چنانچہ
ہر شب کو مجھے معلوم ہو جاتا ہے کہ خزانہ مین کس قدر روپیہ موجود
ہے۔ اس ذریعہ سے مین سنین گذشتہ کے اخراجات کا مقابلہ
بھی کر سکتا ہون۔

صدر خزانہ اور اُس کی شاخین پریسیڈنٹ (خزانہ دار) و کونسلر
خزانہ کی نگرانی مین ہین۔ ان عہدہ دارون کا یہ فرض ہے کہ صدر
محاسب کے روبرو اپنا حساب پیش کیا کرین۔ جسقدر روپیہ خزانے
سے دیا جاتا ہے اس کی رسید لیجاتی ہے۔ جب تک احکامات
پر میری یا میرے بڑے بیٹے حبیب اللہ خان کی مُہر اور
اُن افسران محکمہ کی تصدیق نہو جو محکمون کے اخراجات کے لئے

روپیہ چاہتے ہین کوئی رقم خزانہ سے نہین دیجاسکتی۔

میرے ملک کے خاص ذرایع آمدنی حسب ذیل ہین۔

(۱) مالگذاری آراضی و درختہاے میوہ دار۔

(۲) محاصل درآمد و برآمد کرورگیری۔

(۳) پوسٹ آفس (جہان پر امیسری نوٹون کے لئے مختلف قسم کے اسٹامپ۔ نقشجات تعہد و بلہاے اکسچینج وغیرہ فروخت ہوتے ہین۔)

(۴) محاصل تجارت وحرفت (۵) محاصل آرضی سرکار

(۶) سرکاری دکانون و سراؤن وغیرہ کا کرایہ

(۷) رقم جرمانہ جو مختلف جرایم کی سزامین مجرمین سے وصول ہوتی ہے۔

(۸) محاصل جائداد ضبطاشدہ (۹) محاصل معدنیات۔

(۱۰) سالانہ رقم امدادی (۱۸ لاکھ) جو گورنمنٹ ہند سے ملتی ہے

یہ رقم عموماً یورپ سے سامان جنگ اور کلین منگانے مین صرف ہوتی ہے۔

تحصیل کا طریقہ یہ ہے کہ مختلف محکمون سے لوگون کے نام اس مضمون کے احکامات جاری ہوتے ہین کہ اتنا سرکاری روپیہ جو واجب الادا ہے فلان تاریخ تک خزانہ مین داخل ہوجائے یا اُس عہدہ دار کو حوالہ کیا جائے جو خزانہ کی طرف سے مقرر ہوا ہو اور جو کچھ روپیہ اُسے دیا جائے اس کی رسید لیجائے۔ لوگون کو یہ تاکید ہے کہ اپنی رسیدین اُس افسر محکمہ کے روبرو پیش کرین جسکے دفتر سے ادائے مال کی بابت احکامات صادر ہوئے ہون۔ اِن رسیدون کی نقل کتابچون مین درج ہوتی ہے اور اصل رسیدین واپس کردیجاتی ہین تاکہ لوگون کے پاس ادائے مال کی سند رہے۔

مختلف اضلاع مین جو فوج تعینات ہے اُس کے لئے یا

سرکاری جانوران باربرداری کے لئے یا محکمہ کمسریٹ کیلئے
غلہ اور گھاس کا انبار یا محلات شاہی کے اخراجات کے لئے
یا اور دوسری ضرورتون کے لئے رعایا کو اختیار ہے کہ نقد
کے بدلے غلہ گھاس ہیزم سوختنی دیا کرے اور ان چیزون کی
رسید لے لیا کرے۔ ان چیزون کی قیمت اُن کے ٹیکس
مین بحساب نرخ بازار وضع کر لیجاتی ہے۔

افغانستان مین حساب و کتاب رکھنے کا قدیم طریقہ یہ تھا
کہ چھوٹے چھوٹے پرچون پر جو آٹھ انچہ لمبے اور چھ انچھ چوڑے
ہوتے تھے حساب لکھا جاتا تھا۔ ہر ایک پرچہ ایک فرد کہلاتا تھا
نہ کوئی کتابچہ تھا نہ بہی۔ ان پرچون کے نصف حصہ مین دفتر کا
نام تاریخ سنہ اور کچھہ غیر ضروری عبارت لکھی جاتی تھی اور باقی
نصف مین دو چار لفظ اور ہوتے تھے۔ پس فرد پوری ہو جاتی
تھی جو کچھہ ایک کتاب کے دو ورقون مین سما سکتا ہے۔ اُس کیلئے

ایسے سو پرچے درکار ہوتے تھے اور جسوقت کسی رقم کے حوالہ
کی ضرورت ہوتی تھی تو اُسوقت ہزارون پرچون کی ورق گردانی
کرنا ہوتی تھی جس سے بہت وقت ضایع ہوتا تھا۔ سب سے
بڑا نقص یہ تھا کہ اگر کوئی افسر یا محاسب سرکاری رقم تغلب کرنا چاہتا
تھا تو بہ آسانی اُس پرچہ کو غائب کر دیتا۔ پھاڑ ڈالتا یا اُن کی جگہہ
دوسرے لکھہ کر رکھہ دیتا تھا۔

مین نے اس کام کے لئے کتابین بنوائی ہین جنکے پہلے
صفحہ پر ہر صفحہ یا ورق کے نمبر درج ہوتے ہین اور کتاب کی جلد
مین میری مُہر کیجاتی ہے تاکہ بغیر مُہر ٹوٹے کوئی ورق کتاب سے
نکل نہ سکے۔ ابتداءً بعض لوگون نے مجھے دہوکا دیا اور کتابون
سے ورق پھاڑ لیے جسکی سزا مین اُن کی انگلیان کاٹی گئین۔
اب ہر شخص کتاب لیتے وقت پہلے صفحہ پر اپنے ہاتھہ سے یہ
لکھتا ہے کہ اگر وہ کتاب پھاڑے تو اُس کے ہاتھہ قطع کیے جائین

مندرجۂ ذیل عہدہ دار کل سرکاری مداخل و مخارج کا حساب لکھتے ہین اور ان کو ترتیب دیتے ہین یہ عہدہ دار حسب ذیل دفاتر سے تعلق رکھتے ہین۔

خزانہ۔ دفتر گورنر۔ دفاتر امور مذہبی۔ میونیسپلٹی۔ و بورڈ آف ٹریڈ۔ کوتوالی یا عدالتہائے فوجداری قافلہ باشی یا صدر افسر دفتر کاروان چبوترا یا کرور گیری۔ دفاتر مالگذاری سمت شمالی۔ جنوبی۔ مشرقی و مغربی۔ دفاتر پوسٹ آفس۔ کل قسم کے کاغذ مہور فروخت کرنے کے دفاتر۔ دفاتر روزانہ اخراجات سرکاری۔ دفاتر تحویلات سرکاری ریکارڈ آفس یا دفتر شاہی جہان کل سرکاری کاغذات رہتے ہین دفتر راہداری۔ دفتر روزنامچہ جہان کل احکامات کے نقول رہتے ہین جو روپیہ دینے یا لینے کے لئے خزانہ پر جاری ہون۔ دفتر حساب فہمی یا دفتر صدر محاسب جہان کل حسابات کا آخری تصفیہ ہوتا ہے۔ یہ دفتر دو کونسلون کی نگرانی مین ہے۔ ایک کونسل

محاسبون کی اور دوسری ثالثون کی جن پر فرض یہ ہے کہ تصحیح حسابات کی تصدیق کرین۔ ان محکمون کی جو شاخین اضلاع مین ہین اُن کا اپیل اوّل صدر دفاتر کابل مین ہوتا ہے جہان میرا بڑا بیٹا حبیب اللہ اسپر تجویز لکھتا ہے بعدازان وہ تجاویز میرے پاس آتے ہین۔ میرے اوران دفاتر کے درمیان ایک اور دفتر بھی ہے جو میرے کورٹ سکرٹری کا دفتر کہلاتا ہے اور جسپر ایک چیف سکرٹری کی صدارت ہے۔

علاوہ اِن دفاتر کے معتمد فوج کا دفتر ہے۔ کمسریٹ آفس ہے۔ ناظر کا دفتر ہے (جو مطبخ شاہی کا داروغہ ہے) ورک شاپ کے دفاتر ہین اور دفاتر امور عامہ وغیرہ ہین۔

عدالت ہائے دیوانی وفوجداری

کل محکمے جن کا ذکر اوپر آچکا ہے عدالتی اختیارات بھی رکھتے

ہین اور اُن کے دائرہ حکومت بھی جدا جدا ہین۔ جن کا مرافعہ اُسی
سلسلہ مین کیا جاتا ہے جو مین پہلے بیان کر چکا ہون اب اُسکے
اعادہ کی ضرورت نہین مگر یہ ضرور کہونگا کہ یہ عدالتین اب ویسی نہین
ہین جیسی میری تخت نشینی سے پہلے تھین۔ بعض مقدمات مین
فیصلہ شرع محمدی کے مطابق ہوتا ہے مگر اُس مین بھی میری منظوری
لیجاتی ہے لیکن اور معاملات کے لئے ملک کے رواج اور
حالت کے لحاظ سے قانون مین ترمیم ہوئی ہے۔ مثلاً پہلے
انسان کا خونبہا تین سو روپیہ تھا۔ مین نے یہ قانون منسوخ کر کے
دوسرا نافذ کیا جسکی رو سے قاتل مقتول کے اعزہ و احبا کے
بالکل اختیار مین ہوتا ہے اگر وہ اُس کو معاف کرنا چاہین تو جب بھی
سرکار کو اختیار شاہی باقی رہتا ہے کہ معاف کرے یا نہ کرے۔ اگر
سرکار اور مقتول کے دوست اور عزیز بھی اس کو معاف کر دین تب
بھی اُسے اپنی جان بچانے کے لئے سات ہزار روپیہ جرمانہ دینا

ہوتا ہے۔ اگر وہ خود جرمانہ نہ دیسکتا ہو تو اُس کے عزیزون اور
دوستون کو اجازت ہے کہ اسقدر روپیہ دیکر اُسکی جان بچائین
افغانستان کے قدیم رواج کے موافق ایک زوجہ اپنے شوہر کی
ملک خیال کیجاتی تھی بلکہ شوہر کے بھائیون عزیزون اور سارے
خاندان کی ملک ہو جاتی تہی۔ اگر اس کا شوہر مرگیا تو شوہر کے عزیز
قریب کو اُس کے ساتھ بجبر شادی کرنیکا اختیار حاصل تھا۔ یہ گویا ملک
کا قانون تہا۔ اگر کوئی بیچاری عورت بدقسمتی سے کسی خاندان کے
پالے پڑگئی تو وہان سے پھر اُس کی رہائی غیر ممکن تہی اس لئے کہ
بعد انتقال شوہر اسکو مان باپ کے گھر بہیجنے مین خاندان کی بیعزتی
سمجھتے تہے۔ اس پر طرہ یہ تھا کہ اسے شرع محمدی کی پیروی کہتے
تہے حالانکہ یہ شرع شریف کے بالکل برعکس تہا۔ مین نے جو
قانون بنایا ہے یہ ہے کہ جسوقت شوہر مرجائے اُس کی زوجہ
بالکل آزاد ہے اور اُس کی مرضی کے خلاف کوئی اُسے کسی کے

ساتھہ شادی کرنے پر مجبور نہین کر سکتا۔ علاوہ اس کے میرے
قانون کے رو سے کوئی لڑکی جس کا عقد اُس کے والدین نے
ایام طفولیت مین کر دیا ہو سن بلوغ کو پہنچنے پر اُسے اختیار ہے
کہ اُس عقد کو منظور کرے یا نہ کرے۔ اور منظور کرنے کے بعد
بھی اگر شوہر بیرحمی سے پیش آئے یا اُس کے اخراجات کا کفیل
نہو تو وہ اُس پر نان و نفقہ کا دعویٰ کر سکتی ہے یا طلاق لے سکتی
ہے۔ اِس کے علاوہ بعض بڑے بڑے خاندانون مین یہ دستور
تہا کہ دامادون سے اُن کی مرضی کے خلاف بڑی بڑی رقمین
لکھواتے تھے جنکی ادائی ایک داماد تو کیا اُس کے سارے
خاندان کے امکان سے باہر تھی۔ مثلاً کوئی شخص جسکی ماہانہ آمدنی
دس روپیہ ہوتی تھی اُس سے یہ لکھوایا جاتا تہا کہ وہ اپنی بی بی کو
پانچ لاکھہ روپیہ مہر دیگا اُس کا نتیجہ یہ ہوتا تہا کہ عدم ادائی کی صورتمین
اُس بیچارے کو غلامی کرنا ہوتی تھی۔ مین نے اِس رواج کو بھی

منسوخ کیا اور یہ قرار دیا کہ خاندانِ شاہی کے شہزادون کو ہزار روپیہ سے تین ہزار تک اور عوام کو تین سو سے نو سو تک مہر دینا چاہیئے البتہ اگر کوئی شخص مستطیع ہو اور اس سے زیادہ دینا چاہے تو اُسے اختیار ہے وہ دیسکتا ہے۔

قدیم کے مضحک طریقہ عدل و انصاف مین جو تغیرات عمل مین آئے ہین اگر مین سب کی تفصیل بیان کرون تو اُسی کے لیئے ایک کتاب ہو جائے۔ مین نے یہ طریقہ جاری کیا ہے کہ کل شادیان درج رجسٹر ہوا کرین تاکہ آیندہ اُس کے ثبوت مین کوئی جھگڑا نہو۔ اگر رجسٹرار کوئی ناجائز شادی یا جبریہ عقد درج رجسٹر کرے تو اُسکو سخت سزا دیجائے۔

صیغہ تعمیرات عامّہ

مین نے اپنے زمانہ مین اس صیغہ کیطرف جتنی توجہ کی ہے پہلے

کبھی افغانستان مین نہین ہوئی اِس لئے کہ سارے ملک مین
ایک مکان بھی ایسا نہ تھا جو سنگی ہو یا پختہ۔ کل مکانات مٹی کے
تھے۔ سوا چند مقامات کے جہان کچھ آثار قدیمہ نظر آتے تھے
قدیم شہر بلخ اور غزنی کی ٹوٹی پھوٹی عمارتین تھین یا کابل مین قصر
بالاحصار اور چند مقبرے یا پانچ چھہ مسجدین اطراف وجوانب مین
پھیلی ہوئی تھین۔ مین خوش ہون کہ میرے وقت مین پختہ عمارتین ملک کے
خاص خاص ضلعون مین تعمیر ہوئین اور سارے ملک مین وسیع سڑکین بنین اور
بن رہی ہین جنمین خاص خاص سڑکین یہ ہین کابل سے بلخ تک ایک سڑک ہے
جو حدود روس مین جاملی ہے۔ کابل سے ہرات تک اور ہرات سے قندہار
تک اور پھر قندہار سے غزنی ہوتی ہوئی کابل تک دوسری سڑک
آئی ہے۔ پھر کابل سے حضرت جات اور جلال آباد سے آسمار و
کافرستان تک ایک سڑک ہے۔ کابل سے تنگفرون ہوتی
ہوئی پشاور کو ایک سڑک گئی ہے۔ یہ سڑک دس برس مین تیار

ہوئی اور ہزارہا آدمی اس کی تعمیر مین لگائے گئے۔ اس سڑک سے
بڑا فائدہ یہ ہے کہ مسافرون کو جلال آباد اور کابل کے درمیان
دشوار گذار کوہستانی راستے اور گھاٹیان طے کرنا نہین پڑتی ہین۔
ان کل سڑکون اور پلون کا سالانہ معائنہ کیا جاتا ہے اور مرمت ہوتی
رہتی ہے۔ اور سڑکون کے دونون جانب درخت لگائے
گئے ہین جن اضلاع اور قریہ جات مین سے ہوکر یہ سڑکین گذری
ہین وہان کے باشندے ان سب سڑکون اور درختون کی حفاظت
کے ذمہ دار ہین۔

اسی طرح ہر ایک گانون اور ضلع کے لوگ اُن مسافرون اور
سپاہیون کی حفاظت کے ذمہ دار ہین جن کے حدود مین سے وہ
گذرین۔ مثلاً اگر کسی گاؤن یا ضلع کے نواح مین کوئی مسافر مارڈالا
جائے یا لُٹ جائے تو وہان کے لوگون کو مجرم کا پتہ لگانا پڑتا ہے
نہین تو ارتکاب جرم کا خود ذمہ دار ہونا پڑتا ہے۔ اِس انتظام سے

یہ فائدہ ہے کہ سارے ملک مین کہین کوئی بدمعاش وبداطوار آدمی
رہنے نہین پاتا کیونکہ وہ جہان جاتا ہے لوگ کہتے ہین کہ ہم تمہارے
افعال کے جوابدہ نہین ہو سکتے تم کو چاہیئے کہ کسی اور طرف کا
راستہ لو۔ یہی وجہ ہے کہ میرے تمام ملک مین کل سڑکین مسافرونکے
لئے اب بالکل محفوظ ہین گو اُن کی حفاظت کے لئے کوئی خاص
لوگ گورنمنٹ کے طرف سے تعینات نہین ہین۔ مین فی الحقیقت
اپنے یہان کی خفیہ پولیس اور دوسرے مختلف انتظامات کی بہت
تعریف کرتا ہون جن کی وجہ سے یہ دایمی خدشہ جو مسافرون اور
سپاہیون کے لئے تہا دور ہوا۔

مین نے بعض خاص اضلاع کے گرد مستحکم قلعہ اور شہر پناہین
بہی تعمیر کرائی ہین مثلاً قلعہ وہ وادی جو بلخ کے قریب ہے اور جہان
سے اُس سڑک کی پوری مدنظر ہوتی ہے جو روس سے بلخ کو
آتی ہے۔ یہ قلعہ بہت بڑا اور نہایت مستحکم ہے اور ایسا قلعہ

افغانستان مین کبھی نہین تعمیر ہوا۔

مین نے اینٹون کے لئے پژاوے اور چونا پکانے کیلئے بھٹیان قایم کی ہین۔ کل عہدہ دار جنہون نے صیغۂ تعمیرات کو ترقی دی بہت ہی تعریف کے قابل ہین۔ ان مین سے مین چند عہدہ دارون کے نام لکھتا ہون۔ عبدالرحمن خان اوورسیر۔ عبدالرحیم خان اور سیر عبدالسبحان خان سرویر۔ میر مراد معتمد صیغہ تعمیرات۔ منشی نظیر منشی محمد بخش جو اوّل گورنمنٹ پنجاب کے صدر نقشہ نویس تھے۔ بعد ازان میرے ملازم ہوئے اور میری حسب ہدایت بہت سے کابلی نقشہ نویسون کو نقشہ نویسی کا کام سکھا دیا۔

صیغہ طبابت

اس صیغہ کی دو شاخین ہین۔ ایک قدیم جو یونانی کہلاتی ہے اور دوسری ڈاکٹری جو یورپین طریقہ کے مطابق ہے۔ ہر ضلع مین رسول

اور ملیٹری دونون محکمہ کے لوگ ان دونون قسم کے معالجین سے
استعلاج کرتے ہین۔ انگریزی دواؤن کے دواخانے جو اوّل
اوّل افغانستان مین قایم ہوئے ہندوستانی ہاسپٹل اسسٹنٹ
مسمی ڈاکٹر وایم خان و ڈاکٹر عبدالرحیم خان نے قایم کئے ان دونون
صاحبون نے انگریزی ڈاکٹرون کے نیچے کام کیا تھا اور میری تخت
نشینی کے بعد ہی وہ میرے ملازم ہوئے۔ بس یہی دواخانے
ان ڈاکٹرون نے کھولے اُس کے بعد کئی سال تک کوئی دواخانہ
قایم نہین ہوا۔ چھاونیون مین فوجی مریضون کے لئے سرکار کے
طرف سے کہانا دوا وغیرہ مقرر ہے۔

پہلا شفاخانہ میرے شاہی ڈاکٹر مس ہلٹن ام۔ بی۔ نے
سنہ ۱۸۹۴ء مین قایم کیا ان میم صاحب کو چند مددگار اور ایک تعلیم یافتہ
انگریزی نرس مسماۃ مسیز ڈیلی سے بہت مدد ملی جنکو یہ میم صاحب
انگلستان سے اپنے ساتھ لائی تھین۔ علاوہ اس شفاخانہ کے جو بالا

انگریزی طرز پر چلتا تھا مس ہلٹن نے ٹیکا لگانا اور گوسالہ سے ٹیکا
لگانے کے لئے لمف نکالنا بھی شروع کیا۔ یہ چیز اطفال کیلئے
گویا ایک برکت ثابت ہوئی۔ اس لئے کہ بہت سے بچے مرض چیچک
مین ضایع ہوتے تھے اور جو بچ جاتے تھے اُن کی صورتین اس
مہلک مرض کی وجہ سے بہت خراب ہو جاتی تھین چند دیسی حکیم
بھی مس ہلٹن کے سپرد کئے گئے تاکہ ٹیکا لگانا اور گوسالہ سے لمف
نکالنا سیکھین اور میرے حسب الحکم اس مضمون مین ایک رسالہ بھی لکھا
گیا جسکی کاپیان میرے تمام ملک مین لوگونکو تقسیم کیگئین۔ میرے
ممالک کے دور و دراز مقامات سے حکیم بلائے گئے کہ مس ہلٹن کے
شاگردون سے یہ کام سیکھین۔ میرا ایک تجارتی ایجنٹ مسٹر پیک
کابل مین آکر سخت بیمار ہو گیا۔ مس ہلٹن نے اُس کا بہت اچھی طرح
سے علاج کیا اور اُس نے شفا پائی۔ اُس نے اپنی صحت یابی
کے شکریہ مین ایک ہنگامی شفاخانہ کابل مین بالکل اپنے خرچ سے

کھولا۔

اِن شفاخانون سے جو فائدہ ہوا ہے اس سے مجھے قوی امید ہے کہ تمام ملک مین ایسے شفاخانے پھیلین گے اور مریضون کا علاج باقاعدہ اور تعلیم یافتہ ڈاکٹرون کے ہاتھہ سے ہوگا۔ ایک اور خدمت کے متعلق مس ہلٹن کا پھر ذکر کیا جاتا ہے وہ یہ کہ ۱۸۹۵ء مین وہ میرے بیٹے نصراللہ کے ساتھہ اس کی ڈاکٹر ہوکر انگلستان گئین، اس وقت انہین ملکہ معظمہ وکٹوریا کی شرف ملازمت کا اعزاز بھی حاصل ہوا۔

نوٹ۔ افغانی بھی مثل ہندیون کے دیسی حکیمون سے زیادہ یورپین ڈاکٹرون کا علاج پسند کرتے ہین کچھہ تو اسوجہ سے کہ دیسی دوائین بدمزہ ہوتی ہین اور کچھہ اسلئے کہ دیسی علاج کیلئے بہت عرصہ درکار ہوتا ہے۔ علاوہ اس کے مریضون کو گوشت یا اور کوئی ثقیل چیز کھانے کی ممانعت کیجاتی ہے اور کچھہ یہ سبب ہے کہ افغان لوگ جدت پسند ہین اور کسی نئی چیز کا علم حاصل کرنیکے بڑے خواہشمند ہین۔ مین نے خود دیکھا ہے کہ لوگ مس ہلٹن کے پاس جاکر دوا مانگتے تھے اور جب وہ یہ پوچھتی تھین کہ کیا شکایت ہے تو یہ جواب دیتے تھے کہ بالفعل کوئی شکایت نہین مگر شاید آیندہ پیدا ہو۔ یہ کہکر وہ دوا پی لیتے تھے اور چلدیتے تھے۔

معدنیات

افغانستان مین کانین اس کثرت سے ہین کہ اُسے دُنیا مین سب سے زیادہ دولتمند ملک ہونا چاہیئے تہا مگر بقول شخصے "جو جوہری نہو اسکی نزدیک الماس اور کانچ دونون مساوی ہین۔" اُن عمدہ کانون سے نہ افغانستان کے کسی حکمران نے فائدہ اُٹھایا نہ رعایا نے کچھ پایا۔ میرے زمانہ مین بہت سی کانین کہولی گئی ہین۔ جن مین یاقوت لاجورد بدخشی۔ سونا۔ چاندی۔ سیسہ۔ لوہا۔ تانبا۔ کوئلہ۔ حجر الفتیلہ۔ پتھر نمک کی کانین ہین مین اِن کانون کے لئے مختلف اقسام کی کلین جمع کر رہا ہون۔ ایک انگریز معدنی انجنیر مسٹر مڈلٹن نے جلال آباد کی معدنِ یاقوت اور گھوڑبند کے معدنِ سیسہ کے کام مین بہت مدد دی۔ مین اپنے بیٹون اور جانشینون پر یہ تاکید کرتا ہون کہ کبھی کسی غیر ملکی کو ان معدنیات کا اجارہ نہ دین اور نہ ان معدنیات

کا کام کسی غیر ملک کی کمپنی کو حوالہ کرین - وہ میری نصیحت کے خلاف
کرینگے تو بہت سی پیچیدگیون مین پھنسینگے اور غیر اقوام کو اس ملک
کے معاملات مین مداخلت کا ایک بہانہ ملیگا کیونکہ غیر اقوام کی طمع
روز بروز بڑھتی ہی چلی جاتی ہے - مین اس کے متعلق کوئی تفصیلی حال
لکھنا نامناسب سمجھتا ہون مگر بہت سی مثالین دنیا مین ایسی ملینگی جہان ایک
قوی سلطنت محض اپنی رعایا کے حفظ و حقوق کو پردہ بنا کر ایک
کمزور ملک سے لڑی ہے جس نے اوسکی رعایا کے ساتھ تعلقات
پیدا کئے تھے اور ملک کی بربادی کا باعث ہوئی - میرے لڑکون
اور جانشینون کے لئے یہ اشارہ کافی ہے - وہ کبھی غیر اقوام کی
مغالطہ مین نہ آئین اُن کو چاہیئے کہ اپنے ملک مین غیر ملکیون
کو کسی قسم کا اجارہ نہ دین اور اس بات کا بھی خیال رکھین کہ کوئی
یورپین ملک مین بسنے نہ پائے - جس وقت کوئی یورپین ملازم
یا کاریگر یا معلم اپنا کام ختم کر چکے اور دیسی لوگون کو کام بخوبی آجائے

اور وہ اُس کی تعلیم کے محتاج نہ رہین تب اس کو ہدایت ہو کہ پھر اپنے ملک کو واپس جائے۔

محکمہ کمسریٹ اور اسٹڈ کے گھوڑے

اگرچہ یہ ممکن ہے کہ جسوقت ضرورت ہو لدّو ٹٹو۔ اونٹ وغیرہ بکثرت کرایہ پر ملسکتے ہین مگر بنظر تقدم بالحفظ و بخیال جُز رسی مین سواری اور باربرداری کے لئے چوبیس ہزار سرکاری گھوڑے ہمیشہ تیار رکہتا ہون اسکے علاوہ بہت سے ہاتھی۔ خچر اور اونٹ بھی ہین۔ ہاتھی خاصکر ہماری توپون کے اور سڑک کے انجنون کے واسطے اور بڑی بڑی کلون کے کہینچنے کے لئے ہین جسے اونٹ یا دوسرے جانور نہین لیجا سکتے۔ بغرض افزایش نسل میرے اسٹڈ مین دو ہزار گھوڑیان اور اسّی سانڈ بھی ہین جن مین سے بعض انگریزی اسٹڈ کے ہین بعض پرنس آف ویلز کے اصطبل کے بعض عربی کہیت کے اور

بعض ویلر۔ ترکمانی۔ ہندوستانی اور دوسرے مقامات سے۔
ان گھوڑون کے علاج وغیرہ کے لئے متعدد وٹنری سرجن مقرر
ہین پہلے کچھہ دیسی سلوتری بھی تھے مگر اُنہین یورپین طریقہ کا
علاج نہ آتا تہا۔ اسوجہ سے مین نے ایک انگریز مسٹر کلیٹمس کو اس
کام کے لئے نوکر رکھا۔ اس شخص نے گھوڑون کا علاج افزایش
نسل دوآب کی نگرانی اچھی طرح کی اور افغانستان کے بیس
نوجوانون کو اپنا فن سکھا دیا۔ یہ شخص چند انگریزی بہیڑیان اپنے
ساتھہ لایا تھا مین نے ان مین اور بہت سی آسٹریلین بہیڑیان
خرید کر لادین تاکہ افغانستان مین پشمینہ کی تجارت کو ترقی ہو جس سے
ملک کی آمدنی کا ایک بڑا حصہ وصول ہوا کرتا ہے۔

تعلیمات

مین نے اپنے خاندان وملازمین وخدمتیان واساری واہل فوج

وعہدہ داران ملک کے بچون اور تمام رعایا کی تعلیم کے لئے بہت
سے مدرسے جاری کئے ہین - اس کے علاوہ خود لوگون نے
بھی اپنے ذاتی خرچ سے اپنے بچون کی تعلیم کے لئے ہر جگہ مدرسے
کھولے ہین - ہر عہدہ دار کو (اس کے فرایض کچھ بھی ہون) امتحان
دینا امر لازمی ہے یہان تک کہ ملاؤن اور مذہبی پیشواؤن کو جو پہلے
اپنے تئین نبی سمجھتے تھے بغیر امتحان دئے کوئی جگہ نہین مل سکتی
نہ واعظ کہنے کے مجاز ہوتے ہین - جب اُنہین مجلس ممتحنین سے
کامیابی کی سند مل جاتی ہے تب خدمت کے قابل سمجھے جاتے
ہین - مین بیان کرچکا ہون کہ ہر پیشہ اور حرفہ کی تعلیم ہوتی ہے اب
اُسکے تفصیلی اعادہ کی ضرورت نہین - میرے بڑے بیٹے نے
زبان انگریزی - علم تاریخ - علم جغرافیہ - علم ریاضی مصوری - علم پیمایش
اور علم ہیئت تحصیل کیا ہے -

تجارت وحرفت

علاوہ قدیم طرقِ تجارت کے جو میرے ملک مین جا بجا رائج تھے
مین نے اس صیغہ کی ترقی کی طرف بہت توجہہ کی اور اب بھی مین
سخت کوشش کر رہا ہون کہ جس طرح ہو سکے تجارت کی حالت
درست ہو۔ اس لئے کہ ملک کے دولتمند ہونے کا یہی ایک بڑا
ذریعہ ہے۔ قدیم زمانہ مین صدہا قسم کا مال غیر ملکون سے افغانستان
مین آتا تھا اور فروخت ہوتا تھا۔ اب وہی مال کابل مین بنتا ہے
اور وہی روپیہ دوبارہ سہ بارہ پھر اسی مین لگایا جا سکتا ہے۔ منجملہ اُن
چیزون کے جو باہر سے یہان آتی تھین ایک مقدار کثیر نمک کی تھی۔
مین نے حکم دیا ہے کہ ہرگز نمک باہر سے یہان نہ آنے پائے
اور لوگون کو تاکید ہے کہ ملک ہی کا کافی نمک خرید کرین جو یہان
کی کانون سے نکلتا ہے۔ کثرت سے استراخانی پوستین۔ یاقوت

سونا لاجورد بداخشی بہت قسم کے میوے۔ اون۔ گھوڑے۔ مکان بنانے کی لکڑی۔ افیون۔ دوائین میرے ملک سے باہر جاتی ہین اور اُن کا روپیہ ملک مین آتا ہے۔

صیغۂ زراعت مین بڑی ترقی ہوئی ہے۔ میری تخت نشینی سے پہلے کہین ترکاریون کا نام تک نہ تھا۔ اب ہر قسم کے پھل اور ترکاری ہوتی ہے مین نے قندہار و لگمان کے اضلاع مین نیشکر کی کاشت جاری کی ہے۔ کیلے اور سنگترے وغیرہ کے درخت ہندوستان سے منگائے ہین۔

پہلے جو کچھ تجارت افغانستان مین ہوتی تھی وہ بھی غیر ملکیون کے ہاتھ مین تھی یعنی ہندی مسلمان اور ہندو اُسے کرتے تھے۔ اُس سے ملک اور زیادہ مفلس ہوتا جاتا تھا کیونکہ جو کچھ روپیہ یہ لوگ تجارت مین پیدا کرتے تھے سب اپنے وطن کو بھیجتے تھے اب مین نے اپنے لوگون کو تجارت کی طرف مایل کیا ہے اور

انہین اس کام کے لئے سرکاری خزانہ سے بلا سودی روپیہ قرض
دیتا ہون۔ اس سے یہ نہ سمجھنا چاہیئے کہ اس روپیہ سے کوئی نفع
نہین ہوتا۔ مین ایسا آدمی نہین ہون کہ کسی کو مفت روپیہ دیدون
مین جانتا ہون کہ اس روپیہ سے مجھے دوچند نفع حاصل ہوتا ہے
اوّل تو کل مال پر ڈھائی روپیہ سیکڑہ چنگی کا محصول وصول ہوتا ہے
جو معمولی شرح سود سے زیادہ ہے۔ علاوہ اس کے وہی روپیہ
(جو مین نے دیا ہے) سال مین کئی دفع تجارتی مال کی صورت مین
آتا جاتا رہتا ہے اور ہر دفعہ اُس سے چنگی وصول ہوتی ہے۔ دوسرا
نفع یہ ہے کہ میری رعایا آسودگی سے بسر اوقات کرتی ہے اور اسطرف
مشغول رہتی ہے اسے بیدل ہونے یا بلوہ کرنے کا خیال نہین آتا۔
بسبیل تذکرہ مین یہ کہنا چاہتا ہون کہ مہمات سلطنت مین اسقدر
مشغول ہونے پر بھی مین جزئیات کو فروگذاشت نہین کرتا تا اینکہ
مین نے ایک انگریز مسٹر رچز سے پیانو درست کرنا سیکھ لیا

بعدازان مین نے بعض لوگون کو بھی سکھا دیا۔ مین نے ایک قسم
کی سندھی مرغ اور مرغیان خریدین اور اول خود اُن کے بچے نکالے
بعدازان اور لوگون مین بھی اس قسم کی مرغیون کا پالنا جاری کرایا۔
مین نے صدہا قسم کے اسٹامپ ونقشہ جات تعہد تمسک
پرامیسری نوٹ۔ عقدنامے اور راہداری کے پروانے جاری
کئے ہین جس سے ملک کی آمدنی بڑھی ہے میرے زمانہ سے
پہلے افغانستان مین کوئی ان چیزون کا نام بھی نہ جانتا تھا۔
مگر میرے ملک کی آمدنی کا سب سے بڑا ذریعہ وہ بیشمار
کارخانہ جات صنعت وحرفت ومعدنیات ہین جو
مین نے جاری کئے ہین۔ فوجی معاملات کے بعد
مین اپنی زندگی کا بڑا حصہ ان تجارتی معاملات مین صرف کرتا ہون
میرے اکثر عہدہ دار جو اپنے تئین بڑا عقلمند سمجھتے ہین مجھے
ہمیشہ یہ رائے دیتے رہتے ہین کہ ملک مین ریل اور تار جاری

کرون اِسلئے کہ بغیر اس کے معدنیات اور دوسری پیداوار ملک
سے پورا فائدہ اٹھانا غیر ممکن ہے۔ لیکن مین پہر اپنے بیٹون
اور جانشینون کو یہی نصیحت کرونگا کہ ان لوگون کی رائے پر
ہرگز عمل نہ کرین اور اس مین شک نہین مین جانتا ہون کہ جو کچھ
وہ کہتے ہین سچ ہے مگر اُس کے ساتھہ ہی وہ لوگ اس بات کا
خیال نہین کرتے کہ اگر میرے ملک مین آمدورفت کے ذرایع
آسان ہو جائین گے تو غیر سلطنتون کے لوگون کو میرے ملک
مین آنا اور ملک مین پھیلنا چندان دشوار نہو گا۔ افغانستان کی سب
سے بڑی پناہ اُس کا ناممکن التسخیر قدرتی موقع ہے۔ اللہ تعالیٰ
نے ہمارے لئے ہر پہاڑ کی چوٹی کو ایک قدرتی قلعہ بنایا ہے
اور غیر سلطنتین خوب جانتی ہین کہ افغان خلقی سپاہی ہین اور جبتک
انہین پہاڑیون کی آڑ ملے اور میدان مین غنیم کا مقابلہ کرنا نہو وہ
ہمیشہ لڑ سکتے ہین اور لڑائی جاری رکھہ سکتے ہین۔ اسمین شک

نہین کہ ایک دن آئیگا جب ریل اور تار بہت مفید ہونگے اور
ملک مین جاری کیے جائین گے مگر وہ دن تب آئے گا۔ جب
ہمارے پاس ایک بڑی فوج ہو جو ہمارے ہمسایون کا مقابلہ کرسکے
لیکن جب تک ہم اتنے قوی نہ ہولین کہ کسی کے پرواہ نہ کرین۔
اُس وقت تک ہمکو چاہیئے کہ اپنے پہاڑی ملک کی قوت کو اپنے
ہاتھون سے کمزور نہ کرین۔ ہمکو چاہیئے کہ ویسی غلطی نہ کرین۔ جو ایک شخص
نے کی تہی جسکے پاس ایک مرغی سونیکا انڈا دیتی تہی مگر اوسنے اس
لالچ سے کہ کل انڈے ایکدم ملجائین اُسے مارڈالا جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ
کہ اُسے کچھہ نہ ملا اور روز کا انڈا بھی ہاتھہ سے گیا۔

پوسٹ آفس

میری تخت نشینی سے پہلے برائے نام اس محکمہ کا وجود تہا۔ ڈاک
کے لئے کابل سے پشاور تک صرف ایک سڑک تہی اور خطوط کی

آنے جانے مین جو عرصہ لگتا تہا وہ بہت زیادہ تہا علاوہ اسکے
خطوط کی حفاظت کا یقین نہ تہا۔ اب پوسٹ آفس کے لیے بہت
معقول انتظام کیا گیا ہے۔ میرے ملک کے ہر قصبہ مین پوسٹ آفس
ہے۔ خطوط اسقدر جلد پہنچتے ہین کہ ہندوستان سے کابل تک خطوط
کے آنے مین صرف چھتیس ۳۶ گھنٹے صرف ہوتے ہین اور متعدد ہرکارہ
معین ہین جو گرد و نواح کے شہرون مین۔ روس ایران۔ چین۔ اور
ہندوستان کو ڈاک لیجاتے ہین۔ خطوط کی رجسٹری ہوتی ہے
رسید لیجاتی ہے اور اطلاع دیجاتی ہے پارسل بہیجے جاتے ہین۔
منی آرڈر وغیرہ بھی جاری ہوتے ہین غرضکہ یہ کل چیزین بالکل مکمل
ہین اور ہندوستان کے پوسٹ آفس کے طریقہ پر جاری ہین۔
اس سے جو کچھ آمدنی ہوتی ہے وہ اسی محکمہ کے اخراجات مین صرف
کیجاتی ہے۔

باب چہارم

میری روزانہ زندگی کے بعض تفصیلی حالات

بچپن سے اب تک میرا طرز معاشرت ایشیا کے تمام شہنشاہون اور حکمرانون کے طرز معاشرت سے بالکل برعکس رہا ہے۔ وہ لوگ عموماً عیش و کاہلی مین مبتلا ہین۔ بلکہ امرا کا یہ خیال ہے کہ اگر کوئی بادشاہ پیدل چلے یا اپنے ہاتھ سے کچھ کام کرے تو اوس کی شان جاتی ہے۔ میرے نزدیک اس سے بڑھکر

کوئی گناہ نہین کہ ہم اپنے دماغ اور اپنے ہاتھہ پیرون کو بیکار
رکھین اور کچھہ کام نکرین۔ یہ گویا کفران نعمت ہے۔ ناظرین کتاب
میرے حالات پڑہ کر خود فیصلہ کرلین کہ مین ساری عمر پورا سپاہی
رہا یا نہین اور مین نے غالبًا ایک معمولی مزدور یا کاریگر سے
بہی زیادہ جفاکشی کے ساتہہ کام کیا یا نہین۔ میرا طرز معاشرت
اور لباس ہمیشہ سادہ اور سپاہیانہ رہا۔ مین نے ہمیشہ شب و روز
کسی نہ کسی کام مین اپنے تئین مشغول رکھا اور چند گھنٹے سے
زیادہ نہین سویا۔ چونکہ عادت بہی انسان کی دوسری فطرت
ہو جاتی ہے۔ اب یہہ امر میری فطرت مین داخل ہوگیا ہے
اگر مین بہت شدید بیمار بہی ہوتا ہون یہان تک کہ اپنے پلنگ
سے حرکت نہ کرسکون تب بہی مین حسب معمول کام مین مصروف
رہتا ہون اور سرکاری کاغذات کو پڑہتا ہون اونپر حکم لکہتا
ہون رعایا کے استغاثون کو سنتا ہون اون کا فیصلہ کرتا ہون

جن لوگون نے مجھے ایسی حالت مین کام کرتے ہوئے دیکھا ہے وہ جانتے ہین کہ مین کیسا جفاکش ہون - اونہون نے مجھے بارہا یہ کہتے سنا ہے کہ اگر میرے ہاتھہ پیر جواب دیدین گے تب بھی مین کام کرنا نہ چھوڑون گا - اور جو لوگ میرے قریب ہونگے اونہین زبانی حکم دونگا کہ کیا کرنا چاہیئے - مجھے کام کرنے سے تکلیف نہین ہوتی بلکہ مجھے کام سے عشق ہے اور مین کبھی تھکتا نہین کیونکہ محنت سے مانوس ہون - دنیا مین ہر شخص کوئی نہ کوئی ہوس رکھتا ہے - مجھے کام کی ہوس ہے - جو کچھہ مین محنت کرتا ہون وہ محض اس لئے ہے کہ اپنے ملک کا انتظام پورا کرون - ایک شاعر کہتا ہے ؎

نگہہ ناز کسے تا ندہد رخصت یار	گام ہمت نتواند کہ نہد عاشق زار

یہہ کام کا شوق خدا کی دین ہے - میری ساری آرزو اور دلی تمنا یہہ ہے کہ اوس مخلوق کی حفاظت کرون جو خدا نے اس

اس ناچیز بندہ کے سپرد کی ہے۔ خدا قرآن مین فرماتا ہے۔

واذا اردنا ان نہلک قریۃ امرنا مترفیہا ففسقوا فیہا فحق علیہا القول فدمرناہا تدمیرا۔ ترجمہ جب خدا کوئی کام کرنا چاہتا ہے تو اوسکے لئے کوئی ضروری سامان بھی مہیا کر دیتا ہے۔

چونکہ خدا کو منظور تہا کہ افغانستان اندرونی جھگڑون سے اور بیرونی حملون سے محفوظ رہے اوسنے اُس ناچیز بندہ کو اوپر مسلط کیا اور میرے خیالات کو قوم کی بہبودی کیطرف مایل کیا اور میرے دل مین یہ بات ڈالی کہ اس قوم کو ترقی دینے مین مشغول رہون اور اون کی بہبودی اور نبی برحق محمدؐ کے دین حق کے لئے اپنی جان تک فدا کرون۔

مین جسقدر زیادہ اور قومون اور دوسرے مذاہب کو جلد ترقی کرتے ہوئے دیکہتا ہون میری نیند حرام ہو جاتی ہے اور مجھے

چین نہین پڑتا۔ تمام دن مین یہ سوچتا رہتا ہون کہ کسطرح
ان تیز رفتار اقوام کا مقابلہ کرسکون گا رات کو عالم رویا مین خواب
بھی یہی دیکھتا ہون۔ ایک مثل مشہور ہے کہ بلی کو خواب مین
صرف چوہے ہی نظر آتے ہین اسی طرح مجھے بھی خواب مین بجز
اس کے اور کچھ نہین دکھائی دیتا کہ میرے ملک کی حالت کیسی
خطرناک ہے۔ کس طرح اس کی حفاظت کرون مین دیکھتا ہون
کہ یہ بیچارہ گوسفند (افغانستان) ایک شکار ہے جسپر ایک طرف
سے ایک شیر اور دوسرے جانب سے ایک خوفناک ریچھ تاک
لگائے ہے اور موقع کا منتظر ہے کہ اوسے ہضم کرجائے۔ میرے
اہل دربار کو معلوم ہے کہ مسئلہ حدود افغانستان چھیڑنے کے
چند سال قبل مین نے ایک خواب دیکھا تھا جو طبع ہوکر تمام ملک
مین شایع کیا گیا۔ اوس خواب کا خلاصہ مضمون یہ تھا کہ مین اپنی وفات
سے پہلے افغانستان کی حفاظت کے لئے ایک مضبوط دیوار

بنا جاؤنگا۔ منجمین نے اس خواب کی تعبیر یہہ بیان کی کہ افغانستان کے حدود مین اس طرح قایم کرجاؤن گا کہ ہمیشہ کے لئے ہمسایون کی بیشقدمی رکجائیگی۔ جو سال بہ سال آہستہ آہستہ بڑہتے چلے آتے ہین۔

مثل اس خواب کے میرے اور بہت سے خواب جو مین اپنے اہل دربار سے بیان کرچکا ہون صحیح ہوئے۔ اونہون نے دیکھ لیا کہ افغانستان کی حدود قایم ہوگئے اور مین اب تک زندہ ہون گو اس بات سے اون لوگون کو بہت رنج ہے جو میری موت کے خواہان ہین اور ہر ہفتہ مین میرے مرنے کی جھوٹی خبر اوڑایا کرتے ہین۔ مین نہین سمجھتا کہ کوئی شخص اتنی دفع مرا ہوگا جتنی مرتبہ کہ مین اونکے خیال مین مرچکا ہون۔

یہ عجیب بات ہے کہ جسقدر زیادہ مین محنت کرتا ہون تھکنے کے بدلے اوتنا ہی کام کرنیکا اشتیاق بڑہتا ہے۔ سچ ہے جو چیز

انسان کہانیکا عادی ہوتا ہے اوسی سے بہو کھہ بڑہتی ہے ۔

جو لوگ میری روزمرہ زندگی کا کچھ تفصیلی حال سُننا چاہتے ہین اونھین مین یہ سنانا چاہتا ہون کہ میرے سونے یا کہانے کا کوئی وقت معین نہین ہے ۔ بارہا ایسا ہوتا ہے کہ کہانا میرے سامنے میز پر پھرون رکھا رہتا ہے اور مین اپنی فکر مین ایسا غرق ہوتا ہون کہ بالکل اوسے بھول جاتا ہون مین جب ترقی کے ذریعون کو اور امور سلطنت کے تدبیرون کو سوچتا ہون تو اپنے خیالات مین ایسا محو ہوتا ہون کہ مجھے یہ نہین معلوم ہوتا کہ میری حضوری مین کون لوگ موجود ہین ۔

اکثر رانون کو مین پڑہا کرتا ہون اور خطون کے جواب لکھتا ہون اور جب تک رات گذر کر صبح نہ ہو لے سر نہین اوٹھاتا ۔ میرا حال بعینہ اوس عاشق کا سا ہے جو مشرق مین مجنون کے نام سے مشہور ہے ۔ وہ ایک عورت لیلی کے عشق مین ایسا غرق رہتا

کہ ایک دن لیلیٰ کا کُتا دیکھہ کر اوسکے پیچھے پیچھے ہو لیا اور اوسے
نہ مسجد معلوم ہوئی اور نہ وہ لوگ جو وہان نماز پڑھہ رہے تھے جب
امام مسجد نے اوس سے اس بے ادبی کی وجہ پوچھی تو اوسنے
یہ جواب دیا کہ مین اس کُتے کے عشق مین ایسا غرق تہا کہ مجھے
مسجد یا نمازی مطلق نظر نہ آئے۔ جتنی اوسے کُتے سے محبت
تھی اوتنی اونہین اپنے خدا سے نہ تہی اس لئے کہ اون کی
خیالات اوس شخص کیطرف اور اوس کُتے کیطرف مشغول تہے
پھر ایسی نمازون کی کیا عظمت ہو سکتی ہے۔

میرے ڈاکٹر اور طبیب مجھ سے کہتے ہین کہ میری ساری
بیمارین کا سبب یہی بیقراری ہے کہ بہت محنت کرتا ہون اور
اوقات معینہ پر کہانا نہین کہاتا۔ مین اونہین یہ جواب دیتا ہون
کہ عشق اور منطق کبھی متفق نہین ہو سکتے۔ چونکہ مین اپنی قوم کی
فلاح و بہبودی کا عاشق ہون مجھے بجز اپنی قوم کے ضعف اور

تکالیف کے اپنی تکلیف نہین محسوس ہوتی اور مین اون کی تکلیف اوٹھا نہین سکتا پس جو لوگ عشق کے مزے سے ناآشنا ہین وہ عاشقون کی تکلیف کیا جانین۔

کسی شاعر نے کیا خوب کہا ہے ؎

ہست مرعشاق را در کار خود لذت بزرگ	گر دپائے گوسفندان تو تیای چشم گرگ

چنانچہ افغانستان کی بہبودی مین جون جون مین ترقی کے آثار دیکھتا ہون اوتنا ہی اور زیادہ سرگرم ہوتا ہون جسطرح کوئی عاشق اپنے معشوق کے پاؤن کے نشان پاکر آگے چلنے کو اور زیادہ آمادہ ہوتا ہے۔ میری یہ دعا ہے کہ خدایا میری مدد کر تاکہ مین اپنے فرض کو جس کے لئے تو نے مجھے منتخب کیا ہی پورا کرسکون۔ اکثر مین اپنے لوگون کی بیہودگیون سے مایوس ہو جاتا ہون جو ہمیشہ لڑتے جھگڑتے ہین اور ایک دوسرے کے خلاف سازش کرنے مین مصروف رہتے ہین اور مجھ سے

ایک دوسرے کی جھوٹی شکایتین کیا کرتے ہین۔ مجھے ان
چیزون کی تحقیقات کرنی پڑتی ہے جس مین میرا بہت قیمتی
وقت ضایع ہوتا ہے۔ مین جتنا ترقی کے قدم بہ قدم چلنے کی
کوشش کرتا ہون اوتنا وہ مجھے اور پیچھے کھینچتے ہین۔ بعض
اوقات مین اون کی حرکتون سے عاجز آجاتا ہون۔ اور یہ خیال کرتا
ہون کہ اون کی حالت بدلنی ناممکن ہے۔ اون کی سازشین
لاعلاج ہین اور یہ محال ہے کہ وہ کبھی اوس درجہ پر پہونچ سکین جو
بلحاظ قوت و خصائل انسانی اُنہین اپنے ہمسایون کا ہم پلہ بنائے
بعض وقت مین یہ سوچتا ہون کہ میرے لئے بہتر ہوگا اگر مین
اس دایمی تشویش اور افکار کی زندگی سے کنارہ کش ہو جاؤن
اور کہین گوشہ عافیت مین اپنی زندگی بسر کرون اور ان لوگون
کو یونہین ان کے حال پر چھوڑ دون تاکہ وہ آپس مین لڑلڑ کر
تباہ و برباد ہو جائین۔ مگر یہ نہایت نامردی کی بات ہے اور

اون فرایض کے ادا کرنے سے گویا صریحی انکار ہوگا جس کے
لئے خداوند عالم نے مجھے خلق کرکے معین کیا ہے میری رائے
مین ایک سچے عاشق کو کبھی اون دشواریون سے جو اوسے
پیش آئین موہنہ نہین پھیرنا چاہیئے بلکہ اپنے معشوق کے ناز اور
جور کو مزہ لیکر اوٹھانا چاہیئے ۔ عاشق کی تکلیفین عشق کی لذتین
ہین ۔ کوئی رئیس قوم تشویشون سے اور دشواریون سے ہمت
نہین ہارتا بلکہ یہ چیزین اوس کے لئے مہمیز کا کام دیتی ہین ۔
شب و روز کے چوبیس گھنٹون مین میرے کام کے لئے
کوئی وقت معین نہین ہے ۔ مین صبح سے شام تک اور شام
سے صبح تک مثل ایک مزدور کے کام کرتا رہتا ہون ۔ جب
بھوکھ لگتی ہے کہانا کہا لیتا ہون ۔ بلکہ مجھے یاد ہے کہ کئی کئی دن
بغیر کہائے گذر جاتے ہین ۔ کہانا ہی بالکل بھولجاتا ہون ۔ اور
دفعتاً کام سے سر اوٹھاکر حاضرین دربار سے پوچھتا ہون کہ

آج مین نے کہانا کھایا یا نہین - اس طرح جب تھک جاتا ہون
سو رہتا ہون اور اوسی جگہہ سو جاتا ہون جو میرے کام کرنے کی
کرسی ہے - مجھے نہ کسی خوابگاہ کی ضرورت ہے اور نہ کسی تخلیہ
یا ملاقات کیلئے کسی خاص کمرے کی - یون میرے قصر مین ایسے
کمرے متعدد ہین مگر مجھے اتنی فرصت نہین کہ ایک کمرے سے
دوسرے کمرے مین جاؤن - البتہ مین کبھی کبھی شام کو اپنے
حرم سرا مین جانا پسند کرتا ہون کہ مجھے دیکھہ کے سب خوش ہوتے
ہین - مگر مین عدیم الفرصت ایسا ہون کہ گاہے ماہے وہان
جانا ہو سکتا ہے -

مین اوپر بیان کر چکا ہون کہ میرے کھانے یا دوسرے ضروریات
زندگی کے لئے کوئی وقت معین نہین ہے - عموماً مین علی الصباح
پانچ یا چھہ بجے سوتا ہون اور دو بجے سہ پہر کو اوٹھہ بیٹھتا ہون
جب تک مین سونے کے لئے پلنگ پر لیٹتا رہتا ہون میری

نیند ہر گھنٹے مین اُچاٹ ہوتی ہے اور مین اپنے ملک کی حالت
اور تدابیر اصلاح و ترقی کو سوچتا رہتا ہون اوسکے بعد پھر سو جاتا ہون۔
سہ پہر کو دوا اور تین کے درمیان بیدار ہوتا ہون۔ اوسوقت اوّل
ڈاکٹر اور طبیب باریاب ہوتے ہین۔ وہ مجھے دیکھتے ہین اگر
کسی دوا کی ضرورت ہوتی ہے تو دوا دیتے ہین۔ بعدازان خیاط
آتا ہے اور اپنے ساتھہ یورپین وضع کے چند سادے کپڑے
لاتا ہے۔ مین اُن مین سے اوسدن کے لئے ایک جوڑا پسند
کرلیتا ہون۔ تب منہہ ہاتھہ دہوکر مین لباس پہنتا ہون اوسوقت
چاءخانہ والا چاء اور کچھہ مختصر کہانے کی چیزین لیکر حاضر ہوتا ہے
مگر اس عرصہ مین یعنی طبیبون کی باریابی کے وقت سے چاءخوری
تک عرض بیگی معتمدین۔ ناظر (مہربردار) اور دو ایک اور عہدہ دار
میری صورت تکتے رہتے ہین اور اپنے دل مین گویا یہ کہتے
ہین کہ کسی طرح جلد ختم کیجئے تاکہ ہم اپنا کام پیش کرین۔ مین اون لوگونکو

اس بات کا الزام نہین دیتا کیونکہ معتمدین کو اوسروز کے کل کاغذات
اور کل خطوط پیش کر کے جواب لینا ہوتا ہے۔ اور ناظر کو کل سرکاری
احکامات پر جو گورنمنٹ کے روزانہ اخراجات کی بابت ہون مہر
کرنا پڑتا ہے اور محکمہ مخبری کی کل رپوٹین جو میرے سونے کے
وقت سے اسوقت تک آئی ہون پیش کرنا ہوتی ہین۔ عرض
بیگی کا یہ کام ہے کہ صدہا آدمیون کو پیش کرتا ہے جن کے
مقدمات یا مرافعہ میرے سامنے پیش ہین یا جو بعض خدمتون اور
کامون پر مقرر ہونے والے ہین۔ جون ہی مین چار سے فارغ
ہوتا ہون سب عہدہ دار اور میرے لڑکے۔ اور خانگی ملازم
اپنے مختلف کامون کے متعلق میرا حکم حاصل کرنے کے لئے
حاضر ہو جاتے ہین۔ مثل پیش خدمت باشی جن کی تعداد سیکڑون
تک ہے اور محکمہ مخبری کے لوگ ہاتھون مین خط لئے ہوئے
آموجود ہوتے ہین۔ یہ خطوط کسی نہ کسی قسم رسیدہ کی عرضی ہوتی ہے

جو مجھ سے داد چاہتا ہے۔ اسطرح اتنے لوگون کا ہجوم مجھے
گھیرے رہتا ہے جو اپنے کام کی طرف مجھے متوجہ کرنا چاہتے
ہین اور مجھے اور زیادہ کام دیکر اپنی سرگرمی دکھاتے ہین۔ جتنا مین
کام کرتا ہون اوس کا دسوان حصّہ بھی کسیکو نہین کرنا ہوتا۔ مین پانچ
یا چھہ بجے صبح تک برابر کام کرتا رہتا ہون اور پھر اوسی طرح سو رہتا
ہون صرف چند منٹ کھانے مین صرف کرتا ہون۔ اوسوقت
بھی میرے اہل دربار مجھ سے کچھ نہ کچھہ پوچھتے رہتے ہین۔ اور
حقیقت امر یہ ہے کہ مجھہ کمبخت کو کسی وقت چین نصیب نہین

سنہ ۱۸۹۱ء سے جب مین نے اپنے بیٹے حبیب اللہ خان
کو اپنے بدلے دربار عام کرنے کا اختیار دیا ہے جو کام کہ مین
خود کرتا ہون اور ہر روز دیکھتا ہون۔ وہ حسب ذیل ہے۔

(۱) امور متعلق فارن آفس (۲) محکمہ مخبری

(۳) امور متعلق پولٹیکل (۴) خزانہ

(۵) مجرمین جو بغاوت مین یا اور جرایم مین ماخوذ ہون۔

(۶) گورنرون کی عدالت ہائے ماتحت اور حبیب اللہ کی صدر عدالت کے مرافعہ۔

(۷) کل قسم کا سامان جنگ تیار کرنے اور کارخانون کے لئے ضروری چیزین خریدنے کے متعلق احکام۔

(۸) نئی عدالتون کی تعمیر اور ملکی قانون مین ترمیم و اصلاح۔


(۹) اپنے بیٹے اور عہدہ دارون کو ہدایتین کرنا۔

(۱۰) اپنے خانگی معاملات اور کل غیر ملک کے شاہزادون اور سردارون کے معاملات جو میرے یہان پناہ گزین ہین۔

(۱۱) حمالون اور عہدہ دارون اور پیش خدمتون کے معاملات۔

اہل دربار۔ جو لوگ ہمیشہ میرے پاس بیداری کے وقت سے سونے تک حاضر رہتے ہین وہ حسب ذیل ہین۔

معتمدین۔ عرض بیگی۔ ناظر۔ سرکردہ محکمہ مخبری۔ داروغہ مطبخ شاہی



جو عرایض میرے ملاحظہ مین لاتا ہے - اس خدمت سے بڑھکر
کوئی معزز اور معتبر خدمت نہین - جو شخص اب اس کام پر معین
ہے اوسکا نام صفر خان ہے - برٹش ایجنٹ کے خطوط بھی
اسی کے ذریعہ سے آتے ہین - ایک حکیم ایک ڈاکٹر ایک
سرجن ایک دو اساز - باڈی گارڈ کے دو تین افسر جو علاوہ افسری
کے جب تک میرے دربار مین حاضر رہتے ہین - جلاد کا کام
بھی کرتے ہین - چند مکاندار چند پیش خدمت باشی (جو خاصہ
کہلاتے ہین) میوہ خانہ والا - چار خانہ والا (جو امیر اور اہل دربار
کو چار تقسیم کرتا ہے) آب خاصہ والا - سقا - خانزاد سائیس -
خزانچی جیب خاص - داروغہ سلاح خانہ وغیرہ - قلیان بردار چند
فراش - چند خیاط و خدمت گار - ایک کتب خانہ کا مہتمم - چند
دربان اور منجم - عرض بیگی - چوبدار - میر اخور - علاوہ ان لوگون
کے حسب ذیل لوگ دربار کے قریب رہتے ہین اور جب

ضرورت ہو بلا لئے جاتے ہین شطرنج اور بگلیمن کھیلنے والے۔
چند مصاحب ایک داستان گو اور ایک کتاب خوان بعض
عہدہ دار جو دنکو اپنی رپوٹین پیش کرتے ہین۔ مین اُنہین
شام کو بھی جب وہ اپنے کام سے فارغ ہو لیتے ہین بلا بھیجتا
ہون تاکہ میری صحبت مین شریک ہون۔ شب کو چند اور امرا
اور سردار جو کابل مین رہتے ہین۔ مجھہ سے ملنے آتے ہین۔ اگر
مین کام سے فارغ ہوتا ہون تو وہ لوگ جو میرا دل بھلانے یا
مجھہ سے ملنے کے لئے بلائے گئے ہین ٹھہرے رہتے ہین
اور باقی سب چلے جاتے ہین۔

کئی ایک گویئے ہندوستانی ایرانی افغانی بھی نوکر ہین۔
شب کو حاضر ہوتے ہین اور اگر مین کام سے فارغ ہوا تو اندر
بلا لئے جاتے ہین اور گاتے بجاتے ہین۔ گو مین کبھی کام
سے بالکل فارغ نہین ہوتا تاہم میرے اہل دربار راگ کا حظ اٹھاتے

ہین اور اثنا ء کارہین اگر وقفہ ہوا تو مین بھی کچھ سُن لیتا ہون - اِن
لوگون کی نوکری محض شب کی ہے - تیسرے درجے کے کچھ اور
خانگی ملازم ہین جو ہمیشہ میرے کمرے کے قریب حاضر رہتے ہین - یا
اگر مین سفر مین ہوتا ہون تو میرے خیمہ کے قریب اور خیمون مین
وہ بھی موجود رہتی ہین تاکہ جس وقت اون کی ضرورت ہو فی الفور
حاضر ہوسکین - یہ لوگ حسب ذیل ہین -

گاڑیون کے کوچمین - حمال - باغبان - حجام اور اصلاح ساز
خاکروب داروغہ گدام - نقشہ نویس - پیمایش کنندہ یا جریب
کش - سیپرس[1] ومائنرس - طبیب معہ عملہ طبابت - انجنیر معہ عملہ ہلکارے
(پیدل وسوار دونون قسم کے) علاوہ صیغہ پوسٹ آفس
اور میرے ذاتی مصاحبین بھی ہمراہ ہوتے ہین - ملّا پیش امام
پیش خدمتون کے مدرسے بینڈ - دُہل بردار - چھتر بردار -

نوٹ [1] - یہ وہی لفظ ہے جسکو بگاڑکر دیہی لوگ سفرمینا کہتے ہین - مترجم

نشانبردار وغیرہ۔

جب مین گھوڑے پر سوار ہوکر کسی طرف جاتا ہون تو بیحد سب لوگ میرے ہمراہ چلتے ہین اور باڈی گارڈ کا رسالہ اور پلٹن اور توپ خانہ بھی ساتھ ہوتا ہے۔ میرے درباریون کے اور پیش خدمت باشی وغیرہ کے گھوڑے طلائی و نقرئی سازون سے آراستہ ہوتے ہین۔ یہ سب جلوس جب روانہ ہوتا ہے تو بہت ہی خوشنما نظر آتا ہے اس جلوس کی ترتیب اسطرح پر ہوتی ہے گو مجھے ایک مکان سے دوسرے مکان تک ہی کیون نہ جانا ہو۔ مین بیچ مین ہوتا ہون اور میرے گرداگرد دربار اور خاص خاص ملازمین اور خدمتی وغیرہ ہوتے ہین۔ یہ لوگ ہر طرف سے حلقہ کئے رہتے ہین اور باری باری سے باتین کرتے جاتے ہین۔ بلکارے معہ گھوڑون کے اور سپراسی میرے گھوڑے کے ساتھ پیدل چلتے ہین یا پالکی مین ہوتے ہین۔ یہ اندرونی حلقہ

کی ترتیب ہے - بیرونی حلقہ مین دوسرے درجہ کے ملازمین مثل
خیاط - فراش - قلیان بردار - دواساز وغیرہ ہوتے ہین - تیسرے
حلقہ مین میرے باڈی گارڈ کی پلٹن ہوتی ہے جو آگے اور پیچھے چلتی
ہے - چوتھے حلقہ مین باڈی گارڈ کا رسالہ ہوتا ہے جو میرے
سامنے اور عقب مین رہتا ہے - توپخانہ کی ترتیب سمت اور
وقت اور موقع کے لحاظ سے کی جاتی ہے

گارڈ

میرے اور میرے لڑکون اور بی بیون کے باڈی گارڈ مین دو قسم
کے لوگ ہین - اوّل شاہی خاندان کے جنکا رسالہ رسالہ شاہی
قندہاری کہلاتا ہے جسمین قندہار کے درّانی شہزادے ملازم
ہین اسی طرح کی پلٹن بھی ہے - دوسرا باڈی گارڈ رسالہ شاہی
کابلی ہے جس مین افغانستان کے امرازادے شامل ہین اور

اسی طرح کی ایک شاہی پلٹن بھی ہے - مین نے اس قندہاری
اور کابلی باڈی گارڈ کے علاوہ ایک اور تیسرا باڈی گارڈ بنایا ہے -
جسکے رسالہ اور پلٹن مین ترکمانی اُمرازادے ملازم ہین - باڈی گارڈ
کے رسالے اور پلٹن - اور توپ خانہ کے افسر افغانستان کے
خاص سردار ہین - جنپر مجھے کمال بھروسہ ہے یا میرے بھائیون
کے اور خاص رفقا کے فرزند ہین جو میرے والد کے بڑے
وفادار نوکر رہتے یا میری اوایل عمر مین جنھون نے میرا ساتھہ دیا -
میرے باڈی گارڈ کی کل سپاہیون کو اور سب افسرون کو بہ نسبت
دوسری فوج کے سپاہیون کے کسی قدر زیادہ ماہوار ملتی ہے
اس لئے کہ شاہی خاندان شاہی مکانات خزانہ اور میگزین اونکی
نگرانی مین ہے یہ سب فوج اور ایک چھوٹا سا توپ خانہ جسمین
میگزم - گارڈنز اور کوہی توپین ہین اور دو ایک اور سبک
توپخانہ ہمیشہ تیار رہتے ہین اور جس وقت مین کہین جانا چاہون

میرے ہمراہ چل سکتے ہین - مین خود مثل ایک سپاہی کے جنگ
کے لئے ہمیشہ اسطرح تیار رہتا ہون کہ اگر ضرورت پڑے تو
فی الفور چل کھڑا ہون - میرے کوٹ اور پتلون کی جیبون مین
ہمیشہ بھرے ہوے ریوالور (پستول) اور دو ایک روٹیان
جو ایک دن کے لئے کافی ہون رکھی رہتی ہین - یہہ روٹیان
ہر روز بدلی جاتی ہین - کئی بندوقین اور تلوارین ہمیشہ میرے
پلنگ یا کرسی کے قریب جہان مین بیٹھتا ہون رکھی رہتی ہین اور
میرے آفس کے سامنے میرے لئے اور تمام اہل دربار اور
پیش خدمتون کے لئے زین کسے ہوئے گھوڑے ہمیشہ تیار
رہتے ہین - مین نے یہ بھی حکم دیا ہے کہ میرے گھوڑون
کے زین مین جو سفر کے لئے درکار ہون اشرفیان سی دیجائین
اور زیتون کے قبور مین طپنچہ رکھدئے جائین ایسے جنگ
جو ملک مین مین یہ ضروری سمجھتا ہون کہ بادشاہ کو خصوصًا ایسا بادشاہ

جو خود بھی سپاہی ہو ہمیشہ سپاہیون کی طرح میدان جنگ کے لیئے تیار رہنا چاہیئے۔ گو اب میرے ملک مین بہ نسبت اور ملکون کے بہت امن ہے تاہم کوئی نہین کہہ سکتا کہ کسوقت کیا اتفاق پیش آئے۔

جب مین سوتا ہون میرے کل مصاحبین بھی سوجاتے ہین مگر حسب ذیل اشخاص باری باری سے جاگتے رہتے ہین۔ گارڈ معہ افسر۔ چاوخانہ والا۔ آب خاصہ والا۔ دواساز۔ قلیان بردار۔ خدمتگار درزی۔

میرے پیش خدمتون مین شاہزادہ امرزادہ اور عہدہ دارون کے لڑکے نوکر ہین۔ ان کے علاوہ میرے یہان غلام بھی ہین۔ جو کافری۔ شغنانی۔ چترالی۔ بدخشی ہزارا وغیرہ قبایل کے ہین۔ در اصل یہ غلام بہ نسبت اور ملازمین کے خاص میری نگرانی اور تعلیم مین رہتے ہین۔ اونکے یونیفارم نہایت قیمتی مثل

شاہزادونکے ہوتی ہین — سوار یکے لئے اونہین بہت عمدہ
گھوڑے دئے جاتے ہین۔ اور کام کے لئے نوکر پیش خدمت
مقرر ہوتے ہین۔ کہانے کپڑے گھوڑے مکان اور نوکرونکے علاوہ
اُنہین سرکار سے میوہ خوری کے لئے روپیہ ملتا ہے اور جب
وہ جوان ہوتے ہین تو حسب لیاقت اعلیٰ سے اعلیٰ خدمت
دیجاتی ہے۔ مثلاً ایک چترالی غلام فرامرز خان جواب ہرات مین
تعینات ہے میرا نہایت معتبر کمانڈران چیف ہے، اور ایک چترالی
غلام محمد صفر خان ناظر میرے دربار کا نہایت معتبر عہدہ دار ہے
میری مُہر اوسی کے پاس رہتی ہے اور کل سرکاری کاغذات
اور میرے کہانے وغیرہ پر وہی مہر کرتا ہے۔ المختصر میری جان
اور میرے ملک کی حفاظت کا ذمہ دار ہے۔ پروانہ خان سابق ڈپٹی
کمانڈران چیف اور جان محمد خان سابق افسر خزانہ جو میرے
ملک مین اعلیٰ درجہ کے عہدہ دار تھے دونون ابتدا مین میرے

غلام تھے۔

اگر سچ پوچھو تو لفظ غلام محض برائے نام ہے اس لفظ کے اصلی معنی میرے عہد مین افغانستان مین یہ ہین کہ ملک کے تمام عہدہ دارون سے یہ غلام زیادہ معتبر اور معزز خیال کیے جاتے ہین۔ جب وہ بڑے ہوتے ہین مین اون کی شادیان اُمرا اور معزز خاندانون کی لڑکیون کے ساتھ کر دیتا ہون اور اونہین مکان فرنیچر اور کل مایحتاج معیشت جو شاہزادون کے پاس بھی نہ ہو دیتا ہون۔ اون کی بی بیون کو علیحدہ علیحدہ خرچ ملتا ہے اور سرکار سے پیش خدمت مقرر ہوتے ہین۔ مین نے اسطرح پر وہ ظالمانہ طریقۂ غلامی جو پہلے رائج تہا اپنی ملک سے اوٹھا دیا ہے۔ اب صرف برائے نام لفظ غلامی باقی رہگیا ہے ورنہ اگر دیکھا جائے تو افغانستان مین ایک غلام بھی نہین۔ قانوناً غلام ہونے کی تجارت ممنوع کر دیگئی ہے اور مختلف خاندانون مین جو قدیم زمانہ سے

لونڈی غلام چلے آتے ہین - اونکے ساتھ بھی اب برابر والون کا سلوک کیا جاتا ہے - غلامون کی اولاد خانہ زاد تو کہلاتی ہے مگر اونکے ساتھہ وہی محبت اور شفقت کا برتاؤ کیا جاتا ہے جو خاندان کے اور بچون کے ساتھہ ہے - اگر کوئی غلام مار ڈالے جیساکہ اگلے زمانہ مین دستور تہا تو اوسے سزائے موت دیجاتی ہے - اگر کسی غلام کے ساتھہ بُرا سلوک کیا جاوے اور ظلم ثابت ہو جائے تو میرے حکم سے وہ غلام ازادی پاتا ہے اس لئے کہ خدا نے تمام انسان ایک ماں باپ سے خلق کئے ہین لہذا سب کے حقوق مساوی ہین - کوئی وجہ نہین کہ ایک ظالم ہو اور دوسرا اوس کے ظلم کا شکار بنے -

افغانستان مین یہ غلام مرد اور عورت دونون عموماً اون قیدیون کے بچے ہین جو لڑائی مین گرفتار ہوکر آئے یا جنکے والدین لڑائی مین مارے گئے اور اونکا کوئی پرسان حال نہ رہا - اُمرا کے گھرون مین

اور دولت مند خاندانون مین ان بچون کے ساتھ وہی سلوک
ہوتا ہے جو خود اونکے بچون کے ساتھ ہوتا ہے اور مثل شاہی
پیش خدمتون کے جب وہ بڑے ہوتے ہین تو وہ ہم سے
شادی کر دیجاتی ہے اور اپنے آقاؤن کی سفارش سے بنسبت
غریبون کے اونہین معقول خدمت ملجاتی ہے۔ اور تعلیم یافتہ
امیرزادون کی صحبت سے اونکے عادات و اطوار مہذب ہوجاتے
ہین اور اپنی لیاقت کے بموجب وہ اعلیٰ درجہ کی ترقی کر سکتے ہین
۱۸۹۶ء مین جب مین نے ملک کافرستان فتح کیا میںنے حکم
دیا کہ کوئی قیدی غلام بنا کر نہ بھیجا جائے اور کوئی شخص کسی کافر عورت
کے ساتھ اوس کی مرضی کے خلاف شادی نکریے۔ مین نے
اوس کی عوض مین اون لوگون کو جنہون نے کافرون کو گرفتار کیا تھا
اور اونھین ایک غنیمت سمجھتے تھے اور اُن کی تصرف کا اختیار
رکھتے تھے روپیہ دے دیکر قیدیونکو رہا کروایا اور ازاد کیا۔

اکل و مشرب

میرا یہ عقیدہ ہے کہ ہم بقائے حیات کے لئے کھاتے ہین مگر بہت سے مشرقی حکمرانون کا اُسکے خلاف عمل ہے اور اون کا یہ خیال ہے کہ وہ محض کھانے پینے کے لئے خلق ہوئے ہین۔ مین نے شرابخواری کی سخت ممانعت کی ہے جو کوئی پیئے گا اوسے سخت سزا دیجاے گی۔ مین خود شراب نہین پیتا اور نہ کسی مسلمان اہل دربار پیش خدمت اور مصاحبین کو شراب پینے کی اجازت ہے۔ البتہ بیماری کی حالت مین اگر ڈاکٹر تجویز کرے تو مضایقہ نہین ہے۔ میرے کل خانگی ملازمین کو جنکا ذکر اوپر ہوچکا ہے شاہی باورچی خانہ سے پکا پکایا کھانا ملتا ہے۔ میری بی بیان اور پوتے اور کل اونکے ملازمین شاہی باورچی خانہ سے کھانا منگاتے ہین۔ ہفتہ مین ایکدفعہ میرا بیٹا **حبیب اللہ خان** دربار عام کرتا ہے جس مین کل

عہدہ دار اہل قلم و اہل سیف حاضر ہوتے ہین اور اوسکے ساتھہ
سلام خانہ مین کہانا کہاتے ہین۔ (سلام خانہ ایک وسیع عمارت ہے
جسکے ایک بڑے دالان مین پندرہ سو آدمی بیٹھہ سکتے ہین)۔
سنہ ۱۸۹۱ء تک مین خود اسی طرح دربار کیا کرتا تھا۔

کہانے کے اخراجات شاہی باورچی خانہ کو خزانہ عامرہ سے
دیئے جاتے ہین اور افغانستان کی کل اضلاع مین یہ طریقہ رائج
ہے۔ کل اضلاع کے گورنر جو میرے ایین ہین۔ تمام سول و فوجی
عہدہ دارون کو اور اون سردارون کو جو سرکاری وثیقہ یاب ہین۔
دعوت دیتے ہین۔ یہ مہمانداری کا طریقہ ہمیشہ سے افغانستان
مین چلا آیا ہے اور گو اس مین خرچ زیادہ ہوتا ہے مگر اسے ہمیشہ
قایم رکھنا چاہیے۔

جو کہانے میرے لئے یا میرے عہدہ دارون اور خاندان
کے لوگون کے لئے پکتے ہین۔ وہ حسب ذیل ہین۔ پلاؤ۔

کباب بالوان مختلف اُذبکی - وتر کمانی کھانے - ہندی کھانے
اور کل اقسام کے یورپین کھانے ان مین سے جس کو جو چیز
مرغوب ہو منگا لیتا ہے - مختلف قومون کے لوگ میرے ملازم
ہین - اس لئے یہ انتظام کیا گیا ہے - کھانے کے اوقات
یہ ہین کہ اوّل علا الصباح حاضری ہوتی ہے جس مین چاء میوہ
بسکٹ - کیک - گندم بریان - اور مسکہ ہوتا ہے پھر سہ پہر کو دد
اور تین کے درمیان (لنچ) ہوتا ہے اور پھر سر شام چاء - اور میوہ
آتا ہے شب کو دس اور بارہ کے درمیان (ڈنر) کھانا ہوتا ہے
گو مین خود دن مین صرف ایک دفع کھاتا ہون اور کسی وقت
ناشتہ بھی کر لیتا ہون مگر میرے اہل دربار اور ملازمین اور میرے
لڑکے اون کی بی بیان اور نوکر چاکر سب دو دفع کھانا کھاتے
ہین - اور بیچ مین ناشتہ کرتے ہین -

جن عہدہ دارون اور نوکرون کو میرے سامنے یا میری

بی بیون کے اور لڑکون اور لڑکیون کے سامنے میز پر بیٹھنے کی اور ساتھہ کہانے کی اجازت ہے وہ بیٹھتے ہین اور کھاتے ہین۔ باقی اور لوگ اپنے اپنے درجہ کے لحاظ سے دوسرے کمرون مین بیٹھکر کھاتے ہین بعض کیلئے کہانا میوہ چاء اونکے گھرون پر بہیجی جاتی ہے۔ اور وہ اپنے گھرون مین کھاتے ہین۔ جو کچھہ کھانا بچ رہتا ہے وہ فراشون مین اور خدمتگارون مین تقسیم ہو جاتا ہے۔

کھانا کہانے کا طریقہ یہ ہے کہ ایک بڑا سا میز جسپر کل مہمان بیٹھہ سکین لگایا جاتا ہے اور اوسپر دسترخوان بچھا کر قابین چن دیجاتی ہین۔ بعدازان پیش خدمت ہاتھہ دہلانے کیلئے گرم پانی لاتے ہین اور سب لوگ ہاتھہ دہو کر میز کے گرد بیٹھتے ہین اوسوقت میز کے نوکر وہان حاضر رہتے ہین۔ جب کھانا ختم ہوتا ہے تو پیش خدمت ہاتھہ دہلانے کے لئے پھر گرم پانی

لاتے ہین۔ جب سب مہمان ہاتھ دہو چکتے ہین۔ تو میوے لائے جاتے ہین۔ مہمانونکو ہاتھہ دہونے کے لیے کمرہ سے باہر جانیکی زحمت نہین ہوتی۔

جن کمرون مین مین بیٹھتا ہون وہان اور میرے خوابگاہ کے کمرے مین اور میری بی بیونکے لڑکونکے اور لڑکیونکے کمرونمین طرح طرح کے خوشنما پھول درخت۔ تصویرین پیانون اور ہر طرح طرح کے باجے رکھے رہتے ہین۔ اسکے علاوہ عمدہ عمدہ چینی گلدان اور ہر طرحکی آرایش کا سامان۔ ایرانی اور ہراتی قالین۔ بلبل ہزار داستان اور مرغان خوش الحان کے پنجرے رکھے ہوتے ہین۔ سب خوبصورت اور قیمتی فرنیچر ہے غرضکہ ہر ایک چیز جو میرے ہم جلیسون کی خوشی کا باعث ہوسکتی ہے میرے ایوانات مین موجود ہے۔ اگر کھانے کے وقت کوئی ٹکی یا یورپین موجود ہوتا ہے تو اوسے مدعو کرتے ہین۔ اگر وہ مسلمان ہے تو ہمارے

بی بیون کے اور لڑکون اور لڑکیون کے سامنے میز پر بیٹھنے کی اور ساتھہ کہانے کی اجازت ہے وہ بیٹھتے ہین اور کھاتے ہین۔ باقی اور لوگ اپنے اپنے درجہ کے لحاظ سے دوسرے کمرون مین بیٹھکر کھاتے ہین بعض کیلئے کہانا میوہ چار اونکے گھرون پر بہیجی جاتی ہے۔ اور وہ اپنے گھرون مین کھاتے ہین۔ جو کچھ کھانا بچ رہتا ہے وہ فراشون مین اور خدمتگارون مین تقسیم ہو جاتا ہے۔

کھانا کہانے کا طریقہ یہ ہے کہ ایک بڑا سا میز جسپر کل مہمان بیٹھہ سکین لگایا جاتا ہے اور اوسپر دسترخوان بچھاکر قابین چن دیجاتی ہین۔ بعدازان پیش خدمت ہاتھہ دہلانے کیلئے گرم پانی لاتے ہین اور سب لوگ ہاتھ دہوکر میز کے گرد بیٹھتے ہین اوسوقت میز کے نوکر وہان حاضر رہتے ہین۔ جب کھانا ختم ہوتا ہے تو پیش خدمت ہاتھ دہلانے کے لئے پھر گرم پانی

لاتے ہین۔ جب سب مہمان ہاتھ دھو چکتے ہین۔ تو میوے لائے
جاتے ہین۔ مہمانونکو ہاتھہ دھونے کے لئے کمرہ سے باہر جانیکی
زحمت نہین ہوتی۔

جن کمرون مین مین بیٹھتا ہون وہان اور میرے خوابگاہ کے
کمرے مین اور میری بی بیونکے لڑکونکے اور لڑکیونکے کمرونمین طرح طرح کے
خوشنما پھول درخت۔ تصویرین پیالون اور ہر طرح طرح کے باجے
رکھے رہتے ہین۔ اسکے علاوہ عمدہ عمدہ چینی گلدان اور ہر طرحکی
آرایش کا سامان۔ ایرانی اور ہرائی قالین۔ بلبل ہزار داستان
اور مرغان خوش الحان کے پنجرے رکھے ہوتے ہین۔ سب
خوبصورت اور قیمتی فرنیچر ہے غرضکہ ہر ایک چیز جو میرے ہم
جلیسون کی خوشی کا باعث ہوسکتی ہے میرے ایوانات مین
موجود ہے۔ اگر کھانے کے وقت کوئی ٹرکی یا یورپین موجود ہوتا
ہے تو اوسے مدعو کرتے ہین۔ اگر وہ مسلمان ہے تو ہمارے

ساتھہ کھانا کھاتا ہے ورنہ کسی دوسرے کمرہ مین یا علیحدہ میز پر
کھانا دیا جاتا ہے - مین نے اکثر یورپین کو یہ کہتے ہوئے سنا
ہے کہ میرے یہان کا کھانا بہ نسبت یورپین کھانون کے
بہت مزے دار ہوتا ہے - اون کے دل کا حال خدا جانے اگر
یہ بات محض میرے خوش کرنے کے لئے نہین کہتے ہین تو مین
بہت محظوظ ہون - عجب نہین کہ وہ سچ کہتے ہین - اس لئے کہ
سینکڑون بار یہ دیکھا ہے کہ وہ یورپین کھانون کے مقابلہ مین میرے
یہان کا افغانی کھانا زیادہ کھاتے ہین - اگر اونھین پسند
نہ ہوتا تو محض میرے خوش کرنے کے لئے اتنا زیادہ نہ کھاتے
میری بی بیون اور لڑکیون اور لڑکون بہوؤن اور پوتون اور
اونکے ملازمین کو علاوہ کھانے کپڑے گھوڑے اور مکانات
کے اونکے درجہ اور ضرورت کے موافق سرکار سے ماہانہ نقد ماہوار
ملتی ہے - میرے دونون بڑے لڑکے حبیب اللہ اور نصر اللہ

ہر ایک بیس ہزار روپیہ ماہانہ پاتے ہین اور اون کی بی بیون اور
نوکرون کی علیحدہ تنخواہین ہین - میری بی بیان (جن مین دو میر
حکیم خان اور میر جہاندار شاہ کی لڑکیان ہین - اور آخر الذکر حبیب اللہ
اور نصر اللہ کی والدہ ہے) محمد عمر جان کی - امین اللہ جان کی
والدہ - غلام علی کی والدہ - حفیظ اللہ و اسد اللہ مرحوم کی والدہ
اور میری لڑکی فاطمہ جان کی والدہ ان سب کے لئے علیحدہ
علیحدہ تنخواہین تین ہزار سے لیکر آٹھ ہزار روپیہ تک مقرر ہین -
اونکے لباس مکانات کھانے وغیرہ کا خرچ تنخواہ سے نہین
وضع ہوتا ہے - اونکے لباس بکثرت اور مختلف وضع کے
ہوتے ہین بعض یورپین اور بعض مشرقی وضع کے - میرے
چھوٹے لڑکون اور پوتیون کو بھی علاوہ کھانے اور کپڑے وغیرہ
کے ماہانہ مقرر ہے - بڑی بڑی عیدون مین جیسے شب برات
اور نوروز سے میری بی بیون کو اور بچون کو لباس اور نقد اور زیورات

ساتھہ کھانا کھاتا ہے ورنہ کسی دوسرے کمرہ مین یا علیحدہ میز پر
کھانا دیا جاتا ہے - مین نے اکثر یورپین کو یہ کہتے ہوئے سنا
ہے کہ میرے یہان کا کہانا بہ نسبت یورپین کہانون کے
بہت مزے دار ہوتا ہے - اون کے دل کا حال خدا جانے اگر
یہ بات محض میرے خوش کرنے کے لئے نہین کہتے ہین تو مین
بہت محظوظ ہون - عجب نہین کہ وہ سچ کہتے ہین - اس لئے کہ
مینے بارہا دیکھا ہے کہ وہ یورپین کہانون کے مقابلہ مین میرے
یہان کا افغانی کہانا زیادہ کھاتے ہین - اگر اونھین پسند
نہ ہوتا تو محض میرے خوش کرنے کے لئے اتنا زیادہ نہ کھاتے
میری بی بیون اور لڑکیون اور لڑکون بہوؤن اور پوتون اور
اونکے ملازمین کو علاوہ کہانے کپڑے گہوڑے اور مکانات
کے اونکے درجہ اور ضرورت کے موافق سرکار سے ماہانہ نقد ماہوار
ملتی ہے - میرے دونون بڑے لڑکے حبیب اللہ اور نصر اللہ

ہر ایک بیس ہزار روپیہ ماہانہ پاتے ہین اور اون کی بی بیون اور
نوکرون کی علیحدہ تنخواہین ہین - میری بی بیان (جن مین دو میر
حکیم خان اور میر جہاندار شاہ کی لڑکیان ہین - اور آخر الذکر حبیب اللہ
اور نصر اللہ کی والدہ ہے) محمد عمر جان کی - امین اللہ جان کی
والدہ - غلام علی کی والدہ - حفیظ اللہ و اسد اللہ مرحوم کی والدہ
اور میری لڑکی فاطمہ جان کی والدہ ان سب کے لئے علیحدہ
علیحدہ تنخواہین تین ہزار سے لیکر آٹھ ہزار روپیہ تک مقرر ہین -
اونکے لباس مکانات کھانے وغیرہ کا خرچ تنخواہ سے نہین
وضع ہوتا ہے - اونکے لباس بکثرت اور مختلف وضع کے
ہوتے ہین بعض یورپین اور بعض مشرقی وضع کے - میرے
چھوٹے لڑکون اور پوتیون کو بھی علاوہ کھانے اور کپڑے وغیرہ
کے ماہانہ مقرر ہے - بڑی بڑی عیدون مین جیسے شب برات
اور نوروز ہے میری بی بیون کو اور بچون کو لباس اور نقد اور زیورات

تحفے مین دئے جاتے ہین۔ جیساکہ کرسمس مین تحفے دینے کا
رواج یورپین مین ہے۔

ان عیدونمین مین اہل دربار وعہدہ دار اور نوکرون کے کل
بچونکو بھی تحفے دیتا ہون۔ میرے لڑکے جو تمام دن محنت سے
کام کرتے ہین ہمیشہ رات اپنی حرم سرا مین اپنی بی بیون اور بچون
کے ساتھہ گذارتے ہین۔ ابتدا مین اپنی حرم سرا مین ہفتہ مین
دو دفعہ جایا کرتا تھا۔ مگر جب کام بڑہا اور فرصت گھٹی میرا جانا
مہینے مین دو ایک دفع ہوا کیا لیکن اب مین ایسا مشغول ہون کہ
سال مین دو تین دفع اپنی بیبیون اور بچون سے ملنے جاتا ہون
شب و روز مین اونہین کمرون مین رہتا ہون جہان کام کرتا ہون۔
البتہ میری بی بیان سال مین دس بارہ دفع دو چار گھڑی کیلئے
مجھہ سے ملجاتی ہین۔

خدا نے مجھے اس لئے پیدا کیا ہے کہ اوسکے مخلوق کی

حفاظت کرون جو میرے سپرد ہوئی ہے نہ اس لئے کہ اپنا وقت
عیش و عشرت مین گذارون - میری سب سے بڑی خوشی یہی
ہے کہ اوس کی راہ مین ہمیشہ مصروف بکار رہون -

میرے دونون لڑکے حبیب اللہ خان اور نصر اللہ ہر روز
دو دفعہ یا کم از کم ایک دفع مجھ سے ملنے آتے ہین اور اپنے
روزانہ کام کے متعلق مجھ سے مشورہ لیتے ہین - میرے چھوٹے
بیٹے اور پوتے چند منٹ کے لئے ہفتہ مین دو دفع میرے
پاس آتے ہین - چونکہ مین ہمیشہ مشغول رہتا ہون وہ میرے
پاس بیٹھتے ہین یا تھوڑی دیر کھیلتے رہتے ہین - یا بعض وقت
آپسمین کشتی لڑتے ہین - یا کبھی میرے ساتھ کشتی لڑتے ہین -
بعد ازان وہ اپنے اپنے گھرون کو واپس بھیجدئے جاتے ہین

میرے لڑکون اور پوتون کی پرورش اسطرح پر ہوئی ہے
کہ روز ولادت سے اونکو دودھ پلانے کے لئے انائین مقرر

کیجاتی ہین۔ جو اُنہین دن مین دو ایک دفع اون کی ماؤ نکے
پاس لیجاتی ہین۔ اور کبھی کبھی اونکو میرے پاس بھی لاتی ہین۔
ایک سال کے بعد اونکے لئے اُلّا۔ معلّم۔ اتالیق۔ خدمتگار اور
باڈی گارڈ مقرر ہوتے ہین۔ اور اونکے رہنے کے لئے علحدہ
مکان اور باغ دئے جاتے ہین۔ یہ مکان ہمیشہ میرے اور
اون کی ماؤن کے مکان سے دور ہوا کرتے ہین۔ تاکہ لڑکے ہمیشہ
اپنے معلم اور اتالیق کی نگرانی مین رہین۔ اتالیق ہمیشہ قدیم تجربہ
کار پنشن یافتہ سرکاری ملازمین مین سے انتخاب کئے جاتے ہین
اور لڑکے بجائے اسکے کہ اپنی ماؤن کے چاہ پیار مین رہ کر
بیوقوف اور خراب ہون اچھی طرح تربیت پاتے ہین اور جب
بڑے ہوتے ہین تو نیک چلن تعلیم یافتہ شریفون کے سے
بچے ہوتے ہین۔ مین خود ہمیشہ اون کی نگرانی کرتا ہون اور اونکی
تعلیم و تربیت پر نہایت توجہ رکھتا ہون اور اونکے عادات و

اطوار اور تعلیم کو ایک ممتحن کی نظر سے دیکھتا ہون۔

جب وہ بالغ ہوتے ہین اون کی شادی کردی جاتی ہے تب وہ اپنے گھر کے آپ مالک بنتے ہین اور دن مین کسی وقت جب کام سے فرصت ہوئی مجھے اور اپنی ماؤن کو دیکھہ جاتے ہین۔ اون کو یہ بہی تنبیہہ ہے کہ اپنے بزرگ عزیزون کے دہان جایا کرین اور اون کا خیال رکہین کہ کسی چیز کی اونہین ضرورت تو نہین ہے اونکو ہدایت ہے کہ ہمیشہ پڑہنے کی عادت ہوا خوری اور ورزش کی عادت اور شکار کی عادت جاری رکہین تاکہ کاہل نہ ہو جائین یا بیمار نہ پڑین۔

میری بی بیون کو ہوا خوری کے لئے گھوڑے یا گاڑی پر جانے کی اجازت ہے اون کے مکانات اور باغ بہت عمدہ ہین اور شہر کے باہر واقع ہین۔ جب وہ اور میری بہوئین گھوڑی یا گاڑی پر کہین جاتی ہین تو اونکے باڈی گارڈ کا اسکارٹ

ہمراہ ہوتا ہے۔

میری بی بیونکو بجز امور خانہ داری کے اور کوئی کام نہین ہے مگر میرے لڑکے مثل میرے اپنے ملک کے خدمت کرتے ہین۔ بالفعل جو کام میرے لڑکون کے سپرد ہین وہ حسب ذیل ہین میرے بڑے لڑکے **حبیب اللہ خان** کو وہی کام کرنا ہوتا ہے جو مجھے یا کسی اور امیر افغانستان کو کرنا ہوتا تھا سوائے چند جدید دفاتر کے جیسے فارن آفس جو مین نے خاص اپنے متعلق رکھا ہے۔ حبیب اللہ کا روزانہ کام یہ ہے کہ وہ دس بجے صبح سے دربار کرتا ہے اور چار یا پانچ بجے تک دربار برخاست ہوتا ہے روز شنبہ اور پنجشنبہ کو معتمدین دربار تمام عرضیان اور خطوط جو بذریعہ پوسٹ یا سوار ہرات۔ قندہار۔ بلخ۔ غزنی جلال آباد۔ ہندوستان یا میرے ملک کے اور مقامات سے آئے ہون اوس کے ملاحظہ مین پیش کرتے ہین۔ مختلف محکمون کے روزانہ اخراجات کے


متعلق خزانہ پر احکامات جاری ہوتے ہین - فوجی گورنرون اور
سول افسرون اور کارخانون اور میگزین اور تعمیرات عامہ و دفتر
مالگذاری وغیرہ کی رپوٹین تیار ہوتی ہین اور عہدہ داران متعلقہ
کے حوالہ کیجاتی ہین - وہ لوگ کاغذات اور جوابات خطوط وغیرہ
پر اوس کی مہر اور دستخط لیتے ہین اور بذریعہ پوسٹ اون کو روانہ
کرتے ہین - اسکے بعد اور جو کچھ کام پیش ہوتا ہے اوسے انجام
دیتا ہے تا اینکہ اوس کے آرام کا وقت آجاتا ہے البتہ سواری
اور ہوا خوری کے لئے وہ کچھ وقت بچاتا ہے قبل سونے کے
چند منٹ کے لئے وہ میرے دربار مین بھی حاضر ہوتا ہے اور اگر
ضرورت ہوئے تو صبح کو بھی میرے پاس آتا ہے - سشنبہ کو
وہ فوجی دربار کرتا ہے اور کل فوجی افسر اوس کے ساتھہ کھانا کھاتے
ہین - وہ فوج کے لئے نئے جوان بھرتی کرتا ہے - کل فوجی امور
کا انتظام کرتا ہے اور فوجی جرایم یا فوجی مناقسات وغیرہ کا فیصلہ

کرتا ہے چہارشنبہ کو اہل قلم کا دربار ہوتا ہے جہان سول عہدہ دار
جو کابل مین موجود ہون حاضر ہوتے ہین اور سول مقدمات کا فیصلہ
کرتا ہے۔ جو اوسکے سامنے پیش ہوتے ہین۔ ہفتہ کو ملزمین کی
تحقیقات کرتا ہے جو قابل سزا ہوتے ہین وہ قید کئے جاتے ہین
اور جو بے گناہ ثابت ہوتے ہین۔ اونھین بری کرتا ہے۔ مقدمات
فوجداری جو کوتوالی اور دوسرے ذریعون سے پیش ہوتے
ہین اون کی تحقیقات کرتا ہے اور مرافعہ وغیرہ سنتا ہے۔ اتوار
کو وہ کل کارخانون۔ صنعت وحرفت کے مدرسون اور ہر قسم کے
میگزینون کا معائنہ کرتا ہے جو کابل مین موجود ہین اور کاریگرونکی
درخواستون کو سنتا ہے اور اونہین اوسکے حسب لیاقت
ترقی و وظیفہ و رخصت وغیرہ دیتا ہے۔ جمعہ اوس کے لئے
یوم الراحت ہے اور روزوہ میرے پاس رہتا ہے یا شکار کو جاتا
ہے وہ برابر نماز جمعہ مین بھی شریک ہوتا ہے اور اپنی والداؤن

اور عزیزون کی ملاقات کو جاتا ہے۔

میرے ملک کی کل عدالتون مین طریقہ تحقیقات مقدمات بہت آسان ہے۔ ہر شخص مجھ سے اور میرے گورنمنٹ کے بڑے عہدہ دارون سے ملسکتا ہے اور بلا وساطت وسفارش اپنا مقدمہ بیان کرسکتا ہے۔ مقدمہ کی شہادت اور ثبوت کے بموجب مین اور میرا لڑکا فوراً فیصلہ کردیتا ہے۔ اگر کوئی شخص پبلک مین اپنا مقدمہ بیان کرنا نہین چاہتا تو اوسے اختیار ہے ساری کیفیت لکھ کر پیش کرے اس طریقہ سے لوگون کی طولانی عرضیان پڑھنے مین وقت بہت ضایع ہوتا تھا اس لئے کہ لوگ زبان ہلانے مین بڑے کاہل ہین۔ مگر جب لکھنے پر آتے ہین تو فضول ورق کے ورق سیاہ کرڈالتے ہین۔ اس لیے مین نے یہ حکم جاری کیا ہے کہ عدالتی عہدہ دارون کے سوا ہر شخص جو تحریری استغاثہ پیش کرنا چاہے تین روپیہ کا اسٹامپ خریدے اور اوسپر عرضی لکھے

اس سے وہ فضول تکلیف جو طولانی عرایض کے پڑھنے مین
ہوتی تھی رفع ہوگئی۔ معتمدین عدالت ان عرضیون اور خطونکے
خلاصہ پیش کرتے ہین جو شتغیث میرے لڑکے کے روبرو
استغاثہ پیش کرنے کے لئے حاضر ہوتے ہین۔ ایک
چوبی کٹہرہ کے پیچھے کھڑے رہتے ہین اور باری باری ایک
ایک شخص بڑہکر استغاثہ پیش کرتا ہے۔ اس کام کے لئے عرضبیگی
معین ہین جو اُنہین باری باری پیش کرتے ہین۔ اگر کوئی ضعیف
عورت یا ضعیف مرد یا اور کوئی شخص جو بوجہ ضعف کے یا اور کسی وجہ
سے اپنا معاملہ اچھی طرح سے نہ بیان کرسکے تو عرض بیگی مدعیونکے
سامنے باآواز بلند کل حال اوس سے عرض کرتے ہین جسپر وہ
تحقیقات کرکے آخری فیصلہ کرتا ہے۔ میری عدالتون مین امیر
وغریب کے لئے کوئی امتیاز نہین رکھا گیا ہے۔ اگر ایک فقیر
اور ایک شاہزادہ دونون ایک دوسرے کے شاکی ہون



تو دونون برابر خیال کئے جاتے ہین۔ اور دوران تحقیقات
مین میرے یا میرے بیٹے کے سامنے دونون برابر کھڑے
ہوتے ہین۔ اب افغانستان مین وہ قدیم زمانہ کا لغو طریقہ باقی نہین
ہے۔ جب با اختیار لوگ اپنے دوستون کی سفارش سے
غریب اور کمزور کے مقابلہ مین خاص رعایتین حاصل کر لیتے تھے
بعض پیچیدہ اور طولانی مقدمات جن کے لئے بہت کچھ شہادتون
کی اور ثبوت کی ضرورت پڑتی ہے۔ میرا بیٹا حبیب اللہ خان
اوّل ابتدائی تحقیقات کے لئے عدالت امور مذہبی یا عدالت
فوجداری یا عدالت مالگذاری و تجارت مین جہان سے اوس
مقدمہ کا تعلق ہو بھیجدیتا ہے۔ اِسکے بعد وہ مقدمہ آخری فیصلہ
کے لئے مختصر ہو کر میرے سامنے پیش ہوتا ہے۔ حبیب اللہ
کا چھوٹا بھائی نصر اللہ صدر محاسب اور دفتر حساب فہمی کا افسر اعلیٰ
ہے حسابی مقدمات مین جب فریقین کے حسابات محاسبین

کے فیصلہ کے مطابق اچھی طرح پر طے ہو جاتے ہین تو ثالثی
کی طرف سے اوپر مہر ہوتی ہے بعد ازان نصر اللہ کی منظوری
حاصل کی جاتی ہے اور اوس دست آویز پر نصر اللہ کی مُہر اور
دستخط ہوتے ہین اور نزاع کا فیصلہ ہو جاتا ہے۔ اگر کسی مقدمہ
مین فریقین محاسبین کے فیصلہ کو جو حسابات کے متعلق ہوا ہو منظور
نکرین۔ تو ثالثی۔ نصر اللہ کے سامنے اوس مقدمہ کی مکرر جانچ
کر کے آخری فیصلہ کرتی ہے۔ جو مقدمات نصر اللہ کے اختیار
سے باہر ہوتے ہین وہ حبیب اللہ کے پاس یا میرے پاس
بھیجدیے جاتے ہین۔ میرے دوسرے بیٹے ابھی اتنے
بڑے نہین ہین کہ کسی خدمت پر مقرر کیے جائین۔

سنہ ۱۸۹۱ء سے حبیب اللہ کو کل امور مملکت جو اوپر بیان ہوے
سپرد کیے گئے۔ جیسے میرے لئے کوئی خاص دن کسی خاص
کام کا معین نہین رہا لیکن جسوقت سے مین بیدار ہوتا ہون اور

جب تک سونے کو لیٹتا ہون جو کچھ کام میرے سامنے پیش
ہوتا ہے اوسے نہایت شوق سے اوسی وقت کر دیتا ہون۔

اہل دربار کے لئے ایک امام مقرر ہے جو دن مین پانچ وقت
نماز پڑہاتا ہے اور تمام ملک مین محتسب مقرر ہین جو لوگون کو مسجد
مین آنے اور نماز پنجگانہ پڑہنے کی ہدایت اور ماہ صیام مین روزہ
رکھنے کی تاکید کرتے ہین۔ اسپر بھی اگر لوگ انحراف کرتے ہین
تو اونھین درّے لگائے جاتے ہین۔ اسلئے کہ جو قوم اپنی مذہب
کی پابند نہ ہو اوس کے اخلاق بگڑ جاتے ہین اور تباہ و برباد
ہو جاتی ہے کیونکہ بداطواری کی وجہ سے لوگ اس دنیا مین بھی
خوش نہین رہتے اور عقبیٰ مین بھی ذلیل ہوتے ہین۔ میرے
ملک مین دوسرے مذاہب کے جو لوگ ہین اونھین میرے ہم
مذہب لوگون سے بھی زیادہ آزادی حاصل ہے اور اونکے
ساتھہ کوئی متعصبانہ سلوک نہین کیا جاتا۔ اونہین میری گورنمنٹ

مین اعلےٰ سے اعلیٰ عہدہ ملتے ہین جو چیز انگلستان مین بالکل
خلاف قانون سمجھی گئی ہے یعنی وہان جو لوگ اسٹیبلشڈ
چرچ انگلستان کے پیرو نہین ہین - وہ بعض خدمتون سے محروم
کیے جاتے ہین - میرے یہان ایسا نہین ہے مین ایک سنّی
ہون مگر میرے ملک مین بعض اعلیٰ سے اعلیٰ خدمتون پر شیعی
اور ہندو ممتاز ہین -

ہر شخص اپنا استغاثہ میرے سامنے اسطرح پیش کرسکتا
ہے کہ وہ در دولت پر حاضر ہوتا ہے اور عرض کرتا ہے کہ مجھ سے
ملنا چاہتا ہے مین اوسے فوراً اندر بلا لیتا ہون تاکہ جو کچھ کہنا ہے
مجھسے کہے یا اپنی کل کیفیت لکھکر ناظر یا اوس کے مددگار یا میرے
معتمدین مین سے کسیکو دیدے یا اگر چاہے تو ڈاک مین ڈالدے
مگر اس صورت مین اوسے لفافہ پر یہ لکھنا چاہیئے کہ سوا امیر کے
اور کوئی اوسے نہ کھولے - ایسے کل خطوط مین اپنے ہاتھ

سے کہولتا ہون اور اگر ضرورت ہوئی تو جواب بھی اپنے ہاتھ
ہی سے لکھتا ہون - اور مستغیث کے پاس اُسی طرح پر روانہ کردیتا
ہون جسطرح پر اوسکا خط میرے پاس آیا ہو - اگر وہ ان ذرایع سے
بھی اپنی عرضی مجھہ تک نہ پہونچا سکے تو میرے خانگی اور سرکاری
مخبرون کے اور خفیہ پولیس کے ذریعہ سے مجھہ تک پہونچائے
اگر وہ لوگ کسی مقدمہ کو مجھہ تک پہونچانے مین دریغ کرتے
ہین تو اونہین سخت سزا دیجاتی ہے - فی الحقیقت افغانستان مین
یہ بات مشہور ہے کہ ہر شخص میرے دستخط بنا سکتا ہے اور ہر گھر
مین ایک خفیہ پولیس کو راہ ہے - حالانکہ اسمین بہت مبالغہ ہے -
میرے کل شاہی مکانات نہایت پُر فضا ہوا دار مقامات پر بنائے
گئے ہین - اور اوسکے گرداگرد باغات ہین - اِن مکانون کی تعمیر
اس وضع پر ہوئی ہے کہ موسم سرما و گرما دونون کے لئے بکار آمد
ہوسکین - یعنی موسم سرما کیلئے گرم کمرے موجود ہین اور موسم

گرما کے لئے کھلے ہوئے برآمدے اور بڑی بڑی کھڑکیان ہین - کمرون کی تقسیم اسطرح ہوئی ہے کہ اگر کوئی مکان مین بیٹھہ کر ان کھڑکیون سے موسم بہار کا لطف اوٹھانا چاہے - تو شگوفہ ہائے درخت اور موسم خزان مین زرد زرد پتون کی بہار یا کھلی ہوئی برف کے چمکتے ہوئے ابشار صاف نظر آتی ہے اور شب ماہ کا سمان بہی عجب دلفریب ہوتا ہے مین عموماً موسم گرما اور موسم بہار اور خزان شہر کے باہر گذارتا ہون اور آٹھہ آٹھہ دن تک خیمون مین رہتا ہون جو اُن پر فضا مقامات مین نصب کئے جاتے ہین یہان سے گلہائے رنگارنگ وغروب آفتاب کا لطف اور موسم خزان کی زرد زرد بہار دکھائی دیتی ہے - مین ہمیشہ سے خوبصورت فضا - پہول - سبزہ - راگ - تصاویر اور ہر قسم کی صنعت کردگار کا شیفتہ ہون -

میرا روزانہ یونیفارم نہایت سادہ اور یوروپین وضع کا ہوتا ہے

خاص خاص موقعون پر مین فوجی یا ڈپلومٹیک یونیفارم پہنتا
ہون۔ شب کو یا اور فرصت کے وقت مین عربی یا ترکمانی یا منگولی
وضع کا لباس پہنتا ہون جو چینی یا جاپانی اطلس کا ہوتا ہے۔ ایک
چھوٹی سی کلاہ بھی پہنتا ہون جسپر مختصر سی حریر یا ململ کی پگڑی بندھی
ہوتی ہے یہ ڈیہیلا لباس پہنے اور اوتارنے مین بہت آسان
ہوتا ہے اور خاصکر بیماری کی حالت مین بہت آرام دیتا ہے۔
جہان کہین مین ہون سفر ہو یا حضر ہمیشہ میرے خدمتیون کا
مدرسہ ساتھہ رہتا ہے۔ اس مدرسہ مین اونکو مذہبی تعلیم دی جاتی
ہے اور تاریخ جغرافیہ علم حساب السنہ جدیدہ سکھائے جاتے
ہین اوسکے علاوہ بندوق کے نشانہ بازی کی مشق کرتے ہین
جس وقت اون کا ایک گروہ میرے پاس حاضر رہتا ہے دوسرا
گروہ تعلیم مین مصروف ہوتا ہے القصہ جب وہ تحصیل علم سے
فارغ ہوکر بڑے ہوتے ہین اُنہین خدمتین ملتی ہین۔

اوارۂ فوج مین ایک پلٹن ہے جس کا نام خانہ آبادی ہے
اس پلٹن مین فوجی افسرون اور امیرونکے چھوٹے چھوٹے بچے بھرتی
ہین۔ اونہین قواعد سکھائی جاتی ہے اور فنون جنگ کی
تعلیم دی جاتی ہے بعدازان مختلف رجمنٹون اور پلٹنون مین
مقرر کئے جاتے ہین۔

مین اور میرے چند عہدہ دار سگرٹ پیتے ہین۔ اور بعض
حقہ کے عادی ہین۔

میرا روزمرہ بہت ہی سادہ ہے۔ جب مین کام مین مصروف
رہتا ہون تو اثنار کار مین ذرا ٹھہر کر اپنے عہدہ دارون اور اہل
دربار سے باتین بھی کرلیتا ہون۔ شام کو شطرنج اور بیک گیمن
کھیلنے والے میرے سامنے کھیلا کرتے ہین مین اون کا کھیل
دیکھتا ہون اور کبھی خود بھی کھیلتا ہون مگر ایسا اتفاق بہت کم ہوتا
ہے۔ قوال۔ گویئے۔ حاضرین مجلس کا دل بہلانے کے لئے

گاتے بجاتے رہتے ہین اور کبھی مین بہی دو ایک منٹ کیلئے
اون کا گانا سن لیتا ہون - مجھے راگ کا بہت شوق ہے اور میرے
قصرون مین ہمیشہ عمدہ سی عمدہ پیانو - ستار - وائیولن (سارنگی) بیگ
پائپ وغیرہ رکھے رہتے ہین - مجھے خود راگ مین دخل ہے اور
وائیولن و رباب بجا سکتا ہون - میرے عہدہ دار میرے پاس حاضر
رہنے کی آرزو کرتے ہین - اس لئے کہ یہ سارے سامان عیش جو
مین نے فراہم کئے ہین اوس کا لطف اوٹھاتے ہین - جو لوگ
ایمانداری اور وفاداری سے میرا کام کرتے ہین اون کے ساتھ
مین دوستانہ طرز رکھتا ہون - اون سے مزاح بھی کرتا ہون اور بعض
وقت وہ بھی ہنسی دلگی کرتے ہین غرض کہ ہمیشہ چہل پہل رہتی ہے
مگر جو لوگ مکار و بیوفا ہین اونکے ساتھ مین بہت سختی سے پیش آتا
ہون - بقول سعدی شیرازی ؎

نکوئی با بدان کردن چنانست	کہ بد کردن بجائے نیکمردان

مین پلنگ پر لیٹتے ہی سو نہین جاتا - اوسوقت میرا کتاب خوان جو خاص اس کام کے لئے مقرر ہی - پلنگ کے پاس بیٹھکر کوئی کتاب پڑہتا ہے مثلاً مختلف ملکون اور لوگون کی تواریخ یا بڑے بڑے بادشاہون اور ریفارمرون کی سوانح عمری یا علم جغرافیہ وسیاست مدن کی کوئی کتاب مین سنتا ہون یہانتک کہ نیند آجاتی ہے اوسوقت ایک داستان گو آتا ہے اور وہ صبح تک داستان بیان کرتا رہتا ہی اس سے مجھے بہت آرام ملتا ہے کچھ داستان گو کی بکواس میرے تہکے ہوئے دماغ کو اور اعصاب کو تسکین دیتی ہے -

مین نے خود بھی کئی کتابین لکہی ہین جو مطبع کابل مین چھپی ہین - اسطرح بآواز بلند کتاب خوانی سے مجھے کئی فائدہ ہین اول تو یہ کہ مین نے اپنی عمر مین ہزارہا کتابین پڑہا کرسن لین جس سے میری معلومات مین بہت وسعت ہوئی - علاوہ اسکے جو کچھ قصہ کی صورت مین بیان کیا جائے وہ اچھی طرح یاد رہتا ہے -

اسمین شک نہین کہ قصے اغراقات و توہمات سے بھرے ہوتے ہین۔ تاہم اِن سے قدیم لوگون کے خیالات اور عادات کا بہت کچھ حال معلوم ہوتا ہے اور مین اس زمانہ کی ترقی کو اوس سے مقابلہ کرتا ہون۔ دوسرا فائدہ اس داستان کا یہ ہے کہ مین شور و غل مین سونے کا عادی ہوگیا ہون اور مجھے میدان جنگ مین بھی نیند آسکتی ہے۔

مین حسب ذیل زبانین لکھ پڑھ سکتا ہون اور بول سکتا ہون۔ پشتو جو افغانستان کی قدیم زبان ہے۔ فارسی جو میرے دربار اور عدالت کی زبان ہے۔ ترکی جو میری ترکمانی رعایا کی زبان ہے علاوہ ان کے مین روسی۔ عربی اور ہندوستانی بھی جانتا ہون گو عربی اور ہندوستانی زبان مین مجھے پورا دخل نہین مگر تاہم مین اونہین سمجھ سکتا ہون۔ مین ہمیشہ ہر چیز کے متعلق کچھ نہ کچھ دریافت کرتا رہتا ہون اور کوئی نئی بات معلوم کرنے کا موقع

ہاتھ سے نہین دیتا۔ جب کبھی کوئی غیر ملکی یا میرے ملک کا آدمی میرے پاس آتا ہے مین اوس سے ہر قسم کا سوال کرتا ہون خاصکر اُن امور کے متعلق جس مین اوسے پوری واقفیت ہو۔ اسطرح مین ہر شخص سے کچھ نہ کچھ سیکھتا ہون۔

اعیاد و تعطیلات

افغانستان مین پانچ عیدین معین ہین۔

(۱) عید الفطر (۲) عید الضحیٰ (۳) شب برات (۴) نوروز جو ہر سال ۲۱ مارچ کو ہوتا ہے ان عیدون مین مین اپنے عہدہ داران اور نوکرون کو خلعت و انعام دیتا ہون اور اپنے عزیز و اقارب کو ہدایا بھیجتا ہون۔ عیدین مین تجار میرے پاس تحفے گذرانتے ہین۔

نوروز کے دن مین کل سامان جنگ ہتیار اور مختلف اسباب

تجارتی کو جو سال بھر مین کابل کے کارخانون اور ورک شاپون
مین تیار ہوتا ہے (علاوہ اوس سامان کے جو گودامون مین بھرا
ہے) معائنہ کرتا ہون اور کاریگرون کو ہر چیز کی عمدگی یا نقص کے
موافق انعام دیتا ہون یا اون پر جرمانہ کرتا ہون اور سال آیندہ کے
لئے ہدایت کرتا ہون اور نقص بتا کر یہ حکم دیتا ہون کہ آیندہ زیادہ
خیال رکھا جاے۔ جو توپین بندوقین کارتوس وغیرہ میرے
معائنہ سے گذرتے ہین داغکر اون کا امتحان کیا جاتا ہے۔ بعد
ازان وہ سرکاری سلاح خانون مین اور سیگزینون مین بھیجدیے
جاتے ہین۔ جو ناقص ہوتے ہین وہ بغرض اصلاح پھر ورکشاپ
کو واپس کیے جاتے ہین۔

پانچوان جشن خطاب ضیاء الملت والدین کی یادگار مین ہے
جو مری قوم نے مجھے عطا کیا۔ یہ خطاب ۲۵ مئی ۱۸۹۶ء مین
عید الضحے کے دن مجھے دیا گیا تہا مگر چونکہ افغانستان کے کل

شہرون اور ضلعون کی منظوری ماہ اگست مین مجھ تک پہونچی جو شمسی
مہینون کے حساب سے چوبیسوین آذر کی تھی اس لئے یہ جشن
ہمیشہ ۲۴ آذر کو ہوتا ہے۔

میری گورنمنٹ کے آرڈرز (یعنی تمغے) وغیرہ جو مختلف
عہدہ دارون کو دئے گئے ہین حسب ذیل ہین۔
تمغائے شرافت۔ تمغائے عزت۔ تمغائے شجاعت۔ تمغائے
دیانت۔ تمغائے صداقت۔ تمغائے اخلاص۔ تمغائے خیرخواہی
اسلام۔ یہ آخری تمغہ بس ایک شخص کو عطا ہوا ہے وہ میر منشی
سلطان محمد خان ہے جن کو ۱۸۹۳ء مین اوسدن یہ تمغا ملا ہے
جس روز میری گورنمنٹ اور سر مارٹمر ڈیورانڈ کے عہدنامہ پر دستخط
ہوئے۔ یہ سب تمغے طلائی ہین مگر ان مین سے بعض جواہرات
سے مرصع ہین اسکے علاوہ بہت سے نقری تمغے بھی ہین جو
اہل فوج کو اونکے کارہائے نمایان کے صلہ مین دئے جاتے

ہین - تمغے پر اوس مقام کا نام جہان فتح حاصل ہوئی ہو کندہ ہوتا ہی -

اگرچہ مجھے یقین نہین کہ ہمارے مقدس نبی نے کبھی یہ حکم دیا کہ بے بیان گھرون مین بند کر کے رکھی جائین - اس مسئلہ پر ہمیشہ بحث ہوئی ہے - مگر زمانہ قدیم سے امرا اور دولت مند لوگون مین یہ رواج چلا آتا ہے کہ اپنی بی بیون کو حرم مین رکھتے ہین یعنی مکانون مین اون کے رہنے کے لئے علیحدہ جگہ معین ہوتی ہے - وہ بے بیان جو مکانون سے باہر نہین نکلتی ہین اونکے لئے کچھہ سلسلہ روابط و اخبار ہونا ضرور تھا - اسکے لئے یہ انتظام کیا گیا ہے کہ میرے ہر حرم سرا مین کئی پیش خدمت لڑکے اور چند عورتین مقرر ہین - ان سب کے اوپر ایک نوجوان عورت سردار ہوتی ہے جو مردانہ لباس پہنتی ہے - یہ نوکر پیام و سلام و خطوط لیجاتے ہین - مین نے قدیم طریقہ خواجہ سراؤن کا جو اول حرم سراؤن مین نوکر ہوتے تھے اوٹھا دیا ہے - ان نوکرون کے علاوہ

میری بی بیون کے خانگی محکمے ہین اور اون کے ذاتی ملازمین
مثل عرض بیگی۔ دربان۔ خزانچی۔ میر آخور اور داروغہ توشک
خانہ وغیرہ ہین میری بیبیان اگر کہین جانا چاہین تو گاڑیون مین
جا سکتی ہین یا نقاب پہنکر گھوڑونپر سوار ہو کر جا سکتی ہین۔

باب پنجم

تعلقات انگلستان و افغانستان

یَا اَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اَوْفُوْا بِالْعُقُوْدِ ○

آسایش دو گیتی تفسیر این دو حرف است	با دوستان تلطف با دشمنان مدارا

اس باب کے عنوان سے تو لوگ یہ سمجھین گے کہ مین برطانیہ اعظم اور افغانستان کے تعلقات جو ابتدا سے چلے آتے ہین اور دونون ملکون کی سرحدین جو وقتاً فوقتاً بدلتی رہتی ہین - اونکے متعلق جو دونون

لہ اپنی قسمون اور اپنے وعدون پر مستقل رہو -

سلطنتون مین مراسلت وغیرہ ہوئی ہے اوس کا ذکر کرون گا۔ اور
ان دونون کے آیندہ تعلقات کے متعلق کچھ اپنی راے ظاہر کرونگا
مگر ایسا نہین ہے۔ ان دونون امور کی نسبت مین نے علحدہ دو باب
لکھے ہین۔ جن مین حدود افغانستان اور آیندہ تعلقات کے بابت بحث
کیگئی ہے۔ اس باب مین فقط خاص خاص امور کا ذکر کرتا ہون جو میرے
ملک اور برطانیہ اعظم کے درمیان میرے عہد مین واقع ہوئی ہین اور بہت
اختصار کے ساتھ بیان کرونگا۔ اسلیئے کہ جو کچھ میرے دل مین ہے وہ
سب بالفرض اگر مین بیان بھی کرسکون۔ تو اوسکا ذکر کرنا خلاف مصلحت ہوگا۔
ایک خاص امر جو میری ابتدا تخت نشینی سے آجتک انگریزون
اور افغانون کے درمیان معرض بحث مین ہے اور جس کے
متعلق مختلف رائین ظاہر کیگئین ہین۔ مین اوس کی نسبت کچھ
بحث نہ کرونگا۔ مجھے اونکے اختلاف سے کچھ تعلق نہین۔ اسلیئے
مین یہ چیز اونہین لوگون پر چھوڑتا ہون۔ کہ وہ آپس مین خود اس

بات کا فیصلہ کر لین۔ وہ امر زیر بحث یہ ہے۔ بہت سے انگریز
اور انگریزی اخبار یہ کہتے ہین "کہ ہمنے امیر عبدالرحمن خان کو کابل
کا تخت عطا کیا لہذا وہ ہمارے نوکر ہین" افغان لوگ یہ جواب
دیتے ہین۔ کیا انگریزون نے امیر عبدالرحمن خان کو دعوت دی
کہ آپ روس سے آیئے اور کابل کا تخت قبول کیجیے۔ ہرگز نہین
کیا برٹش گورنمنٹ نے اونہین روس کی نگرانی سے آزادی دلائی
یا روس سے درخواست کی کہ اونہین یہان آنے دیجیے تاکہ تخت
کا دعوی کرین۔ ہرگز نہین۔ کیا برٹش گورنمنٹ نے امیر عبدالرحمن
خان کو روس مین کہلا بہیجا تہا کہ اگر آپ کی خواہش ہو تو تخت
کا دعوی کیجیے۔ ہم اسبات کے منتظر ہین کہ کوئی دعویدار پیدا ہو۔
نہین۔ کیا انگریزون نے اونہین تخت نشینی سے پہلے کوئی
مالی مدد دی یا روس سے کابل تک اونکے اخراجات سفر ادا کیے
یا اور کسی قسم کی مدد کی۔ نہین۔

افغانون کا یہ بیان ہے کہ جسوقت امیر عبدالرحمن خان سرحد
افغانستان پر پہونچے میر سلطان مراد بیگ اور دوسرے میران
کتغان و ترکستان نے اونہین روکا۔ اور کابل مین آنیکو مانع ہوئے
اسلیئے کہ جو انگریز کابل مین تہے اونکا یہ خیال تہا کہ امیر عبدالرحمن خان
روس کی اجازت سے اوس کے فرستادہ آئے ہین۔ اس سبب سے
وہ چاہتے تہے۔ کہ وہ کابل مین نہ آنے پائین اور خود بھی ملک پر
مسلط نہ ہو سکتے تہے اسلیئے کہ وہانکے لوگ بہادر سپاہی ہین اور یہ ملک
بہی مابین انگلستان و روس نیوٹرل خیال کیا جاتا تہا۔ اسلیئے اونہون نے
کابل کا تخت موسی جان اور دوسرے دعویدارونکو دینا چاہا لیکن جب
دیکھا کہ عبدالرحمن خان بہ تائید الٰہی اپنی ہی قوت بازو سے اون تمام دشمنونپر
غالب آئے جو اونکی راہ مین حائل ہوئین اور کل امیرون نے اونکی اطاعت قبول
کی اور سارا ترکستان فتح کر لیا۔ اور قندز مین داخل ہو گئے جہان ہزارہا غازی اور
تمام فوج اون سے جا ملی۔ اور موسی جان نے تخت سے انکار کیا

کوئی اور دعویدار بھی تخت کے لئے پیدا نہ ہوا۔ سارے ملک
مین غازیون کے اجتماع سے ولولہ پیدا ہوگیا۔ اور انگریزون کی
مخالفت کا خیال روز بروز پھیلنے لگا۔ ایوب ہرات سے قندہار
کو روانہ ہوا کہ انگریزی فوج پر حملہ کرے۔ اوسوقت انگریزون کو بجز
اسکے اور کچھ بن نہ آئی کہ امیر عبدالرحمن خان کے ساتھ اتحاد پیدا
کرین تاکہ ملک سے صحیح وسلامت اپنے گھر پہونچین۔ دراصل ہم
افغانیون نے اپنے وکیل اور نائب بھیجکر عبدالرحمن خان کو روس
سے بلایا کہ آپ یہان تشریف لائے۔ اور ہمارے بادشاہ
بنئے۔ اونہون نے ہماری درخواست منظور کی اور روس سے روانہ
ہوئے۔ اگر کوئی شخص ذرا تکلیف گوارا کرکے اوس مراسلت کو پڑھے
جو سر لیپل گریفن اور عبدالرحمن خان مین ہوئی ہے وہ خود اس باتکا
فیصلہ کریگا۔ اوسمین امیر نے صاف لفظون مین یہ لکھا ہے کہ مین
بجز رعایائے افغانستان اور کسی کے ہاتھ سے تخت قبول

نکرونگا۔ چنانچہ ہم نے اونہین بمقام چاریکر بادشاہ بنایا اوس کے
بعد وہ کابل مین داخل ہوے۔ اور تب سر لپل گریفن بہی اون سے
ملنے آئے۔ البتہ ہمارے اس اعلان کی سر لپل گریفن اور دوسرے
برٹش افسرون نے جو اوسوقت کابل مین موجود تہے تصدیق کی اور
وہ سب بطریق دوستانہ امیر سے رخصت ہوے۔ امیر نے اپنی
تئین بہت ہی صادق القول ثابت کیا اسلئے کہ جو انگریزی فوج
اسوقت کابل مین تہی وہ ۱۸۴۰ء سے بہی زیادہ نازک حالت مین
تہی کیونکہ اونہین یہ خبر پہنچ چکی تہی کہ قندہار مین انگریزی فوج پسپا
ہوئی۔ مگر امیر نے ایسا انتظام کردیا کہ وہ سب بحفاظت تمام ملک
سے روانہ ہوگئے۔ انگریزی گورنمنٹ جو امیر کو ماہانہ روپیہ کی مدد
دیتی ہے۔ اگر اوس کی کوئی غرض نہ ہوتی تو کبہی کچھ نہ دیتی۔ امیر
یہ سب روپیہ بلکہ اس سے زیادہ انگلستان سے ہتیار اور اسباب
جنگ منگانے مین صرف کرتے ہین۔ تاکہ سرحد ہندوستان

کی حفاظت کیلئے کام آئین - امیر بعض مقامات کے دعوے سے
بھی دست بردار ہوگئے ہین - اور بغیر اطلاع گورنمنٹ ہند کسی
غیر سلطنت سے مراسلت بھی نہین کرتے - اونہون نے دشمنان
ہند کی شرکت سے بھی علیحدگی اختیار کی ہے - اور جو کچھہ
گورنمنٹ ہند کے ساتھہ وعدہ کیا ہے اوسپر قایم ہین - اگر انگلستان
اون کی دوستی کو قابل قدر نہ سمجھتا تو اونہین ماہانہ رقم امدادی نہ دیتا -
اس لئے کہ ہندوستان مین اور بہت سے والیان ملک
شاہزادے نواب اور راجہ موجود ہین جن مین بعض مثلاً سرکار نظام
کا ملک امیر کے ملک سے بھی بڑا ہے - مگر کسی کے ساتھہ اس
قسم کی مدد نہین کیجاتی علاوہ برین یہ امدادی رقم امیر کے دادا کے
وقت سے چلی آئی ہے جو کل والیان افغانستان کو دیگئی اس سے
غرض یہ ہے کہ افغانستان کی حفاظت اور قوت کی بدولت
ہندوستان بھی غیر حملون سے محفوظ رہے - مین عام لوگون کی

ان باتون مین کچھ دخل نہین دیتا - یہ بحث مین اونہین لوگون پر
چھوڑتا ہون - وہ خود آپس مین فیصلہ کرلین - انگلستان اور
اور افغانستان کا فائدہ اسی مین ہے کہ دونون مین اتحاد قایم
رہے اسلیے کہ اس اتحاد سے ہرایک کا ذاتی نفع ملحوظ ہے
مین اپنے اور ملکہ معظمہ کے بیٹون اور جانشینون کو یہ مشورہ دیتا ہون
اور وصیت کرتا ہون کہ ہمیشہ اس دوستی کو روز بروز اور مضبوط
کرتے جائین - اس لئے کہ ہندوستان اور افغانستان کی
حفاظت توام ہے - دونون کے اتفاق سے دونون کی قوت
ہے اور نفاق سے دونون کا زوال - مین جب تک لوگونکے
دلون سے یہ بات دور نہ کرلون کہ سر لیپل گریفن اور برٹش افسرون
نے جو کابل مین تھے میرے بادشاہ ہونے کے اعلان کو محض
تصدیق کیا اس بحث کو نظرانداز نہین کرسکتا - فی الحقیقت اونہون نے
دولت برطانیہ اور قوم افغان کے ساتھ بڑا سلوک کیا جو ایسے مدبر

طور سے دونون کی بحث کو ختم کیا۔

میری یہ رائے ہے کہ مسٹر پیل گریفن نے اپنی گورنمنٹ کی خیر خواہی مین اس معاملہ کو بڑی دانائی سے سلجھایا اور اس اتحاد کی بناڈالی۔ میرا خیال ہے کہ اونکے ساتھ ان خدمات کا پورا معاوضہ نہین کیا گیا۔ وہ مستحق ہین کہ لارڈ آف کابل کا خطاب پائین جیسے رابرٹس کو لارڈ آف قندہار کا خطاب ملا ہے۔

حضرت علیؑ فرماتے ہین۔ لَا تَنْظُرُوا اِلٰی مَنْ قَالَ وَانْظُرُوا اِلٰی مَا قَالَ۔ اس بحث سے کچھ غرض نہین کہ بارسنت کہ ہر زیادہ ہے۔ خاص بات یاد رکھنے کی یہ ہے کہ دونون قومونکے اغراض ایک ہین۔ مین نے اسی بات کا خیال کرکے اپنے عہد کے اول ہی روز سے یہ اتحاد بڑہانا شروع کیا۔ مین مارکوئس آف رپن کا بہت

لہ یہ مت دیکھو کہ کس نے کہا یا کس نے کہا بلکہ اس کی قدر کرو کہ کیا کہا اور کیا کہا۔

ہ لفظی ترجمہ انگریزی عبارت کا ہے جو اصل کتاب مین درج ہے۔ مترجم کے قول کی عبارت اگر اس ترجمہ سے مطابقت نہ کرے تو مترجم ذمہ وار نہین۔ مترجم

مشکور ہون جنھون نے اپنے زمانہ مین مجھے بہت مدد دی اور اس
دوستی کا ہر طرح پر یقین دلایا۔ اونکے وقت مین میرا پہلا سفیر جنرل
امیر محمد خان مقرر ہوا۔ جو بچپن سے میرا نہایت معتبر ملازم رہ چکا تھا۔
یہ شخص ایک نہایت ہوشیار اور تجربہ کار مدبر تھا۔ میرے دربار مین
بھی گورنمنٹ ہند کی طرف سے ایک مسلمان سفیر مقرر ہوا۔ جس سے
گویا گورنمنٹ ہند کے اخلاص کا اور زیادہ ثبوت ہوا۔ ۱۶۔ جون سنہ ۱۸۸۳ء
مین مارکویس آف رپن نے مجھے لکھا کہ حفظ حدود اور درستی فوج
کے لئے میری گورنمنٹ کو سالانہ رقم امدادی بارہ لاکھ روپیہ ملا کرینگے
اس موقع پر ایسے نیک نیت اور کشادہ دل وایسرائے کی نسبت
دو ایک لفظ لکھنا بیجا نہوگا۔ جسے کسی مذہب یا قوم کا کچھ تعصب نہ تھا
اور جسکا عقیدہ یہ تھا کہ خدا کے سامنے سب کو اپنے افعال کا جواب
دینا ہوگا۔ اوس نے اس اصول کی ہمیشہ پابندی کی کہ خدا کی نظر مین
مین سب برابر ہین۔ پس کوئی وجہ نہین کہ اوس خدا کے جانشینون

کے یہان جو اس دنیا کے بادشاہ ہین سب کے ساتھ مساوی
سلوک نہ کیا جائے - اوس نے ملکہ معظمہ کی رعایائے ہند کو
بھی وہی حقوق دینا چاہیئے جو گورے چمڑے والون کو حاصل تھے
اس بات سے بعض گورے چمڑے والے ناخوش ہوئے - مگر
اس سوئے تدبیر کی وسعت نے لوگون کو مسخر کر لیا - اور اون کے
دلون مین نہایت محبت اور وفاداری پیدا ہوئی اوس کے سارے
زمانۂ وایسرائلٹی مین میرے اور مارکوئس آف رپن کے درمیان
نہایت دوستانہ اور مخلصانہ تعلقات رہے -

ایک مشہور مثل ہے - کہ جس چیز کے پھیلانے مین سالہا سال
درکار ہوتے ہین - اوسکے سمیٹنے مین بھی برسون کی ضرورت
پڑتی ہے - پس یہ ممکن نہ تھا کہ جو مخالفت عداوت نفرت بے اعتباری
اور بدگمانی انگریزون اور افغانون مین پچاس برس سے چلی آتی تھی
اور جسکی وجہ سے دونون قومون مین جنگ و جدل اور کشت و خون

ہوا کیا۔ دفعتًا رفع ہو جاتی۔ دونون قومون کے لوگون نے ایک
دوسرے کے خلاف متعدد کتابین اور قصے لکھے جنمین
ایک دوسرے کو دغاباز بے اعتبار اور بد عہد کہا تھا۔ پس ان سب
باتون کا خیال کرکے اگر یہ امر دشوار نہین تو ایسا آسان بھی نہ تھا
کہ ان دونون قومون کے دلون سے گذشتہ واقعات محو کئے
جائین۔ اونکے خیالات کی اصلاح ہو۔ اور وہ ایک دوسرے
پر اعتبار کرنے کی طرف مائل کئے جائین خصوصًا ایسے وقت
مین جب اخلاص مندی بھی بدگمانی کی نظر سے دیکھی جاتی ہو
اس اتحاد کے خلاف مین بہت سے امور تھے۔ یہ بہت دشوار
تھا کہ دوستانہ تعلقات ایسے قوی ہون جیسا کہ ہونا چاہیئے
گورنمنٹ ہند کو نہ اتنا اختیار تھا کہ مجھے کافی مدد دے سکے یا
وعدہ کر سکے اور نہ اوسے میری دوستی اور صداقت اور وفاداری
پر اتنا بھروسہ تھا کہ خود اسکی پروا کرے مین بھی جیسا چاہیئے

ویسا دوستی کا اظہار عام طور پر نہ کرسکتا تہا۔ کیونکہ لوگ جاہل اور متعصب تہے۔ اگر مین انگریزون کی طرف اپنا میلان ظاہر کرتا تو لوگ مجہے کافر کہتے۔ اور یہ مشہور کرتے کہ مین کافرون سے ملگیا ہون اور میرے خلاف جہاد کا اعلان کرتے۔ مین جانتا تہا کہ جب تک اپنے ملک سے ان تمام متعصبون اور باغیون کو نکال نہ لون تب تک نہ پورے طور پر اپنی دوستی کا اظہار کرسکتا ہون۔ اور نہ اوس پر اچھی طرح عمل کرسکتا ہون۔ مین امیر یعقوب کی طرح بیوقوف نہ تہا۔ جس نے اظہار دوستی کی غرض سے بغیر لوگون کی منظوری حاصل کئے۔ بغیر اسکے کہ اپنے تئین اچھی طرح مضبوط بنائے۔ سر لوئی کیہنری اور اون کے مشن کی حفاظت کا ذمہ لے لیا۔ اس ذمہ کا بار اوٹھانا اوسکے اختیار سے باہر تہا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ کیہنری مارے گئے وہ خود تخت سے اوتار دیا گیا۔ اور قید ہو کر ہندوستان گیا۔ اور ہزارہا آدمی قتل ہوئے گورنمنٹ ہند نے میرے ساتھ

ایک عہدنامہ کیا تہا جسکی رو سے مین افغانستان کے
اندرونی دشواریون مین کچھہ دخل نہ دے سکتا تہا - پس ایسی
حالت مین اگر مین گورنمنٹ ہند کے ساتھہ اظہار دوستی کرتا - اور
رعایائے افغانستان مجھہ سے ناخوش ہوکر مجھہ پر جہاد کا اعلان
دیتی تو مجھے گورنمنٹ ہند سے کوئی توقع نہ تھی کہ اندرونی اور
خانگی دشواریون مین میری مدد کرے گی - اس کے علاوہ مین
اس دوستی کے لئے گورنمنٹ ہند سے ایسی خوشامد کی باتین
نہین کرنا چاہتا تھا - جس سے میرا نام بہی خوشامدیون اور بزدلونکی
فہرست مین داخل ہوتا - مین نے اپنے عہد مین وہ عزت و حمیت
دکھادی جو میری قوم کی موروثی صفت ہے اور مین نے بڑے
بڑے نازک وقتون مین کبہی اسے ہاتھ سے نہین دیا -

مین جانتا ہون کہ ایک کی دوسرے کی ناواقفیت نقیض کا
باعث ہوتی ہے اور جون جون یہ نقیض کہنہ ہوتی جاتی ہے -

اوس سے فسادات پیدا ہوتے ہین - اور کہنہ فسادات جنگ و
جدل اور تباہی کا باعث ہین - مین اسی لئے چاہتا ہون اور میری
یہ خواہش ہے کہ انگریز اور افغانان مین ارتباط بڑہے
جس سے باہمی تعلقات وسیع ہون - اسلئے کہ دونون قومون
مین جسقدر اعتبار بڑہیگا اوتنا ہی دونون کے لئے زیادہ مفید ہوگا -
مین نے اس بات کے لئے ہرچند کوشش کی مگر گورنمنٹ ہند
کی اون بدگمانیون کا کوئی علاج نہین - وہ اپنی جگہ پر یہ سوال پیش
کرتی ہے - کیا افغانستان کی دوستی بکار آمد ہے - یا نہین -
اگر ہے تو افغانستان پر اعتبار کیا جاسکتا ہے یا نہین - اگر وہ قابل
اعتبار ہین تو اون کی دوستی سے جو فائدہ ہوگا وہ اوس ذمہ داری
کا معاوضہ ہو سکتا ہے یا نہین جو ہمین اون کی حفاظت کے
لئے کرنا ہوگی - اگر بالفرض ان تمام باتون کا خاطر خواہ جواب
دیدیا جاے تب بھی ایک بڑا سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ آیا

پارلیمنٹ بہی یہ اختیار دیگی کہ یہ عہد و پیمان کئے جائین۔ اگر پارلیمنٹ
نے اس قسم کے عہد و پیمان کا اختیار بھی دیا اور روس کا سامنا ہوا
تو یہ امر ممکن ہے یا نہین۔ اگر ممکن بہی فرض کیا جائے تو نفع و نقصان
مساوی ہو گا یا نہین۔ اور جب دوسرا گروہ با اختیار ہو گا وہ اس انتظام
کو جو پہلے گروہ نے کیا ہے جائز رکہیگا۔ یا نہین۔ المختصر اونکی
ساری حکمت اوس بیدل نوکر کی سی ہے جو اپنے آقا کی بیماری
مین تیماردار تھا۔ آقا نے نوکر سے کہا مین بیمار ہون۔ جاؤ ڈاکٹر کو
بلا لاؤ۔ نوکر نے جواب دیا ڈاکٹر شاید اسوقت مکان پر نہ ملے
مالک نے کہا مین جانتا ہون وہ گہر ہی پر ہے۔ نوکر نے جواب
دیا اگر وہ گھر پر ہے تو شاید آئے یا نہ آئے۔ مالک نے کہا وہ
ضرور آئیگا۔ نوکر نے جواب دیا شاید اوس کے پاس دوا نہو۔
مالک نے کہا اوسکے پاس دوا ہے۔ نوکر نے عرض کیا کہ جناب
آپ جانتے ہین کہ موت یقینی چیز ہے اور ممکن ہے کہ اتنی زحمت

کے بعد بھی دوا کچھ فائدہ نہ کرے - پس جب قسمت مین مرنا
ہی ہے تو کیا مضائقہ اگر چند دن آگے مرے یا بعد -

مین گورنمنٹ ہند کو الزام نہین دیتا - کیونکہ اونہون نے
قوم افغان کی دوستی سے ابتک کوئی فائدہ نہین اوٹھایا اسلئے
کہ کسی نہ کسی پارٹی کی غلطی سے بجائے نفع اونھین افغانون
کی دوستی مین ہمیشہ خسارہ رہا - جنگ و جدل ہوا کی اور بہت
سی جانین تلف ہوتی رہین خصوصًا امیر شیر علی خان و یعقوب خان
کی بدسلوکی کے بعد اونھین کسی امیر پر زیادہ بھروسہ نہین
ہوسکتا - علاوہ اِن بدگمانیون کے ایک دوسرے کے اتحاد
مین اور بہت سے امور مانع ہین - یہ سب جانتے ہین کہ مشرقی
خیالات اور معاملہ فہمی کا طریقہ مغربی طریقہ سے بالکل الگ ہے
اور دونون مین زمین آسمان کا فرق ہے - علاوہ ازین اتنے
لوگ مفسدہ پردازی پر تُلے ہوئے تھے کہ اگر مارگوئس آف رپن

سا دور اندیش شخص اور سر الفرڈ لائل (فارن سکرٹری) و سر
ڈانلڈ اسٹوارٹ (کمانڈر انچیف) و سر پیل گریفن اور دوسرے
دانشمند عہدہ داران گورنمنٹ ہند سمجھ سے کام نہ لیتے اور مین
بھی روسیون کے وعدون سے جو امیر شیر علی اور یعقوب خان
کی تباہی کا باعث ہوئے پورا واقف نہ ہوتا تو مفسدین کا فقرہ
چل جاتا اور ہم دونون مین لڑائی ٹھن جاتی - امیر شیر علیخان
جو تمام دوست و احباب سمیت افغانستان سے جلا وطن ہوکے
ہندوستان مین پناہ گزین تھے ہمیشہ گورنمنٹ ہند کے
عہدہ دارون سے میرے خلاف مین غمازی کیا کرتے تھے
اس کے علاوہ چند افغانی سردار جنہین ملک مین لوٹ مار اور
جنگ و جدل کی عادت تھی اونھین میرے ہاتھون اپنی بداعمالیون
کی سزا پانا کب گوارا تھا لہذا اونھون نے یہ وتیرہ اختیار کرلیا
تھا کہ جھوٹے قصے گھڑ کر گورنمنٹ ہند کو بدظن کرین - مثلاً وہ یہہ

کہتے تھے کہ امیر اون تمام لوگون کو مارے ڈالتے ہین۔ جو
دولت برطانیہ کے دوست ہین یا جنھون نے خیرخواہی کی ہی۔
اِن جھوٹی باتون سے خواہ مخواہ عہدہ داران گورنمنٹ ہند
کے دلون پر کچھہ اثر ہوتا تھا۔ گو مارکوئس آف رپن اور اونکے
مشیر اور مین ہمیشہ یہ چاہتے تھے کہ کوئی شکر رنجی نہ ہونے
پائے تاہم مین نے یہ ضروری خیال کیا کہ میرے اور وایسرائے
ہند کے درمیان ایک ملاقات ہونا چاہیئے تاکہ دونون کے
دلون سے سارے شکوک رفع ہو جائین ایسی ملاقات مین ہم
زبانی اون ضروری امور کو طے کر سکتے ہین جو تحریراً نہین طے
ہو سکتے مگر افسوس ہے کہ اوسوقت تک اس ملاقات کی نوبت نہ
آئی۔ جبتک کہ مارکوئس آف رپن ہندوستان سے روانہ ہو گئے
اور اون کی جگہ لارڈ ڈفرن تشریف لائے۔ اوسوقت بعض اور امور
ایسے پیش آئے جنکی وجہ سے یہ ضرور ہوا کہ مین جلد وایسرائے

ہند سے ملون نہ صرف اظہار دوستی و خلوصیت مقصود تہا۔ بلکہ کچھ
اہم معاملے درپیش تہے۔ جنکے متعلق بحث کرنا ضرور تہا۔ یہہ
معاملات حسب ذیل تہے۔

روسیون نے اپنے اخبارون کے ذریعہ سے یہ افواہ
اوڑائی تہی کہ انگریزون نے کابل کو امیر عبدالرحمن خان کی
دوستی کیوجہ سے نہین چہوڑا بلکہ ملک سے بہاگ گئے
لہذا مین چاہتا تہا کہ خود ہندوستان جاکر وایسرائے سے
دوستانہ ملاقات کرون تاکہ دنیا کی نظر مین ہماری دوستی پوشیدہ
نہ رہے۔ جب وہ دیکہین گے کہ امیر افغانستان ایک خودمختار
حکمران ملکہ معظمہ کے جانشین اور ملکہ معظمہ کے فرزند دلبند
کی ملاقات کیلئے اپنا ملک چہوڑ کر اور صرف چند باڈی گارڈ
ہمراہ لیکر ہندوستان گیا۔ تب اونہین یقین ہوگا کہ بلاشبہ
ان دونون قومون مین بڑی دوستی ہے اور ایک دوسرے

پر پورا بھروسہ رکھتے ہین۔ اس تدبیر سے تمام افواہون کی تکذیب ہو جائے گی۔ اور یہ ثابت ہو جائے گا کہ میری گورنمنٹ مین اور انگلستان مین حقیقی دوستی ہے اور اس سے گورنمنٹ برطانیہ کی توقیر و تمکین بڑھے گی۔ ہندوستان اور افغانستان کی قوت و حفاظت اسی مین ہے کہ اونکے باہمی تعلقات عام طور پر ظاہر ہو جائین۔

۱۸۸۵ء کے قبل روس کو ہندوستان پر حملہ کرنے مین چار چیزین حائل تہین۔ اولاً بخارا اور خیوا کا صحرائے لق و دق۔ ثانیاً پامیر۔ تیسرے ایران۔ چوتھے ہرات۔ چونکہ مین روس کی سازشون سے خوب واقف تہا برسون وہان رہ چکا تھا۔ مین نے گورنمنٹ ہند کو اس سے متنبہ کیا اور اوسے آگاہ کیا کہ روس کی چالون سے ہوشیار رہو۔ اور افغانستان و ہرات کے مشرقی و مغربی سرحدون کے استحکام کی طرف متوجہ ہو۔ مگر افسوس ہے کہ

کسی نے میرے مشورہ پر کچھ عمل نہ کیا۔ بعض عہدہ دار تو ایسے تھے کہ جنہین روس کی پیش قدمی ہی کا شک تہا اور روس کے وعدون اور معاہدون پر پورا اعتبار کئے ہوتے تہے تا اینکہ روسیون نے صحرائے خیوا کو عبور کر کے مرو اور سارخ پر قبضہ کر لیا جو افغانستان کے پھاٹک خیال کئے جاتے ہین اور ترکستان سے سینٹ پیٹرس برگ تک برابر ریل اور جہاز کے راستے کہل گئے۔ بغرض قیام فوج انہون نے مرو اور سارخ کو خوب مستحکم کیا۔ بعدازان دریاے جیحون کیطرف سر گرمی سے متوجہ ہوے۔

اس زمانہ مین برطانیہ اعظم اور فرانس کے تعلقات بہت نازک حالت مین تہے۔ اس لئے کہ برطانیہ اعظم نے برما اور مصر پر قبضہ کر لیا تہا۔ روس افغانستان کیطرف بڑہنے کے لئے محض ایک حیلہ ڈہونڈہتا تھا اوسے یہ اچھا موقعہ ہاتھ آیا ایسی

حالت مین یہ ضرور ہوا کہ مین جلد وایسرائے ہند سے ملکر یہ
پیچیدہ معاملات زبانی طے کرون - اور سرحد افغانستان کی قلعبندی
کا انتظام کراؤن تاکہ اگر روس حملہ کرے تو مین اوسکے مقابلہ کیلئے
تیار رہون خط وکتابت مین بجز تضیع اوقات کے اور کچھ نتیجہ نہ نکل
سکے گا - چنانچہ باوجود میری متواتر تنبیہون کے روس نے ۱۸۸۵ء
مین پنجدیہہ پر قبضہ کرہی لیا جو میرے ملک مین داخل تھا - اور اگر
مین نے روسیون کے ساتھہ پہلے ہی سے افغانستان کا
مسئلہ طے نہ کرلیا ہوتا تو غالبًا وہ اور چند مقامات پر قبضہ کرلیتے -

اس مقام پر یہ بیان کرنا ضرور ہے کہ روسیون کی رفتار گو آہستہ
ومستقل ہے مگر مضبوط اور غیر متبدل - جب وہ کوئی کام کرنے کا
ارادہ کرلیتے ہین تو پھر نہ رکتے ہین نہ اپنی رائے بدلتے ہین -
اونکے یہان ایسا نہین ہے جیسا کہ اور ملکون مین ؎

ہر کہ آمد عمارت نو ساخت	رفت و منزل بدیگری پرداخت

اونکی چال ہاتھی کی چال سے مشابہہ ہے جو دوسرا قدم بڑہانے
کے لئے پہلے زمین کو دیکھ بھال لیتا ہے اور جب ایکدفعہ اپنا
قدم وہان رکھدیا تو پھر پیچھے نہین ہٹتا اور جب تک پورا بوجھ
پہلے قدم پر ڈال نہ لے اور جو کچھ پاؤن کے نیچے آوے اوسے
مسمار نہ کرلے دوسرا قدم بڑہانے مین جلدی نہین کرتا۔ روس
ساٹھہ برس سے ہندوستان کی طرف آرہا ہے مگر آہستہ آہستہ
اور استحکام کے ساتھہ۔ اوس نے کسی مقام پر قبضہ نہ کیا۔ جب تک
کہ پہلے کامیابی کا یقین نہ کرلیا۔ جب وہ کسی مقام پر قبضہ کرنا
ہے تو ابتدا مین صلح اور امن رکھنے کی بابت بہت کچھ شور و غل مچاتا
ہے نئے عہدنامے اور اقرارنامے لکھتا ہے اور صدہا قسم کے عہد
و پیمان کرتا ہے اور قسمین کہاتا ہے کہ اب آگے نہ بڑہیگا۔ یہہ
عہد و پیمان صرف اوس وقت تک قائم رہتے ہین۔ جب تک
وہ اس نئے مفتوحہ مقام کو اچھی طرح قلعبندی سے مستحکم نہ

کرلے اور وہان فوج نہ رکھہ لے اور سارے ملک پر اپنا اختیار
نہ پھیلا لے۔ اسکے بعد وہ سارے عہد و پیمان بالائے طاق کرکے
آگے بڑہتا ہے اور دوسرا مقام لیتا ہے۔ جو پہلے مقام سے قریب
ہو۔ اتنا زیادہ آگے نہین بڑہتا کہ پھر پلٹنے کی ضرورت ہو جب اسمقام
پر بھی پورا مسلط ہو جاتا ہے تب اور آگے بڑہتا ہے اور سارے
عہدنامے و اقرارنامے طاق پر دہرے رہتے ہین۔

مین یہ نہین کہتا کہ وہ بغیر کسی عذر کے عہد و پیمان توڑتا ہے
یہ تو مثل مشہور ہے کہ عہد و پیمان توڑنے ہی کے لیے ہوتے ہین
جب کوئی قومی سلطنت عہد و پیمان توڑنا چاہتی ہے تو اوسے
عذر پیدا کرنے مین کچھ دیر نہین لگتی اور یہ کہا جاتا ہے کہ فلان کمزور
قوم کی بدسلوکیون کی وجہ سے یہ بالکل جائز تہا۔ ان معاملات پر مجھے
ایک نقل یاد آئی جو یہان لکھتا ہون۔

ایک گرسنہ ریچھ نے ایک گوسفند نوکر رکھا کہ تمام جانورون کا

سراغ لگائے۔ اور جہان وہ رہتے ہون وہان اوسے لیجائے
ان دونون مین عہد و پیمان یہ ہوا کہ ریچھ گوسفند کو جو اوس کا رہبر اور
مشیر ہے نہ کہائیگا۔ جب ریچھ سارے جنگل کے جانور چٹ کر چکا۔
اوسوقت بجز گوسفند کوئی باقی نرہا۔ تب ریچھ نے جھنجلا کر گوسفند
سے کہا کہ مین تجھے کہا ؤن گا۔ اس لئے کہ تو نے میری توہین
کی اور وہ عہد و پیمان ٹوٹ گیا۔ بیچارے گوسفند نے اوسکی طرف
دیکھ کر یہ عرض کیا۔ حضور میری کیا مجال جو مین آپکی توہین کرون۔
ریچھ نے جواب دیا کہ تمہارے باپ نے میرے باپ کی توہین
کی تہی۔ گوسفند نے عرض کیا کہ اسکا کوئی ثبوت نہین اسلئے کہ ہم
دونون کے والد مر چکے۔ ریچھ نے جواب دیا کہ فلان نے مجھسے
ایسا بیان کیا۔ گوسفند نے عرض کیا وہ آپ سے جھوٹ بولا۔ یہہ
سنکر ریچھ بہت ہی غضبناک ہوا اور کہا اب بیشک تو نے میری
توہین کی کہ میرے سامنے میرے دوست کو جھوٹا کہا۔ یہ کہہ کر

وہ بیچارے گوسفند پر آگرا اور اوسے چٹ کر گیا۔

دوسرا امر جو اس ملاقات کا باعث ہوا یہ ہے کہ مین نے انگلش گورنمنٹ سے یہ عہد کیا تھا کہ مین بغیر اون کی اطلاع و مشورہ کے روس سے یا کسی اور سلطنت سے خط و کتابت نکرون گا۔ اور اسکے عوض مین انگلش گورنمنٹ نے مجھہ سے یہ وعدہ کیا تہا۔ کہ اگر کوئی غیر سلطنت میرے ملک پر حملہ آور ہوگی تو وہ میرے ملک کی حفاظت کریگی۔ پس برٹش گورنمنٹ کے ساتھہ میرا یہ عہد و پیمان تہا اور گورنمنٹ روس سے مین نے کل تعلقات قطع کر لئے تہے مگر وہ مجھے اپنا مرہون منت سمجھتے تہے اس لئے کہ اتنے دنون اون کے یہان رہا اور اون کا نمک کہایا۔ اور اونہون نے مجھے افغانستان آنیکی اجازت دی جسکی وجہ سے مجھے تخت کابل ملا اس مین شک نہین کہ روسیون نے اپنی طرف سے مجھے کابل بہیجا۔ اور بالذات مین اونکا بہت ممنون ہون اور کبہی اون کا

احسان بھول نہین سکتا اس لئے کہ احسان فراموشی بدترین گناہ
ہے۔ مگر اس کے ساتھہ ہی مین یہ بھی کہونگا کہ مین اوس ذاتی
احسان کے عوض مین اپنا ملک اور اپنی رعایا روسیون کے
ہاتھہ بیچ نہین سکتا یہ ملک اور قوم خدا نے میرے سپرد کی ہے
اور مین اس لئے مقرر ہوا ہون کہ اوسکی مخلوق کی نگرانی اور حفاظت
کرون۔ اگر کوئی سنتری یا گارڈ وہ مال جو اوس کی حفاظت اور امانت
مین دیا گیا ہو اپنے دوستون کے حوالے کردے تو اوسکے
لئے بڑی شرم کی بات ہے۔ کوئی سنتری جب تک اوسکے
تن مین جان۔ بندوق کے لئے کارتوس۔ اور کاٹنے کے لئے
تلوار ہے کبھی ایسا نہ کرے گا۔ پس یہ قطعی امر تھا کہ روس میرے
انگریزون سے ملجانے پر ناراض ہو۔ جو چیز معاہدون اور وعدون
کو قایم رکھتی ہے وہ ایمانداری اور عزت کا خیال ہے جو خدا
نے ہمارے دلون مین پیدا کیا ہے ورنہ عہدنامہ بارہا ٹوٹے

ہین اور ٹوٹ سکتے ہین اس کی مثالین دنیا مین کم نہین۔ اگر عہدنامے سے یہ مراد ہے کہ اپنے قول و ایمان پر قایم رہو تب تو عہد و پیمان خواہ زبانی ہو یا تحریری دونون مساوی ہین۔ چنانچہ جو عہد و پیمان ۲۰ جولائی ۱۸۸۰ء کو سر لیپل گریفن نے میرے ساتھ کیا وہ زبانی تھا۔ اور جسکا مقصد یہ تھا کہ گورنمنٹ ہند افغانستان کی حفاظت کی ذمہ دار ہے۔ اگر کوئی غیر سلطنت بلاوجہ اوسپر حملہ کریگی تو گورنمنٹ ہند اوسے بچائے گی۔ مین اس زبانی عہد و پیمان کو بالکل کافی سمجھا۔

بعض عہدہ دارون کی رائے تھی کہ یہ عہد و پیمان ایک باقاعدہ عہدنامے کی صورت مین نہین کیا گیا۔ اس لئے مین نے ۱۸۸۳ء مین مارکوئس آف رپن سے اس دستاویز کی باضابطہ تصدیق کرالی مگر اسپر بھی مین یہ چاہتا تھا کہ خود وایسرائے ہند کی زبان سے صاف الفاظ مین اس کی تصدیق کرالون اور بغرض اطلاع عام ایک دربار عام مین اسکا اعلان اور تصدیق ہو جائے اسلئے

مین وایسرائے سے ملنا چاہتا تھا تاکہ اس امر کے متعلق جو کچھ
شکوک ہون وہ رفع ہو جائین —

روس اور افغانستان مین کبھی جنگ نہین ہوئی اور ان دونون
قومون نے کبھی ایک دوسرے کو قتل نہین کیا۔ کبھی ان دونون
مین کوئی دشمنی نہ تھی اور مین سمجھتا ہون کہ اب بھی نہین ہے پھر
روس کو افغانستان پر حملہ کرنے یا افغانی معاملات مین دخل دینے
کی کوئی وجہ نہین بجز اسکے کہ افغانستان برطانیہ اعظم کا دوست ہو گیا ہے
اور روس کے ساتھ اوسنے اپنے تعلقات قطع کر لئے ہین۔ اور روس اور ہندوستان
کے درمیان حائل ہے اور روسیونکو ہندوستان پر حملہ کرنے مین سد راہ
ہے پس جب حالتین کہ اوسکو افغانستان پر حملہ کرنے کے لئے محض یہ وجہ
ہے کہ افغانستان اور انگلستان مین اتحاد قایم ہے تو انصاف
یہ چاہتا ہے (خواہ کوئی عہدنامہ ہو یا نہو) کہ انگلستان افغانستان
کی حفاظت اور اعانت کا ذمہ دار ہو اور یہ دونون قومین ایک

ساتھ کھڑے ہو کر مقابلہ کرین یا ایک ساتھ پسپا ہون اور دشواریون کے وقت انگلستان افغانستان کا ساتھ دے اور اپنے وعدہ پر قایم رہے اور اگر مگر کو دخل نہ دے۔

چنانچہ لارڈ ڈفرن نے (جن سے بڑھ کر کوئی دانشمند مدبر حکمران کبھی ہندوستان مین نہین آیا) یہ ضرورت دیکھی کہ مجھسے ملاقات کرنا ایک ضروری امر ہے۔ چنانچہ جسوقت انہون نے گورنمنٹ ہند کا چارج لے لیا۔ مین نے فوراً ملاقات کی تجویز کی۔ اونہون نے اس ملاقات کے لئے شہر راولپنڈی تجویز کر کے مجھے مدعو کیا کہ وہان آؤن مین اس سے بڑھ کر اور کیا چاہتا تھا فوراً ہندوستان کو روانہ ہوا۔ ۳۱ مارچ کو وہان پہونچا۔ بڑی شان وشوکت سے میرا استقبال کیا گیا۔ وایسرائے ہند مع لیڈی ڈفرن وڈیوک وڈچیز آف کناٹ اور بہت سے معزز عہدہ داران گورنمنٹ ہند وراییان ملک بڑے خلوص کے ساتھ مجھ سے

پیش آئے۔ ملاقات کا منشا پورا ہوا اور مین ۱۲ اپریل کو راولپنڈی سے کابل واپس آیا۔ مجھسے اور وایسرائے ہند سے جو گفتگو ہوئی وہ بغرض اطلاع اہل افغانستان ایک چھوٹے سے رسالہ کی صورت مین طبع ہوکر شایع کی گئی۔ اوسکا تفصیلی اعادہ بیکار ہے مگر مین چند باتون کا ذکر کرون گا۔

اس ملاقات سے ہمارے دوستانہ تعلقات ایسے مستحکم ہوگئے اور سارے شکوک اس طرح دور ہوگئے۔ کہ لارڈ ڈفرن کے زمانہ مین میرے اور اونکے درمیان پھر کوئی شکر رنجی نہ واقع ہوئی۔ جو کچھ جھوٹی باتین میرے متعلق گورنمنٹ ہند سے بیان کی گئین تھین۔ اون کی تکذیب ہوگئی۔ اور دونون قومون کی دوستی دنیا پر اعلان کردی گئی۔ جو امور تحریر نہ ہوسکتے تھے وہ زبانی طے ہوگئے۔ یہ امور افغانستان کی شمالی و مغربی سرحدون کی قلعبندی کے متعلق تھے۔ وایسرائے نے مجھے ایک بڑا توپ خانہ اور

بندوقین اور نقد روپیہ دیا اور یہ وعدہ کیا کہ جب ضرورت ہوگی اور زیادہ مدد کیجائے گی۔

اس سے روس کی رفتار رک گئی۔ مین نے ویسرائے کو یاد دلایا کہ باوجود میرے متواتر اطلاعون اور پیشین گوئیون کے جو مین نے روسیون کی رفتار کے متعلق کی تھین۔ کسی نے کچھ اعتنا نہ کی۔ جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ روسی اون چار سدون مین سے جو اونکی راہ مین حائل تھین ایک کو طے کر گئے یعنی وہ بخارا اور خیوا کے صحرا کو عبور کر آئے اور مرو اور سارخ پر قبضہ کر لیا اور صرف اسی پر اکتفا نہین کی بلکہ میرے اس اثنار قیام مین اونھون نے پنجدیہہ بھی لے لیا۔ جو میرے ملک مین شامل تھا۔ اسکے بعد وہ پامیر پر قبضہ کرین گے اور تیسری چال اون کی یہ ہوگی کہ ایران پر مسلط ہو جائین گے بعد ازان وہ ہرات یا کسی اور افغانی شہر پر جو اونکے مناسب ہوگا حملہ کرین گے۔

پس ہمکو چاہیئے کہ اون سے پہلے پامیر پر ہم قبضہ کرلین۔
مگر افسوس ہے یہ کچھ نہوا اور آج روس پامیر پر قابض ہین میری پیشین
گوئی سب سچ ہوئی۔ لارڈ ڈفرن نے یہ جواب دیا کہ اب ہرات اور
شمالی و مغربی سرحدون کی حفاظت کیلئے آپکو ہر طرحکی مدد دیجائیگی۔
روپیہ پیسہ ہتیار سامان جنگ انجنیر یا انگریزی افسر جو کچھ درکار ہونگے
آپکو دیئے جائینگے اور اگر روس نے ہرات پر حملہ کیا تو برطانیہ
اعظم ہر طرح پر اوس کے تدارک کیلئے تیار رہیگا۔ ہم نے اِسکے
لئے سب تیاری کرلی ہے۔ بعدازان وایسرائے نے صاف
الفاظ مین یہ بھی کہا کہ افغانستان کی سلامتی کی پوری حفاظت
کیجائے گی اور اگر کوئی غیر سلطنت بلاوجہ حملہ کرے گی تو اوس کا
مقابلہ کیا جاے گا۔

مین نے بہت شکریہ کے ساتھہ اونکے تمام عطیون کو قبول
کیا مگر انجنیرون اور انگریز افسرون کی مدد لینے سے انکار کیا

اِسلیئے کہ اس قسم کی مدد میرے لوگ پسند نہ کرینگے۔ مین نے
اون کی تقریر کے جواب مین یہ کہا کہ جب تک انگریز اپنے
قول پر قایم رہین گے مجھے راستباز پائین گے۔

۸ راپریل کو ایک دربار عام منعقد ہوا جسمین میرے ایکطرف
ملکہ معظمہ کے جانشین مارکوئس آف ڈفرن وآوا استادہ تھے
اور دوسرے طرف ملکہ معظمہ کے فرزند ڈیوک آف کناٹ۔ مین نے
اوس وقت سب کے سامنے گورنمنٹ ہند کے اس وعدہ کا اعلان
کیا کہ وہ افغانستان کی وقعت عزت اور حفاظت کی ذمہ دار ہے
مین نے اس لئے اسکا اعلان کیا کہ حاضرین دربار اور ساری دنیا
کو یہ عہد و پیمان معلوم ہو جائین جو برطانیہ اعظم نے میرے ساتھ
کئے ہین یعنی اگر کوئی سلطنت میرے ملک پر حملہ کریگی تو اوس کے
روکنے کیلئے برطانیہ اعظم ذمہ دار ہے اور مین نے یہ بیان کیا
کہ اس کے عوض مین مین اپنے وعدہ پر قایم رہون گا اور برطانیہ

اعظم کے ساتھہ میری دوستی سچی اور بے ریا ہوگی۔ لارڈ فرن
نے اسکا اقبال کیا۔ ۱۶ اپریل کو میرے ملاحظہ کے لئے فوج
کی پریڈ قرار پائی۔ چونکہ مین خود تمام عمر سپاہی رہا ہون مین کہہ سکتا
ہون کہ برٹش گورنمنٹ کے پاس بہت ہی عمدہ فوج ہے۔ مین نے
اوسکی بہت تعریف کی اور کہا کہ جس قوم کے پاس ایسی فوج ہو
اوسے کسی سے ڈرنا نہ چاہیئے۔ اوسی روز شبکو ایک ڈنر
دیا گیا جسمین وایسرائے نے میرا جام صحت پیا مین نے
اوس کے جواب مین یہ کہا کہ خدا قیصرہ ہند کی عمر مین برکت دے
اور اوس کی حکومت اوسکا خاندان اوسکے تمام خیر خواہون کو
قایم وسلامت رکھے جن پر افغانستان کی حفاظت کا دار مدار ہی
مین نے اس بات پر مکرر زور دیا کہ روس یقیناً پامیر پر قابض
ہو جائے گا۔ اور یہ بات مین نے ۱۸۸۶ء مین بہی کہی تھی
جب روس اور افغانستان کے درمیان شمالی مغربی سرحدونکا

کا معاملہ درپیش تہا۔ مین نے اوسیوقت یہ رائے دی تہی کہ قبل
اس کے کہ روس پامیر پر قبضہ کرے یہہ سرحد خواجہ سالار سے
آگے بڑہا کر پامیر اور چترال تک قایم کیجاے۔ مگر ایسا نہ کیا گیا اور
روسیون نے پامیر لے لیا۔ اب اسوقت میری تیسری پیشین
گوئی بہی پوری ہو رہی ہے وہ یہ کہ روسیون نے ایران مین بہی
اپنا زور بٹہا لیا ہے۔ اسکا نتیجہ یہ ہوگا کہ وہ شاہ ایران سے ایک
ریل بنانے کی اجازت حاصل کرلین گے جسے صحراے سیستان
سے قندہار اور کیٹہ تک لائین گے۔ بعدازان خلیج فارس مین بہی اپنا
قدم جما دینگے۔

۱۸۸۹ء مین جب مین ترکستان مین تہا مین نے لارڈ لینڈاؤن
وایسراے ہند کو آگاہ کیا کہ اب اچھا موقع ہے اگر افغانستان
کے شمالی مغربی سرحدون کی قلعبندی کردیجاے اور روسیونکے
حملے کی حفاظت کے لئے برابر توپین چڑہادی جائین۔ اگر روسی

کوئی اعتراض کرین گے تو میرے پاس نہایت معقول عذر موجود ہے۔ اس لیے کہ میرا ملک اوسوقت ایک غیر مطمئن حالت مین تہا۔ اور مین خود وہان موجود تہا۔ مگر حسب معمول میرے کہنے کا کچھہ اثر نہوا اور اب وہ وقت ہاتھ سے نکلگیا کیونکہ اب اگر ایسا کیا جائیگا تو روسی یہ کہین گے آپ کیون اپنی فوج سرحد پر جمع کر رہے ہین۔ اور توپین چڑہا رہے ہین۔ بڑے افسوس کی بات ہے کہ مین روسیون کی تمام چالون اور تدبیرون سے جو مشرق مین اونکی ملک گیری کے متعلق ہین اور اونکے دل کے راز ہین پورا واقف ہون مگر میرے کہنے کی کچھہ پرواہ نہین کیجاتی اور کوئی مطلق اعتنا نہین کرتا کہ مین کیا بکتا ہون۔ معلوم نہین کہ برٹش افسر بالکل ناواقف ہین۔ یا اسقدر محتاط ہین کہ کچھہ کرنہین سکتے۔

مین لیڈی ڈفرن سے ملکر بہت محظوظ ہوا۔ مین نے کبھی ایسی لایق عورت نہین دیکھی۔ ڈیوک اور ڈچز آف کناٹ پر اونکی

ہندوستانی رعایا جان دیتی ہے - ڈیوک آف کناٹ ایک
نہایت نیک دل خوش خلق راست باز اور مستعد سپاہی ہین - کوئی
تعجب نہین کہ ساری فوج ایسے افسر کی پرستش کرے -

اس ملاقات مین ایک چیز قابل افسوس میری نظر سے گذری
جس سے مجھے بہت رنج ہوا - وہ چیز یہ تھی کہ مین نے پنجاب
کے راجاؤن اور نوابون کو کچھ عجب حالت مین دیکھا - وہ بیچارے
مثل عورتون کے لباس پہنے تھے اور جسطرح عورتین عموماً زیور پہنتی
ہین اوسی طرح یہ لوگ بھی بالون مین زیورون کی پنین لگائے
کانون مین بالیان پہنے ہاتھون اور گردنون مین تمام زیور پہنے
ہوئے تھے - اونکے پائجامون کے پائچون مین بھی جواہرات
ٹکے تھے - اور کمربند مین گھنگرو لگے تھے جو سامنے پانون تک
لٹکتے تھے - وہ جہالت کاہلی اور تعیش مین غرق معلوم ہوتے تھے
اونہین کچھ خبر نہ تھی کہ دنیا مین کیا ہو رہا ہے - اونکو راہ چلنا دشوار تھا

کیونکہ یہ سمجھہ کرکہ پیدل پھرنے مین شان جاتی ہے اونھین کبھی پیدل
چلنے کا اتفاق نہ ہوا تھا۔ سارا وقت شراب خواری یا چانڈو بازی مین
گذرا تھا۔ مجھے ان بیچارون کے حال پر بہت ترس آیا جنھین
مین اوّل یہی سمجھا کہ زنانے ہونگے۔ اور مین نے اوس غریب
رعایا کے حال پر افسوس کیا جو ایسون کے ہاتھہ سے انصاف
اور ملک کے انتظام کی متوقع ہے۔

مین نے اس ملاقات سے ایک اور سبق حاصل کیا وہ یہ کہ
مجھے اور میرے بیٹون کو اور میرے عہدہ دارون کو انگریزون
سے ملنے جلنے کا جتنا زیادہ موقع ملیگا اوتنا ہی اچھا ہوگا۔ اسلئے
کہ مجھے معلوم ہوا کہ ایسے افسر جیسے لارڈ ڈفرن اور بہت سے
دوسرے عہدہ دار جنسے مین وقتاً فوقتاً مل چکا تھا اون سے بہت
دوستی ہوگئی۔ پس ایسی حالت مین جسقدر زیادہ آپس مین روابط
بڑہین گے اوتنا ہی ایک دوسرے کی نسبت حسن ظن ہوگا۔ اور

معاملات آسانی سے طے ہونگے۔ مین نے یہ بھی خیال کیا کہ ایسے روابط سے وہ قدیم تعصبانہ خیالات دور ہو جائین گے اور ہماری دوستی اور زیادہ موقر ہوگی اس لئے کہ لوگون کو ہمارے خلاف مین باتین بنانے کا موقع نہ ملے گا۔ مجھے یہ بھی معلوم ہو گیا کہ بعض امور زبانی ہی طے کرنا بہتر ہے۔

مین نے ارادہ کیا کہ خود انگلستان جاؤن اور وقتاً فوقتاً اپنے وکیل بھیجا کرون اور گورنمنٹ افغانستان کے لئے انگریزون اور انگریز نون کو نوکر رکھون تاکہ لنڈن اور کابل مین راہ و رسم اور زیادہ ہو۔ اس طریقہ سے دونون قومین آپس مین زیادہ میل جول پیدا کرینگی۔ مگر افسوس ہے کہ جسقدر مین انگلستان اور کابل کو ایک دوسرے سے قریب تر لانے کی کوشش کرتا ہون۔ اوسی قدر بعض انگریز عہدہ دار علیحدہ اور دور دور رکھنے کی کوشش کرتے ہین۔

لارڈ ڈفرن کی وایسرائلٹی کے آخر زمانہ مین بعض معاملات
ایسے پیش آئے جنکو مجھے بالذات طے کرنیکی ضرورت ہوئی چنانچہ
اس غرض کے لئے ایک مشن کابل کو بلایا گیا۔ مگر اوسکے آنیکا اتفاق
نہوا تا اینکہ ماہ نومبر ۱۸۸۸ء مین لارڈ ڈفرن ہندوستان سے روانہ
ہوگئے۔ جن کے جانے کا سلطنت ہند کے کل دوستون اور تمام
رعایا کو بہت افسوس ہوا۔ ایسا دانشمند مدبر وایسرائے انہون نے
کب دیکھا تھا۔ اون کی رخصت کے وقت جو لال ہوا وہ عالمگیر
تہا۔ ہندوستان مین لیڈی ڈفرن کا قیام بھی اونکے شوہر سے
کچھ کم قابل قدر نہ تہا۔ انہون نے ہندوستان کی عورتون کیلئے
زنانہ شفاخانہ کی بنا ڈالی۔ اور باتون سے قطع نظر کرکے دیکہو تو
انہون نے محض یہ کام ایسا کیا ہے کہ تاریخ ہند مین اونکا نام ہمیشہ
باقی رہیگا۔ کہ ایک عورت ایسی گذری جس نے اپنے ہمجنس کے
سلطہ اتنی ہمدردی ظاہر کی کہ اوس سے پہلے کسی اور عورت سے

نہ ظاہر ہوئی۔

لارڈ لینسڈاؤن ہندوستان کے وایسرائے مقرر ہوئے
اس تاریخ سے افغانستان اور برطانیہ اعظم کے درمیان پھر دشواریان
اور غلط فہمیان شروع ہوئین۔ مین اس کتاب مین اون کی تفصیل
نہ بیان کرون گا۔ اس لئے کہ اوّل تو یہ کتاب اتنی بڑی نہین کہ اون
حالات کے لئے کافی ہو دوسرے اونکا علانیہ اظہار کرنا مناسب
بھی نہین۔ صرف اتنا کہنا کافی ہے کہ اس زمانہ مین وہ بڑے بڑے
صلح جو لوگ جو وایسرائے کے مشیر تھے جیسے سر ڈانلڈ اسٹوارٹ
کمانڈر ان چیف یا اور عہدہ دار جن کے نام لینا مین نہین چاہتا کہ
مبادا لوگ مجھسے خوشامدی کہین سب کے سب ہندوستان
سے جا چکے تھے۔ میرے سفیر جنرل امیر احمد خان بھی اس دنیا سے
کوچ کر چکے تھے جو ہندوستان مین تین وایسرائیون کے زمانہ مین
سفیر رہے اور اپنی عقل و تجربہ سے رشتہ اتحاد کو مضبوط کرتے رہے

لارڈ رابرٹس کمانڈران چیف مقرر ہوئے اور وہ پیشتر واصول (فارورڈ پالسی) کے بڑے موید تھے۔ گورنمنٹ ہند نے اون سرداروں کے ساتھ جو سرحد افغانستان پر رہتے تھے چھیڑ چھاڑ شروع کی اور خوجک ہل مین ایک بہوارا بنا کر اپنی ریل سرحد افغانستان کے پاس نیوچمن تک لے آئے وہان سے اپنی فوج سرحد افغانستان کی طرف بڑہانا شروع کی اور اسطرح قلعبندی وغیرہ کا سامان شروع کیا کہ جاہل اور انپڑہ افغانون نے یہ کہنا شروع کیا کہ انگریزی ریل اب قندہار مین داخل ہوتی ہے اور انگریزی فوج کابل پر چڑہائی کرنے والی ہے۔ اوسوقت یہ ضروری خیال کیا گیا کہ وہ سب جہاد کیلئے تیار ہو جائین اسی عرصہ مین لارڈ لینسڈاؤن کے پاس سے خطوط آئے جنکا مضمون ایسا تھا کہ جسکا مین کبھی عادی نہ تہا۔ اور ہندوستان کے دوسرے وایسراؤن سے بالکل علحدہ کیونکہ اونہون نے حاکمانہ لہجہ سے

مجھے لکھا کہ اپنے ملک کے، اندرونی معاملات ومصالح مین مجھے
کیا کرنا چاہیئے اور اپنی رعایا کے، ساتھہ کسطرح پیش آنا چاہیئے
مین ان باتون کو بھلا کب سن سکتا تہا اور مین اگر اسکی مکافات نکرتا
تو گورنمنٹ ہند یہ سمجھتی کہ اوسے میرے اندرونی معاملات مین دخل
دہی کا حق ہے اور یہ چیز ہمارے عہدنامے کے شرایط کی
روسے بالکل خلاف تھی۔

اوسوقت مین قلعہ دہداوی کی تعمیر مین مصروف تہا جہان سے
اون سڑکون کی نظر ہے جو روس سے ترکستان کو جاتی ہین۔ اور
دوسرے شمالی قلعبندی کر رہا تھا۔ میرا یہ بھی قصد تھا کہ ہرات جاکر
وہان قلعبندی کا سامان کرون اور ہرات وقندہار کے درمیان
جو درّانی اور غلزئی قبیلے بستے ہین اون مین سے والنٹیرز فراہم
کرون اسوقت کابل اور قندہار سے میرے پاس اس مضمون کے
خطوط آئے کہ انگریز اپنی ریل سرزمین افغانستان مین لا رہے ہین

اور اپنی فوجین میرے ملک کی سرحد پر جمع کر رہے ہین۔ اون مین یہ
بھی ذکر تہا کہ سرداران سرحد افغانستان جو خود مختار ہین اور
ابتک خاموش رہے انہون نے اب مخالفت شروع کی ہے۔
بعض لوگون نے یہان تک کہنا شروع کیا کہ انگریز کابل اور قندہار
لینا چاہتے ہین۔ ان افواہون سے مین متوحش ہوا اوس پر طرہ
یہ ہوا۔ کہ وایسرائے کے پاس سے عجیب وغریب خط آئے۔
پس میرا چلا آنا وہان بہت ضرور تہا۔ باوجودیکہ مین شمالی مغربی سرحد
کی قلعبندی مین مشغول تہا مگر مجبوراً مجھے فوراً کابل واپس جانا پڑا۔ اور
سنہ ۱۸۹۰ء کے موسم گرما مین وہان جا پہونچا۔ مین نے سردار محمد خان
گورنر قندہار کو موقوف کر کے کابل بلا لیا جس نے میری سرزمین پر
یہ ریل تعمیر ہونے دی اور کچھ مخالفت نہ کی اور نہ اوس کی بابت مجھے
کوئی اطلاع دی وہ سرکاری خزانہ کا قرضدار بھی تہا۔ مگر جس زمانہ مین
وہ اپنے حسابات مرتب کر رہا تہا۔ اوسے کابل مین موت آگئی۔

لارڈ لینسڈاؤن کی گورنمنٹ نے محض اسی پر اکتفا نہ کی بلکہ اون
توپون کو ہندوستان مین روک دیا۔ اور کابل نہ آنے دیا جو مین نے
اپنے ذاتی روپیہ سے خرید کر منگائی تہین۔ اِسکے علاوہ میرے
تاجرون نے اطلاع دی کہ افغانی تجار کا خانگی مال بہی مثل لوہا۔ فولاد۔
اور تانبا وغیرہ سرحدی افسرون نے اس بنا پر روک دیا ہے کہ یہ
مال جنگی سامان بنانے کے لئے ہے جب تک اونکو افغانستان
کی دوستی کا یقین نہ ہو لے ایسی چیزین افغانستان مین نہ جانے
دینگے۔ اس سے بڑہکر میری توہین اور کیا ہوسکتی تہی۔ مین اپنی رعایا
کی نظرون مین ذلیل ہوا۔ میری توپین روک دی گئین۔ اور میرے
تاجرون کا خانگی مال روک دیا گیا جو مہذب قومون کی تاریخ مین ایک
نئی بات تہی۔ اس لئے کہ تجارت کو ہر جگہ آزادی ہے۔ اگر مین
شیر علیخان یا بعض سابق کے افغانی حکمرانون کی طرح تند خو اور
نا تجربہ کار ہوتا تو یقیناً جنگ چھڑ جاتی یا مین مدد کے لئے روس

سے رجوع کرتا جسکا نتیجہ شاید یہ ہوتا کہ مین تباہ ہوتا اور گورنمنٹ
ہند کو نئی دشواریون کا سامنا کرنا پڑتا - یا مین گورنمنٹ ہند کو اوس
خط کا جواب ایسا دندان شکن دیتا کہ اوسے بجز اعلان جنگ کے
کچھ چارہ نہ ہوتا - لیکن مین ایسا نہ تھا کہ اونہین ہاتھہ بڑہانے کا موقع
دون - مین سارے پہلو خوب سمجہتا تھا - مین نے یہ کچھ نہ کیا بلکہ
مطلق بے پروائی ظاہر کی - گورنمنٹ ہند میری اس ادا سے کچھ ایسی
مطمئن ہوئی کہ اوس نے عین میری تشویش کے زمانہ مین جب
میرے ملک مین ہزارا کا بلوہ فروغ پر تھا ایک نیا شگوفہ چھوڑا -
یہ بلوہ سارے افغانستان مین ایسا عالمگیر تھا کہ خود میرے خانگی
نوکر مجھے چھوڑ چھوڑ کر بلوائیون مین شریک ہو گئے تھے بعض
اہل کابل اور اہل وہمزان بہی جو کابل کے اطراف مین واقع ہے
بلوائیون سے جا ملے تھے سارے ملک مین قوم ہزارا نے مجھہ
پر فوج کشی کی تھی اور اندیشہ یہ تھا کہ بلوہ عام ہو جائے گا - ایسی نازک

وقت مین گورنمنٹ ہند سے جو مجھے مدد ملی وہ ایک قسم کا الیٹمٹم
تھا جسکا مضمون یہ تھا کہ گورنمنٹ ہند برٹش مشن کو کابل مین بھیجنے
کی بابت میرے غیر مستقل وعدون کا انتظار نہین کرسکتی۔ لہذا
لارڈ رابرٹس کمانڈر ان چیف ہند مع افواج کثیر بھیجے جائینگے۔
وہی فوج اونکی باڈی گارڈ ہوگی مجھے یہ حالت بہت نازک نظر
آئی اس لئے کہ دس ہزار سولجرون کو مہمان بلانا دشوار امر تھا اونکے
استقبال کے لئے ایک لاکھ آدمی تیار کرنے پڑتے ہین مین نے
دیکھا کہ گورنمنٹ ہند خواہ مخواہ مائل بہ فساد ہے اس لئے چپکے ہی
لارڈ سالسبری وزیر اعظم دولت برطانیہ کے نام ایک خط مین نے لکھا
اور ایک دوست کے ہاتھ اوسے انگلستان بھیجا۔ اس واقعہ کی بجز
خاص معتمدین کے اور کسی عہدہ دار کو خبر نہ ہوئی اوس وقت سر جان
گورسٹ انڈر سکرٹری اور لارڈ کراس ہندوستان کے سکرٹری
آف اسٹیٹ تھے مین ان دونون صاحبون کا بہت ممنون

ہون جنہون نے میرا خط لارڈ سالسبری کے سامنے پیش کیا۔ اور گو میری تمام خواہشین پوری نہ ہوئین۔ مگر شکر ہے کہ جنگ موقوف رہی۔ جو غلط فہمی یا شکر رنجی میری گورنمنٹ مین اور لارڈ لینسڈاؤن مین پیدا ہو گئی تھی۔ اوس کا فیصلہ اوس وقت تک نہوا جبتک لارڈ ڈرابرٹس ہندوستان سے روانہ ہو گئے اور اون کی جگہ جنرل سر جارج وہائٹ کمانڈران چیف مقرر ہوئے اور ۱۸۹۳ء مین سر مارٹمر ڈیورانڈ کا مشن کابل آیا۔ اوسکے بعد مجھے اسبات سے خوشی ہوئی کہ لارڈ لینسڈاؤن اور مین دوستانہ مراسم کے ساتھہ ایک دوسرے سے رخصت ہوئے۔

افغانستان کے گذشتہ حالات پر نظر کرکے مجھے یہ بات معلوم ہوئی کہ اگر کوئی وایسرائے افغانستان کے ساتھہ جنگ کرنا چاہے تو کرسکتا ہے۔ اسلیئے کہ اوسے ان معاملات مین پورا اختیار حاصل ہے اور چونکہ پارلیمنٹ برطانیہ اعظم کو وایسراؤن

سے ایک طرفہ کیفیت معلوم ہوتی ہے۔ لہذا وہ ہر معاملہ مین وایسرائے
کے موافق ایک طرفہ ڈگری دیتی ہے اس کا سبب یہ ہے کہ امیر
افغانستان کی طرف سے انگلستان مین کوئی وکیل یا سفیر مقرر نہین
جو گورنمنٹ انگلستان کو ہر معاملہ کے دوسرے پہلو سے آگاہ کرے
اس لئے مجھے خواہش تہی کہ میرا ایک سفیر وایسرائے کے دہان
رہے۔ جیساکہ ہمیشہ سے دستور تھا اور اوسکے ساتھ ہی مجھے اختیار
دیا جائے کہ گورنمنٹ انگلستان کے ساتھ بہی مراسلت کرسکون۔

خاصکر اس امر کی ضرورت گورنمنٹ لارڈ لینسڈاؤن کے بدسلوکی
کی وجہ سے پیدا ہوئی۔ قریب تہا کہ ہم آمادہ بجنگ ہوجائین۔ میری جگہ
اگر کوئی اور امیر ہوتا تو وہ روس سے مدد لیتا اور **شیر علیخان**
کی طرح برباد ہوتا۔ یا امیر یعقوب کی طرح گورنمنٹ ہند سے ایسے
وعدہ کرتا جو کسی طرح وفا نہ ہوسکتے اور یہ وعدہ گورنمنٹ ہند کی تباہی
کے باعث ہوتے۔ یہ سب گذشتہ مثالین میرے لئے ایک سبق

نہین اور میرے متقدمین کو جس طرز عمل سے نقصان پہونچا تھا مین نے
اوس سے متنبہ ہوکر فائدہ اوٹھایا یہ امر مجھے گوارا نہ تھا کہ گورنمنٹ
افغانستان کسی قدر والیسرایان ہند کے تابع ہو جو بہ حیثیت ملازم
مقرر ہوکر آیا کرتے ہین اور مین امیر افغانستان ہوکر بازیچۂ طفلان
بنون مین ہمیشہ اس فکر مین ہون کہ کسی طرح افغانستان کو اس
دایمی خطرہ سے نجات دون اس لیئے کہ یہ ایک خودمختار سلطنت
ہے پھر کوئی وجہ نہین کہ جسکے ساتھہ ویسا سلوک نہ کیا جاوے
جیسا کہ خودمختار سلطنتون کے ساتھہ ہوتا ہے مین یہ جانتا تھا کہ
اگر لندن مین میری سفارت قایم ہوجائے تو افغان لوگ جو
اہل انگلستان کے خصائل اور دولت برطانیہ کی عظمت سے بہت
کم واقف ہین - اپنے ہم وطن سفرا کے ذریعہ سے جو لندن مین
رہین گے خوب واقف ہوجائین گے - اونکے دلون مین اہل
انگلستان کی طرف سے محبت پیدا ہوجائے گی - اور برطانیہ اعظم کے

صنایع و علوم کے سیکھنے کی طرف توجہ کرین گے اور مہذب بنینگے
جس سے باہمی رشتہ اتحاد اور مضبوط ہوگا - اور دونون قومین آپسمین
شیر و شکر ہو جائینگی - اس لئے اور بعض دوسرے وجوہ سے مین نے
ارادہ کیا کہ خود انگلستان جاؤن ملکہ معظمہ کی ملاقات کا شرف
حاصل کرون - جن کی مثل کی کوئی شریف لیڈی آجتک دنیا مین کسی
تخت پر نہین بیٹھی - اور اراکین سلطنت سے ملکر بعض معاملات سے
اونکو آگاہ کرون - مجھے معلوم تہا کہ میرے انگلستان جانے اور
رسم و راہ بڑہانے سے بڑے فوایدمنتج ہونگے -

جب سر مارٹمر ڈیورانڈ کابل سے انگلستان واپس گئے تو ۱۸۹۴ء
کے موسم بہار مین خود انگلستان سے مجھے دعوت آئی - گویا میری
آرزو پوری ہوئی اور مین نہایت محظوظ ہوا - اوس باقاعدہ دعوت
پر سر ہنری فاؤلر سکرٹری آف اسٹیٹ کی دستخط تھی اور مضمون
یہ تہا کہ ملکہ معظمہ نے بکمال عنایت مجھے مدعو فرمایا ہے کہ مین یا

میرے فرزندون مین سے کوئی اون کی ملاقات کو انگلستان تشریف لائے - اسکے علاوہ اور دوستانہ خطوط پرنس آف ویلز ڈیوک آف کناٹ اور دیگر اراکین دولت کے پاس سے میرے نام آئے جن سب مین مجھسے ملنے کا اظہار مسرت کیا گیا تھا - مگر افسوس ہے کہ اوسی زمانہ مین مین علیل ہوگیا اور بیماری کو اتنا طول کھچا اور ایسا سخت علیل ہوا کہ میری جان کے لالے پڑ گئے میرے دربار کے کل ڈاکٹر مع مس ہلٹن - ام - ڈی - جو میرے معالج تھے میری بیماری سے بہت متردد ہوئے -

قبل اسکے کہ مین اوس دعوت کا جواب دون میرے پاس رائٹ آنریبل مسٹر جارج کرزن کا (جو اب لارڈ کرزن ہین) ایک خط آیا جسمین انہون نے یہ لکھا کہ "مین چترال و پامیر کیطرف بغرض سیاحت جارہا ہون اور یہ چاہتا ہون کہ آپ سے بھی ملاقات کرون اگر اجازت ہو تو مین آؤن" مین نے اونکو بلایا اور وہ چند روز کابل

مین میرے مہمان رہے کئی دوستانہ ملاقاتین ہوئین گو وہ فارسی
نہ جانتے تھے اور مین انگریزی سے بے بہرہ تھا مگر یہ منشی کے
ذریعہ سے ہم دونون مین بخوبی گفتگو ہوئی۔ اون کی باتون سے یہ معلوم ہوا
کہ بڑے زندہ دل خوش مذاق جفاکش۔ باخبر تجربہ کار اور حوصلہ مند
آدمی ہین۔ اون کی گفتگو سے ظرافت ٹپکتی تھی اور اون کی حکایتون
پر خوب قہقہے رہے۔ گو مسٹر کزن کی ملاقات بالکل خانگی اور
دوستانہ تھی جسے کوئی سرکاری تعلق نہ تھا۔ مگر تاہم ملکی معاملات
کا بھی ذکر آیا۔ اور اوسپر خوب مباحثہ رہے۔ مثلاً مسئلہ شمالی مغربی
سرحد افغانستان اور مسئلہ ولیعہدی کی نسبت زیادہ گفتگو رہی۔ میرے
بیٹے حبیب اللہ خان اور نصر اللہ خان نے بھی اپنے گھرون
پر اونکی دعوت کی۔ اور بڑے لطف سے گذری مین اون کی ملاقات
سے ایسا محظوظ ہوا کہ مجھے اس بات کی اور زیادہ خواہش پیدا ہوئی
کہ مین اور میرے لڑکے اور میرے یہان کے عہدہ دار دوسرے

امرائے انگلستان و اراکین سلطنت سے ملاقات کرین اور روابط
بڑہائین۔

افسوس ہے کہ میری بیماری نے مجھے اس خوشی سے باز رکہا
اور میرا بڑا لڑکا بھی جو اس سفر کے لئے پورا موضوع تھا۔ اور کچھہ
انگریزی بھی بول لیتا تھا نہ جاسکتا تھا۔ اس لئے کہ نہ معلوم اوسکی
غیبت مین یہان کیا اتفاقات پیش آتے اور علاوہ اسکے سارے
ملک کا بوجھہ اوسی کے سر تھا۔ میرے اور بیٹون مین صرف
نصراللہ خان اس قابل تہا۔ اسلئے مین نے اوسکو منتخب کیا کہ میری
طرف سے انگلستان جائے۔

علاوہ اُن خطوط کے جو بنام ملکہ معظمہ و شاہزادگان و اراکین
دولت برطانیہ اعظم اوسے دئے گئے مین نے اوسے ایک
کتاب بھی دی اور تاکید کی کہ تمام سفر مین جو کچھہ اس کتاب مین لکھا
ہے اوسکے مطابق عمل کرے۔

ماہ اپریل سنہ ۱۸۹۰ء مین نصراللہ کابل سے روانہ ہوا اور مئی مین لندن پہونچا۔ اگست مین لندن سے روانہ ہوا اور کراچی و قندہار کے راستے سے اوسی سال جاڑون مین کابل واپس آیا۔

مگر افسوس ہے کہ مقصد پورا نہ ہوا اور دونون سلطنتون کو بیکار کا بار خرچ اوٹھانا پڑا۔

ہمارے یہان امرا اور غربا سب مین یہ دستور ہے کہ کبھی مہمان کی درخواست رد کرکے اوسے مایوس نہین پھیرتے گو وہ دشمن ہی کیون نہو۔ اور یہ محال ہے کہ کوئی مہمان کسی میزبان کے گھر آئے اور اوسکی آرزو پوری نہ کیجائے۔

مگر میرا بیٹا جو ایک بادشاہ کا فرزند تھا اور ایک شاہنشاہ کے یہان مہمان ہوا یون مایوس واپس کیا گیا اور میری درخواست یون خشک اخلاق سے ٹالی گئی۔

مین سمجھتا ہون کہ میری درخواست جو صرف یہ تھی کہ لندن

مین میرا وکیل رہے یا کم از کم مجھے بالراس گورنمنٹ انگلستان و گورنمنٹ
ہند سے مراسلت کی اجازت ہو صحیح طور پر ہاؤس آف کامنز کے
سامنے نہین پیش کیگئی - ورنہ بہت سے تجربہ کار ممبران پارلیمنٹ
اس کے فائدہ کو سمجھتے کہ ان دونون قومون کے باہمی اتحاد کو
بڑہانے اور افغانستان کو مضبوط و مہذب بنانے مین کیا نفع ہی
مین اس معاملہ کو آئندہ باب (فیوچر پالسی یعنی آیندہ حکمت عملی) مین
بالتفصیل بیان کرون گا - بالفعل ناظرین کی اطلاع کے لئے صرف
اسقدر کہنا کافی ہے کہ ہندوستان و افغانستان مین وہی قدیم
طریقہ مراسلت ابتک جاری ہے یعنی اونکے مسلمان سفیر کی وساطت
سے جو کابل مین رہتا ہے اور میرے مسلمان سفیر کے ذریعہ
سے جو کلکتہ مین مقیم ہے مراسلت ہوتی ہے اسکے یہ معنی ہین
کہ ساری دنیا ترقی کرے - زمانہ کی ضرورتین ملک کی حالت بدلدین
مگر اوسقدیم طریقہ مین کوئی اصلاح نہو -

مین ملکہ معظمہ اور تمام ارا کین خاندان شاہی وامرا اور عامہ خلائق
برطانیہ کا بہت شکرگذار ہون جنہون نے میرے وکیل یعنی میرے
بیٹے کی اسقدر خاطر ومدارات کی۔ چند عہدہ دارون کی سرد مہری مجھی
اُن احسانات کو نہین بہلا سکتی۔ ملکہ معظمہ نے میرے فرزند کے
حال پر جو عنایت وشفقت فرمائی۔ مین اوس سے بہت خوش ہون
اور نہون نے میرے دونون بیٹون حبیب اللہ و نصراللہ کو جی۔
سی۔ ام۔ جی کا اعزاز عطا کیا میرے بیٹے نے اپنا ایک سفرنامہ
بھی لکھا ہے جسمین حالات سفر اور انگلستان مین رہنے سے جو تجربہ
حاصل ہوئے درج کیے ہین۔ یہ کتاب مطبع کابل مین چھپی تھی مگر
مین نے بہ مصلحت اوسکو شایع نہ کیا۔

باب ششم

مسئلہ حدود افغانستان وڈیورانڈ مشن

ناظرین کتاب کو اب معلوم ہو گیا ہو گا کہ مین کسطرح افغانستان کو ایسی حالت پر لایا کہ ایک سلطنت کی صورت پیدا ہوئی۔ اس سے پہلے یہ ملک چھوٹی چھوٹی خود مختار ریاستون مین منقسم تھا جنپر مختلف سردار حکمران تھے ناظرین یہ بھی سمجھ گئے ہونگے کہ مین نے کس طرح اپنے ملک کو وسیع کیا جو میری تخت نشینی کیوقت فقط کابل اور جلال آباد اور چند اور مقامات تک محدود تھا۔ مینے کس حکمت عملی سے ۱۸۸۱ء مین صوبہ قندہار و ہرات پر قبضہ کیا بعد ازان

سنہ ۱۸۸۳ء مین روشان اور شغنان لیا گو شغنان سنہ ۱۸۹۳ء تک زیر بحث رہا تا اینکہ ڈیوراند مشن نے اوسکا تصفیہ کردیا۔ اوسی سال مین نے جعفر خان کرگز کو اپنی طرف سے بجائے علی مردان خان (سردار واخان) گورنر واخان مقرر کیا۔

یہ ایک پہاڑی ریاست شغنان کے جنوب مین واقع تھی۔ واخان کے جنوب مین چترال واقع ہے۔ ناظرین نے یہ بھی دیکھ لیا کہ مین نے سنہ ۱۸۸۵ء مین میمنا اور سنہ ۱۸۹۳ء مین حضرجات اور سنہ ۱۸۹۵ء مین کافرستان لیکر اپنے ملک کو اور زیادہ وسعت دی آخر الذکر مقام مین نے ڈیورنڈ مشن کے بعد فتح کیا گو یہ امر اوسی وقت طے ہو گیا تھا کہ یہ مقام میری گورنمنٹ کا جزو ہے۔

جسوقت مین افغانستان کی چھوٹی چھوٹی ریاستون کو توڑنے اور ملک کو ایک قوی سلطنت بنانے مین مشغول تھا اوس کے ساتھ ہی ساتھ اس امر کا بھی خیال تھا کہ ممالک متصلہ کے ساتھ

اپنے ملک کی سرحدون کا فیصلہ ہو جانا ضرور ہے۔ مین خوب جانتا تھا کہ اپنے ملک کی سرحدون کا نشان ڈالنا ملک کی حفاظت اور امن کے لئے ایک ضروری چیز ہے۔ اس سے غیر سلطنتون کا جو میرے ہمسایہ ہین آگے بڑہنا رک جائیگا اور آئندہ کے لئے سارے جھگڑے اور سب غلط فہمیان دور ہو جائینگی۔

مین جانتا ہون اس صدی مین بڑی بڑی سلطنتون نے یہ اصول اختیار کیا ہے کہ رفتہ رفتہ چھوٹی چھوٹی سلطنتون کو ہضم کر جائین اور اس کے لئے مختلف طریقے اور انواع و اقسام کی چالین چلتے ہین۔ مثلاً ایک یہ چال ہے کہ کمزور سلطنت کے حصے کئے جاتے ہین۔ اور قوی سلطنتین آپس مین تقسیم کر لیتی ہین۔ اور اوس غریب کمزور سلطنت کے ساتھہ جو انصاف ہوتا ہے وہ لایق دید ہے مجھے اسپر ایک نقل یاد آئی۔ ایک

غریب آدمی کی گھڑی چوری گئی تھی۔ وہ چورون کے سرغنہ کے
پاس گیا۔ جو مجسٹریٹ کہلاتا تھا۔ مجسٹریٹ نے کہا مین تمہاری گھڑی تو
واپس نہین منگا سکتا مگر یہ بتاؤ کہ تم مجھے کیا دوگے اوس بچارے نے
واویلا کی اور کہا کہ مین اس لئے آیا ہون کہ جو کچھہ میرا مال چوری گیا
ہے اوس کا پتا لگاؤن نہ اس لئے کہ کچھ اور اپنی گرہ سے دے
جاؤن۔ مجسٹریٹ نے جواب دیا کوئی وجہ نہین کہ تم نے ایک
ایسے آدمی کو جو مجھہ سے کمزور ہے اپنی گھڑی دیدی۔ اور مین اپنا
حصّہ نہ لون۔ گھڑی کا تو اب مجھے دیتے جاؤ وہ بچارا ایک دوسرے
جج کے پاس گیا جس نے اسی طرح اوس کی انگوٹھی لے لی تب
اوس غریب نے یہ خیال کیا کہ اب اگر مین لارڈ چیف جسٹس تک
پہونچنے کا ارادہ کرتا ہون تو میرے پاس زیور کی قسم سے کچھہ نہ
باقی رہیگا اور یہ دستار اور کپڑے چیف جسٹس صاحب اپنا حصّہ
سمجھکر لے لینگے۔ میرے پاس تن ڈہانکنے کو ایک دھجّی بھی نہ رہیگی

غرض وہ اتنے ہی انصاف پر قناعت کرکے اپنے گھر واپس گیا۔ اگر ناظرین کتاب چین کے معاملہ کو اس نقل سے مقابلہ کرینگے تو اونھین معلوم ہوگا کہ مین غلطی پر نہین ہون۔ دوسری چال یہ ہے کہ بڑی بڑی سلطنتین آپس مین خفیہ سازشین اور کارروائیان کرتی ہین جسکا نام علم سیاست اور آئین حکمت رکھا ہے۔ اور آپس مین ایک دوسرے سے یہ قول وقرار ہو جاتا ہی کہ اگر تم فلان ملک لوگے تو ہم فلان لینگے۔ مگر آپس مین کچھ مداخلت نہ کرینگے۔

تیسرا طریقہ اونکی ملک گیری کا یہ ہے کہ جسوقت کسی اور ملک کے ساتھ وہ اپنے ملک کی سرحدون کا تصفیہ کرتے ہین۔ تو بعض شہر یا صوبہ جن پر اُن کا دانت ہوتا ہے اونھین یونہین چھوڑ دیتے ہین اور کہتے ہین کہ یہ خود مختار رہین۔ بعد ازان وہ سلطنت متصلہ سے یہ خطاب کرتے ہین کہ اوس صوبہ کو خود مختار رہنے دو

نہ تم دخل دو نہ ہم دخل دین۔ ان حیلون سے وہ اوس صوبہ یا شہر کو خود مختار کہتے کہتے سلطنت متصلہ کے دعوے کو منسوخ کر دیتے ہین اور خود کلیتہً یا جزءً اوس پر مسلط ہو جاتے ہین۔ اسکے بعد وہ اس شہر کے ساتھ اسطرح چال چلتے ہین کہ وہانکے حاکم کو ایک بڈھا سٹرپل۔ گھوڑا چند پورانے یونی فارم اور کچھ توپین یا تمنچے دیکر یہ کہتے ہین کہ ہم تم ایک دوسرے کے دوست بنکر رہین گے۔ اور ہماری دوستی تمہاری محافظ ہو گی۔ اور ہمسایون کے حملون سے تمہین بچائیگی۔ اور تم ہمارے دوست اور خود مختار شریک بنکر رہو گے۔ وہ بیچارہ یہ سمجھتا ہے کہ جب خود مختاری کو کوئی ضرر نہین پہونچتا تو ایسی دوستی مین کیا قباحت ہی بلکہ یہ تو اپنا فائدہ ہے کہ غیرون کی دست درازی سے امن ہوگا اسلیئے کہ فلان سلطنت حفاظت کا ذمہ لیتی ہے۔ مگر بہت جلد وہ اس حکمران پر اس قسم کا الزام لگانیکا بہانہ ڈھونڈ لیتے ہین۔ کہ

کہ اوس نے خلاف عہد کیا یا اپنی دوستی پر قایم نرہا یا بعض اوقات
وہ اپنی رعایا کو ترغیب دیتے ہین کہ اوس کے مظالم کی اونکے
ہان فریاد کرین۔ اسی طرح وہ ایک عذر پیش کرکے اوسکے ملک
پر قبضہ کرلیتے ہین۔ اگر سلطنت متصلہ نے کوئی اعتراض کیا کہ یہہ
کارروائی خلاف معاہدہ ہے۔ یہ ملک نیوٹرل رہنا چاہیئے تو
اوسکا یہ جواب دیا جاتا ہے کہ ہان اوسوقت نیوٹرل تھا مگر بعد کو وہان
کے حاکم نے ہمارے ساتھہ دوسرا معاہدہ کیا جسکی رو سے وہ خود
اور اوسکا ملک ہمارے ذمہ داری اور اختیار مین آگیا۔ لہذا آپ کو
اس ملک کے معاملات مین دخل دینے کا کوئی حق نہین ہے جو
اتنے برس سے ہمارے دایرہ حکومت مین خیال کیا جاتا ہے۔
پس ہماری چیز مین دخل دہی کے آپ مجاز نہین ہین۔ بس اسی
طرح معاملہ ختم ہو جاتا ہے۔

روس نے اسی طرح سارا ملک بخارا اور وہ صوبہ جات جو سرحد

افغانستان پر دریاے جیحون کے شمال وغرب مین واقع تہے
اوّل اپنی حفاظت اور دائرہ اختیار مین لئے بعد ازان اونکو ہضم
کر گیا۔ گورنمنٹ ہند نے بھی کل صوبہ جات جو افغانستان کے
شرق وجنوب اور شرق وشمال مین واقع تہے ۔ اور ابتدا ءً ملک
افغانستان مین شامل تہے اپنی حفاظت اور دائرہ اختیار مین لئے
اور اونکا نام ریاست ہاے خود مختار رکھا اور یہ کہا کہ افغانستان
یا ہندوستان کو ان سے کوئی تعلق نہین۔ مگر روز بروز اپنا اختیار
بڑہانا شروع کیا۔ موسم گرما مین جب وہان گرمی زیادہ ہوتی تہی تو
ان ریاستون کے حاکم بغرض تفریح افغانستان آتے تہے
اور امیر کی خدمت مین حاضر ہوکر یہ عرض کرتے تہے کہ ہم آپکے
مخلص ہین اور یہان سے روپیہ اور خلعت لیجاتے تہے اسیطرح
موسم سرما مین وہ ہندوستان جاتے اور وہان کے عہدہ دارون
سے روپیہ وصول کرتے تہے۔ غرضکہ دونون گورنمنٹ اپنی اپنی

جگہہ پر یہ سمجھتی نہین - کہ وہ ہمارے حفاظت و اختیار مین ہین مگر
دراصل وہ ان چند خلعتون کی حفاظت و اختیار مین تھے -
نہ شاہ بخارا اور نہ امیر کابل روس یا انگلستان سے یہ کہہ سکتے
تھے - کہ ان خود مختار ریاستون پر قبضہ نکرو اور نہ روس یا انگلستان
بجائے خود ایک دوسرے کے معاملہ مین ہاتھ ڈال سکتے تھے
اسلئے کہ یہ جواب ملتا کہ یہ ملک ہمارے دائرہ حفاظت مین ہے -
تمہین دخل دینے کا کوئی حق نہین -
جب مین نے یہ دیکھا کہ ہر گورنمنٹ اس فکر مین ہے کہ جو کچھ
ہاتھہ آئے - لو تب مین نے بھی یہی راہ اختیار کی - اور اون صوبجات
کے خود مختار سردارون سے راہ و رسم بڑہائی تاکہ اون صوبون مین
سے جو اول افغانستان مین شامل تھے مین بھی کچھ حصہ لون - اسکے
ساتھ ہی مینے اپنے ہمسایون کے ساتھہ اپنے ملک کے حدود
قایم کرنے کی فکر کی تا وہ اور آگے نہ بڑہنے پائین حدود قایم کرنے

کے معاملہ میں چین یا ایران کے ساتھ کوئی دقت نہ پیش آئی اسلئے کہ نہ اون میں اتنی قوت ہے کہ افغانستان کا کوئی حصہ دبالیں اور نہ ایسی نیت۔ چنانچہ بغیر کسی دشواری کے افغانستان اور ایران کے درمیان حد قایم ہوگئی اور کوہ ملک سیاہ سے ذوالفقار تک حد کا خط قایم کیا گیا۔ اسی طرح افغانستان کا ایک گوشہ جو واخان اور روشان کے قریب چین کی سرحد سے ملا ہوا تھا وہ بھی بغیر کسی جھگڑے کے طے ہوگیا۔

روس اور افغانستان کے درمیان حدود کا قایم ہونا

روس وانگلستان وافغانستان کے درمیان حدود قایم ہونا بڑی ٹیڑھی کھیر تھی۔ اس لئے کہ دونوں قوی سلطنتیں ہیں جو

ایشیا مین کیا بلکہ دنیا مین بڑی زبردست گنی جاتی ہین - روئے
زمین پر ان دونون سے بڑھکر کوئی جاذب قوم نہین ہے - جو
مشرقی ممالک انہون نے فتح کئے ہین گو دایمی قحط سے بیچراغ
ہو رہے ہین مگر اس پر بھی ہوس یہ ہے کہ ہر سال کچھہ نہ کچھہ لیا ہی
جائے اور رینگتے ہوئے آگے بڑھے ہی جائین نہ معلوم انمین
کیا فائدہ سوچا ہے - میرا ملک مثل ایک گوسفند کے ہے جسپر
شیر اور ریچھ دونون آنکھین جمائے ہین - اور بغیر تائید حافظ
حقیقی یہ شکار زیادہ عرصہ تک بچ نہین سکتا -

مین نے اول یہ تدبیر کی کہ شمالی و مغربی سرحد کو جو روس سے
ملی ہوئی ہے بوساطت برطانیہ اعظم طے کرون - چنانچہ اس معاملہ
مین گورنمنٹ ہند کے ساتھہ مراسلت ہوئی اور یہ طے پایا کہ افسران
گورنمنٹ ہند اور افسران افغانستان کا ایک جوائنٹ کمیشن مقرر
ہو - اور اس مسئلہ کو طے کرے - ۱۸۸۴ء مین کمیشن مقرر ہوا - اس

کمیشن کے سرگروہ جنرل سر پیٹر لمسڈن تھے اور روسی کمیشن
کے افسر جنرل ویلیمنائی تھے ۔

اوس خط کے جواب مین جو انگریزی جنرل کے پاس سے
میرے نام آیا تھا۔ مین نے یہ لکھا کہ جب تک مین روس مین رہا
ہون مینے اثناء قیام مین روسیون کے ساتھہ کوئی عہد و پیمان
نہین کیا ہے جو وہ اوسوقت میرے مقابلہ مین پیش کر سکین
مین کسی طرح اون سے ڈرتا نہین ۔ اور جب تک مجھہ مین قوت
ہے مین افغانستان کی ایک چپہ زمین بھی روسیون کو نہ دون گا
آپکو چاہیئے کہ جرارت اور مردانگی کے ساتھہ حدود قایم کیجیے
مگر افسوس ہے کہ نتیجہ حسب دلخواہ نہ نکلا ۔

روسی اسبات پر بہت کھسیائے ہوئے تھے کہ مین اونکے
اور اپنے ملک کے درمیان حدود قایم کرتا ہون ۔ جسکا یہ مطلب ہے
کہ وہ آگے نہ بڑھنے پائین اور خاص کر اس بات سے اور زیادہ

ناراض تھے کہ یہ معاملہ حد بندی انگریزون کے ذریعہ سے طے ہوتا ہے۔ چنانچہ وہ سرحد افغانستان کیطرف متصل جلد جلد بڑھتے رہے۔

جسوقت اونہون نے پنجدیہہ لیا ہے۔ مجھے اون کا منشا معلوم ہوگیا تھا مینے انگریزون کو اسبات پر آمادہ کرنے کی بہت کوشش کی کہ پنجدیہہ کی قلعبندی کے لئے اور زیادہ فوج بھیجنے کی مجھے اجازت دین اور مین نے یہ دلیل پیش کی کہ اگر جنگ کا اندیشہ نہین ہے تو مجھے اپنے ملک مین کہین فوج تعینات کرنین کیا قباحت ہے۔ مگر گورنمنٹ ہند نے میری رائے نہ سُنی جسکا نتیجہ یہ ہوا کہ بہت سی جانین تلف ہوئین۔ اور ۱۸۸۵ء مین پنجدیہہ روسیون نے لے لیا۔

ماہ مئی ۱۸۸۵ء مین وایسرائے نے مجھے لکھا۔ کہ روسی بجائے پنجدیہہ کے میرے لئے ذوالفقار خالی کردینے کو راضی ہین۔

جس سے اب حدود کا خط گلران اور مرد چک کے شمال سے گذریگا
اور وایسرائے نے لکھا کہ یہ صورت روسیون کو منظور ہے۔
مین نے وایسرائے کے خط کا جواب دیا جس مین اس فیصلہ
کے متعلق اپنی منظوری ظاہر کی۔ اور اونکو لکھا کہ مذکور الصدر شرایط
کی ایک نقل مجھے بھیجدین۔
۹ مئی ۱۸۸۵ء کو جنرل لمسڈن کی جگہ کرنل سر وسٹ رجوے
مقرر ہوئے۔ اوّل مجھسے یہ بیان کیا گیا کہ سر وسٹ رجوے اون
اسنادات سے جو میری رعایا نے زمین کے دعوون کے
متعلق پیش کئے ہین مطمئن نہین ہین۔ اور یہ کہتے ہین کہ اونکے
علاوہ اور سند پیش کرو جس سے افغان لوگ ناراض ہین۔
مین یہ سنکر ناراض ہوا۔ مگر آخر مین مجھے معلوم ہوا کہ سر وسٹ رجوے
محض دور اندیشی اور دوستانہ خیال سے اس بارہ مین زیادہ
تفتیش کرنے تھے تاکہ افغانون کے دعوون کو اور زیادہ قوی

کرسکین۔ المختصر انہون نے مسئلہ سرحد بغیر کسی لڑائی جھگڑے کے
طے کردیا۔ بعدازان وہ ۱۸۸۶ء مین ہندوستان جاتے وقت
ہمراہیون سمیت مجھسے کابل مین ملنے آئے مین اونکے کام
سے نہایت ہی خوش ہوا اور اونکی بہت مہانداری کی۔ مین نے
سر وٹ رجوے۔ قاضی اسلم خان۔ کرنل ہولڈچ۔ کرنل یاٹ اور
دوسرے ممبران مشن کو طلائی تمغے عطا کئے۔ میری رائے مین
سر وسٹ رجوے ایک ہونہار اور ہوشیار مدبر آدمی ہین۔ اور
جہان کہین مقرر ہونگے بہت نام پیدا کرینگے۔ مین دعا کرتا ہون کہ
وہ اپنے ہر معاملہ مین کامیاب ہون۔ ۲۲ر جولائی ۱۸۸۷ء کو بمقام
سینٹ پیٹرس برگ اصل نوشتہ پر دستخط ہوئے اور پہلی اگست
کو لارڈ ڈفرن نے اس کے متعلق مجھے ایک خط لکھا جسکے جواب
مین مین نے بہت ہی گرمجوشی سے اس بات کا شکریہ ادا کیا
کہ سلطنت برطانیہ نے شمالی مغربی حد قایم کرنے مین بڑی مدد دی

۱۸۹۳ء مین افغان اور روسی رعایا مین پین بید کے قریب زمین کی آبپاشی کے متعلق پھر جھگڑا ہوا۔ اس قضیہ کو طے کرنے کے لئے گورنمنٹ ہند کیطرف سے کرنل یاٹ مقرر ہوئے۔ اور اونہون نے بغیر کسی لڑائی وغیرہ کے اس مسئلہ کو طے کر دیا۔

سر وسٹ رجوے کی مشن نے صرف ذوالفقار سے خواجہ سالار تک حد کا معاملہ طے کیا تھا۔ اور گو اوسوقت مینے گورنمنٹ ہند سے کہا کہ یہ حد پامیر تک بڑہائی جائے۔ مگر ایسا نہ ہوا۔ اگرچہ ۱۸۷۳ء کے عہدنامہ کی رو سے روسیون نے یہ تسلیم کر لیا تہا۔ کہ بدخشان اور واخان افغانستان مین ملائے جاوین۔ اور روشان وشغنان بدخشان کے جز تہے۔ مگر چونکہ یہ دونون مقامات اُوس سڑک پر واقع تہے۔ جو روس سے ہندوستان کو جاتی ہے اس سبب سے روسی یہ فکر کر رہے تہے۔ کہ ان دونون مقامون پر قبضہ کر لین۔ مگر مین اون کا مطلب سمجھ گیا تہا۔ اور قبل

کرسکین۔ المختصر انہون نے مسئلہ سرحد بغیر کسی لڑائی جھگڑے کے
طے کردیا۔ بعدازان وہ ۱۸۸۶ء مین ہندوستان جاتے وقت
ہمراہیون سمیت مجھسے کابل مین ملنے آئے مین اونکے کام
سے نہایت ہی خوش ہوا اور اونکی بہت مہمانداری کی۔ مین نے
سروٹ رجوے۔ قاضی اسلم خان۔ کرنل ہولڈچ۔ کرنل یاٹ اور
دوسرے ممبران مشن کو طلائی تمغے عطا کئے۔ میری رائے مین
سروسٹ رجوے ایک ہونہار اور ہوشیار مدبر آدمی ہین۔ اور
جہان کہین مقرر ہونگے بہت نام پیدا کرینگے۔ مین دعا کرتا ہون کہ
وہ اپنے ہر معاملہ مین کامیاب ہون۔ ۲۲ جولائی ۱۸۸۷ء کو بمقام
سینٹ پیٹرس برگ اصل نوشتہ پر دستخط ہوئے اور پہلی اگست
کو لارڈ ڈفرن نے اس کے متعلق مجھے ایک خط لکھا جسکے جواب
مین مین نے بہت ہی گرمجوشی سے اس بات کا شکریہ ادا کیا
کہ سلطنت برطانیہ نے شمالی مغربی حد قایم کرنے مین بڑی مدد دی

۱۸۹۳ء مین افغان اور روسی رعایا مین پمن بید کے قریب زمین کی آبپاشی کے متعلق پھر جھگڑا ہوا۔ اس قضیہ کو طے کرنے کے لئے گورنمنٹ ہند کیطرف سے کرنل یاٹ مقرر ہوئے۔ اور اونہون نے بغیر کسی لڑائی وغیرہ کے اس مسئلہ کو طے کردیا۔

سر ووسٹ رجوے کی مشن نے صرف ذوالفقار سے خواجہ سالار تک حد کا معاملہ طے کیا تھا۔ اور گو اوسوقت مہینے گورنمنٹ ہند سے کہا کہ یہ حد پامیر تک بڑہائی جاے۔ مگر ایسا نہ ہوا۔ اگرچہ ۱۸۷۳ء کے عہدنامہ کی رو سے روسیون نے یہ تسلیم کرلیا تہا۔ کہ بدخشان اور واخان افغانستان مین ملائے جاوین۔ اور روشنان وشغنان بدخشان کے جز تہے۔ مگر چونکہ یہ دونون مقامات اُوس سڑک پر واقع تہے۔ جو روس سے ہندوستان کو جاتی ہے اس سبب سے روسی یہ فکر کر رہے تہے۔ کہ ان دونون مقامون پر قبضہ کرلین۔ مگر مین اون کا مطلب سمجہ گیا تہا۔ اور قبل

اسکے کہ روسی وہان داخل ہون مینے اپنے گورنرون کو حکم دیا کہ ان
شہرون پر قبضہ کرلین۔ مجھے دُہرا حق حاصل تھا ایک تو یہ کہ ۱۸۷۳ء
کے عہدنامہ کی رو سے یہ شہر میرے ملک مین شامل ہو گئے تھے۔
اور دوسرے شاہ بخارا نے دروازکا کچھ حصہ دبا لیا تھا جو دریائے
جیحون کے بائین کنارہ کی طرف واقع ہے۔ پس مین مجاز ہوا کہ شغنان
کے اون مقامات پر قبضہ کرلون جو اوس دریا کی دہنی جانب واقع ہین
جو لیک وکٹوریا سے نکلتا ہے۔ ان مقامات پر قبضہ کرنے سے
۲۴ جولائی ۱۸۹۳ء کو بمقام سوماتاش کرنل یانوف اور میرے افسر
شمس الدین خان مین تلوار چل گئی۔ جسکا ذکر اول کہین آچکا ہے۔
یہ معاملہ ماہ نومبر ۱۸۹۳ء مین میرے اور ڈیورانڈ مشن کے
درمیان طے ہوگیا۔ جسکے بعد مین نے اپنی فوج ۱۸۹۴ء مین وہان
سے بلالی اور بجائے اوسکے دروازپر قبضہ کیا۔ ماہ مارچ ۱۸۹۵ء مین
روس اور انگلستان کے درمیان یہ معاہدہ طے ہوا کہ جو حصہ دروازا

کاسبس جیحون (آن روئے دریائے جیحون) کھلاتا ہے۔ وہ شاہ
بخارا کیطرف سے افغانستان کو دیدیا جائے اور افغان شغنان
روشان کے وہ مقامات چھوڑدین جو دریائے جیحون اور پنجاہ
کے داہنے کنارہ پر واقع ہین۔ جو چشمہ لیک وکٹوریا سے نکلتا
ہے۔ وہ گویا افغانستان کی حد قرار دیا گیا۔ اور خدا کا شکر ہے۔ کہ
اوسوقت سے ابتک مجھے شمالی مغربی سرحد کے مسلسل ہنگاموں سے
نجات ہوگئی ہے۔ اور اب بالکل امن ہے۔ اُمید ہے خدا سے
کہ اپنی مخلوق کی جان بچانے کے لئے یہ امن ہمیشہ قایم رکھیگا۔

ہندوستان اور افغانستان کے درمیان حدود کا قائم ہونا اور ڈیورانڈ مشن کا کابل آنا

جب اور تمام ہمسایون کے ساتھہ حدبندی ہوگئی تو مین نے
یہ خیال کیا کہ ہندوستان اور میرے ملک کے درمیان مین
بہی حدبندی ہونا ضرور ہے تاکہ میرے ملک کے گرد حدود قائم
ہو جائین جو حفاظت کے لئے ایک مضبوط دیوار کا کام دین۔
چنانچہ اوّل مارکوئس آف ڈفرن کو لکھا بعد ازان مارکوئس آف
رپن کو اس امر کی طرف متوجہ کیا کہ اپنے وہان کے چند تجربہ کار
عہدہ دارون کا ایک مشن مقرر کرکے کابل مین میرے پاس بہیجین
تاکہ بعض معاملات پر گفتگو کیجائے۔ اور مین یہی بہتر سمجہتا تہا کہ یہہ
سرحدی مسئلہ ایک مشن کے ذریعہ سے طے ہو۔ وایسرائے خود اس کے
فوائد سے آگاہ تہے اور مین نے اونکو لکھا کہ سر مارٹمر ڈیورانڈ
فارن سکرٹری مشن کے افسر مقرر کئے جائین مگر افسوس ہے کہ مین
بیمار ہو گیا۔ اور جب بیماری سے افاقہ ہوا تو ترکستان مین اسحٰق
کا بلوہ اُٹھا۔ اسوجہ سے مشن کا معاملہ ملتوی رہا۔ اور مین ترکستان

چلا گیا۔ سنہ ۱۸۹۰ء مین جب مین ترکستان سے واپس آیا تو اوسوقت گورنمنٹ ہند کے ساتھہ میرے تعلقات کچھہ اور ہی تھے۔ جیساکہ اوپر بیان ہوچکا ہے۔ اور اس لئے مین نے لارڈ سالسبری کے نام ایک خط بھیجا۔ جنہون نے جواب دیا کہ یہ شکر رنجی یا غلط فہمی جو میری گورنمنٹ اور گورنمنٹ ہند مین ہے۔ عہدہ داران گورنمنٹ ہند کے ذریعہ سے طے ہونی چاہیئے۔

اوسوقت لارڈ لینسڈاون نے پھر مجھے ایک خط لکھا جسمین یہ بیان کیا کہ لارڈ رابرٹ مشن کے افسر مقرر ہوئے ہین۔ مین اوسوقت جنگ ہزارا مین مصروف تھا۔ اور یہ چیز اہل افغانستان کی رائے اور خواہش کے خلاف بھی تھی کہ لارڈ رابرٹ ایک فوج کثیر کے ساتھہ افغانستان مین داخل ہون مجھے اندیشہ تھا کہ اس مشن کیوجہ سے کہین بلوہ نہو جائے۔ اہل افغان کے اکثر عزیز اور دوست آخری جنگ افغان مین جو لارڈ رابرٹ کے ساتھ

ہوئی تھی۔ لڑائی مین مارے گئے تھے یا لارڈ رابرٹ نے
انتقام مین اونہین قتل کرایا تھا۔ ان وجوہ سے یہ مناسب نہ تھا کہ وہ
ایک بڑی فوج کے ساتھ افغانستان مین آئین۔ علاوہ ازین
لارڈ رابرٹ ایک سپاہی آدمی تھے اور ایسے پیچیدہ ملکی معاملات
پر بحث کرنے کے لئے ایک مدبّر کی ضرورت تھی نہ کہ سپاہی کی
اور سپاہی بھی وہ جو ملک گیری کو اصل اصول سمجھتا ہو۔ یہ طبعی
بات ہے کہ سپاہی لڑائی اور جنگ چاہیگا۔ جس طرح ایک مدبّر
یا بادشاہ صلح اور امن پسند کرے گا۔ اور حتی الوسع جنگ نہونے
دیگا۔ اسکے علاوہ لوگون نے مجھہ سے بیان کیا کہ ہندوستان مین
لارڈ رابرٹ کی مدت ملازمت ختم ہو چکی ہے۔ مگر وہ چاہتے ہین
کہ اس کی توسیع ہو۔ اور وہ بدستور ہندوستان کے کمانڈران
چیف رہین۔ لیکن یہ توسیع مدت منظور نہین ہو سکتی۔ جب تک کہ
ہندوستان کے شمالی مغربی سرحد پر کوئی طوفان نہ اُٹھایا جائے

اسلئے کہ وہ سرحدی معاملات مین بڑی سند مانے جاتے ہین پس
اونکا تو یہی فائدہ ہے کہ بجائے صلح کے جنگ و جدل ہو۔ مین نے
اسبات کو یقین نہین کیا ایک لغوسی خبر تھی۔ مگر مین نے ایسے
وقت مین مشن کا بلانا بالکل نامناسب خیال کیا اور اوسے ملتوی کردیا
وایسرائے کو اس معاملہ مین کچھہ ایسا اصرار تھا کہ انھون نے پھر
مجھے اس مضمون کا ایک خط لکھا (جو گویا الٹیمٹم تھا) کہ گورنمنٹ ہند
ایسے مبہم وعدون کا انتظار نہین کرسکتی۔ اتنے دنون بعد وہ حسب
مناسب کارروائی کرے گی۔ اوس وقت مین بہت بیمار تھا اور مین نے
سردار عبداللہ خان توخی اور میر منشی سلطان محمد خان سے
کہا کہ میرے انگریز ملازمین مین سے کسیکو انتخاب کرو۔ جو
وایسرائے سے ملنے کے لئے بھیجا جائے۔ تاکہ معاملہ اور
زیادہ سنگین ولاعلاج نہ ہونے پائے۔ المختصر مین نے اس طرح
معاملہ کو ٹالا اور فی الفور وایسرائے کو اس مضمون کا خط لکھا کہ

مسٹر پائن میرا خط لیکر آپ سے ملنے آتے ہین۔ تاکہ مشن کے متعلق ضروری انتظام کرین۔ اس پیغام سے یہ مقصود تھا کہ اراکین دولت ہند مطمئن ہوجائین۔ اور معاملہ کو زیادہ طول نہ کھینچے۔

یہ خط روانہ کرنے کے بعد مینے مسٹر پائن کو ایک خط وائسرائے کے نام اور دوسرا سر مارٹمر ڈیورانڈ فارن سکرٹری کے نام دیا۔ اور مسٹر پائن سے کہا کہ ہندوستان جاؤ مگر آہستہ آہستہ سفر کرتے ہوئے اور اگر ممکن ہو تو مشن کو چند روز کیلئے ملتوی کردو تاکہ لارڈ رابرٹ جو عنقریب ہندوستان چھوڑنے والے ہین انگلستان روانہ ہو جائین۔ مینے وائسرائے سے درخواست کی کہ ایک نقشہ مجھے بھیجا جائے جسمین مجوزہ خطوط سرحد قایم کئے گئے ہون جس سے یہ معلوم ہو سکے کہ یاغستان کے کون کون مقامات وہ اپنے دائرہ اختیار مین لینا چاہتے ہین۔ مینے جو چال چلی تھی پوری اتری۔ لارڈ رابرٹ روانہ ہوگئے۔ انہون نے مجھے ایک

خط لکھا۔ جس مین مجھہ سے نہ ملنے کا تاسف ظاہر کیا۔ اونکے جاتی ہی مینے فوراً مشن کو کابل آنیکی دعوت دی۔

یہان پر یہ بیان کرنا ضرور ہے کہ وایسرائے نے جو نقشہ مجھے بھیجا۔ اوس مین یہ تمام شہر۔ وزیری۔ مینوچمن مع ریلوے اسٹیشن۔ چاغہ۔ بلندخیل۔ کل مہمند۔ اسمار اور چترال جو سرحد پر واقع ہین۔ شامل ہندوستان دکھلائے گئے تھے۔ اسپر مینے وایسرائے کو ایک طولانی خط لکھا۔ جس مین ان سرحدی قبایل کے متعلق بہت کچھہ پیشین گویان تھین۔ اوس خط کا خلاصہ مضمون حسب ذیل ہے۔

"اب رہے یہ سرحدی قبایل جو یاغستان کے نام سے مشہور ہین اگر وہ میرے ملک مین شامل رہین گے۔ تو مین اونہین اپنے اور انگلستان کے کسی دشمن کے مقابلہ مین لڑا سکون گا۔ اور وہ اپنے ہم مذہب مسلمان بادشاہ کے جھنڈے کے نیچے بخوشی

جہاد کرینگے - یہ لوگ بڑے بہادر سپاہی اور پکے مسلمان ہین -
اگر کوئی سلطنت ہندوستان یا افغانستان پر حملہ کرے گی - تو
یہ لوگ خوب سینہ سپر ہونگے - مین رفتہ رفتہ اونھین رام کرکے
صلح جو رعایا اور برطانیہ اعظم کا عمدہ رفیق بنالون گا - لیکن اگر آپ
اونھین میرے ملک سے جدا کرلین گے تو وہ نہ آپ کے کچھ کام
آئین گے نہ میرے آپکو ہمیشہ اونکے ساتھ لڑنا جھگڑنا ہوگا اور وہ
ہمیشہ لوٹ مار کیا کرینگے -

جب تک آپکی گورنمنٹ قوی ہے آپکا زبردست ہاتھہ اونھین
زیر رکھیگا - لیکن جب کبھی کوئی غیر دشمن سرحد ہندوستان پر نمودار
ہوگا - اوسوقت یہ لوگ آپ کے بدترین دشمن ثابت ہونگے - آپکو
یاد رکھنا چاہیئے کہ ان لوگون کی حالت بالکل ایک کمزور دشمن
کی سی ہے - جو کسی زبردست دشمن کے ہاتھ سے زیر ہو جبتک
وہ دشمن قوی ہے یہ مطیع ہے مگر ادہر اوس کی قوت گھٹی

ادہر کمزور دشمن نے اوسکے پنجہ سے نکلکر اوسپر حملہ کیا۔ علاوہ اسکے یہ لوگ میرے ہم قوم وہم ملت ہین اگر آپ انہین مجھ سے جدا کر لینگے تو میری رعایا کی نظر وینمین میری توقیر گھٹیگی اور یہہ چیز میری کمزوری کا باعث ہوگی۔ اور میری کمزوری آپکی گورنمنٹ کے لئے مضر ہے"

لیکن میری اس صلاح کی کچہہ قدر نہ کیگئی۔ اور گورنمنٹ ہند کو یہ سرحدی قبایل لینے کا کچہہ ایسا اشتیاق تھا۔ کہ اوسنے بہ جبر میرے افسرون کو بلند خیل اور وناذہب سے نکال دیا۔ اور اونسے یہ کہا کہ فلان وقت تک نہ چلے جاؤ گے تو مجبورًا جانا پڑے گا۔ چونکہ مین برطانیہ اعظم کا دشمن ہونا اور اوس سے لڑنا نہ چاہتا تھا مینے اپنے افسرونکو حکم دیا کہ عہدہ داران ہند سے اطلاع پاتے ہی وہ مقامات چھوڑکر چلے آؤ۔

تیمور مرزا شاہ حاکم اسمار نے ۱۸۸۷ء مین بخلاف میری اطاعت

قبول کی۔ اور اپنا ملک میری حفاظت و نگرانی مین سونپا۔ اس لئے
کہ اوسے عمرا خان حاکم بجور کے حملہ کا اندیشہ تھا مگر وہ اپنے ایک
غلام کے ہاتھ سے مارا گیا تب میرے کمانڈر ان چیف جنرل
غلام حیدر خان نے ۱۸۹۱ء مین اسمار پر قبضہ کرلیا۔ جس سے گورنمنٹ
ہند بہت ناراض ہوئی۔ اس لئے کہ ان تمام صوبجات یاغستان پر
اوسکا دانت تھا جو نیوٹرل کہلاتے تھے۔ یاغستان مین۔ چترال
بجور۔ سوات۔ بنیر۔ دیر۔ چلاس۔ اور وزیری وغیرہ سب شامل تھے
گورنمنٹ ہند میرے اسمار چھوڑنے پر بہت مصر ہوئی۔ لیکن چونکہ
یہ مقام کنار۔ لم غان۔ کافرستان اور جلال آباد کا گویا پھاٹک
تھا۔ جو میرے ملک کے صوبہ ہین۔ اور جہان سے پامیر و چترال
کی سڑکون کی مدنظر ہے۔ ایسے مقام کا اپنے قبضہ مین رکھنا جو میرے
ملک کا پھاٹک ہو ایسا ضرور تھا جیسے کہ میرے ملک کے اور تین
گوشون پر ہرات قندہار اور بلخ پر قبضہ رکھنا۔ اسی طرح گورنمنٹ

ہند نے یہ اصرار کیا کہ مین چاغہ بھی چھوڑ دون کافرستان۔ یاغستان
بلوچستان اور چمن مین بھی گورنمنٹ ہند کے سرحدی عہدہ دار متواتر
دخل دیتے تھے۔ جو چیز مجھے عجیب معلوم ہوئی وہ یہ تھی کہ ایک طرف
تو گورنمنٹ ہند یہ کہتی تھی کہ ہمکو افغانستان کی طرف کچھ ملک
لینے کی ضرورت نہین۔ ہم صرف یہ چاہتے ہین کہ افغانستان
کو ایک قوی خود مختار سلطنت دیکھین۔ اور دوسری طرف گورنمنٹ
ہند کا عمل یہ تھا کہ خوجک ہل مین نقب لگا کر اس طرح میرے ملک
مین ریل داخل کی تھی۔ گویا میرے جگر مین چاکو بھونک دیا تھا۔ اور ہر
طرف یہ افواہ اوڑ رہی تھی کہ قندہار تک ریل لانے کا قصد ہے۔
خواہ مین اجازت دون یا ندون اور پارلیمنٹ مین ان معاملات پر
بحث ہوتی تھی جسکی مجھے برابر خبر پہونچتی تھی اس لیے کہ جو کچھ افغانستان
کی نسبت اخبارون مین چھپتا ہے۔ میرے ایجنٹ اوس کے
پرچے مجھے بھیجتے رہتے ہین۔ اس کے علاوہ روس مجھے الگ

روشان اور شغنان کی بابت سنا رہا تھا۔

چنانچہ انہین دقتون اور غلط فہمیون کو طے کرنے کے لئے مین نے ایک مشن بلایا جسکے سرگروہ سر مارٹمر ڈیورانڈ تھے۔ یہ صاحب ایک بڑے ہوشیار مدبر تھے۔ اور اونھین معلوم ہو گیا کہ اعتبار سے اعتبار بڑھتا ہے۔ سعدی

دل را بدل رہیست درین گنبد سپہر	از سوئے کینہ کینہ واز سوئی مہر مہر

اُنہون نے اپنی سلامتی اور حفاظت کا مجھپر بھروسہ کر کے کابل کی جانب کوچ کیا۔ وہ ۱۹ ستمبر ۱۸۹۳ء کو پشاور سے کابل روانہ ہوئے اور اونکے ہمراہ کرنل ایلس جو کوارٹر ماسٹر جنرل کی آفس سے تعلق رکھتے تھے کپتان میک مہان۔ کپتان مینرس اسمتھ۔ مسٹر کلارک ملازم فارن آفس جو منصرم پولیٹیکل اسسٹنٹ تھے۔ میجر فن (وائسرائے کے ڈاکٹر) مسٹر ڈونلڈ اور چند ہندوستانی محاسب اور منشی اور عہدہ دار تھے۔ جب وہ کابل مین داخل ہوئے تو میرے جنرل

غلام حیدر خان نے اونکا استقبال کیا اور مینے اونکے رہنے
کیلئے کابل کے قریب اپنے بیٹے حبیب اللہ خان کا مکان جسکا
نام اندکی ہے تجویز کیا۔ اول رسمی دربار ہوا بعدازان معاملات پر
بحث چھڑی۔ ڈیورانڈ بڑے ہوشیار مدبر تھے۔ اور فارسی
خوب جانتے تھے۔ اس لئے اچھی طرح سے بحث ہوئی۔ مگر مینے
پہلے سے یہ انتظام کیا تھا کہ ایک پردہ کے پیچھے میر منشی سلطان
محمد خان کو بٹھا دیا تھا۔ کہ ہر ایک لفظ جو میرے یا سر مارٹمر ڈیورانڈ
کے منھہ سے نکلے یا منشن کے کوئی اور صاحب کچھہ کہین سب برابر
لکھتا جائے۔ تاکہ وہ ایک دستاویز رہے۔ سلطان محمد خان ایسی
جگہ بٹھائے گئے تھے جہان سے نہ وہ نظر آئین اور نہ اونکی آواز
سنائی دے اور اس کا علم بجز میرے اور کسیکو نہ تھا۔ اونکو ہدایت
کیگئی تھی کہ ہر ایک بات خواہ انگریزی ہو یا فارسی جو وہ مجھہ سے
کہین۔ یا آپس مین بولین سب لفظ بلفظ لکھی جائے۔ چنانچہ

اونھون نے علامات واشارات مین ہر ایک نقطہ جو میرے اور
ڈیورانڈ کی زبان سے نکلے لکھ لئے اور یہ ساری گفتگو میرے یہان
دفتر مین بحفاظت موجود ہے ساری گفتگو کا خلاصہ اور نتیجہ یہ تھا کہ روس
اور میری گورنمنٹ کا جھگڑا جو صوبہ روشان اور شغنان کے متعلق
تہا اوس طرح پر طے ہوگیا جیساکہ اوپر بیان کرچکا ہون۔

صوبہ واخان جو میرے حصّے مین آیا تھا۔ مین نے برطانیہ
کے حوالہ کردیا اس لئے کہ کابل سے بہت دور تھا اور میرے ملک
سے بالکل الگ جسکی وجہ سے وہان معقول قلعبندی کرنا بہت
دشوار تھا۔

چنانچہ اب حدیہ قرار دیگئی کہ چترال دیر و غل پاس سے پشاور تک اور پھر
پشاور سے کوہ ملک سیاہ تک ایک خط ڈالا گیا۔ اس طرح سے
واخان۔ کافرستان اسمار۔ مہمند لالپورہ۔ اور ایک جز وزیرستان
میرے حصہ مین پڑا اور نیوچمن اسٹیشن سے چاغہ۔ باقی ملک

وزیری - بلندخیل - کرم - آفریدی - بجور - سوات - بنیر - ڈیر - چلاس اور چترال ان سب سے مین دست بردار ہو گیا۔

ان سرحدات کے متعلق دو عہدنامے تیار ہوئے جن پر مین نے اور ممبران مشن نے اپنی اپنی دستخط کی۔ ان عہدنامون کا مضمون یہ تھا کہ چونکہ گورنمنٹ افغانستان نے بطریق دوستی بعض صوبون سے اپنا دعویٰ اوٹھالیا ہے - اب سے سالانہ امدادی رقم جو گورنمنٹ ہند سے ملتی ہے۔ بجاے بارہ لاکھ کے اٹھارہ لاکھ ہو گی - اسکے علاوہ گورنمنٹ ہند وعدہ کرتی ہے کہ ہتیار اور سامان جنگ سے دوستانہ مدد دیگی۔ اور یہ بھی اقرار کرتی ہے کہ آئندہ گورنمنٹ افغانستان کو اختیار ہو گا کہ جسقدر ہتیار اور سامان جنگ خرید کر منگانا چاہے - اوس مین کوئی مزاحمت نہ کیجا ئیگی۔

دو دن روانگی سے پہلے میرے بیٹے حبیب اللہ خان نے کل ممبران مشن مع عبدالرحیم خان اور رنٹیل سکرٹری افضل خان ہرٹش

ایجنٹ مقیم کابل اور نواب ابراہیم خان کو باغ بابر مین دعوت دی۔ وہان میرے دونون بیٹون حبیب اللہ خان اور نصر اللہ و غلام حیدر خان کمانڈران چیف و میر منشی اور دو تین عہدہ دارون نے مہمانون کی پیشوائی کی۔

۱۳ر نومبر کو سلام خانہ مین ایک عام دربار کیا گیا جہان کابل کے کل سول و ملٹری افسر اور سرداران قبائل اور میرے دونون بڑے بیٹے حاضر تھے۔ قبل کارروائی شروع ہونے کے مین نے اہل دربار کے سامنے ایک اسپیچ دی جس مین کل عہد و پیمان کا خلاصہ بیان کیا جو میری اور گورنمنٹ ہند کے درمیان ہوئے تھے اور عہدنامہ کے شرایط بیان کیے۔ تاکہ میری قوم میری رعایا اور کل حاضرین دربار کو اوس سے اطلاع ہو جائے مین نے خدا کا شکر کیا کہ دونون گورنمنٹون مین دوستانہ تعلقات قایم ہوئے اور بہ نسبت سابق کے زیادہ تر مضبوط ہو گئے۔ مین نے سر مارٹمر

ڈیورانڈ اور دوسرے ممبران مشن کا شکریہ ادا کیا۔ جنہوں نے ایسی دانشمندی سے سارے جھگڑے طے کئے اسکے بعد سر مارٹمر ڈیورانڈ نے ایک مختصر سی اسپیچ دی جسکے آخر میں انہوں نے یہ ذکر کیا کہ وایسرائے ہند کے پاس سے ایک تار آیا ہے جسمیں وایسرائے نے نئے عہدنامون اور ہمارے دوستانہ تعلقات کی نسبت نہایت خوشی اور اطمینان ظاہر کیا ہے۔ اونہون نے یہ بھی بیان کیا کہ لارڈ کمبرلی نے ہاؤس آف لارڈس مین بھی اپنا اطمینان ظاہر فرمایا ہے۔

میرے ملک کے کل عہدہ دار اور وکلائے جو حاضر تھے ڈیپوٹیشن کے اوڈریس کی ایک ایک نقل لی جسپر ان سب کی مہرین اور دستخط تھے اور جس مین اونہون نے ان معاہدون کی نسبت اپنا اطمینان اور رضامندی ظاہر کی تھی۔ اور برطانیۂ اعظم اور افغانستان کی باہمی دوستی پر کمال مسرت و خوشی کا اظہار کیا تھا۔

مین دوبارہ پھر کھڑا ہوا اور ممبران مشن و حاضرین دربار کو یہ کاغذ
پڑھکر سنایا - آج میر منشی کو پوشیدہ رہنے کا حکم نہ تھا - بلکہ علانیہ
یہ تینون اسپیچین اوس نے لکھین جسکی دو ہزار کاپیان چھپوا کر دوسرے
روز تمام ملک مین تقسیم کیگئی -

مین ایک مثال بیان کرتا ہون جس سے ظاہر ہوگا کہ میرے
لوگون کو دولت برطانیہ کی دوستی کی کیسی قدر ہے اور اونکے دلون مین
اور تمام میرے عہدہ دارون کے دلون مین کس درجہ محبت ہے
سر ہارنمڈ ڈیورانڈ کی روانگی کے دو دن پہلے مین نے چاہا کہ اونہین
اور دوسرے انگلش جنٹلمین کو جو مشن کے افسر تھے تمغے وغیرہ
پہنچون -

اسپر آپس مین یہ دوستانہ تکرار ہوئی کہ کون شخص تمغے اونکے
پاس لیجائے - میرے - کمانڈر ان چیف اور میر منشی اور کوتوال تینون
یہ چاہتے تھے کہ وہ تمغے ممبران مشن کے پاس لیجائین کیونکہ وہ

اسی ایک خاص عزت کا باعث سمجھتے تھے کہ ممبران مشن اونکے
ہاتھہ سے تمغالین - القصہ مین نے میر منشی کے ہاتھہ تمغے بھیجے
اور اوسے ہدایت کی کہ اپنے ہاتھہ سے پیش کرے - اور میری طرف
سے اون کی نمایان خدمات کا بہت بہت شکریہ ادا کرے - یہ تمغے دیکر
میر منشی واپس آیا اور ہر ایک کے پاس سے شکریہ کا خط لایا - ۴ نومبر
کو مشن کابل سے روانہ ہوا - جو غلط فہمیان اور جھگڑے ان سرحدی
معاملات کے متعلق ہوا کرتے تھے سب ختم ہوگئے - اور جب عہدنامہ
کے مطابق دونون گورنمنٹون کی سرحدین قایم ہوگئین تو دونون
گورنمنٹون مین ایک عام صلح اور امن قایم ہوا - جو انشا اللہ ہمیشہ قایم
رہے گا -

اس موقع پر یہ بیان کرنا شاید بے محل نہ ہوگا کہ لارڈ لینسڈاون
نے ۱۸۹۴ء مین ہندوستان سے روانہ ہوتے وقت ایک
ایسپیچ دی تھی جس مین انہون نے یہ بیان کیا تھا کہ یہ سرحدی انتظام

اس لئے کیا گیا ہے۔ کہ سرحدی قبائل گورنمنٹ ہند کو آیندہ تکلیف نہ دین مگر اونکے بیان کے بالکل برعکس ثابت ہوا اور میری پیشین گوئی صحیح ہوئی۔ یعنی اُنہین سرحدی قبایل کے ساتھہ جو گورنمنٹ ہند کے دائرہ اختیار مین لئے گئے تھے۔ جنگ چترال۔ جنگ بجور۔ جنگ ملک منڈ۔ جنگ وزیری اور جنگ آفریدی واقع ہوئی۔ اور یہ سب لڑائیان اوس انتظام کے بعد پیش آئین۔ جسکا ذکر لارڈ لینسڈاون نے اپنی اسپیچ مین کیا تھا۔

اس کا سبب یہی ہے کہ ان قبایل کو اب اسلامی حکمران کے تابع رہنے کی کوئی توقع نہ رہی اور انگریزی حکومت کی اطاعت وہ پسند نہین کرتے۔

باب ہفتم

افغانستان کا انجام

اِنَّ اللّٰہَ عِنْدَہٗ عِلْمُ السَّاعَۃِ وَیُنَزِّلُ الْغَیْثَ وَیَعْلَمُ مَا فِی الْاَرْحَامِ وَمَا تَدْرِیْ نَفْسٌ مَّاذَا تَکْسِبُ غَدًا وَمَا تَدْرِیْ نَفْسٌ بِاَیِّ اَرْضٍ تَمُوْتُ

کوئی شخص نہین کہہ سکتا کہ آئندہ کیا ہوگا پھر مین جو کچھہ افغانستان کے آیندہ حالات کو بیان کرون کیونکر اوسکا ذمہ دار ہوسکتا ہون نہ معلوم صحیح ہو یا غلط۔ اگر مین یہ دعویٰ کرون کہ مجھے یقین ہے آیندہ کیا ہوگا۔

لہ پوشیدہ اسرار خدا پر روشن ہین بجز عالم الغیب کوئی نہین جانتا کہ آیندہ کیا ہوگا۔
یہ انگریزی عبارت کا ترجمہ ہے۔ مترجم

تو میرا یہ کہنا گویا کلمۂ کفر ہے۔ مگر تاہم اس زمانہ کے حالات و علامات پر نظر کر کے کوئی ہوشیار مبصر بغیر نبوت یا ولایت کا دعویٰ کئے یہہ بتا سکتا ہے کہ ہوا کس رخ کی چل رہی ہے۔ ناظرین کتا بکو معلوم ہو گیا ہو گا کہ مجھے بہ نسبت اگلے والیان ملک کے دنیا کا اور بنی نوع انسان کا بہت زیادہ تجربہ حاصل ہے۔ اُمید ہے کہ باطینان میرا بیان سنین اور جو کچھہ مین اپنے جانشینون کے اور اہل ملک کے فائدہ کے لئے اشارۃً یا کنایتہً کہون اوسے گوش زد فرمائین

مین اس باب کو دو حصّون مین تقسیم کرتا ہون۔ ایک حصّہ اُون ترقیون کے بیان مین ہو گا جو میرے ملک مین ہونا چاہیئے اور اس مین ملک کے اندرونی معاملات کے متعلق میری رائے اور نصیحت ہو گی اور نیز ملک کے مختلف محکمون اور کارخانون کی بابت میرا مشورہ ہو گا کہ آیندہ اُن مین اور کیا ترقی کرنا چاہیئے۔ مگر اس مسئلہ کے متعلق اکثر امور پچھلے بابون مین ذکر ہو چکے ہین۔

ناظرین کتاب سے یہ توقع ہے کہ اگر کہین اونکا اعادہ ہو جاے تو معاف فرمائین۔ مین اونکو مکرر اس لئے بیان کرتا ہون کہ میرے ملک کی اندرونی حکمت عملی اور ذرائع ترقی بخوبی ذہن نشین ہوجائین کیونکہ ایک شے کی کامیابی دوسری شے پر منحصر ہے۔ دوسرے حصہ مین افغانستان کی فارن پالسی اور اور سلطنتون سے جو ڈپلومیٹک تعلقات ہین اونکا ذکر کیا جائیگا۔

افغانستان کا انجام

ہوم پالسی اور اندرونی معاملات

کوئی معمولی عقل کا مبصر خواہ افغانستان کو اب بھی ویسا ہی سمجھے جیسے کہ سر الفریڈ لائل اپنی ایک نظم مین لکھتے ہین۔

کشور افغان ہے پن چکی مین مٹھی بھر اناج
اور ندی آرہی ہے دیکھنا کس شور سے

کوئی دم مین پس کے رہجائیگا آٹے کیطرح

سنگ بالا ہو کہ زیرین جب پھرے گا زور سے

حکنامے اسطرف یہ لکھہ رہے ہین وائسرائے

حکمرانی مین نہ چھوڑو عدل اور انصاف کو

روسیون کو اوسطرف کہتا ہے وہ للکار کر

دم ذرا لو۔ آپ سے باہر نہو۔ منہ دہو رکھو

پھر یہ کہتا ہے کہ حالت دولت اسلام کی

ہے دگرگون آرہی ہے اب صدای الرحیل

سب تباہی کے مجھے آثار آتے ہین نظر

کیا مجھی پر خاتمہ ہونا ہے اے رب جلیل

لیکن ملک کی اوسحالت پر نظر کرکے جو میری تخت نشینی کے وقت

تھی اور جب سے ابتک اس قلیل زمانہ مین جو حیرت انگیز ترقی ہوئی

اوس سے پوری اُمید ہے کہ انشاء اللہ افغانستان ایک بڑی
قوی سلطنت ہو جائے گا۔ عرب کے اوس پاک نبی اور ہادی برحق
کے اقوال ہمارے لئے ایک بڑی میراث ہین۔ جس نے عرب کے
صحرا کو دنیا مین ایک نہایت شاداب سلطنت بنا دیا۔ آنحضرت کا
یہ قول میرے ملک کے حسب حال ہے "جب خدا کچھ کرنا چاہتا
ہے تو اوس کی مشیت معاملات کو اوسی ضرورت کے موافق بدل
دیتی ہے" الحمد للہ کہ جو ذرائع افغانستان کی آئندہ ترقی کے لئے
مفید ہین وہ روز بروز بڑھتے جاتے ہین۔

اس مین شک نہین کہ افغانستان ایک ایسا ملک ہے
کہ یا تو ایک بڑی قوی عظیم الشان سلطنت ہو کر رہیگا یا صفحۂ دنیا
سے بالکل مٹ جائیگا اس آخری حالت کا وقوع اوسوقت ممکن
ہے جب کوئی ناتجربہ کار اور کمزور امیر ملک مین حکمران ہوگا اس
صورت مین ملک تقسیم ہو جائیگا اور سلطنت افغانستان کا نام

بھی باقی نہ رہے گا۔ مین اپنے بیان کو اور واضح کرنے کے
لئے یہ کہتا ہون کہ یہ غیر ممکن ہے کہ ان دونون صورتونکے علاوہ
افغانستان مین کوئی تیسری حالت پیدا ہو۔ اس امر کا تو خیال ہی نکرنا
چاہیئے کہ اگر افغانستان چھوٹی چھوٹی ریاستون مین منقسم ہوگیا تو
اوسکی کوئی ہستی باقی رہیگی۔ کیونکہ اگر گورنمنٹ مین اتنی قوت اور دانائی
باقی نہ رہی کہ ملک کو بلا اعانت غیر سے بیرونی حملون سے بچا سکے
تو یقیناً روس یا انگلستان اوسپر قبضہ کرلے گا۔ مگر روس یا انگلستان
سارے ملک پر تنہا قابض نہین ہوسکتا۔ مثلاً انگلستان کبھی
یہ روا نہ رکھے گا کہ روس ساری افغانستان کا مالک ہو کیونکہ اس
صورت مین انگلستان کو ہندوستان پر قبضہ رکھنا دشوار ہوگا اسلئے
کہ ہر وقت صدہا دقتون اور خطرون کا سامنا رہیگا اسی طرح اگر انگلستان
سارے افغانستان کو لینا چاہے تو روس اس لوٹ مین غیر ساجھا
لگائے چپ نہ رہیگا۔

اگر افغانستان خوش قسمت سے ہے اور کسی ہوشیار متکبر۔ دلیر دور اندیش بادشاہ کے زیر فرمان ہوا تو کوئی وجہ نہین کہ وہ ترقی کر کے ایک بڑی قوی سلطنت نہو۔ اس لئے کہ ملک کا رقبہ اور آبادی بعض بڑی بڑی سلطنتون کے برابر ہے۔ بخلاف اس کے کہ اگر افغانستان کسی ایسے امیر کے ہاتھ لگا جیسے کہ شاہ بخارا یا ہندوستان کے بعض والیان ریاست ہین تو اوس کی مٹی خراب ہو گی۔ روس یا انگلستان کے ساتھ یکے بعد دیگرے عہد نامے کئے جائین گے اور ملک رفتہ رفتہ ہاتھ سے نکل جائیگا۔ اگر امیر نے خود ایسا نہ کیا تو روس و انگلستان یا ملک کے چھوٹے چھوٹے سرداراد سے مجبور کرینگے۔ اس بارہ مین اب زیادہ تفصیل کرنے کی ضرورت نہین اس لئے کہ جو لوگ مشرقی معاملات سے واقف ہین اونہین یہ بات بخوبی معلوم ہے۔

پچھلے فقرہ مین جو یہ ذکر ہوا ہے کہ آیا ممکن ہے کہ افغانستان

آئندہ کبھی چھوٹی چھوٹی ریاستون مین تقسیم ہو جائے اور اوسکی
پولٹیکل حیثیت باقی نہ رہے یا اسقدر قوی ہو کہ اپنی پوری حفاظت
کر سکے مین ان دونون پہلوؤن پر تفصیلی بحث کرونگا۔ تاکہ میری
قوم کو نصیحت ہو۔

اس مقام پر مین اپنی رائے ظاہر کرتا ہون کہ افغانستان
کسطرح ایک قوی اور خود مختار ملک ہو سکتا ہے۔ دوسرا امر جسکے
متعلق مین رائے دونگا یہ ہے کہ افغانستان کو روس اور انگلستان
کے پنجہ سے بچانے کے لئے کیا تدبیر کرنا چاہیئے اس مسئلہ
مین اور موقع پر بحث کیجائے گی جو فارن[1] پالیسی سے متعلق ہے۔

افغانستان ایسا ملک ہے جو ایک شاداب زمین سے
مشابہت رکھتا ہے جس مین ہر قسم کے پھول پھل پیدا ہونے کے
قابلیت ہو۔ بشرطیکہ کسی اچھے باغبان کی نگرانی مین رہے۔ اس سے

[1] وہ حکمت عملی جو غیر ممالک کے ساتھ برتی جائے۔ مترجم۔

مطلب یہ ہے کہ کوئی ہوشیار حکمران ملک پر مسلط ہو جن ملکون
مین ترقی و پیداوار کے ذرایع نہون وہ مثل بنجر زمین کے ہین جسمین
باوجود باغبان کی محنت کے بجز چند پھول یا پھلون کے کچھہ پیدا نہو سکے
مگر افغانستان مین دولت قوت اور ترقی کے بہت ذرایع موجود ہین
مین اُن مین سے چند بیان کرتا ہون -

معدنیات

ملک مختلف اقسام کی بیش بہا کانون سے بھرا ہوا ہے - یاقوت
پکھراج - لاجورد - سونا - چاندی - سیسہ - تانبا - لوہا - کوئلہ جن مین
بعض کانین تو یورپین جیالوجسٹ کے بیان کے مطابق دنیا مین
سب سے بڑی کانین ہین - ان کانون سے یقیناً بہت کچھہ نکلسکتا
ہے جس سے نکالنے کا خرچ وغیرہ بھی سب ادا ہو سکتا ہے لیکن یہ
بیش قیمت جواہرات اور بے بہا کانین جب تک باقاعدہ طور سے

کام مین نہ لائی جائین مثل پوشیدہ خزانہ کے ہین اس لئے کہ جو شخص جواہرات نہین پہچانتا اوسکے نزدیک شیشہ اور الماس کا ٹکڑا دونون برابر ہین -

تجارت

افغانستان کی تجارت کے لئے پیداوار اور ذرایع بیشمار ہین علاوہ بڑی بڑی کوئلے اور لوہے کی کانون کے جو مثل انگلستان کی کانون کے ہین جو سیاہ الماس برطانیہ کے نام سے موسوم ہین - اور جن کی بدولت انگلستان آج ایک عظیم الشان سلطنت بنا ہے ملک مین بکثرت آبشار ہین جو کلین چلانے کے لئے بکار آمد ہو سکتے ہین اور اسطرح صنعت و حرفت کو ترقی ہو سکتی ہے -

رعایا

اہل افغانستان مرد و زن دونون بڑے بہادر - ذکی اور تعلیم کے

شایق ہین۔ آزادی وخود مختاری پر مرتے ہین۔ قوی الجثہ اور تندرست ہوتے ہین۔ اور شرابخواری وقمار بازی کے عیبون سے بالکل پاک ہین۔ وہ بہت جلد حال کی اصلاحات وتعلیم کو اختیار کر لیتے ہین۔ اور اونہین غیر ملکیون کے ساتھہ فضول اوہام یا تعصبات بالکل نہین۔ وہ مثل ہندیون کے نہین ہین کہ دولت برطانیہ کو ملک مین حکومت کرتے ایک صدی سے زیادہ عرصہ گذرا ہے مگر ابتک یورپین خیالات سے ناواقف ہین اور کوٹ پتلون یا بوٹ پہننے کو گناہ سمجھتے ہین وہ ابتک اوسی لکیر کے فقیر ہین۔ قدیم وضع کی زیرپائی پہنتے ہین جن سے راہ چلنا دشوار ہوتا ہے اور اونکے پائجامون کے ازار بند ٹخنون تک لٹکتے رہتے ہین۔ بخلاف اسکے افغانون مین اتنے تھوڑے زمانہ مین ایسا عظیم تغیر ہوا ہے کہ وہ مثل اپنے ترکی بھائیون اور دوسری یورپین اقوام کے معقول وضع کا لباس پہنتے ہین اور غیر ملک کے مرد اور عورتون کے ساتھہ جلد خلا ملا کر لیتے

ہین - اور اون سے ہر ایک بات سیکھنے کی کوشش کرتے ہین -

قومی قرضہ

نہ ملک افغانستان زیر بار ہے اور نہ گورنمنٹ افغانستان - اور نہ اوسکو کسی جنگ کا تاوان بھرنا ہے - گورنمنٹ افغانستان اون زیر باریون سے بالکل پاک ہے جن مین اور سلطنتین مبتلا ہین کسی پر قومی قرضہ کا بار ہے اور کوئی اپنے ہمسایہ کو جنگ کا تاوان دے رہی ہے - جب کبھی ملک مین کچھہ ترقی یا لشکر کی درستی کا سامان ہونے لگا - فوراً قرض کے دعویدار اوٹھہ کھڑے ہوئے کہ پہلے ہمارا قرضہ ادا کرو پھر کسی اور کام مین روپیہ لگاؤ یا سامان جنگ خریدو - شکر ہے کہ افغانستان کیلئے کوئی ایسی روک ٹوک نہین - نہ غیر ملک کے سفیر ہین جو معاملات ملک مین سازش کرین اور نہ غیر اقوام کے حقوق کے تحفظ کے لئے کوئی عہدنامہ

ہے جس سے غیر سلطنتین دخل ہی کی مجاز ہون۔ مزید بران کسی غیر
سلطنت کو کوئی اختیار نہین دیا گیا ہے کہ ریل وغیرہ بنانے کے
لئے اجارہ چاہے۔ نہ ہندوستان کی دیسی ریاستون کی طرح
کوئی انگلش رزیڈنٹ سنراول ہے جو والی ریاست سے پوچھنے
کا مجاز ہو کہ "دن مین کتنی روٹیان کہاتے ہو" اور "تمہارے منہ مین
کے دانت ہین" یا اونکے خانگی و ملکی معاملات کے انتظام مین دخل دے

ہمسائے

افغانستان کے دونون پہلوؤن مین انگلستان و روس دو بڑی
سلطنتین ہین۔ گو افغانستان کو ان دونون سلطنتون کی قربت سے
بہت تشویش رہتی ہے مگر چونکہ یہ دونون ایک دوسرے کی قریب
ہین اس لئے اون کی قربت افغانستان کی حفاظت کے لئے
مفید بھی ہے۔ گورنمنٹ افغان کی بہت کچھ حفاظت اس بات سے

بھی ہے کہ یہ دونون سلطنتین آپس مین ایک دوسرے کا افغانستان کی چپہ بھر زمین لینا بھی گوارا نہین کرتین - اسکے علاوہ میری رائے ہے کہ یہ دونون سلطنتین یہ بھی نہین چاہتین کہ افغانستان کے لئے آپس مین جنگ مول لین - بلکہ وہ اسی مین اپنا فائدہ دیکھتے ہین کہ افغانستان بجاے خود یون ہین قایم رہے مگر اس معاملہ مین آیندہ تفصیل سے بحث کیجاے گی -

مذہب

گورنمنٹ افغانستان کے قوی ہونے کی ایک اور وجہ یہ ہے کہ کل رعایا کا ایک مذہب یعنی مذہب اسلام ہے - دوسرے مذاہب کے لوگ افغانستان مین بہت کم ہین - اتنے نہین ہین جتنے کہ یونانی اور ارمنی ٹرکی مین ہین جن کو غیر سلطنتین اپنے بادشاہ سے لڑنے کے لئے اُبھارا کرتی ہین - افغانستان کی رعایا

کو اس امر مین بڑا تعصب ہے کہ بجز اُنکے ہم مذہب کے اور کوئی
غیر مذہب والا اون پر حکمران نہ ہو۔ وہ اور کل مذاہب کے
بادشاہون کو کافر سمجھتے ہین۔ مذہب کے لئے مرد و عورت دونون
لڑنے پر مستعد ہین اور یہ سب کا ایمان ہے کہ کافرون کے مقابلہ
مین جو کوئی مارا جائیگا وہ سیدہا جنت کو روانہ ہوگا۔ ہر افغان
مرد و زن کی یہ دعا رہے کہ خدایا مجھے شہید کی موت عطا کر۔ فی الحقیقت
وہ آزادی اور خود مختاری کے عاشق ہین اپنے ہم مذہب بادشاہ
کی اطاعت بھی بمشکل قبول کرتے ہین۔ پھر غیر مذہب والے بادشاہ
کے کیا خاک مطیع ہونگے۔ اس کا ثبوت صاف ظاہر ہے کہ
مثل خیبر اور دوسرے اضلاع کے باشندے جو ہندوستان
کی سرحد پر واقع ہین۔ ان مین ابتک اتنا امن نہین قایم ہوا ہے
کہ کوئی شخص بغیر ایک قوی باڈی گارڈ کے اونکے ملک مین سفر
کر سکے۔ ملک ایسا کوہستانی ہے کہ پہاڑون کی چوٹیان ران

فطرتی بہادرون کی حفاظت کے لئے گویا مضبوط خداداد قلعے
ہین - چنانچہ نہ گورنمنٹ روس مناسب خیال کرتی ہے - کہ صدہا
میل کا یہ دشوار گذار کوہستانی راستہ وہان کے حکمران اور قوم کی
مرضی کے خلاف طے کیا جاے اور نہ انگلش گورنمنٹ قرین مصلحت
سمجھتی ہے کہ ایسے ملک کے لئے اسقدر زر کثیر اور بیشمار بیش
قیمت جانین ضایع کیجائین - اگر بالفرض یہ ملک فتح بھی کر لیا تو اوسکا
رکھنا محال ہوگا - ایک مہذب گورنمنٹ کے انتظامات اور فوج
وغیرہ رکھنے مین جو کچھہ صرف ہوگا - وہ بھی ملک کی آمدنی سے
ادا نہوگا -

بحالت موجودہ افغانستان مالی لحاظ سے کسی غیر سلطنت
کے لئے بکار آمد نہین ہوسکتا - البتہ فوج کے لیے سپاہی ملسکتے
ہین اس لحاظ سے البتہ افغانستان کسی غیر سلطنت کا معین ہوسکتا
ہے جو ہندوستان پر حملہ کرنے کے لئے افغانستان سے ہوکر

گذرے اور افغانی سپاہیون کی مدد چاہیے۔ لیکن افغانستان پر قبضہ کرنا کسی غیر سلطنت کے لئے مفید نہ ہوگا۔ اس کے لئے کم از کم پچاس ساٹھ برس کا عرصہ چاہیئے تاکہ افغانستان بذریعہ تجارت و معدنیات ملک ترقی کرکے مہذب ملکون مین شمار کیا جائے اور ریل اور تار اور دخانی جہاز سب فراہم کرلے۔

انگلستان یہ چاہتا ہے کہ افغانستان محفوظ و مضبوط رہے

گو بعض کوتاہ اندیش انگریزون نے اور دوسرے لوگون نے جنہین (فارورڈ پالسی) یعنی پیش قدمی کا جنون ہے کئی دفعہ افغانستان اور برطانیہ اعظم مین رنجش ڈلوادی اور افغانستان کے بعض قبیلے یہ کہہ کر اپنے تعلق کرلئے کہ یہ حکومت افغانستان

سے علیحدہ اور خود مختار ہین مگر وہ لوگ یہ نہ سمجھے کہ یہ ساری بنجر
زمین جو سرحد افغانستان پر واقع ہے انگریزی قبضہ مین رکھنا
خلاف عقل ہے یا نہین۔ اس سے خواہ مخواہ ہندوستان کے
خزانہ پر بار پڑا۔ وہان قیام امن کے لئے فوج رکھنی پڑی۔ علاوہ
اسکے سول انتظام کرنا پڑا۔ بیٹھے بٹھائے اپنے سر ذمہ داری
کا بار لیا۔ وہ صرف بڑھایا جو اس سرزمین کی آمدنی سے کبھی ادا نہین
ہوسکتا اور اپنے تئین تشویشون مین پھنسایا۔ یہ کوتاہ اندیش
انگریزی عہدہ دار جو اپنی دانائی اور قوت پر بہت لاف وگزاف
مارتے ہین غالبًا یہ سمجھتے ہین کہ اونہین عالم الغیب سے بھی
زیادہ علم ہے اور اگر کوئی واقف کار شخص اونہین نصیحت کرنا چاہتا
ہے تو اوسکا خاکہ اڑاتے ہین اور یہ سمجھتے ہین کہ اون سے بڑھکر
کوئی ہوشیار نہین۔ یہی لوگ فارورڈ پالسی کے موید اور
بڑے جنگجو ہین۔ مگر خوش قسمتی سے انگریزی قوم۔ انگریزی

مدبر اور انگریزی رعایا بہ نسبت اِن چند مذکور الصدر رہمہ دانون کے
زیادہ تر واقف و ہوشیار ہین چنانچہ ان لوگون کی چالین انگریزی
مدبرین اور رعایا کے ناپسند ہوتی ہین جو فی الحقیقت یہ چاہتے
ہین کہ افغانستان ایک قوی خود مختار گورنمنٹ ہو اور ایک سچا
دوست بنکر سلطنت ہند کا پشت پناہ رہے مین خوش ہون کہ روز
بروز صلح جو لوگون کی تعداد جو گورنمنٹ ہند اور میری گورنمنٹ کے
سچے خیر خواہ ہین بڑہتی جاتی ہے اور اوس خیال کے لوگ
جن کی بدولت انگلستان اور افغانستان مین اس قدر لڑائیان
اور خونریزیان ہوئین اب گھٹتے جاتے ہین - اب برٹش نے یہ
ظاہر کرنا شروع کیا ہے کہ افغانستان کی خیر خواہی محض باتون سے
نہین بلکہ اونہین دل سے منظور ہے - اور عملاً بھی اس چیز کو ثابت
کر چلے ہین - کہ جہان تک ہو سکے افغانستان کی حفاظت و قوت
و حمایت کے لئے روپیہ - ہتیار - کلون وغیرہ سے ہر طرح کی مدد

دیجائے اس لئے کہ وہ دیکھتے ہین کہ سلطنت ہند کی بہبودی
افغانستان کے ساتھہ وابستہ ہے۔

وزرائے برطانیہ نے افغانستان کو مدد دینے کے لئے
محض رضامندی ہی نہین ظاہر کی ہے بلکہ کسی غیر حملہ آور کے
مقابلہ مین میرے ملک کی حفاظت کے ضامن ہوئے ہین۔ اس
بات سے مجھے اور میرے جانشینون کو موقع ملا ہے کہ اپنی ساری
توجہہ ملک کے اندرونی حالات کی اصلاح اور ترقی مین صرف
کرین اور بیرونی خطرون کی تشویش اور ذمہ داری اپنے اون دوستون
پر چھوڑ دین جو انگلستان مین ہین۔

افغانستان کو قوی اور دولتمند بنانیکے متعلق مشورہ و نصیحت و عملی اشارات

جو ذرائع افغانستان کو ایک بڑی سلطنت بنانے کیلئے
موجود ہین۔ اونکا کچھہ ذکر تو ہو چکا ہے اب مین اختصار کے ساتھہ یہ
بیان کرونگا کہ یہ چیز کسطرح ممکن ہے اور اوسکے حاصل ہونے کے
کیا طریقے ہین مین جزوی معاملات سے قطع نظر کرکے چند ضروری
باتین بیان کرتا ہون جو افغانستان کو آئندہ ایک بڑی قوم بنا
سکتی ہین۔

یہ تو معمولی بات ہے کہ مکان آراستہ کرنے سے پہلے
مکان بنانے کی فکر کرنا چاہیئے اور جب مکان بن جائے تو ضرور
ہے کہ وہ دیوارون سے محصور ہو تاکہ اساس البیت محفوظ رہے
اور اگر مکان مین سوراخ۔ گڑھے۔ سانپ۔ بچھو وغیرہ ہون تو ضرور
ہے کہ پہلے ان کے نکالنے کی فکر کرلے۔ تب مکان مین رہے
اسی لئے سب سے پہلے اور ضروری چیز یہ تھی کہ مین افغانستان
کے گرد حدود قائم کرون تاکہ اوّل یہ معلوم ہو جائے کہ دراصل کون

کون صوبہ افغانستان مین شامل ہین اوس کے بعد ترقی اور اصلاح
کی فکر کیجائے۔ الحمد للہ کہ مین اس چیز مین کامیاب ہوا اور افغانستان
کے حدود قایم کردئے جس سے قریب کی سلطنتون کی دست
اندازی مسدود ہوئی اور آئے دن کی لڑائیان جھگڑے جو ہمسائے
والون سے ہوا کرتے تھے دفع ہوئے اور اب میرے جانشینون
کو بھی اس معاملہ مین آیندہ کے لیئے اطمینان ہوا کہ بغیر عہدنامہ
ٹوٹے کوئی لڑائی جھگڑا نہوگا۔ میرے جانشینون کیواسطے امن
اور ترقی کی بنا پڑی اور اس بارہ مین اب اونہین اہل جوار سے
خط وکتابت کرنے کی ضرورت نہ ہوگی۔ جب ملک کے گرد حدین
قائم ہوچکین اور گویا مکان محصور ہوگیا تو یہ ضرور ہوا کہ اس مکان سے
کل موذی حشرات الارض۔ سانپ۔ بچھو جو مکان مین گھر بنائے
تھے اور امن و ترقی مین بہت مانع تھے نکالے جائین یعنی صدہا
چھوٹے چھوٹے سردار۔ رہزن۔ بدمعاش اور قزاق جو افغانستان

مین ہمیشہ شر و فساد اُٹھایا کرتے تھے۔ سب راہ راست پر لائے
جائین۔ اسلئے لازم ہوا کہ وہ قدیم انتظام جسکی رو سے والی ملک
بعض بڑے بڑے امرا کو جنگی ضروریات کے پیش آنے کے وقت
فوجی کمک کے بہم پہونچانے کے معاوضہ مین جاگیرات عطا
کرکے بذریعہ نیابت حکومت کرتا تھا توڑ دیا جائے اور سب
ایک قانون اور ایک حکومت کے مطیع کئے جائین۔ شکر ہے
کہ مین اس معاملہ مین بھی پورا کامیاب ہوا اور افغانستان کو ایک
متحدہ سلطنت کی صورت مین لے آیا۔ صدہا سرداران قبایل جو پہلے
جانی دشمن تھے گاڑھے دوست ہو گئے اور مین نے اون کو
اپنی گورنمنٹ مین بڑے بڑے عہدہ اور اعلیٰ خدمتین دین۔ جن
لوگون نے میری اطاعت نہین قبول کی اور امن مین مخل ہوئے
وہ ملک سے نکال دئے گئے۔ اب امیر سے لیکر فقیر تک
تمام افغانستان مین کوئی شخص ایسا نہین ہے جو میری گورنمنٹ

سے عدول حکمی کرسکے یا میرے بعد میرے جانشینون سے
بغاوت کرے جو لوگ میری اس حکمت عملی پر نکتہ چینی کرتے ہین
مین اون سے یہ کہتا ہون کہ تمام سلطنتون کی تاریخ کو دیکھین جو
اوس حالت سے جبکہ حکومت بڑے بڑے زبردست امرا کی
نیابت سے ہوتی تھی اور خود مختار قبیلون اور جرگون کی باہمی
خانہ جنگیون اور موروثی کشاکشون اور خونریزیون پر منتہی ہوا
کرتی تھی کس طرح تہذیب اور شایستگی کے درجہ کو پہونچی
ہین۔ تب وہ خود انصاف کرسکین گے کہ یہ حالت بغیر لڑائیان
لڑے اور خونریزی ہوے نہین نصیب ہوئی ہے جسوقت
مین اس کام مین مصروف تھا کہ تلوار کی نوک سے افغانستان
کی اندرونی حالت اور قلم کی نوک سے بیرونی حالت درست
کرکے اوسے ایک سلطنت کی صورت مین لے آؤن مین نے
کوئی دقیقہ اصلاح اور ترقی کا جو ملک کے لئے ضرور تھی فروگذاشت

نہین کیا اِن اصلاحات کا ذکر اپنے اپنے موقع سے آچکا ہے
لہذا یہان مین صرف یہ کہون گا کہ جو کچھہ افغانستان کے لئے
ہونا چاہیئے اس کا دسوان حصّہ بھی نہین ہوا۔ اگر ترقیان اور
اصلاحین برابر جاری رہین تو البتہ کچھہ ہوگا۔ مین بالفعل قوم کی
آئندہ ترقی کے متعلق چند اشارے بیان کرتا ہون۔

سب سے پہلی اور نہایت ضروری نصیحت جو مین اپنے جانشینون
اور رعایا کے لئے کرنا چاہتا ہون وہ یہ ہے کہ اگر افغانستان کو
ایک عظیم الشان سلطنت بنانا چاہتے ہین تو اتفاق کی قدر کرین
صرف اتفاق ہی ایسی چیز ہے جو افغانستان کو ایک بڑی قوت
بنا سکتا ہے۔ کل شاہی خاندان۔ امرا اور رعایا سب ایک دل
ایک رائے اور ہم غرض ہوکر اپنے گھر کی حفاظت کرین۔

میرے بچپن سے ابتک کوئی دن ایسا نہین گذرا کہ جس روز
کسی نہ کسی ملک اور قوم کی تاریخ مین نے خود نہ پڑھی ہو یا مجھے پڑھکر

نہ سنائی گئی ہو۔ اِن تواریخ کے مطالعہ سے مین نے ایک نتیجہ
نکالا ہے وہ یہ کہ بہت سی سلطنتون کا زوال خصوصًا مشرق مین
اسلامی سلطنتون کی تباہی محض نا اتفاقی اور خانہ جنگیون کی بدولت
ہوئی۔ اسلام جو اس قدر ترقی کرکے عرش پر پہونچا وہ محض عرب
کے اوس بڑے کشور آرا کے قول کی پیروی کی بدولت۔ جسکا
یہ مطلب ہے کہ کل مسلمان بھائی ہین۔ جب اس قول کی پیروی
ترک کردی اور نفاق نے جگہ پائی تب اسلام ابتر ہوا اور یکے
بعد دیگرے ساری سلطنتین کھو بیٹھا۔ مین اپنی قوم اور اپنے جانشینون
سے التجا کرتا ہون کہ اپنے ملک کے معاملہ مین ہمیشہ یکدل رہین
اور میرے قدم بقدم چلین۔ وہ اس اصول کو ہمیشہ پیش نظر رکھین
کہ مین نے کسطرح اپنے تخت کے گرد تمام وہ شاہزادے
اور امرا و سردار جو ہندوستان و روس و ایران مین غریب
الوطن تھے جمع کرلئے اور اونکی دشمنی مبدل بدوستی ہوگئی۔ مین اس

امر کو بہ تفصیل دوسری جگہ بیان کر چکا ہون - اس مقام پر زیادہ لکھنے
کی ضرورت نہین - مجھے پوری اُمید ہے کہ شہر کابل مین اور خود میرے
بیٹون مین میرے بعد کوئی خانگی جھگڑا ایسا نہ ہوگا جو خطرناک
سمجھا جاے - مین نے اپنی زندگی مین یہ انتظام کر دیا ہے - کہ
کل شاہزادے اور اہل افغان میرے بڑے بیٹے کو اپنا سردار
سمجھین اور اوس کی اطاعت قبول کرین - میرے آبا و اجداد نے
جو غلطیان کین مین اون سے بہت متنبہ ہو گیا ہون - مین نے
ایسا نہین کیا کہ ملک اور فوج اپنے لڑکون مین تقسیم کر دی ہوتا کہ
نا اتفاقی کی صورت مین اونہین آپس مین لڑنے کا موقع ملے
اگر بدقسمتی سے میرے بیٹے اور شاہزادے میری اس نصیحت
پر عمل نہ کرین اور آپس مین لڑین تو یہی بہتر ہوگا کہ اپنی بداعمالی کی
سزا پائین اور میری نصیحت نہ سننے کا یہ پھل ملے کہ ملک
اونکے ہاتھ سے جاے - افغانستان نصیب دشمنان ہو اور قوم

افغان کا وجود ہی مٹ جائے - اگر خدانخواستہ ایسا ہوا تو
اُنہین خود اپنے اوپر نفرین کرنا ہوگی اسلئے کہ خدا فرماتا ہے - اِنَّ اللّٰہ[1]
لَا یُغَیِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتّٰی یُغَیِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِہِمْ -
لیکن اگر میرے بیٹے اور جانشین خوش قسمتی سے ملے
رہے اور ایک دل رہے (جہان تک میرا علم ہے کوئی وجہ نہین
کہ نہ ملے رہین - اون مین کوئی اس قابل نہین کہ اپنے بڑے بھائی
کا مقابلہ کر سکے جسکے ہاتھ مین فوج اور خزانہ اور ہر ایک چیز ہے)
تب بھی اسکی علاوہ ایک دوسری دقت قابل لحاظ ہے اور وہ شاہی
خاندان کے اون لوگون کی نا اتفاقی ہے - جو افغان کے باہر ہین
یہ لوگ دو قسم کے ہین - ایک تو وہ جو برطانیہ اعظم کی حفاظت مین
ہین اور انگریزی خوشامد خورے کہلاتے ہین - اور دوسرے

[1] خدا کسی قوم کی حالت نہین بدلتا جب تک خود وہ قوم اپنے افعال سے
اپنی حالت نہ بدلے -

وہ جو روسی حفاظت مین ہین - اون مین پہلی قسم کے چندان قابل
خوف نہین - اوسکی وجہ یہ ہے کہ قریب قریب اون کے کل
معتبر ساتھی اونہین چھوڑکر کابل مین آگئے ہین - یا اب آنے
والے ہین یا میری حسب ہدایت اونہین کی ملازمت مین ہین اور
علانیہ یا خفیہ مجھسے تنخواہ پاتے ہین - دنیا مین بڑے سے بڑا
بہادر بغیر ہمراہیون کے تنہا ایک فوج کا مقابلہ نہین کرسکتا - ان
بیچارون کا بھی وہی حشر ہوگا جو افغانستان کے آخری شاہی
خاندان (سدوزئی) کے شاہزادہ کا ہوا جو بوڑھا ہوکر انگریزون
کی وظیفہ خواری مین مرا مگر ہمیشہ تمنا یہ رہی کہ ایک دفعہ پھر کابل
کے تخت پر بیٹھنا نصیب ہو -

علاوہ اسکے کہ یہ شاہزادے تن تنہا ہین - کوئی ہمراہی نہین
رکھتے برٹش گورنمنٹ خوب جانتی ہے - اوسے یاد ہے کہ ان
لوگون نے کیسی بدانتظامی پھیلائی اور عہد شکنی کرکے روس

سے سازش کرنے لگے ۔ مجھے یقین ہے کہ برٹش عہدہ دارونکا
حافظہ ایسا اچھا ہے کہ یہ باتین اونھین یاد ہونگی اور دوبارہ سبق
لینے کی ضرورت نہوگی ۔ مجھے اس مین بھی تامل ہے کہ یہ شاہزادے
برطانیہ کی مدد سے بھی کبھی تخت پاسکین ۔ خصوصًا جسوقت افغانستان
ایسا قوی ہوجاے جیسی کہ مجھے توقع ہے ۔ مجھے بالکل یقین
ہے کہ انگریزان عہدنامون کے خلاف جو میری اور اون کی
گورنمنٹ کے مابین ہوئے ہین کبھی ایسا نکرینگے ۔ اس عہدشکنی
کا یہی نتیجہ ہوگا کہ افغانستان کے ساتھہ کھلم کھلا جنگ ہوگی اور یہ
بات بالکل اونکی خواہش اور مرضی کے خلاف ہے ۔ اگر انگریز
اپنے عہدوپیمان پر قائم ہین تو کبھی اون لوگون کو جو اون کے
ہاتھہ مین ہین میرے لڑکون کے ستانے کے لئے افغانستان
مین نہ آنے دینگے ۔ ان سب باتون کا خیال کرکے اب کوئی
محل تشویش نہین اس لئے کہ وہ لوگ انگریزون کی حفاظت

اور نگرانی مین ہین - لیکن اگر باوجود عہدنامون کے انگریزون نے میرے خاندان کے دشمنون کو مدد دی تو اوس حالت مین مین اپنے بیٹون اور جانشینون کو یہی صلاح دون گا کہ وہ طریقہ اختیار کرین جو مینے اختیار کیا تھا جب گورنمنٹ ہند نے میرے خلاف امیر شیر علیخان کو مدد دی تھی - یعنی اوّل ہی سے بہادرون کیطرح لڑکر فیصلہ کرلین اور اگر ممکن ہو تو اپنے دشمنون کو ملک سے نکال دین - یا اگر خود شکست کہائین (جس کی مجھے ہرگز اُمید نہین) تو وہ راہ چلین جو مین اونکو بتائے جاتا ہون یعنی انگریزون کے خلاف کسی دوسری سلطنت کی حمایت مین جارہین - لیکن مجھے قوی اُمید ہے اور مین دعا کرتا ہون کہ کبھی ایسا اتفاق نہوگا - جہان تک مین خیال کرتا ہون یا کوئی اور شخص جسے خدا نے سمجھہ دی ہے - اس معاملہ مین افغانستان کے انجام کے متعلق تصفیہ کرسکتا ہے کہ انگریزون کی غرض اور سلطنت

ہند کی سلامتی افغانستان کے قوی اور خودمختار ہونے پر منحصر ہے اور شاہزادون کو آپس مین لڑاکر افغانستان کو کمزور کرنا نامناسب ہے۔

دوسرا معاملہ جو میرے بیٹون اور جانشینون کے لئے نہایت قابل غور ہے وہ یہ کہ اون کے تین دشمن ہین جو روس کی حمایت مین پناہ گزین ہین۔ یہ البتہ بڑے خطرے کی بات ہے گو حالات زمانہ کے اعتبار سے وہ خفیف ہو یا سنگین۔ یہ بات یقینی ہے کہ خطرہ ضرور ہے۔ جن وجوہ سے مین اپنے جانشینون کو متنبہ کرنا چاہتا ہون وہ بہت سے ہین۔ مگر مین چند باتین یہان پر ذکر کرتا ہون۔

بخلاف انگریزون کے روسی یہ چاہتے ہین کہ افغانستان جو اون کی راہ مین حائل ہے اگر بالکل معدوم نہ ہو سکے تو کم از کم منقسم ہو کر بہت کمزور ہو جاے پس جس طرح انگریزون کا یہ فائدہ

ہے کہ دعویداران تخت کو اپنے اختیار مین رکھین روسیون کا
اس مین فائدہ ہے کہ اونہین لڑانے کے لئے یہان بھیجین۔
اونکے لئے اس بات کی وجہ بھی معقول ہے۔ اولاً اون کا نفع
یہ ہے کہ افغانستان کا وجود ہی باقی نہ رہے جو ہندوستان پر
حملہ کرنے کے وقت اونکا سدراہ ہو۔ دوسرے جب روسیون
نے برخلاف عہد و پیمان کے جو دولت برطانیہ کے ساتھ کئے
تھے امیر شیر علیخان سے سازش کی اوسوقت انگریزون نے
جیسا چاہیئے ویسے روسیون کی مخالفت نکی۔ جس سے اونکی
کمزوری ظاہر ہوئی۔

روسی یہ سمجھتے ہین کہ اگر وہ افغانستان مین فتنہ بپا کر سکے تو
سبحان اللہ اور اگر کامیاب نہوئے تو انگریز اس بارہ مین کچھ
زیادہ کد نہ کرین گے اور معاملہ ہاؤس آف کامنز مین کچھ تھوڑے
مباحثہ کے بعد یا چند اخبارون مین ذکر ہوکر یوہین ٹل جائے گا۔

دوسری وجہ اس معاملہ مین زیادہ ہوشیار رہنے کی یہ ہے
کہ محمد اسحاق کے پاس جو روسیون کی حمایت مین ہے اب بہی
بہت سے ہمراہی ہین۔ اور کچھہ نہ کچھ شر پیدا کر سکتے ہین گو اوسمین
کامیابی ہو یا نہو میرے ایجنٹ اسحٰق کے ہمراہیون کو اپنی طرف
توڑ لینے مین ایسے کامیاب نہین ہوئے جیسا کہ ہندوستان
مین لیکن مجھے اُمید ہے کہ بتدریج مستقل تدبیرون سے کامیابی
ضرور ہوگی۔ ممکن ہے کہ جو خطرات مین نے بیان کئے اون مین
اتنا اندیشہ نہو اور مین نے بخیال تنبیہ زیادہ مبالغہ کیا ہو۔ یہ بات
تو سب جانتے ہین کہ افغانستان مین ہر مرد و عورت کو اسحق
اور اوسکے باپ سے ہمیشہ قطعی نفرت رہی اور اب تک ہے۔
مین بہ نظر اختصار اس نفرت کے اسباب بالتفصیل نہین بیان
کر سکتا مگر کچھ لکھہ سکتا ہون۔

اسحٰق کا باپ اعظم بڑا ہی فتنہ گر ہے اور اسیوجہ سے لوگ

لوگ اوس سے نفرت کرتے ہین - اوسی نے میرے والد اور
شیر علیخان مین لڑائی ڈلوادی جس کے باعث سے میرے
خاندان مین اسقدر خونریزی ہوئی - اسکے علاوہ اوسکا ظلم ستمگاری
اور دوسری طرحکی بداطواریان قابل برداشت نہین - ان سب سے
زیادہ جو چیز افغانون کے لئے باعث نفرت ہے وہ اوسکی بزدلی
اوسکا بیٹا اسحٰق اپنے باپ کے کل اوصاف مین طاق ہے اور
اسکے علاوہ اوس نے میرے ساتھہ بھی عہد شکنی کی تھی - اور سب
سے زیادہ مذموم حرکت اوس سے یہ سرزد ہوئی کہ جب اوسکی
فوج میرے سپاہیونکو شکست دیچکی اوسوقت وہ نہایت حمایت
اور بزدلے پن کے ساتھہ فوج چھوڑکر بھاگ گیا اور جن لوگون نے
اوس کا ساتھہ دیا تھا وہ مصیبت مین مبتلا ہوئے - اسکے علاوہ
وہ کبھی لڑنے والا آدمی نہ تھا - اور افغانستان مین ایسے شخص
کو کوئی نہ پوچھیگا جو سپاہی نہو وہ فوج جو اوس کی ماتحت تھی اور

اوسکے بہکانے سے مجھسے لڑی اوس کی ترتیب کا وہ مستحق تعریف
نہتا اس لئے کہ مین نے چیدہ اور ہوشیار فوجی افسر ترکستان مین
اوس فوج پر مقرر کیئے تھے۔ لڑائی مین زیادہ تر اوسکا بیٹا شریک
رہا ورنہ باپ مین تو اتنی قابلیت بھی نہ تھی کہ جنگ کر سکے یہان
اوسکے بیٹے کا ذکر آگیا ہے۔ کچھ اوس کا حال بھی قلمبند کرتا ہون
اوسکا نام اسمعیل ہے اور میرے بڑے بیٹے سے دس برس
بڑا ہے گو بہ نسبت باپ کے اوسمین لڑنے کا مادہ ہے مگر اوسکے
کابل کا تخت پانے کی کوئی توقع نہین ہو سکتی اس لئے کہ کابل
کی رعایا اور امرا اوس سے بالکل ناواقف ہین اور انہون نے
اپنی زندگی مین اوسے کبھی نہین دیکھا۔ افغان جس سے واقف
نہون اوسپر بھروسہ کبھی نہین کرتے پھر ایسے شخص کو وہ اپنا
بادشاہ بنائین یہ امر غیر ممکن ہے افغان ایسے مغرور اور دلیر سپاہی
ہین کہ کبھی راسبات کو گوارا نکرین گے۔

اسحٰق اور اوسکے بیٹے کے لئے ایک اور وقت کا سامنا ہے
وہ یہ کہ دونون کابل سے تین مہینے کی مسافت پر ہین - اگر بالفرض
وہ اپنی فوج کے ساتھہ کابل پر چڑہائی کرین تو یہ امر محال ہے کہ
راہ مین کہین وہ روکے نہ جائین - پس جو شخص میرا جانشین ہوگا
وہ راہ مین اون کی خبر لیگا - اور قبل اسکے کہ وہ کچھہ زیادہ فوج
جمع کرسکین اون کی گوشمالی کردے گا - لیکن بالفرض اگر روسی فوج
اون کی حمایت پر ہوئی تو اوس صورت مین یہ سمجھنا چاہیئے کہ برطانیہ
اعظم اور روس مین جنگ چھڑے گی - اس مسئلہ پر دوسرے حصہ
مین بحث کیجاے گی - گو مجھے یقین کامل ہے کہ اسحٰق یا اوسکا بیٹا
میرے بیٹون اور جانشینون کو ضرر نہین پہونچا سکتا مگر تاہم مین
اونہین یہی نصیحت کرونگا کہ بمقابلہ متوسلین انگریز روس کے
متوسلون سے زیادہ ہوشیار رہین -

میرے بیٹے کو چاہیئے کہ کہین اس خیال مین بھول نجاے

کہ وہ کابل کے تخت پر بیٹھے گا اور تخت بچا لیگا۔ اگر وہ اس عزت
کے قابل نہین تو اوسے تخت نہ ملیگا اور جب تک اوس مین
تخت کے تحفظ کا مادہ نہو وہ کیا بچا سکیگا۔ اوسکو چاہیئے کہ نہایت
پابندی کے ساتھہ میری صلاح اور میرے اصول کی پیروی کرے
ورنہ اوسے تخت کابل ہاتھہ آنا یا تخت کو بچانا بہت دشوار ہوگا۔
پہلی چیز جو اوسپر فرض ہے وہ یہ ہے کہ وہ قوم پر ثابت
کردے کہ وہ ایک مستقل صاحب رائے جفاکش محب قوم بادشاہ
ہے اگر یہ تینون صفتین اوس مین نہوئین تو فقط ملک ہی اوسکے
ہاتھہ سے نہ جائیگا بلکہ اور بڑے بڑے خطرون مین مبتلا ہوگا۔
اس سے میری یہ غرض نہین کہ وہ اس درجہ خود رائے ہوجائے
کہ کبھی اپنے خیر خواہون سے مشورہ نہ لے بلکہ میری غرض یہ ہے
کہ کوئی مشیر اوسکے مزاج مین اتنا دخیل نہو کہ اوسے بالکل موم کی ناک
بنالے۔ اوسکو چاہیئے کہ سب کی سنے مگر کسی کے کہنے پر عمل

نکرے۔ یہ اوسکو معلوم ہے کہ ملک مین ہر شخص فقیر سے لیکر
دوکاندار اور امیر تک اس بات کا مجاز ہے کہ کسی معاملہ مین اگر
وہ بادشاہ کو اطلاع دینا چاہے تو براہ راست بادشاہ سے
مراسلت کرسکتا ہے۔ اگر اوسکی خبر سچ ہو اور ملک یا رعایا کی بہبودی
کی غرض سے ہو تو خبر دہندہ کو معقول انعام دیا جائے خواہ وہ
صیغہ مخبری کا ملازم ہو یا نہو۔ اگر خبر غلط ثابت ہو تو یہ دریافت
کیا جائے کہ آیا اوسنے نیک نیتی سے ایسا کیا یا بدنیتی سے
اگر بدنیتی ثابت ہو تو اوسے سزا دیجائے۔ مین اسی طرح اپنے
امرا۔ اہل دربار۔ عہدہ دار اور ملازمین صیغہ مخبری یا ملک کی اور رعایا
سے اطلاع حاصل کرتا ہون اسکے لئے غیر ملکون مین جو میرے مخبر
تعینات ہین وہ روزانہ مجھے ہر واقعہ کی خبر دیتے رہتے ہین۔
یہ لوگ اخبارون کے مضامین بھی مجھے بھیجا کرتے ہین۔ جو افغانستان
کی نسبت شایع ہوا کرتے ہین۔ مین اپنے ہی دل مین ان کل

معاملات پر غور کرتا ہون اور اونسے نتائج نکالتا ہون - کبھی کسی کی
صلاح یا مشورہ پر عمل نہین کرتا - میرے بیٹون کو چاہیئے کہ امیر
شیر علیخان کے اصول پر نہ چلین - اوس کے مشیرون نے
ہمیشہ اوسے بھائیون سے لڑایا اور آخر مین برطانیہ اعظم سے
جنگ کرادی جو اوس کی تباہی کا باعث ہوئی - نہ وہ امیر
یعقوب خان کی سی ضعیف پالسی اختیار کرین اوس نے انگریزون
کو خوش کرنے کے لئے ایسے عہد و پیمان کئے جنھین وہ پورا نکر سکا
اوس کی کمزوری کی ایک مثال تو یہ ہے کہ سر لوئی کیوناری کو
کابل بلایا مگر اون کی جان نہ بچا سکا - اس غلطی کی اوس نے سزا
پائی اور تخت کھو بیٹھا - انگریزون نے بھی اپنے کئے کا پھل پایا
اونکو معلوم ہوا کہ ایسے بزدل حکمران پر بھروسہ کرنیکا کیا انجام
ہے - میرے بیٹون کو چاہیئے کہ میرے چچا امیر اعظم کے
اصول پر بھی نہ چلین - اون مین حب الوطنی یا انتظام ملک کا مطلق

مادہ نہ تھا۔ شرابخواری اور بداطواری سے چند ہی مہینے مین ملک کھو بیٹھے۔ حالانکہ مین نے انہین تخت پر بٹھایا تھا۔ اگر میرے بیٹے ان لوگون کی تقلید کرینگے تو اونہین کی طرح مصیبتون مین مبتلا ہونگے۔

مین اپنے بیٹون کو ایک اور نصیحت کرتا ہون وہ یہ کہ علاوہ روزانہ فرایض کے جو ایک بادشاہ کے لیے ضروری ہین۔ اوسکو چاہیئے کہ اپنا علم اور معلومات بڑہانے کے لیے کوئی وقت معین کرے جیسا کہ مین ساری عمر کرتا رہا ہون۔

اسکے لیے جو طریقہ مین نے اختیار کیا وہ سب سے بہتر ہے شام کو جب وہ بالکل تہک جائے اور خود کچھ کام نکر سکے تو اوسے چاہیئے کہ کتاب خوان کو حکم دے کہ کوئی تاریخ۔ غیر ممالک کا جغرافیہ بادشاہان ماسلف کی سوانح عمری (بلا امتیاز قوم و ملک) پڑہکر سنائے یا بڑے بڑے مدبرین کی تقریرین اور مضامین اور کل

ایسے مضامین اخبار جو افغانستان کے متعلق ہون یا اُن ملکون
اور اُن قومون کی بابت ہون جن سے افغانستان کو کچھ تعلق
ہے پڑھوا کر سُنے۔

گو اس کتاب کے ہر باب مین مین نے اپنے بیٹون اور
جانشینون کو کچھ نہ کچھ نصیحت کی ہے مگر مین نے یہ ضروری خیال
کیا کہ جس اصول کے وہ پابند ہون اوسکے متعلق اشارۃً ذکر کردون
جیسا کہ اوپر بیان ہوا ہے۔ اب مین دوسرے معاملہ مین بحث
کرتا ہون۔ افغانستان مین کسطرح حکومت کرنا چاہیئے اور کیا انتظام
ہونا چاہیئے جس سے ملک بتدریج ترقی کرکے ایک عظیم الشان
سلطنت ہوجائے۔

مین نے ایک باضابطہ گورنمنٹ کی بنا تو ڈالدی ہے مگر
ابھی اس گورنمنٹ نے جیسا چاہیئے ویسی صورت نہین پکڑی ہے
ہر بادشاہ کو لازم ہے کہ مختلف ممالک کے طریقہ گورنمنٹ پر غور

کرے اور بہ تعجیل کوئی کام نہ کر بیٹھے - جو طریقہ زیادہ پسندیدہ اور
اپنے ملک کے حسب حال ہو اوسے اختیار کرے - اور بتدریج
حسب ضرورت اوس مین ترمیم کرکے اوسے رائج کرے - میرے
نزدیک بہترین اصول حکمرانی وہ ہے جو عرب کے بڑے مقنن
یعنی ہمارے نبی برحق محمد مصطفےٰ نے قایم کیا تھا - یہ اصول گویا جمہوری
سلطنت کا اصول تھا - مہاجر و انصار کے دو گروہ قرار دیے گئے
تھے اور جمہوری اصول پر سلطنت چلتی تھی - ہر رکن کو اپنی رائے
دینے کا اختیار تھا اور غلبہ آرا کی پیروی کیجاتی تھی - مین نے
افغانستان کو ایک باضابطہ قانونی سلطنت بنانے کے لیے
یہ انتظام کیا ہے - تین قسم کے لوگ میرے دربار مین حاضر ہوتے
ہین جو فراہمی سامان جنگ اور مختلف معاملات ملک کی بابت
مجھسے مشورہ کرتے ہین - ان لوگون کی تقسیم حسب ذیل ہے -
سردار یا امرائے ملک خوانین ملک (یعنی رعایا کے وکلا)

اور ملّا (یعنی وکلاء امور مذہبی) امراکو اونکے موروثی حقوق کے لحاظ سے دربار مین آنے کی اجازت دیجاتی ہے۔ خوانین ملک کے سرداردن مین سے اس طرح منتخب ہوتے ہین کہ ہرگاؤن یا قصبہ کے باشندے ایک ایسا شخص انتخاب کرین جو صاحب لیاقت ہو ایسے اشخاص ارکان کہلاتے ہین یہ ارکان آپس مین ایک دوسرا شخص منتخب کرتے ہین جو اوس ضلع یا صوبہ مین بہت معتبر اور صاحب اختیار ہو۔ یہ شخص خان کہلاتا ہے۔ چنانچہ ہمارے یہان ہاؤس آف کامنز انہین خوانین سے مرکب ہے۔ ان خوانین کے انتخاب کی منظوری یا نامنظوری بادشاہ کے اختیار مین ہے جو بلحاظ اون کی لیاقت۔ درجہ۔ وفاداری۔ اون کے ذاتی یا آبائی خدمات کے فیصلہ کرسکتا ہے۔ ان سب باتون کا خیال کیا جاتا ہے اور یہ دیکھا جاتا ہے کہ آیا رعایا نے اوسے منتخب کیا یا نہین۔ تیسرا گروہ ملاؤن مفتیون قاضیون اور خان

علامہ کا ہے۔ ملّا لوگ امور مذہبی کے عہدہ دار ہوتے ہین اور
اور جب وہ فقہ و حدیث و قوانین ملک مین امتحانات پاس
کرکے محکمہ امور مذہبی مین ملازمت کر لیتے ہین تب بتدریج میرے
دربار مین جگہ پاتے ہین۔

یہ باضابطہ گروہ ابھی اس قابل نہین ہوا ہے کہ کوئی ذمہ داری
کا کام اوسکے سپرد کیا جائے مثلاً بلون کی منظوری اور سرکاری ضوابط
کا نفاذ اوس کے اختیار مین دیا جائے۔ مگر رفتہ رفتہ اونہین یہ سب
اختیارات مل جائین گے اور ایک دن وہ آئیگا کہ افغانستان
کے لوگ خود اپنے ہاتھ سے اپنی حکومت کرین گے۔ لیکن مین
اپنے بیٹون اور جانشینون کو مجبور کرتا ہون کہ وہ کبھی ان وکلاء
ملک کے ہاتھ مین موم کی ناک نہ ہو جائین۔ اونکو چاہیئے کہ فوج کی
آراستگی وغیرہ کا اختیار بالکل اپنے ہاتھ مین رکھین اور کسیکو
اوس مین دخل نہ دینے دین۔ اسکے علاوہ کوئی تجویز یا اصلاح یا

بل جو اون کی کونسل یا دربار سے پاس ہو اوس کی منظوری یا نامنظوری کا اختیار اپنے ہاتھہ مین رکھین۔

میرے بیٹون اور جانشینون کو چاہیئے کہ ملک مین کسی قسم کی اصلاح کرنے مین جلدی نہ کرین ورنہ رعایا منحرف ہو جائیگی اور اونکو یاد رکھنا چاہیئے کہ باضابطہ قانونی گورنمنٹ اور نرم قوانین اور مغربی یونیورسٹیون کے طرز کی تعلیم بتدریج ملک مین جاری کیجائے تاکہ لوگ اس جدید طریقون کے عادی ہو جائین اور اون حقوق و اصلاحات کو اچھی طرح برت سکین۔

میرے بیٹون اور جانشینون کو چاہیئے کہ جب کسی غیر سلطنت کی رائے پر چلین یا اپنے اہل دربار کے مشورہ پر عمل کرین جنہین غیر سلطنت نے رشوت دیکر اپنی طرف ملا لیا ہو تو ہمیشہ سعدی شیرازی کے اس قول کو یاد رکھین

نگہدار د آن شوخ در کیسہ بر	کہ داند ہمہ خلق را کیسہ بر

کابل کا تاج و تخت بیرونی حملہ آورون۔ مختلف دعویدارون اور
باغیون سے محفوظ رکھنے کے لئے ضرور ہے کہ ملک کی فوج
کیطرف زیادہ توجہ کیجائے۔ گو اس بارہ مین دوسری جگہہ مین بحث
کرچکا ہون مگر چند نکتے اپنے جانشین کی ہدایت کے لیے بیان
کرتا ہون۔ یہ نہایت ضروری امر ہے کہ افغانستان کی کل فوج
حال کے نہایت عمدہ نو ایجاد ہتیارون سے مسلح ہو۔ دس لاکھہ
سپاہی افغانستان کو کسی بیرونی حملہ آور سے بچانے کے لئے
بالکل کافی ہین۔ بلکہ ضرورت سے زیادہ۔ اگر اتنے سپاہی افغانستان
مین فراہم ہوجائین تو پھر اوسے دنیا مین بڑی سی بڑی سلطنت
کا کچھ ڈر نہ رہے۔ یہ منشا پورا ہونے کے لئے جو انتظام مین کر
رہا ہون وہ یہ ہے کہ جنگ کے لئے فی توپ (نو ایجاد) پانسو شل
کے گولے اور فی میگزین رپیٹر یا مارٹنی ہنری بندوق پانچہزار
کارتوس ہر وقت موجود رہین۔ اسقدر ہتیار اور کارتوس وغیرہ

دس لاکھ سپاہیون کے لئے کافی ہین - اِن سپاہیون کی
مین نے دو قسمین کی ہین - تین لاکھ فوج باقاعدہ اور سات لاکھ دالنٹیر
(مجاہدین) فوج بیقاعدہ - مگر یہ بیقاعدہ بھی قواعد دان اور فوجی
تعلیم پائے ہوئے ہون - علاوہ سامان جنگ کے ضرورت کے وقت
ملک کے انبار خانون مین غلہ اور سامان رسد اسقدر مہیا رہے کہ
تین سال کے لئے کافی ہو اور بار برداری کے جانور - ہاتھی - اونٹ
لدّو ٹٹو - خچر اور دوسرے جانور فوج کے لئے ممالک محروسہ افغانستان
مین موجود رہین بڑی بڑی دولتمند سلطنتون کو ایک جگہ سے دوسری
جگہ فوج بھیجنے مین بڑی دقت پیش آتی ہے - بار برداری کے
جانور نہین دستیاب ہوتے فی الحقیقت یہ چیز بہ نسبت سپاہی یا
سامان جنگ بہم پہونچانے کے زیادہ دشوار ہے - لیکن خدا کا
شکر ہے کہ افغان ایسے قوی - تندرست دلیر لوگ ہین کہ اپنے
ملک مین پہاڑون پر گھوڑون کی طرح تیز دوڑ سکتے ہین - اپنی پیٹھ



پر بندوق - کارتوس - ڈیرے - چند روز کا کھانا لاد کر لیجا سکتے ہین
بہت سے سپاہیو نکے لئے ایک نہایت ہی محدود تعداد باربرداری
کے جانورون کی درکار ہے - یہ کہنا مبالغہ نہوگا کہ ایک لاکھہ انگریزی
سپاہیون کے لئے جسقدر باربرداری کے جانورون کی ضرورت
ہوتی ہے اوس سے کم مقدار دس لاکھہ افغانون کے لئے کافی
ہے اوس کی وجہ یہ ہے کہ انگریزی سپاہیون کو اقسام کے کھانے
شراب - سوڈا واٹر اور دوسرے قسم کے سامان عیش وعشرت
کی ضرورت ہوتی ہے - بعض اصحاب یہ کہین گے کہ گو انگریزی
سپاہی کو شاہزادون کی سی آسایش درکار ہے مگر وہ لڑنے
مین بھی ویسا ہی بہادر ہے - مین ان حضرات سے بالکل اتفاق
کرتا ہون کیونکہ مین خود انگریزی سپاہی کا معترف ہون - مگر اس مقام
پر تو لدو ٹٹوؤن سے بحث ہے نہ کہ سپاہیون سے -

غرضکہ دس لاکھہ آدمیون کے لئے ہتیار اور سامان رسد وغیرہ

مہیا کرنا کوئی آسان بات نہین ہے۔ اسکے لیے بہت روپیہ درکار ہے اسیوجہ سے مین اپنی فوج کی تعداد آمدنی ملک کی ترقی کے اندازہ سے بڑہا رہا ہون۔ گو فوج باقاعدہ کو جو گورنمنٹ سے تنخواہ پاتے تین لاکھ سے زیادہ آدمیون کی ضرورت نہین۔ مگر سرکاری خزانہ مین اتنا روپیہ ہونا چاہیئے جو دس لاکھ آدمیون کو کم از کم دو برس تک لڑانے کے لئے کافی ہو۔ جب تک یہ انتظام نہو ہم دس لاکھ آدمی میدان جنگ مین نہین لا سکتے۔ اور صرف اسی پر قناعت نکرنا چاہیئے بلکہ خزانہ مین اس قدر روپیہ اور ہو کہ حالت جنگ مین ہتیار اور سامان جنگ کی تیاری کے لئے کارخانہ برابر چل سکین۔ یہ بھی ضرور ہے کہ خود افغانستان کی کانون سے لوہا۔ سیسہ تانبا۔ کوئلہ کافی مقدار مین نکالا جا سکے۔

جن انتظامات مین ابتک مین مصروف تھا اور اب بھی ہون وہ اس حدتک پہونچ گئے ہین کہ اگر آج ضرورت پڑے

تو مین دس لاکھہ آدمی میدان جنگ مین لا سکتا ہون گو میری باقاعدہ
فوج ابھی ایسی بڑی نہین ہے مگر ملک سپاہیون سے بھرا ہوا
ہے اور مین افغانستان کے سلاح خانون سے اتنے
آدمیون کو توپون - بندوقون - تلوارون اور جملہ سامان جنگ سے
مسلح کر سکتا ہون - اونکے کھانے کے لئے بھی انبار خانون مین
غلہ اور ملک مین باربرداری کے جانور بکثرت ہین

ہمین دو چیزون کی ضرورت ہے - ایک تو یہ کہ فوج باقاعدہ کی
تعداد تین لاکھہ تک پہونچائی جاے - مگر اوس کے لئے بہت
وقت درکار ہے گو یہ کوئی ایسی بات نہین جس کے لئے تشویش
کیجاے کیونکہ افغان فطرتی سپاہی ہین - دنیا کے عمدہ سے عمدہ
قواعددان - بہادر اور آراستہ فوجین ہمارے کسانون کا لوہا مانے
ہوے ہین - صدہا موقعون پر انہون نے یہ ثابت کر دیا ہے کہ
افغان فطرتی بہادر ہین -

اوّل خاص چیز جسکی زیادہ تر ضرورت ہے وہ روپیہ ہے۔ گو
الحمد للہ اسوقت جسقدر نقد روپیہ افغانستان کے خزانہ مین موجود ہے
کبھی کسی امیر کے وقت مین نہ جمع ہوا تھا مگر پھر بھی اوس حد تک
ابھی نہین پہونچا ہے جسقدر مین چاہتا ہون کہ ہو اب رہا غلہ اور رسد
کا سامان اوس کے لئے مین نے تمام ممالک محروسہ افغانستان
مین جا بجا انبار خانے تعمیر کرائے ہین اور اپنے بیٹون اور جانشینون
کو میری یہ نصیحت ہے کہ اس بارہ مین میری تقلید کرین۔ انبار
خانے ہمیشہ بھرے رکھین۔ ہر سال غلہ بدلا جائے پرانا غلہ فوج
کو بجائے تنخواہ کے ارزان قیمت پر دیا جائے جو کچھ بچ رہے
وہ فروخت کیا جائے اور اوس کی جگہ نیا غلہ خرید کر بھرا جائے۔
عموماً اصطبل والے لدّو ٹٹوؤن گھوڑون اور باربرداری کے جانورون
کے لئے یہ پرانا غلہ خرید لیتے ہین۔ میرے بیٹون اور جانشینون
کو چاہیئے کہ ناواقف اور ناتجربہ کار لوگون کی باتون پر عمل نکرین جو

میرے اس اصول پر اعتراض کیا کرتے ہین کہ مین نے کیون
بیفائدہ اڑتالیس ہزار گھوڑے اور باربرداری کے ٹٹو پال رکھے
ہین اور انبار خانون مین لکھو کھا من غلہ بھر رکھا ہے یہ معترض لوگ
کہتے ہین کہ کیون بیکار گورنمنٹ پر اتنے جانورون کے صرف
کا بار ڈالا جاتا ہے۔ جب ضرورت ہوگی ہم خرید لین گے یا کرایہ
کر لینگے یہ معترض یہ نہین سمجھتے کہ تشویش کے وقت اور دوسری
اہم باتون کے خیال کرنے کی ضرورت ہوتی ہے اگر تیاری وغیرہ
کے اہتمام مین وقت ضایع کیا جائے تو ان ضروری امور پر کب
غور کیا جاسکتا ہے۔ اس لئے ضرور ہے کہ سارا سامان وقت
پر مہیا رہے۔ علاوہ برین یہ باربرداری کے جانور اور گھوڑے
بیکار بندھے ہوئے نہین کھائے جاتے ہین بلکہ اون سے سرکاری کام
لئے جاتے ہین۔ جس قدر اون کے کھانے یا نگہداشت مین صرف
ہوتا ہے اتنی گورنمنٹ کو بچت ہو جاتی ہے۔

میرے لڑکون اور جانشینون کو فوج کی بڑی تعداد دیکھکر
پھولنا نہ چاہیئے۔ اونکو ہمیشہ یہ خیال رکھنا چاہیئے کہ فوج کو خوش
اور مطمئن رکھنا ضروری چیز ہے۔ ایک مخالف اور بیدل فوج رکھنی
سے تو بہتر یہ ہے کہ کچھہ فوج نہ رکھے۔ اب رہی یہ بات کہ فوج
کی آسودگی اور اطمینان کو دریافت کرنا یہ خود بادشاہ کی عقل پر
منحصر ہے۔ ایک چیز کا ہمیشہ خیال رہے۔ کوئی شخص بہ جبر فوج
مین نہ بھرتی کیا جائے اور سب کو تنخواہ برابر ملے امیر شیر علیخان
بہ جبر لوگون کو فوج مین نوکر رکھتا تھا۔ اور اونکو برابر تنخواہ نہ دیتا تھا اوسکا
نتیجہ یہ ہوتا تھا کہ اوسکی ساری فوج ناخوش تھی اور جب انگریزون نے کابل پر چڑہائی
کی تو انگریزی فوج کے مقابلہ مین اتنا بھی نہ ٹھہر سکی جتنا کہ افغانستان
کے کسان لڑ سکتے ہین۔ فوج کی بیدلی نے اکثر شاہان
افغانستان کی قسمت کا ایک ہی لڑائی مین فیصلہ کر دیا ہے اسلئے
کہ فوج یا تو لڑنے کے قابل نہ تھی یا یہ کہ سپاہی بہ جبر رکھے گئے

تھے وہ اس بات کے منتظر تھے کہ دشمن کا سامنا ہو اور وہ چل دین
اور بادشاہ پر اپنے دلکی بھڑاس نکالین جس نے بہ جبر انہین فوج
مین بھرتی کیا تھا۔ فوج کی ماہوار ماہ بماہ تقسیم ہونا چاہیئے اور
سرکاری خزانہ سے نقد ملنا چاہیئے۔ اُنہین ملک کے محاصل پر
احکام نہ دئے جائین کہ خود جاکر تحصیل کرلین۔ جیسا کہ پہلے دستور
تھا۔ ایک سپاہی جس کا دل اپنی تنخواہ اور اپنے عیال کے اخراجات
کی فکر مین ہو وہ اپنے فرایض پورے طور پر انجام نہین دیسکتا
اور جب سپاہی اپنی تنخواہ کے لئے گاؤن مین مالگذاری تحصیلنے
جائیگا تو اوس کی جگہ لڑے گا کون۔ سعدی فرماتے ہین۔

زربدہ مرد سپاہی را تا سر بدہد
دگرش زر ندہی سر نہد در عالم

دلیر و شجاع و ہر دلعزیز افسر سپاہیون کو باقاعدہ فوجی تعلیم
اور فرایض کی توجہ دلاکر بہادر سپاہی بنا سکتے ہین۔ اگر تھوڑے

سپاہی کسی اچھے افسر کے تحت مین ہون تو وہ بہت کچھ کر سکتے ہین

بقول جامی

زبسیاری میش وگوسفندان
نترسد چیرہ گرگ تیز دندان

فردوسی

فرودنی لشکر نیاید بکار
دو صد مرد میدان بہ از صد ہزار

افسرون کے انتخاب مین بہت خیال چاہیئے۔ ہمیشہ اون کی قابلیت کے لحاظ سے ترقی دیجائے۔ فوج کے کل افسر نہایت معتبر۔ لایق۔ وفادار خیر خواہ اور حتی الامکان اچھے خاندانون کے ہون۔ مین یہ چیز پسند نہین کرتا کہ افسر دنکو اونکے سن یا مدت ملازمت کے لحاظ سے ترقی دیجاے بلکہ ترقی اس امر پر منحصر ہو کہ اپنے امتحان مین پورے اترین اور اونکی خدمات وکارہاے نمایان خوش کرداری وخیر خواہی اور سپاہیون مین اون کا ہر دلعزیز ہونا یہ سب باتین اون کی ترقی کا باعث ہون۔

خصوصًا یہ آخری چیز بہت قابل لحاظ ہے۔

فوج کے کل افسرونکو چاہیئے کہ جدید فنون جنگ کی کتابین پڑہین جو انگریزی سے فارسی مین ترجمہ ہوئی ہین اور ہو رہی ہین۔ میرے بیٹون اور جانشینون کو ہمیشہ یاد رکہنا چاہیئے کہ کبھی غیر ملک کے فوجی افسر اپنی فوج مین نہ رکہین گو غیر سلطنتین اس بارہ مین کیسی ہی صلاح کیون نہ دین۔

اَهْلُ الْغَرَضِ مَجْنُوْنٌ

اگر کوئی غیر سلطنت اپنے یہان کے فوجی افسر افغانون کو فنون جنگ سکہانے کے بہانے سے دینا چاہے تو یہ بات کبھی منظور نہ کیجائے اس لئے کہ ممکن ہے وہ انھین غیر ملک کے اغراض کی طرف متوجہ کرلین مین اُمید کرتا ہون کہ تہوڑے ہی عرصہ مین افغانون کو اسقدر عقل و شعور آجائے گا کہ وہ یہہ سمجھہ سکین کہ ادنکے اغراض اور گورنمنٹ کے اغراض دونون

ایک ہین۔ تب وہ اپنے ملک کے ایسے جانثار ہو جائین گے
جیسے کہ اور اقوام کے لوگ ہین۔ اور تب البتہ وہ اس قابل ہونگے
کہ اس ملک سے بغرض تعلیم دوسرے یورپین ممالک مین بھیجے
جا سکین مگر فی الحال یہ چیز خلاف مصلحت ہی اس لئے کہ غیر ملک
کے لوگ اونھین بہکا کر افغانستان کا مخالف بنا سکتے ہین۔ جب
وہ اپنے ملک کے دشمنون کو اپنا ذاتی دشمن سمجھنے لگین تب
البتہ یہ موقع ہوگا کہ ہم اپنے یہان کے نوجوان بغرض تحصیل
فنون جنگ یورپ بھیجین۔ وہ وہان سے فارغ التحصیل ہو کر واپس
آئین اور جو کچھ سیکھہ آئین وہ اپنے یہان کے دوسرے افسرون
کو سکھائین۔ بالفعل ہمکو اسی پر قناعت کرنا چاہیئے کہ ہمارے
سپاہی اپنے پہاڑیون پر خوب جمکر لڑ سکتے ہین اور اس کے
علاوہ جس قدر ضروری کتابین فوجی قواعد وغیرہ کے متعلق
تھین وہ فارسی مین ترجمہ ہو گئی ہین اور افغانون نے اُنھین۔

خوب یاد کر لیا ہے اور یاد کرتے جاتے ہین۔

جس زمانہ مین میرے سپاہیونکے پاس نہ عمدہ بندوقین تہین نہ افسر۔ نہ قواعد جانتے تہے۔ بلکہ کسانون اور کاشتکارونکا ایک گروہ تھا۔ اوس وقت انگریزی سپاہیون کے مقابلہ مین ایسی بہادری سے لڑے کہ خود انگریز اور دنیا کی تمام سلطنتین اونکی معترف ہین۔ اب اونکے پاس تو عمدہ سے عمدہ ہتیار ہین اور اون کو لڑانے کے لئے ہوشیار جنرل ہین۔ اب وہ کسی عمدہ سے عمدہ فوج کے ساتہہ برابر کا مقابلہ کر سکتے ہین اور اپنے پہاڑون مین تو غالباً دو چند فوج سے بہی لڑ سکین گے۔ جن لوگون نے افغانستان کے جنگی واقعات پڑہے ہین اُنہین معلوم ہوگا کہ جنگ سید آباد مین مین نے آٹہہ ہزار سپاہیون سے شیر علی کی ستر ہزار فوج کو ایسی شکست فاحش دی کہ اُنہین بہاگتے ہی بن آئی۔ اپنے کل مقتول اور ہر ایک چیز میدان جنگ مین

چھوڑکر فرار ہو گئے - اسی شکست نے امیر شیر علی کی حکومت کا خاتمہ کر دیا اور میرے والد کو کابل کے تخت پر بٹھایا جو امیر شیر علی کی قید مین تھے -

رعیت چو بیخ است وسلطان درخت	درخت ای پسر باشد از بیخ سخت

ایک اور نصیحت جو مین اپنے بیٹون اور جانشینون کو کرنا چاہتا ہون وہ یہ ہے کہ اونکو چاہیئے شب و روز اسبات کی کوشش کرین کہ رعایا آسودہ خوشحال اور مطمئن رہے اس لئے کہ ہر گورنمنٹ کا وجود اور قیام زیادہ تر رعایا کے ہاتھ مین ہے - اگر رعایا دولتمند ہوگی تو ملک بھی دولتمند ہوگا - اگر رعایا آسودہ حال ہوگی تو ملک مین بھی امن رہے گا - اگر رعایا لایق اور تعلیم یافتہ ہوگی تو ملک کیلئے وزرا اور مدبر جو جہاز مملکت کے ناخدا ہوتے ہین - رعایا مین سے انتخاب ہو سکینگے اور ملک کے لئے زیادہ تر مناسب ہونگے غرض آیندہ ترقی کیلئے رعایا کی تعلیم نہایت ضروری چیز ہے اور جب تک اناث بھی تعلیم یافتہ

نہون افغانستان کبھی پوری ترقی نہین کرسکتا اس لئے کہ بچے
ابتدائی سبق اپنی مادن سے سیکھتے ہین۔ بچپن مین جیسی تعلیم ہوتی
ہے اوس کا اثر تمام عمر اونکے خیالات پر اور اونکے چال چلن پر
پڑتا ہے۔ بچپن کی تعلیم جیسی دل مین جڑ پکڑتی ہے ویسی بعد
کی تعلیم نہین چنانچہ اسی مصلحت سے ہمارے پاک نبی نے
بھی عورتون کے لئے یہ حکم دیا کہ بلا اجازت اپنے شوہرون
کے گھر سے باہر قدم نہ نکالین الا تعلیم کے لئے۔

اگر بہت سے لوگ اور اون کی بیبیان اور عموماً عورتین تعلیم
یافتہ ہو جائین تو جو مدبر رعایا سے منتخب ہونگے۔ وہ یقیناً منصف
ہوشیار۔ لایق اور باخبر ہونگے۔ اور انتظام ملک کو اچھی طرح
چلائینگے۔ اس لئے کہ ایک مہذب اور شایستہ گورنمنٹ غیر
مہذب اور جاہل رعایا کے لئے سزاوار نہین ہے جو محض سخت
اور فوجی قانون سے مطیع رہ سکتے ہین۔ اسی طرح غیر مہذب اور

وحشیانہ حکومت لایق اور شایستہ اقوام کے لئے نامناسب ہے۔ ایسی ہی نامناسب حالتون کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ بادشاہ کے تن سے سر جاتا ہے جیساکہ انگلستان مین شاہ چارلس اوّل کے لئے ہوا۔ مجھے اس مقام پر ایک دلچسپ نقل یاد آئی جو بسبیل تذکرہ لکھی جاتی ہے۔ اسی سے ظاہر ہوگا کہ گورنمنٹ اور رعایا دونون کو ہمرنگ ہونا ضرور ہے۔

ایک ملک مین کسی منجم نے بادشاہ سے کہا کہ فلان تاریخ بہت سخت بارش ہوگی اور جو کوئی اس پانی کو پیے گا دیوانہ ہو جائیگا۔ بادشاہ نے حکم دیا کہ پانی کے چند حوض اپنے اور اپنے وزرا کے لئے محفوظ رکھے جائین تاکہ پرانے پانی مین وہ نیا مینہ کا پانی ملنے پائے چنانچہ بارش ہوئی اور عام رعایا جس کے لئے کوئی عمدہ پانی کا خزانہ محفوظ نہ تھا وہی پانی پینے پر مجبور ہوئی اور سب لوگ دیوانہ ہو گئے۔ ظاہر ہے کہ اس کا نتیجہ بجز خرابی کے

اور کیا ہو سکتا تھا۔ جسقدر قانون اور تجویزین وزرا گورنمنٹ نے
ملک کے لئے پیش کین رعایا نے سب نامنظور کین اس لئے
کہ اونکے دماغ صحیح نہ تھے۔

جو کچھ بادشاہ اور وزرا کہتے تھے یا کرنا چاہتے تھے وہ مجنون
رعایا کو ناپسند ہوتا تھا۔ آخرکار بادشاہ نے وزرا سے کہا کہ لوگون
کی مرضی کے خلاف کوئی انتظام غیر ممکن ہے۔ نہ پارلیمنٹ چلسکتی
ہے اور نہ میرا حکم لہذا بہتر یہی ہے کہ ہم سب بھی وہی پانی پی لین
اور رعایا کے مثل ہو جائین چنانچہ وہ پانی پیا گیا اور بادشاہ و وزرا
بھی دیوانے ہو گئے۔ دیوانون کا ملک کب تک چلسکتا تھا
جو سلطنتین ہمسایہ مین تھین وہ بڑھین اور ملک پر قبضہ کر لیا
اور دیوانون کو نکال باہر کیا۔

رعایا کی آسودہ حالی و ترقی دامن زیادہ تر انصاف اور طریقہ
حکمرانی پر منحصر ہے۔ قانون کے نزدیک بادشاہ اور گدا دونون

برابر ہین۔ میرے بیٹون کو چاہیئے کہ ایران ماسلف کی پیروی
نکرین جنکے عہد مین ہر عہدہ دار اور ہر امیر کا جُدا جُدا قانون تھا اور
کہین کوئی عدالت نہ تھی۔ مین اس بات کا مقر ہون کہ ابھی عدالتون
کی پوری تکمیل نہین ہوئی ہے اور جو طریقہ انصاف عدالتون
مین رائج ہونا چاہیئے وہ ابھی اوس کمال کو نہین پہونچا ہے مگر
تاہم بہت کچھ ترقی ہوئی اور ہونے کی توقع ہے۔ مثلاً میرے
ابتداء عہد مین جب رعایا زیادہ سرکش اور گستاخ اور وحشی تھی
میرے قانون اور سزائین بہت سخت ہوتی تھین۔ مگر سال بسال
جون جون تعلیم اور امن اور اطاعت بڑہی اور رعایا کی حالت
مین تغیر ہوا ویسے ہی قانون مین اصلاح ہوتی گئی اور سزائین
نرم کی گئین۔ میرے جانشینون کو چاہیئے کہ اسی اصول پر چلین اور
ملک کی ترقی اور تہذیب کے لحاظ سے قانون مین اصلاح کرتے
جائین۔ اونکو یاد رکہنا چاہیئے کہ مختلف ممالک مین پارلیمنٹ اور

مجلس وضع قوانین اسی لئے قرار دی گئی ہین جو ہمیشہ دنیا کی ترقی کے
لحاظ سے قانون مین اصلاح و ترمیم کرتی رہتی ہین - مین اُمید کرتا ہون
کہ انشاء اللہ یہ سے یہان کے لوگ ایک دانشمند گورنمنٹ
کی تربیت مین زیور تعلیم سے آراستہ ہو کر اوس پایہ کو پہونچینگے کہ
خود آپ اپنا قانون بنائین گے البتہ قانون آلہی جسپر ہمارا مذہب
ہماری عبادت - ہماری معیشت کا دارومدار ہے یہ بدستور قایم رہیگا
مین نے اپنے زمانہ مین جو عدالتین قایم کی ہین ان کی تعداد
اون عدالتون سے بدرجہا زیادہ ہے جو امیران ماسلف کے
عہد مین تھین - مگر ابھی اور زیادہ عدالتین قایم کرنے کی ضرورت
ہے - اور جہان تک گورنمنٹ کی مالی حالت اجازت دیگی انشاءاللہ
یہ محکمہ اور زیادہ وسیع کیا جائیگا - مختلف اضلاع مین اگر اور زیادہ
عدالتین قایم ہو جائین تو رعایا کو اپنے مقدمات کی پیروی اور
انصاف کے لئے دور و دراز سفر کی زحمت باقی نہ رہے گی -

چونکہ مقدمات کی تعداد زیادہ تھی اور عدالتین کم تھین اور سرکاری
خزانہ مین کافی روپیہ بھی نہ تھا جو اور عدالتین قایم کرکے مقدمات
کی باقاعدہ تحقیقات کیجاتی اس سبب سے بہت سے مقدمات
زبانی فیصل کردے گئے چند منٹ مین ساری کارروائی ختم ہوگئی
مدعی اور مدعا علیہ اور کل گواہ جج کے سامنے حاضر ہوئے۔ اوسنے
دونون کے بیانات سُنے گواہون کے اظہار لئے اور اوسیوقت
فیصلہ سنا دیا۔ کوئی روئداد قلمبند نہین ہوئی اوسکے بعد اسی طرح
دوسرا مقدمہ لیا۔ اس طریقہ سے ایکدن مین کئی مقدمات کے فیصلے
سنا دئے گئے۔

اب کل مقدمات جو حق وراثت اور جائداد اور تجارتی معاملات
وغیرہ سے متعلق ہوتے ہین وہ درج رجسٹر کئے جاتے ہین
اور اونکی مثلین مرتب ہوتی ہین۔ مقدمات کی روئداد لکھنے کے لئے
ضرور ہے کہ عدالتون مین محرر نوکر رکھے جائین تاکہ کوئی غلطی یا

بیجا فیصلہ نہو۔ مرافعہ کے لئے یا حوالہ کے لئے دفتر مین فیصلہ
کی نقل رہے۔ اسبات کا لحاظ رکہنا چاہیئے کہ کل عدالتی تغیرات
یا انتظامی ردّوبدل تبدیج کیا جاے۔ کیونکہ اگر دفعتًا نرم یا رعایتی
اصول اختیار کیا جائے گا تو لوگ اوس کی قدر نہ کرسکین گے۔
گویا یہ مثال صادق آے گی کہ سرکش اور باغی لوگون کو ترغیب
دلاکر رعایا کی اور دل آزاری کی۔

مثلاً محکمہ مخبری وخفیہ پولیس جو مین نے جاری کیا ہے
کل عہدہ دارون اور امرا کو ناپسند ہے۔ اس لئے کہ عہدہ دار
رشوت لینے کے عادی تہے اور امرا اپنی رعایا سے بجبر روپیہ
وصول کرتے تہے اور مجھے محکمہ خفیہ پولس ومحکمہ مخبری سے برابر
اس کی اطلاع ہوتی تھی۔ مین سنتا ہون کہ یہ عہدہ دار و امرا میرے
بیٹون سے علٰہ مخبری کی بہت کچھ شکایت کرتے ہین تاکہ وہ بھی
اسکے خلاف ہوجائین۔ مگر مین اپنے بیٹون کو اور جانشینون کو

یہی نصیحت کرونگا کہ ہمیشہ اس محکمہ کو اچھی حالتمین رکھین کیونکہ یہہ
ایک ایسا محکمہ ہے جو تمام مہذب سلطنتون مین قایم ہے۔ اسکے
ذریعہ سے گورنمنٹ کو کل اندرونی وبیرونی معاملات کی خبر رہتی ہے
اور دشمنون کی سازش و دغابازی معلوم ہوجاتی ہے۔ ہمسایہ کی
سلطنتون کا منشاء اور اونکے خیالات دریافت کرنے کے لئے
اور دوست و دشمن مین امتیاز ہونے کے لئے اس سے بہتر کوئی
اور ذریعہ نہین ہے اسی کے ذریعہ سے مجھے غیر سلطنتون کے
ساتھہ مراسلت کرنے مین اور اون کی ہر ایک بات پر غور و لحاظ
کرنے مین بڑی مدد ملتی ہے۔ اونکے متعلق جو رپوٹین ہوتی ہین
وہ میرے یہان دفتر مین رکھی جاتی ہین۔ میرے بیٹون کو چاہیئے
کہ کتاب انوار سہیلی بہت اچھی طرح سے پڑہین۔ یہ کتاب تھوڑی
سی عقل و ہوشیاری کیساتھہ بہت بکار آمد ہوگی۔ مگر کل ہمسایہ کی سلطنتون
کا منشاء اور اونکے خیالات دریافت کرنے کے لئے اور دوست

اور دوست دشمن مین امتیاز کرنے کے لئے محض کتاب اور رپورٹ
پڑھنے سے یا خلاصہ خبری کے رکھنے سے کام نہ نکلیگا اس کے
لئے بہت کچھ غور و فکر کی بھی ضرورت ہے۔ تمام دنیا کی کتابین پڑھنے
سے کوئی شخص پختہ کار و مدبر ہوشیار نہین ہوتا۔ جب تک خداداد
مادہ نہو یہ کتابین کچھ کام نہین دیتین جیسا کہ حسب ذیل حکایت سے
ثابت ہوگا۔

ایک بادشاہ نے اپنے بیٹے کو بغرض تعلیم ایک نہایت لایق
منجم کے سپرد کیا اور اوس سے کہا کہ مین تجھے اس قدر انعام دونگا
کہ کبھی کسی سے نہ پایا ہو۔ مگر شرط یہ ہے کہ اس لڑکے کو ایسی تعلیم دے
کہ کسی اور شاگرد کو نہ دی ہو۔ کچھ عرصہ کے بعد ایک دن بادشاہ
نے ایک چاندی کی انگوٹھی اپنی مٹھی مین لی اور شاگردون مین سے
ایک سے پوچھا کہ بتاؤ میرے ہاتھ مین کیا ہے۔ لڑکے نے
ستارون کا حساب کرکے یہ جواب دیا کہ کوئی گول چیز ہے۔ بادشاہ

نے پوچھا کہ اوسکا رنگ کیسا ہے۔ لڑکے نے کہا کہ سفید۔ پھر بادشاہ
نے پوچھا کہ کس چیز کی بنی ہوئی ہے لڑکے نے جواب دیا کہ
چاندی کی اور بیچ مین اوسکے خالی ہے۔ اسقدر بتانے کے
بعد وہ قیاساً دریافت کرسکا کہ چاندی کی انگوٹھی ہے۔ چنانچہ
اوس نے بادشاہ سے یہی کہا۔ اب بادشاہ کے لڑکے کی باری
آئی اور اوس نے بھی اپنے علم کی مدد سے وہی جوابات دئے
یعنی وہ چیز چاندی کی بنی ہوئی ہے۔ اور بیچ مین خالی ہے مگر وہ
یہ نہ بتاسکا کہ کیا چیز ہے اور حساب کرکے بادشاہ سے کہنے
لگا کہ آپ کے ہاتھ مین انجن کا چرخ پران ہے۔ وہ یہ نہ سمجھا کہ
انجن کے لئے چاندی کے پہیہ کی کیا ضرورت ہے اور پہیہ مٹھی
مین کس طرح سما سکتا ہے۔ بادشاہ نے بیٹے کا جواب اوستاد
کے سامنے دوہرایا۔ اوستاد نے یہ عرض کیا کہ جہانتک تعلیم
سے تعلق تھا آپکے فرزند نے کل جوابات صحیح دئے مگر جہان

تھوڑی سی عقل درکار تھی دہان رہگیا۔

ملک کے قیام اور قوم کی تقویت اور آسودہ حالی کے لئے مذہب کی پابندی بھی ایک بڑی چیز ہے۔ جس قوم کے مذہبی اعتقادات درست نہون اوسکے اخلاق جلد بگڑ جائین گے اور اوسپر زوال آجائیگا۔ مسلمان جو اسقدر بہادر ہین اوسکا سبب یہ ہے کہ وہ ہمیشہ اپنے مذہبی اعتقادات مین بہت سخت پابند رہے اور اپنے مذہبی اصول کی پیروی کی۔ یہنے پابندی وحفاظت مذہب کے متعلق کئی کتابین لکھی ہین۔ مین نے ایک کتاب جہاد پر بھی لکھی ہے۔ منجملہ اون کتابون اور رسالون کے جو مین نے اس مضمون مین لکھی ہین۔ اور فارسی مین چھپی ہین۔ دو کتابین موسوم بہ تقویت دین و پندنامہ نہایت ضروری ہین اور ہر مسلمان کو پڑھنا چاہیئے۔ اب مذہب کے متعلق زیادہ کچھ بیان کرنیکی ضرورت نہین البتہ جن صاحبون کو اس مین مذاق ہے وہ

مذکور الصدر کتابین پڑہین - مین اپنے جانشینون کو یہ نصیحت
کرتا ہون کہ جو طریقہ مینے افغانستان مین مذہب اسلام کے
متعلق جاری کیا ہے اوس کو منسوخ نہ کرین - وہ طریقہ یہ ہے کہ
کل زمین اور جائداد اور روپیہ جو پہلے ملاؤن کے ہاتھ مین تھا
اب سرکاری ہوگیا ہے اور سرکاری خزانہ سے ملاؤن اور دوسرے
لوگون کو جو مذہبی خدمت پر مقرر ہین ماہانہ تنخواہ ملتی ہے - مثلاً
قاضی - مفتی - امام - موذن اور محتسب وغیرہ سب شاہی خزانہ
سے معین ماہوارین پاتے ہین -

یہ طریقہ جاری ہونے سے اسلام کا مذہبی قانون اور اوس کا انتظام
وغیرہ عہدہ داران امور مذہبی کے اختیار مین ہے جو گورنمنٹ
کی طرف سے مقرر ہوتے ہین - اور حسب اختیارات شاہی وہ اپنی
خدمتون پر معین رہتے ہین لہذا اونہین خواہ مخواہ گورنمنٹ کی
اطاعت کرنا پڑتی ہے جس سے کل مذہبی مباحثے اور جھگڑے

جو پہلے ہوا کرتے تھے دور ہو گئے ہین۔ اور عام اتفاق پیدا ہو گیا ہے۔ اسلام کی تقویت کا پہلا سبب اتفاق ہے۔ خدا تعالیٰ قرآن مین فرماتا ہے۔

کُنْتُمْ اَعْدَاءً فَاَلَّفَ بَیْنَ قُلُوْبِکُمْ فَاَصْبَحْتُمْ بِنِعْمَتِہٖ اِخْوَانًا [۱]

ہمارے پاک نبی نے ہماری طرز معیشت مین جو یہ تغیر است نافذ کیے اس مین بڑی حکمت اور مصلحت تھی۔ اس سے مقصود یہ تھا کہ ہم سب ملکر ایک ہو جائین تاکہ ہمیشہ ایک دوسرے کے شریک حال رہین۔ مثلاً آن حضرت نے یہ حکم دیا کہ تنہا کھانا کھانے کے عوض مسلمین باہم ملکر ایک جگہ کھانا کھائین تنہا نماز پڑھنے کے عوض روزانہ نماز مسجد مین جماعت کے ساتھ پڑھین اور نماز جمعہ شہر یا قصبہ کی جامع مسجد مین پڑھین۔ جس سے یہ مطلب

[۱] تمکو معلوم نہین کہ اسلام نے تمہین کیا کیا برکتین عطا کی ہین۔ تمہارے منتشر قبیلون اور گروہون کو اخوت کا سبق پڑھایا ہے۔

یہ انگریزی عبارت کا ترجمہ ہے جو اصل کتاب مین درج ہے۔ مترجم۔

ہے کہ شہر کے لوگ جو روزانہ نماز مین ایک دوسرے سے نہ ملسکین
اونھین نماز جمعہ مین ایکجا ہونے کا موقع ملے۔ یا سال مین دو دفعہ
عیدین کے دن اور زیادہ مجمع ہو۔ اس سے بڑھکر حج کی قید لگائی گئی
جہان خواہ مخواہ دنیا کے ہر خطّہ سے خواہ مشرق مین ہو یا مغرب
مین مسلمان مکہ معظمہ آئین اور ایک وقت مین ایک جگہہ جمع ہون
بعض لوگ یہ اعتراض کرتے ہین۔ کہ ان مجمعون کی وجہ سے طاعون
اور بیماری پھیلتی ہے۔ مین اسوقت حفظ صحت کے مسئلہ پر بحث
نہین کرتا ہون۔ لیکن مین یہ ضرور پوچھونگا کہ کیا سبب ہے کہ لندن
اور دوسرے بڑے بڑے شہرون کے لوگ جو تعداد مین ان
حاجیون سے زیادہ ہین۔ کیون طاعون سے نہین مرتے
اس کا سبب یہ ہے کہ اُن شہرون مین اون قواعد کی پوری
پابندی کیجاتی ہے۔ جو در اصل مذہب اسلام نے بہت سختی کے
ساتھ ہمکو سکھائے ہین۔ وہ قواعد صفائی اور اصول حفظ صحت کے

متعلق ہین - پس حاجیون کو چاہیئے کہ آن حضرت کے احکام کی
پوری تعمیل کرین - اپنے تئین صاف رکھین - خوشگوار غذا کھائین
اور صاف پانی پئین اس سے کچھ فائدہ نہین کہ آنحضرت کے
بعض احکام کی تعمیل کرنا اور بعض کو بغیر تعمیل چھوڑ دینا - آخر مین مین یہ
کہونگا کہ اگر خدا نے مجھے چند سال اور زندہ رکھا یا میرے بعد
افغانستان خانگی جھگڑون اور بیرونی حملون سے محفوظ رہا اور میرے
بیٹے اور جانشین میری ہدایت اور نصیحت کے موافق چلے تو
دولت افغانستان کا انجام بہت اچھا ہوگا اور مجھے اُمید ہے کہ
انشاء اللہ یہ دنیا مین ایک عظیم الشان سلطنت ہوگی -

ملک کا رقبہ وسیع - خوش آب وہوا - بیشمار دولت کے ذرائع
باشندون کی تعداد - اون کی بہادری اور جسمانی قوت ان سب
باتون کا اگر خیال کیا جائے تو اب یہی افغانستان دنیا کی بعض
بڑی سلطنتون سے کچھ کم نہین ہے - ملک کی سرحد قائم ہونے

سے ہمسایون کی دست درازیان موقوف ہوئین اور قبیلون
کے باہمی جہگڑے اور بلوے ہمیشہ کے لئے دور ہوے
فوج اور سامان جنگ اور خزانہ کی حالت درست ہوئی بلکہ ایک
حد تک مکمل ہوگئی ان سب باتون کا خیال کرکے یہ کہا جا سکتا ہی
کہ اب ملک مین بہت کچھ ارادے پورے ہو سکتے ہین۔ مثلاً
تجارت اور تعلیم کو ترقی دیجاے۔ کانون سے معدنی دولت
نکالی جاے۔ غیر ملک کے تاجرون مسافرون اور سرمایہ دارون کو
ترغیب دیجاے اور حفاظت کا اطمینان دلایا جاے۔ اب وقت
آیا ہے کہ زراعت کے لئے نہرین جاری کیجائین اور
پانی کے خزانے بنائے جائین تاکہ جو پانی برف کا گھل کر آتا ہے
وہ جمع رہے اور دریاؤن مین بہکر ملک کے باہر نجانے پاے
اگر یہ پانی ملک ہی مین رکھا جاے تو جسقدر غیر مزروعہ اور افتادہ زمینین
پڑی ہین۔ وہ سب لہلہاتے ہوے کھیت اور سرسبز باغ بنجائین

اِس لئے کہ وہ زمینین نہایت شاداب ہین - مین نے چند نہرین
بنوائی ہین اور چند زیر تعمیر ہین - استرخانی پوستین اون گھوڑے
گوسفندین ان سب کی تجارت مین بہت ترقی ہوئی ہے - اور مین نے
افغانی تاجرون کو ترغیب دلانے کے لئے سرکاری خزانہ سے
بلاسودی روپیہ قرض دیا ہے سود کی جگہ مجھے درآمد و برآمد مال پر چونگی
وصول ہوتی ہے جو سود کی مقدار سے کہین زیادہ ہے اور تاجرونکو
بھی منافع ہے لیکن یہ ضرور ہے کہ غیر ملک کی بنکون اور ساہوکارون
سے خط کتابت کرکے یہ انتظام کرلیا جائے کہ جسقدر روپیہ افغانستان
کے خزانہ مین ہو اوسکے موافق ہنڈیان جاری ہوا کرین - اس سے یہ
فائدہ ہوگا کہ جو روپیہ بیکار خزانہ مین رہتا ہے وہ تجارتی اغراض کے
لئے سال مین کئی دفعہ گھوم آئے گا - مین نے ہنڈی اور براءت کا
طریقہ جاری کردیا ہے -

مین فری ٹریڈ کے فوایدسے ناواقف نہین ہون مگر

بالفعل اوس کی پابندی ہماری مصلحت کے خلاف ہے۔ غیر ملک
کا اسباب جو ہمارے ملک مین آتا ہے مین نے مجبوراً ایک حد تک
اوسکی روک کی ہے یہ ضروری چیز ہے کہ ہم ایسے اسباب کا آنا بالکل
روک دین جو نقد روپیہ پر بکنے کے لئے لایا جائے۔ اس لئے کہ
ہمکو کوشش کرنا چاہیئے کہ ایسا اسباب اور اس قسم کی چیزین جو ملک
کے لئے درکار ہوتی ہین خود اپنے ہی ملک مین بنائی جائین۔ ہمکو
چاہیئے کہ جو کچھ مال بنایا جائے وہ اپنی رعایا کی ضرورت سے زائد
ہو۔ تاکہ ہم اوسے اپنے ملک سے باہر بھی بیچ سکین اور غیر ملک
کا روپیہ ہمارے ملک مین آئے اور ہماری رعایا دولتمند ہو
جو تجارتی مال بکثرت ہمارے ملک سے باہر جا سکتا ہے اور
آمدنی کا بڑا ذریعہ ہے وہ کتان اور ترکستان کا غلہ ہے اور
افغانستان کے کالون کی پیداوار۔ میوے بھی ملک مین افراط
سے ہوتے ہین کہ ہم جنہین کھا نہین سکتے مگر چونکہ ملک مین ریل

یا جہاز یا تار نہین ہے۔ اس لئے ہم اثمار کو اُس تجارتی مال مین نہین گنتے جس سے زیادہ آمدنی کی اُمید ہو۔ کیونکہ بوجہ نہونے ریل یا تار کے پہلون کا باہر بھیجنا دشوار ہے۔

مین اپنے لڑکون اور جانشینون کو یہ نصیحت کرتا ہون کہ نئی سڑکین بنوائین جس طرح مین نے بنوائی ہین مگر ریل کا بنانا اوسوقت تک ملتوی رکھین۔ جب تک کہ ہمارے پاس اپنے ملک کی حفاظت کے لئے کافی فوج نہ ہو جائے مگر جسوقت ہمارے پاس اتنی باقاعدہ فوج ہو جاوے کہ ہم اپنے ملک کی حفاظت کرسکین۔ تب ملک مین ریل اور تار جاری کئے جائین تاکہ ہم ملک کے معدنیات اور دوسرے ذرایع دولت سے فایدہ اُٹھائین تب افغانستان دنیا کے سیاحون اور دولتمندون کا تفرج گاہ ہوگا۔ لوگ بغرض تفریح یا حفظ صحت یہان آئینگے اور افغانستان کے عمدہ موسم اور تازہ ہوا اور شاداب

پہلون کا لطف اوٹھائین گے جو موسم بہار مین نمونہ جنت ہوتا ہے۔ سوئٹزرلینڈ اور افغانستان کی آب و ہوا ایک ہے مگر یہان کے پھل اور پہاڑون کی مشرقی فضا بہ نسبت سوئٹزرلینڈ کے زیادہ دلفریب ہے اور سیاح افغانستان کو سوئٹزرلینڈ پر ترجیح دیا کرین گے۔ سیاح جس ملک مین جاتے ہین وہان روپیہ خرچ کرتے ہین۔ وہان کے گھوڑے اور گاڑیان کرایہ پر لیتے ہین اور اوس ملک کی بنی ہوئی چیزین اور عجائبات خریدتے ہین سیاحونکو افغانستان آنے کی ترغیب دلانا گویا ایک طرح پر اپنی رعایا کو آسودہ اور خوشحال کرتا ہے۔

مین یہ بات اپنے بیٹون اور جانشینون کے ذہن نشین کرنا چاہتا ہون کہ کبھی کسی غیر ملک والے کو ریل یا معدنیات کا اجارہ ندین بلکہ خود ریل بنائین اور معدنیات نکلوائین اور جو کچھ روپیہ ممکن ہو اوسمین لگائین اوّل ریل افغانستان کے اندرونی حصہ مین کھولی جائے

اور اپنے ملک مین ایک شہر سے دوسرے شہر کو لیجائین ہمسایہ کی
سلطنتون کی حدود سے بالکل دور رہے۔ مگر رفتہ رفتہ جب ملک
مین اتنی طاقت آجائے کہ کل بیرونی حملون کا مقابلہ کرسکے تب البتہ
یہ ریل قریب کے دوسرے ملکون مین بھی ملائی جائے۔ مگر اسطرح
پر کہ جو سلطنت کم مخالف ہو اوس کے ملک سے ریل کا اتصال
کیا جائے۔

اگر غیر ملکیون کو اجارہ دینے کی ضرورت اور مصلحت ہو تو کم
کم اجارے دئے جائین اور اُن اقوام کو دئے جائین جن کے
ملک ہمارے ملک سے متصل نہون۔ مثلاً اہل امریکہ اہل اٹالیہ۔
اہل جرمن وغیرہ جنکے ملک اور مقبوضات افغانستان سے متصل
نہین ہین۔ میری رائے مین اگر یورپین ملازمین کی مثل انجنیر وغیرہ
کی ضرورت ہو تو اونھین ملکون کے لوگون کو ترجیح دیجائے میرے
لڑکون اور جانشینون کو چاہیئے کہ اپنے قول اور وعدہ پر ثابت قدم

رہین اور ہمیشہ جھوٹھ اور عہد شکنی سے احتراز کرین۔ خواہ اون کا عہد کسی متنفس یا تاجر کے ساتھہ ہو یا کسی سلطنت و گورنمنٹ کے ساتھہ بالفرض اگر ثابت قدمی مین نقصان اور عہد شکنی سے فائدہ منصور ہو تب بھی وہ عارضی نقصان گوارا کرین۔ اس نقصان سے بھی فائدہ ہوگا اس لئے کہ اونکا اعتبار بڑہے گا۔ اور صادق القول مشہور ہونگے۔ وارد ہوا ہے۔

جَاءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا [۵]

ہمکو چاہیئے کہ ہمیشہ اپنے نبی برحق کی مثال پیش نظر رکہین۔ ہمارے پاک نبی محمد مصطفےٰ مبعوث ہونے سے پہلے بھی تمام عرب مین الامین کے لقب سے مشہور تہے۔ اونکی کامیابی کی اصل وجہ یہی تھی۔ کیونکہ جب انہون نے پیغمبری کا دعویٰ کیا تو اونکے دشمن

---

[۵] راستی کے سامنے جھوٹھ کو فروغ نہین ہو سکتا۔ راستی یقیناً جھوٹھ پر غالب آئیگی۔

ترجمہ۔ عبارت انگریزی۔ مترجم۔

بھی اس بات کے مقر تھے کہ اونکی راستی مین کچھ شک نہین۔ وہ ایسے
راستباز ہین کہ اگر فی الحقیقت پیغمبر نہ ہوتے تو کبھی پیغمبری کا دعویٰ
نکرتے۔ یہ اونکی راستی تھی جس نے حضرت خدیجہ کو ایسا گرویدہ کر لیا۔
حضرت خدیجہ عرب مین ایک بہت دولتمند بی بی تھین۔ اور ہمارے
نبی اونکے صرف ایک نوکر اور تجارتی ایجنٹ تھے۔ مگر کل معاملات
کو ایسی راستبازی اور ایمانداری سے انجام دیا کہ حضرت خدیجہ
نے نہ صرف اونپر پورا بھروسہ کیا اور اپنا سارا کاروبار۔ روپیہ
پیسہ اونکے سپرد کر دیا کہ جیسا مناسب سمجھین کرین۔ بلکہ حضرت
خدیجہ نے اونکے ساتھ شادی کر لی حضرت خدیجہ نے ہمارے
نبی کے دنیوی اور دینی معاملات مین پورا ساتھ دیا اور گو آنحضرت
کا سن پچیس سال کا تھا اور وہ جب شادی ہوئی ہے اوسوقت
پچاس برس کی ایک بیوہ تھین۔ مگر شادی کے بعد پچیس برس
تک وہ زندہ رہین اور اس درمیان مین آنحضرت نے کوئی

شادی نہین کی۔ آنحضرت کی وفاداری اور راستبازی ایسی تھی کہ حضرت خدیجہ کے انتقال کے بعد اونکی نوجوان بی بی حضرت عائشہ جب کبھی یہ سوال کرتی تھین کہ مجھے اپنی مرحومہ بی بی سے زیادہ چاہتے ہو یا نہین۔ آنحضرت ہمیشہ یہ جواب دیتے تھے کہ مین اپنی مرحومہ بی بی کو زیادہ چاہتا تھا۔ ایک مشہور مثل ہے کہ راستی سے چلو ہر ایک دشواری تمہارے سامنے آسان ہو جائیگی آن حضرت فرماتے ہین۔

الصِّدْقُ یُنْجِیْ وَالْکِذْبُ یُھْلِکُ[۵۱]

ملک کی تجارت اور دولت کو ترقی دینے کے لئے ایک اور تجویز بیان کی جاتی ہے جو اگر زیادہ نہین تو مثل ریل وغیرہ کے ضروری ہے۔ بلحاظ پولیٹکل مصلحت دنیا کی نظرون مین قوم کی تہذیب اور وقار بڑہانا ضرور ہے اور دوسرے ممالک سے میل جول

۵۱ راستی تقویت روح ہے اور جھوٹ زہر کا اثر رکھتا ہے۔

پیدا کرنا لازمی ہے اس سے میری یہ غرض ہے کہ افغانستان
کو سمندر مین بھی قدم جمانا چاہیئے اور اپنے جہازون کے لئے
ایک خاص بندرگاہ ہونا چاہیئے۔ افغانستان کا جنوبی اور مغربی
کونا خلیج فارس اور بحر ہند سے ملا ہوا ہے اور اوسی کے قریب
ایک چھوٹا سا بلند میدان قندہار۔ بلوچستان۔ ایران کرانچی کے
درمیان واقع ہے۔ تخت کابل پر بیٹھنے سے پہلے میری ہمیشہ
یہ نیت تھی کہ اس ریگستان کا تھوڑا سا حصہ لے لیا جائے۔ اگرچہ
اوس کی اسوقت کوئی قدر و قیمت نہین مگر جب افغانستان کیلئے
ایک بندرگاہ بنایا جائیگا تب اوس کی قدر معلوم ہوگی۔ لیکن ابھی
اس معاملہ مین زیادہ زور دینے کا موقع نہین ہے۔ اگر برطانیہ اعظم
اور افغانستان مین دوستانہ تعلقات قایم رہے اور اون مین زیادہ
ترقی ہوئی اور انگلستان افغانستان پر پورا بھروسہ کرنے لگا۔
اور یہ سمجھنے لگا کہ انگلستان اور افغانستان کے اغراض ایک ہین۔

نہ جاری کرسکا اور دنیا کے دور دراز ملکون سے سیاحون اور سرمایہ
دارون کو نہ بلاسکا اور افغانستان مین یونیورسٹیان اور دوسرے
فنون کے مدارس نہ کھول سکا تو مجھے اُمید ہے کہ میرے بیٹے
اور جانشین میرے ان ارادون کو پورا کرینگے اور جیسا مین چاہتا
ہون افغانستان کو ایک بڑی سلطنت بنائین گے ۔

افغانستان کی فارن پالسی اور ہمسایہ سلطنتون کے ساتھہ ڈپلومیٹک تعلقات

چونکہ اس حصہ مین افغانستان کی گذشتہ موجودہ اور آیندہ حالت
کا حوالہ دیا جائیگا اور ہمسایہ کی سلطنتون کے ساتھہ اس کے

اور وہ یہ چاہے کہ افغانستان کو روس اور ہندوستان کے
درمیان ایک مضبوط سد بنائے تو اوسکے نزدیک گورنمنٹ
افغانستان کو یہ چھوٹا سا ٹکڑا زمین کا دیدینا کوئی بات نہ ہوگی۔ اِسکے
عوض مین کوئی دوسری زمین یا کوئی اجارہ یا کچھ سالانہ روپیہ مقرر
کریگا اور اس خطۂ زمین پر حکومت اوسی کی رہیگی۔ اگر افغانستان
کو سمندر تک رسائی ہوگئی تو کوئی شک نہین کہ ملک بہت جلد دولتمند
اور آسودہ حال ہوجائے گا۔ اور ہمیشہ برطانیہ اعظم کا ممنون رہیگا
اگر میری زندگی مین یہ موقع نہ آئے تو میرے بیٹون اور جانشینون
کو چاہیئے کہ ہمیشہ اس کوشش کی تاک مین رہین۔ اونکو چاہیئے
کہ دریائے جیحون مین بھی چھوٹی چھوٹی کشتیان رکھین جو تجارت
کے لئے مفید ہونگی اور شمالی مغربی سرحد کی حفاظت مین بھی کام
آئینگی۔ اگر مین اپنی زندگی مین ریل نہ بنا سکا۔ تار اور جہاز نہ جاری
کرسکا معدنیات کا کام نہ چلا سکا۔ بینک نہ کھول سکا۔ ہنڈیان

تعلقات بیان کیے جائین گے۔ لہذا ضرور ہے کہ مختصراً گذشتہ تاریخی حالات کا ذکر کیا جائے۔ لہذا مین چند واقعات بیان کرتا ہون۔

کل افغان سُنّی مسلمان ہین اور مورخین افغان کے بیان کے موافق بنی اسرائیل کی نسل سے ہین۔ اونکا نام افغان لفظ افغنہ سے مشتق ہے۔ بعض اون مین سے افغنہ کی نسل سے ہین جو حضرت سلیمان کا کمانڈر ان چیف تھا۔ اور بعض یورمیاہ پیسر سال کی نسل سے ہین۔ اہل افغانستان مثل اسکاٹش ہائیلنڈرز زیادہ سرے کوہستانی لوگون کے نہایت جری اور دلیر سپاہی ہین اور ہمیشہ سے حکمرانی اور جہانبانی کے خواستگار رہین اور اپنی آزادی اور خود مختاری پر جان دیتے ہین افغانستان کے اکثر فرقون اور قبیلون اور بعض امرا نے ہندوستان پر حملہ کیا ہے اور وہان حکمران رہے ہین۔ مثلاً قبیلہ غور۔ تغلق۔ خلجی اور دُرّانی جب کبھی

افغانستان کسی دانشمند جفاکش اولوالعزم بادشاہ کے زیر فرمان رہا
افغان ہمیشہ فتحیاب رہے اور اپنے بادشاہ کا لوا رنصرت بہت
بلند کیا۔ نہ صرف شاہان افغانستان کی فتوحات جو انہین بہادرون
کے ہاتھون ہوئے قابل تعریف ہین۔ بلکہ بابر نے بھی جو ہندوستان
مین سلطنت مغلیہ کا بانی ہوا اور دوسرے شاہان ایران نے بھی
انہین بہادرون کی بدولت کوس لِمَنِ الْمُلْکُ بجایا۔ افغانستان
کے بہادر سپاہی جس سلطنت یا گورنمنٹ کا ساتھ دین اوسے مبارکباد
دینا چاہیئے اگر غنیم کے مقابلہ مین یہ سوار اوس کی پشت پناہ ہو جائین
تو پھر فتح مین کوئی شک نہین اور اوس سلطنت کی قسمت کا خدا ہی
حافظ ہے گو وہ دنیا مین کیسے ہی قوی کیون نہو جس کے مقابلہ مین
افغان اوسکے دشمن کے شریک ہو کر لڑین۔ مین دعوے کے ساتھ
کہہ سکتا ہون اور جو شخص ایشیا کی تاریخ اور افغانون کی بہادری سے
کچھ بھی واقف ہے وہ میرے ساتھ اتفاق کرے گا کہ کوئی سلطنت

تنہا اوس سلطنت کا مقابلہ نہین کرسکتی جس کے ساتھہ افغان شریک ہون۔ جو سلطنت ایسی متحدہ فوجون کے مقابلہ کی جرارت کریگی اوسے بجز شکست۔ ذلت پشیمانی کچھہ نہ ہاتھہ آئیگا۔ گو افغانستان ابھی اتنا قوی نہین ہے کہ تنہا انگلستان یا روس کے مقابلہ مین فتحیابی کا یقین کرسکے مگر کسیکا شریک ہوکر اگر لڑیگا تو یقیناً فتحیاب ہوگا۔

تاریخ سے ثابت ہوتا ہے کہ ہندوستان جو سکندر اعظم کے وقت سے اس صدی کی ابتدا تک مغربی اور وسط ایشیا کے حملہ آورون کا جولان گاہ رہا سو لہوین اور سترہوین صدی مین تقریباً دو سو برس تک بالکل امن مین تہا۔ اوسکی وجہ یہ ہے۔ کہ سلاطین مغلیہ افغانستان پر حکمران تہے اور افغان اونکی پشت پناہ رہے جب سلطنت مغلیہ کو زوال آیا نادرشاہ اور احمدشاہ درّانی افغانون کی فوج لیکر ہندوستان پر چڑہ دوڑے۔

چونکہ ہمین صرف اوس زمانہ کا حال لکھنا ہے جو احمد شاہ کے
عہد حکومت سے شروع ہوتا ہے لہذا مین اوس کی تاریخ تخت نشینی
سے شروع کرتا ہون ۔ اگر ناظرین کتاب اوس سے پہلے کے
تفصیلی حالات جاننا چاہتے ہین تو اور مورخین کی کتابین پڑہین ۔
نادرشاہ کی وفات کے بعد ۱۷۴۷ء مین افغانستان مین ایک
غدر کی سی حالت تھی تا اینکہ خاندان دُرّانی کی سلطنت کی بنا پڑی جس خاندان
کا مجھے فخر حاصل ہے اس سلطنت کا بانی احمد شاہ قبیلہ ابدالی کے ایک فرقہ
کا سردار تہا جسے سدوزئی کہتے تہے اوسے خواب مین ایک مشہور ولی کی بشارت ہوئی
جسکی وجہ سے اوسنے اپنا لقب شاہ دورہ دوران رکہا میرے دادا امیر
دوست محمد خان فرقہ برق زئی تہے جو قبیلہ دُرّانی کی ایک شاخ ہے
چنانچہ خاندان سدوزئی دُرّانی مین جس کا پہلا بادشاہ احمد شاہ
ہوا اور خاندان برق زئی دُرّانی مین جس کا پہلا بادشاہ امیر
دوست محمد خان ہوا اسطرح پر سلسلہ ملا ہے سدو اور برق ان دونون

شاہی خاندان درانی کے جد حقیقی بھائی تھے۔ احمد شاہ ۱۷۴۷ء
مین بمقام قندہار تخت نشین ہوا اور اوس نے قندہار کو اپنا دارالسلطنت
قرار دیا۔ اسی سال سے تاریخ افغانستان مین بادشاہ کے انتخاب
کرنیکی اور باضابطہ سلطنت کی بنا پڑی۔ ۱۷۴۷ء مین جب نادرشاہ
قتل ہوگیا تو افغانستان کے مختلف قبیلون اور فرقون کے سردارون
اور وکیلون نے قندہار کے قریب شیر سرخ بابا کی مزار شریف
پر ایک کونسل کی کہ اپنے ہی لوگون مین سے ایک بادشاہ منتخب
کرین تاکہ ملک مین امن قایم ہو۔ اس کونسل مین حاجی جمال خان
برق زئی مہابت خان اور سردار جہان خان پوپل زئی موسیٰ جان
اسحق زئی المعروف بہ ڈنکی۔ نور محمد خان خلجی۔ نصراللہ خان نوزائی
اور احمد خان سدوزئی شریک تھے۔ سوائے احمد خان کے ہر ایک
سردار اپنے تئین دوسرون پر ترجیح دیتا تھا اور یہ کہتا تھا کہ مین
کسیکی حکومت گوارا نہ کرونگا۔ بہت دیر تک بحث رہی مگر کوئی نتیجہ

نہ نکلا تب ایک بزرگ مسمی **صابر شاہ** نے ایک خوشۂ گندم ہاتھہ
مین لیکر احمد خان کے سر پر رکھا اور اہل کونسل سے مخاطب ہوکر
کہا کہ تم آپس مین جھگڑا نکرو سلطنت احمد خان کے لئے موضوع ہی
اسپر کل سردار احمد خان کی طرف متوجہ ہوئے سب نے اقرار
کیا کہ احمد خان سے بہتر کوئی بادشاہ منتخب نہین ہوسکتا اس لئے
کہ اوس کا فرقہ بہت کمزور اور تعداد مین چھوٹا ہے اگر وہ ہمارے
مشورہ کے موافق نہ چلیگا تو ہم تخت سے اوتار دینگے اگر کسی
بڑے مضبوط قبیلہ مین سے بادشاہ منتخب ہوتا تو یہ امر دشوار
تہا۔ اگر وہ ہماری راے کے موافق چلیگا تو ہم سب اوس کے
معاون ہونگے اور انتظام سلطنت مین مدد دینگے۔ اس بات پر
اتفاق کرکے سب نے گہاس کے تنکے منہ مین دبائے۔ یہ
گویا ایک علامت تھی کہ وہ سب مثل مویشی کے ہین۔ بعد ازان
سب نے رومالون کو لپیٹ کر اپنی گردنون مین ڈالا جس سے

یہ اظہار مقصود تھا کہ وہ سب اوس کے حکم کے مطیع ہین جس طرح چاہے اون کی رہنمائی کرے اور اوسے جان و مال کا اختیار دیا غرضکہ اسطرح رعایا نے احمد شاہ کو اپنی بادشاہی کے لئے منتخب کیا۔ یہی وجہ تھی کہ کل سردار اور وکلاء ملک اوس کے شریک تھے اور وہ خود بھی نہایت مستقل۔ ہوشیار۔ جفاکش اور منصف مزاج آدمی تھا چنانچہ وہ ایشیا مین ایک بہت بڑا شہنشاہ ہوا اوسکا ملک مغرب مین مشہد یا ایران تک تھا۔ اور مشرق مین دہلی تک ماہ جون ۱۷۷۳ء مین بعارضہ سرطان اوس نے قضا کی۔

اوسکا بیٹا تیمور مرزا شاہ جانشین ہوا مگر وہ بہت کاہل اور عیش پسند تھا جس مرض مین عموماً کل مشرقی بادشاہ۔ شاہزادے اور امرا مبتلا ہوتے ہین۔ اور جسکا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ ملک ہاتھ سے جاتا رہتا ہے اور دولت کافور ہو جاتی ہے اوس مین اتنا مادہ تھا کہ اون قبیلون کو مطیع کر سکے جو اوس کے باپ نے فتح کئے

تھے۔ چنانچہ سلطنت کو زوال شروع ہوا۔ اوسنے اور بڑی غلطی
یہ کی کہ اپنے بیٹون کو افغانستان کے مختلف صوبون کا گورنر مقرر کیا
جسکا نتیجہ یہ ہوا کہ جب ۱۷۹۳ء مین بمقام کابل اوس نے وفات
پائی تو اوسکے کل بیٹون مین سلطنت کے لئے جھگڑا پڑا۔ آخرکار
شاہ زمان تخت پر بیٹھا مگر سات برس حکومت کرنے کے
بعد اوس کے سوتیلے بھائی شاہ محمود نے تخت سے اوتار کر
اوسے اندھا کر دیا۔ شاہ محمود وزیر **فتح خان** برادر دوست محمد خان
کی مدد سے بادشاہ ہوا۔ یہ حیرت انگیز شخص افغانستان کی تاریخ
مین یادگار ہے۔ اٹھارہ سال تک بادشاہ گر رہا۔ تاریخ انگلستان
مین ارل آف واروک جو مشہور بادشاہ گر گزرا ہے میری رائے
مین وزیر فتح خان زیادہ تر اس نام کا مستحق ہے کل اہل افغانستان
اور یورپین مورخین جنھون نے افغانستان کے متعلق کچھ لکھا
ہے اوس کی قابلیت۔ جرات۔ سخاوت۔ سیاست کے قائل ہین

ماہ ستمبر ۱۸۰۰ء مین شاہ معزول زمان کے حقیقی بھائی
شاہ شجاع نے اپنی بادشاہت کا اعلان کرکے پشاور سے
کابل پر چڑھائی کی۔ مگر وزیر فتح خان سے شکست کھا کر خیبر بھاگ
گیا۔ ۱۸۰۲ء مین وہ تخت لینے مین کامیاب ہوا اور محمود کو تخت
سے اتار کر قید کر لیا بعد ازان کشمیر فتح کیا۔ مگر یہ لکھنا بھی ضرور ہے
گو تفصیلی حالات بیان کرنے کی ضرورت نہین کہ ۱۷۹۳ء مین
تیمور شاہ کی وفات کے بعد بیشمار لڑائیان ہوئین اور بہت سے
سردار اور بادشاہ مارے گئے۔ احمد شاہ نے جو باضابطہ گورنمنٹ
قایم کی تھی وہ اور سکے جانشینون کی عیش پرستی۔ شراب خواری اور
لوگون یا قبیلون کی بیجا طرفداری کی وجہ سے خاک مین ملگئی۔
خاندان سدوزئی کی ان حرکتون کی وجہ سے ملک اونکے ہاتھ
سے نکل گیا تھا اور افغانستان جو پہلے ایک بڑی سلطنت تھا
گھٹ کر ایک چھوٹی سی ریاست رہ گیا تھا۔

شاہ شجاع ۱۸۰۲ء مین تخت پر بیٹھا مگر وزیر فتح خان
کے ساتھہ صلح کرنے سے انکار کیا۔ وزیر فتح خان نے ۱۸۰۹ء
مین اوسے پھر شکست دی اور اپنے قدیم دوست محمود کے لئے
پھر تخت لے لیا۔ شاہ شجاع نے رنجیت سنگھہ راجہ پنجاب کے
پاس پناہ لی اور وہان سے تخت حاصل کرنے کے لئے کئی دفعہ
کوششین کین مگر بے سود ہوئین اس لئے کہ وزیر فتح خان اور افغانستان
کی رعایا محمود کی کمک پر تھی۔ آخر مین رنجیت سنگھہ نے شاہ شجاع
کے ساتھہ بہت ظالمانہ برتاؤ کیا اور اوسے قید کر لیا۔ اوس سے
بجز کوہ نور الماس لے لیا (جواب ملکہ معظمہ کے پاس ہے)۔
مورخین نے اس پارۂ الماس کے متعلق عجیب و غریب واقعات
نقل کئے ہین۔ جس بادشاہ کے پاس سے یہ جدا ہوا وہ رنج و غم
مین مبتلا رہا اور کبھی خوش نہ ہوا اور جس بادشاہ کے ہاتھہ لگا وہ فرط
طرب سے باغ باغ رہا۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ جو چیز نصیب

مخلوق عالم کے لئے باعث خوشی ہو وہ دوسرے حصّہ کے
لئے باعث حُزن ہے اگر ایک گروہ فتح کی خوشیان مناتا ہے
تو دوسرا گروہ شکست کے آنسو بہاتا ہے۔ بڑی دشواری کے
بعد شاہ شجاع مع مخدرات حرم قید خانہ سے نکل گیا اور انگریزی
عملداری مین پہونچکر انگریزی وظیفہ خوار بنگیا۔

شاہ شجاع کی شکست کے بعد فتح خان شاہ محمود کی طرف سے
حکمرانی کرتا رہا اوس نے حاجی فیروز سے ہرات لیکر اپنے
بادشاہ کے ملک مین شامل کیا اور جب ایرانیون نے ہرات پر
حملہ کیا تو اونھین شکست فاحش دی۔ ایرانی یہ چاہتے تھے
کہ خراج دیا جاے اور سکہ پر شاہ ایران کی ضرب ہو۔ ان وفاداریون
اور خیر خواہیون کا صلہ وزیر فتح خان کو یہ ملا کہ اوس کمبخت طوطا چشم
محمود نے اپنے کیا دو بیٹے کامران اور دوسرے لوگون کے
مشورہ سے جو فتح خان کے رسوخ پر حسد کرتے تھے۔ فتح خان

کی آنکھین نکلوالین اور جب فتح خان نے اپنے بھائیون کا راز افشا کرنے سے انکار کیا تو محمود نے اپنے سامنے اوسکا ایک ایک عضو کٹوایا۔ حالانکہ یہ فتح خان کی جوتیون کا طفیل تھا جو محمود کو دوبارہ سلطنت نصیب ہوئی۔ غرضکہ وارد ک افغانستان کا یہ انجام ہوا۔ اوس کی دانائی اور بہادری کی یہ حالت تھی کہ جسکا شریک ہوا اوس کا پایہ زبردست ہوگیا۔ اوسکی دلیری۔ کشادہ دلی۔ شریف النفسی کی شہرت نے اوسکے چھوٹے بھائی دوست محمد خان کو تخت دلانے مین بہت مدد دی۔

فتح خان کے والد وزیر پایندہ خان نے جو سردار سرفراز خان کے نام سے ملقب تھے اکیس فرزند چھوڑے جو سب کے سب لایق تھے اونکے نام حسب ذیل ہین۔

(۱) وزیر فتح خان۔ (۲) سردار محمد اعظم خان (۳) سردار تیمور قلی خان (۴) سردار پردل خان (۵) سردار شیر دل خان۔

(۶) سردار کوہان دل خان (۷) سردار رحیم دل خان (۸) سردار مہر دل خان (۹) سردار عطا محمد خان - (۱۰) سردار سلطان محمد خان (۱۱) سردار پیر محمد خان (۱۲) سردار سعید محمد خان (۱۳) امیر دوست محمد خان (۱۴) سردار امیر محمد خان (۱۵) سردار محمد زمان خان (۱۶) سردار ضمیر خان (۱۷) سردار حمید خان (۱۸) سردار طرہ باز خان (۱۹) سردار جمعہ خان (۲۰) سردار نصیر اللہ خان جب ایسا بہادر بادشاہ گر اس ظلم و ستم سے مارا گیا تو اوسکے بیس بھائیون اور کل درانیون نے شاہ محمود اور اوس کے فرزند شاہزادہ کامران پر فوج کشی کی جسکی ترغیب سے شاہ محمود نے اپنے ایسے جری دوست کو قتل کیا تھا نتیجہ یہ ہوا کہ فتح خان کے ایک چھوٹے بھائی دوست محمد خان نے محمود کی فوج کو شکست دی اور ۱۸۲۶ء مین امیر افغانستان ہو گیا - اس شکست سے سلطنت خاندان سدوزئی سے خاندان برق زئی مین منتقل ہو گی - اور جب سے آجتک یہی

خاندان مین چلی آتی ہے البتہ اس سلسلہ مین چندون کے لئے خلل
پڑگیا تھا۔ جب شاہ شجاع انگریزون کی حمایت سے کابل مین آیا تھا۔
شاہ محمود ملک کہو کر ہرات مین مرگیا اور اوس احسان فراموشی
کی یہ سزا پائی۔ اوسکا نالایق بیٹا کامران بھی ہرات مین اپنے ایک
ملازم وزیر یار محمد خان کے ہاتھ سے مارا گیا۔

یہ ایک بدیہی بات ہے کہ جب ملک پر کوئی قوی شخص حکمران
ہوتا ہے اور کل سردار اور رعایائے ملک کو مطیع رکھتا ہے کوئی
غیر سلطنت مداخلت نہین کرسکتی خواہ وہ انصاف سے حکمرانی
کرے یا بے انصافی سے مگر جو ہین ملک کسی کمزور حکمران کے
ہاتھ مین گیا اور اندرونی بدنظمیان پھیلین یا رعایا کو اپنے بادشاہ
کا ڈر اور محبت باقی نہ رہی تب غیر سلطنتون کو یہ موقع ملتا ہے کہ ایک
کے مقابلہ مین دوسرا دعویدار کھڑا کرین یا اس بہانہ سے دخل
دین کہ کل رعایا کو مساوی حقوق ملنا چاہیئے اور اوسکے ساتھ

انصاف ہونا چاہیئے۔ چنانچہ اگر غور کیا جائے تو معلوم ہوگا۔ کہ
جب افغانستان کمزور بادشاہونکے زیر فرمان ہوا اور اندرونی
خانگی جھگڑے پہیلے اوسوقت سے ابتک افغانستان کی تاریخ
ایسی مثالون سے بھری ہوئی ہے کہ انگلستان اور روس دونون
نے ملک کے معاملات مین دخل دیا ہے اور اسطرح کے دعویدار اپنے
ملک مین رکھے ہین کہ جب موقع ملے اُنہین آگے بڑہائین۔ زمانہ
گذشتہ مین انگلستان بمقابلہ روس افغانستان سے قریب تر تہا اس
سبب سے انگلستان نے بہ نسبت روس کے زیادہ دخل دیا۔ اب
بدقسمتی سے افغانستان ایک پتھر کی جگہ دو پتھرون مین دبا ہوا ہے
تاریخ سے ظاہر ہوتا ہے کہ انگلستان نے افغانستان مین زیادہ دخل
دیا اور بہت غلطیان کین اس لئے زیادہ نقصان اوٹھایا۔ روس
نے کم دخل دیا اس لئے نقصان بھی کم اٹھایا۔ خیر گذشتہ لاصلو
اب آیندہ امید ہے کہ انگلستان اتنے نقصان اٹھانے کے بعد

فائدہ اوٹھائیگا مین کہہ سکتا ہون کہ اگر انگلستان نے افغانستان کی دوستی کی قدر کی اور لاکھون پاؤنڈ صرف کرکے اور ہزارہا بیش قیمت جانین تلف کرکے یہ سبق حاصل کرلیا ہے کہ افغانستان سے لڑنے مین سراسر نقصان ہے اور افغانستان کے ساتھہ دوست رہنے مین فائدہ تو البتہ انگلستان کے گذشتہ نقصانات کی بخوبی تلافی ہوجاے گی۔

جب میرے دادا امیر دوست محمد خان تخت کابل پر بیٹھے اگر مین اوسوقت کے تاریخی حالات بالتفصیل بیان کرون تو مجھپر یہ الزام رکھا جاے گا کہ اپنے خاندان کی طرفداری کرتا ہون اس خیال سے مین کچھ نہین لکھنا چاہتا بلکہ انگریز مورخین کے بیانات قلمبند کرتا ہون البتہ مین صرف اوسقدر بیان کرونگا جو آئندہ طرز عمل کے لئے ضروری ہو۔

خلاصہ کتاب

مصنفہ لارڈ کرزن وایسرائے ہند

موسوم بہ رشیاان سنٹرل ایشیا

صفحہ (۳۲۳-۳۳۴)

سالہا سال سے روسیون کی یہ خواہش ہے کہ ہندوستان پر حملہ کرین ۱۷۹۱ء مین ملکہ کہترائن نے بخارا اور کابل کی طرف سے ہندوستان پر فوج کشی کی تجویز کی تھی۔ بعدازان ۱۸۰۰ء مین شہنشاہ روس اور نپولین نے باہم یہ مشورہ کیا کہ دونون ملکر ہندوستان پر حملہ کرین ۱۸۰۷ء مین شہنشاہ نپولین اور زار روس نے پھر دوبارہ حملہ کا ارادہ کیا اور اس مرتبہ شاہ ایران کو بھی شریک کرلیا



DOST MAHOMED KHAN.

دبا بیٹھا - قندہار مختلف لوگون کے قبضہ مین رہا بعد ازان سردارون
کے تحت مین آگیا - امرائے سندہ خود مختار ہو گئے اور رنجیت سنگھ
نے اس عام ابتری کی وجہ سے موقع پاکر افغانستان پر دست
درازی شروع کی - ایک عرصہ تک یہی حالت رہی تا اینکہ گورنمنٹ ہند
کو معلوم ہوا کہ وسط ایشیا مین روسی حکومت فروغ پر ہے - نوبت باینجا
رسید کہ روسیون نے ۱۸۳۷ء مین ہرات کا محاصرہ کیا - تب
اس بات کی کوشش کیگئی کہ دوست محمد خان کو روس اور ایران کی
شرکت سے علیحدہ کرلین - دوست محمد نے انگریزون کا ساتھہ دینے
مین اپنی رضامندی ظاہر کی مگر اس شرط سے کہ انگریز اوسکو رنجیت سنگھ
کی دست درازیون سے بچائین جسنے پشاور پر قبضہ کرلیا ہے
ورنہ اوسے مجبورًا ایران کی حمایت مین جانا پڑیگا - مثل مشہور ہے
کہ بُرا وقت کہہ کر نہین آتا - یہان یہ رائے ٹھہری کہ رنجیت سنگھہ
سے نہ بگاڑنا چاہیئے اور ساتھہ ہی اوس کے دوست محمد خان

کو بھی ایران کے ساتھ نہ ملنے دینا چاہیئے - پس یہ صلاح ہوئی
کہ دوست محمد کو تخت سے اوتار کر شاہ شجاع کو تخت پر بٹھانا چاہیئے
جو اٹھائیس سال سے ہرزہ گرد ہے - اس چال سے یہ غرض تھی
کہ کل وسط ایشیا مین اپنا اختیار قایم ہو جائے -

چنانچہ ۱۸۳۸ء اور ۱۸۳۹ء مین سرجان کین کی فوج دُرانی ملک
مین دَرّانہ چلی آئی - کسی نے کچھ تعرض نکیا یہان تک کہ غزنی مین
دوست محمد خان نے اپنے تئین سر - ڈبلو - مگناٹن کے حوالہ کر دیا -
شاہ شجاع کابل واپس ہوئے - بقول شاعر ع

ٹوٹا ہوا دانت پھر دہن مین آیا

ہر طرف امن و تسلط کے آثار نظر آنے لگے شاہ ایران کی
فوج ملک سے اٹھا دیگئی - دُرانی احکامات جاری ہوئے - سرجان
کین نے امارت کا درجہ پایا - ہر طرف سے ایڈرس اور مبارکباد
کی بوچھار ہوئی - مگر افسوس کسیکو یہ خبر نہ تھی کہ کس سرنگ پر استادہ

ہین۔ سنہ ۱۸۴۱ء مین ماہ نومبر کے شروع مین یہ سرنگ اوڑی۔ برٹش
سفیر قتل ہوا۔ کل فوج جسمین کئی ہندوستانی ٹرپ اور ملکہ معظمہ کا
نمبر ۴۴ رجمنٹ شریک تھا سب خاک سیاہ ہوئی۔ توپین چھن گئین۔
انگریزی افسر اور لیڈیان اسیر ہوئین۔ غرضکہ ایسی تباہی آئی کہ جسکی
مثال ہماری تاریخ مین بمشکل ملیگی اور وسط ایشیا مین انگریزی حکومت
قایم کرنے کا سارا طلسم ٹوٹ گیا۔ اوسی سال موسم بہار مین شاہ شجاع
الملک کیمپ کی طرف جاتیون کو برق زئی کے ایک جرگہ کے ہاتھہ
سے مارا گیا اور اسطرح اوسکی پرآشوب زندگی کا خاتمہ ہوا۔ اس
ناجایز حملہ کے تباہی سے ہمکو جسطرح سے خدا نے بچایا ہے اوسکا
سجدۂ شکر بجالانا چاہیے اسمین شک نہین کہ ہمنے اپنے کئے کی
سزا پائی۔ خدا نکرے کہ ہم اپنے موجودہ فتوحات کے دلولے
مین اوسکے رحم وکرم کو بھول جائین جیسا کہ سنہ ۱۸۳۹ء مین بھول گئے
تھے۔ ہمارے حکمرانون کو خدا اس بات کی توفیق دے کہ وہ ہمیشہ

یاد رکھین کہ محض فتوحات سے کسی قوم کا درجہ نہین بڑہتا ہے بلکہ راست بازی سے اور گناہ و طمع مثل اور معصیتون کے ہر قوم کیلئے باعث ذلت ہے۔

خلاصہ کتاب حالات سلطنت کابل مصنفہ مانٹ اسٹوارٹ الفنسٹن۔ ماہ اکتوبر ۱۸۳۸ء

کابل قندہار پشاور معہ اضلاع بہائیون کے زیر حکومت تھے جو بہت جلد آپسمین آمادہ بجنگ ہوگئے۔ دُرّانی اپنی اپنی جاگیرون کے لحاظ سے قندہار یا ہرات کے حکمرانون کے محض برائے نام مطیع تھے۔ دوسرے فرقہ خود مختار رہے۔ خاندان دُرّانی کے زمانۂ زوال مین رنجیت سنگھ یوروپین افسرون کی مدد سے اپنی فوج کو بہت آراستہ کر رہا تھا۔

بالفرض اگر قوم افغان مین اتحاد بھی باقی ہوتا جب بھی وہ اس حالت مین افغانون کے ممالک ہند کے لئے ایک خوفناک دشمن تھا۔ چہ جائے کہ گورنمنٹ مضطرب ہو اور سرحد کا کوئی ٹھکانا نہ رہا ہو وہ افغانون کیلئے گویا نہنگ تھا جس سے مفر دشوار تھی۔

اوس نے کشمیر ملتان لیاہ۔ سندہ اور داؤن کے قریب کے ملک پر قبضہ کر لیا اور اون قبیلون کو جو کشمیر کے جنوب مین رہتے تھے حلقہ بگوش بنایا بعدازان اوس نے پشاور اور تمام حصّہ اوس ملک کا جو دریاے سندھ تک چلا گیا ہے فتح کرنیکا ارادہ کیا۔ چونکہ امیر کابل مین اور اوس کے بھائی مین جو پشاور کا حاکم تھا لڑائی چھڑی ہوئی تھی اور اوسکے ساتھ ہی ادھر شاہ شجاع کی طرف سے قندہار پر حملہ ہو گیا۔ ان سب باتون سے اوسے اپنی فتوحات کا اچھا موقع ہاتھ آیا۔ اُدھر امراے سندھ نے بھی شکارپور چھین لیا۔ بلخ بھی خودمختار ہو گیا اور رئیس

بلوچستان کا تعلق بھی برائے نام رہگیا دوست محمد خان سردار کابل
ایک نہایت منصف اور عالی دماغ حاکم تھا وہ اور اوس کا علاتی
بھائی حاکم قندہار دونون کامران کے مخالف تھے جو اپنے
باپ کے انتقال کے بعد ہرات کا حاکم ہوگیا تہا اور خاندان سدوزئی
کے دعوی کو باطل سمجھتے تھے - اس مین شک نہین کہ ان انقلابات
اور لڑائیون کی وجہ سے شہر پشاور کو بہت نقصان پہونچا مگر باقی
ملک مین کوئی زوال نہ آیا - علاوہ اوس مہم کے جس مین
شاہ شجاع کو قندہار کا عارضی قبضہ ملگیا وہ ملک کے مختلف حصون
مین اور دوسری مہمون مین بھی مشغول رہا - مگر اب لدہیانہ مین
جلاوطن ہے اس عرصہ مین اوسپر عجیب وغریب واقعات
گذرے جسکو اوس نے قلمبند کیا ہے - ایک وقت مین رنجیت سنگھ
نے دغابازی سے اوسے گرفتار کر لیا اور بہت بری طرح پیش
آیا - اوس کی غرض یہ تھی کہ کسی طرح کوہ نور ہیرا ہاتھ آئے -

یہہ واقعات اور اوس کی رہائی جو اوس کی ملکہ کی جراءت اور ہوشیاری کی بدولت نصیب ہوئی۔ افغانستان کے زمانہ حال کی ایک نہایت دلچسپ حکایت ہے جو سر اسے برنس اور مسٹر کنولی نے لکھی ہے جس کا یہہ خلاصہ کیا گیا ہے۔

ان تمام آفتوں کا نتیجہ یہہ ہوتا کہ خراسان کا وہ حصّہ جو افغانون کے قبضہ مین تھا ایرانیون کے قبضہ مین چلا جاتا۔ اگرچہ ایرانیون نے ہرات لینے کی متواتر کوشش کی اور گو شاہ ایران کے پاس باقاعدہ فوج بھی تھی جسپر یورپین افسر مقرر تھے مگر کچھہ نہ ہو سکا۔ اسمین شک نہین کہ کامران خود عیاشی اور بزدلی مین اپنے باپ سے بڑھا ہوا تھا مگر اوسکا وزیر یار محمد خان ایک بیدار مغز شخص تھا جس کی جراءت اور طاقت ملک کو سنبھالے ہوئے تھی۔

سال بھر ہوتا ہے کہ شاہ ایران نے ہرات کا محاصرہ کیا ہے اور آخری جو خبر آئی ہے وہ یہہ ہے کہ ہرات پر دھاوا کرنے کی

کوشش مین نقصان عظیم اٹھانا پڑا۔ گیارہ کرنل۔ ۴۵ افسر اور
۱۷۵۰ باقاعدہ سپاہی مارے گئے اور دہادا پسپا ہوا۔ اگر والی
قندہار و کابل غنیم کے مقابلہ مین متفق ہوکر کامران کے شریک
ہو جائین تو ممکن ہے کہ سلطنت درانی کا نشان باقی رہے اور
اونکے اتفاق و استقلال کا یہ ثمرہ ہاتھ آئے اگر ایسا ہوا تو ہماری
سلطنت ہند کی حالت مین بھی بکار آمد تغیر پیدا ہوگا۔ جس کا اثر غالباً
یورپ کے پالٹکس پر بھی پڑیگا۔

خلاصہ جنگ افغان مصنفہ مسٹر ارچبلڈ فاربس صفحہ ۱-۱۳۱

جو اسباب ۱۸۳۹ء مین افغانستان پر فوج کشی کے باعث
ہوے وہ دراصل دولت برطانیہ اعظم اور دولت ایران کی پیچیدگیون

کیونکہ سے تھے اس لئے اس جنگ کا ذکر کرنے سے پہلے
اون پیچیدگیون کا مختصراً بیان کردینا ضرور ہے۔
سنہ ۱۸۱۴ء مین انگلستان اور ایران کے درمیان ایک معاہدہ
ہوا تھا کہ اگر کوئی یورپین سلطنت ایران پر قبضہ کرے گی تو انگلستان
خواہ ہندوستانی فوج سے شاہ کی مدد کرے گا۔ یا مصارف
جنگ مین سالانہ کچھ امدادی رقم سے کفیل ہوگا۔ یہ بہت ہی خوفناک
معاہدہ تھا اگرچہ اس شرط کے ساتھ سہی کہ اگر ایران خود اُس حملہ کا
باعث ہو تو اُس صورت مین انگلستان مدد نہ دیگا۔ سنہ ۱۸۲۵ء سے
سنہ ۱۸۲۷ء تک عباس میرزا اور روسی جنرل مسمی پاسکیوچ مین جو جنگ
و جدل رہی انگلستان بالکل الگ رہا نہ اوسنے فوج سے مدد کی اور
نہ روپیہ سے مگر جب ایران مالی دقتون مین مبتلا ہوا جو حسب
صلحنامہ ترکمانچی اوسے تاوان جنگ دینے کیوجہ سے عاید ہوئی
تھین تب انگلستان نے موقع پاکر تین لاکھ پاؤنڈ دیکر اوس عہدنامہ

سے سبکدوشی حاصل کرلی جسکا لازمی نتیجہ یہ تھا کہ ایران مین انگریزی رسوخ کو زوال آئے اور یہ بھی ایک ہونے والی بات تہی کہ ایران بوجہ اپنی کمزوری کے روس کے دائرہ اختیار مین چلا جائے۔

پیر ضعیف شاہ ایران فتح علی شاہ نے ۱۸۳۴ء مین قضا کی اور اوسکی جگہ اوسکا پوتا شاہ زادہ محمد میرزا تخت پر بیٹھا۔ محمد میرزا ایک ہونہار نوجوان تھا۔ جس مین اپنے دلیر باپ عباس میرزا کے بہت سے اوصاف پائے جاتے تہے۔ اوسکی عین خواہش یہ تھی کہ ہرات فتح کرنا چاہیئے جو افغانستان کی مغربی سرحد پر ایک خود مختار ریاست ہے اس خواہش کو روسی مشیرون نے اور بھی اوکسایا صرف ہرات افغانستان کا ایک ایسا ٹکڑا باقی رہگیا تہا جسپر افغانستان کے قدیم شاہی خاندان کا ایک رکن حکمران تھا۔ یہ حکمران شاہ کامران پسر محمود شاہ تھا محمود شاہ جب اپنے بھائی شاہ شجاع کو تخت کابل سے اوتار چکا تو خود بھی وہان سے نکالا گیا

اور بھاگ کر ہرات مین پناہ لی۔ یہ نوجوان شاہ ایران بلادعہ ہرات کا دعویدار نہ تھا۔ اس بات کو مسٹر ایلس نے بھی جو ایران مین انگریزی سفیر تھا مان لیا ہے چنانچہ اوس نے اپنی گورنمنٹ کو لکھا ہے کہ شاہ کو غزنی تک حکومت کا صحیح دعویٰ ہے اور جبکہ کامران نے ایران کے صوبہ سیستان کا کچھ حصہ دیا لیا ہے تو اس صورت مین شاہ کو لڑنے کا اور ہرات پر حملہ کرنے کا پورا حق حاصل ہے۔

اس حملہ سے انگلستان اور افغانستان کے لئے یہ قباحت تھی کہ روسی زور بھی ایران کے ساتھ ساتھ تھا۔ چنانچہ مسٹر ایلس نے اپنی گورنمنٹ کو اس بات سے آگاہ کیا کہ ایران و روس مین ایسے تعلقات ہین کہ اگر ایران افغانستان پر قابض ہوگیا تو یہ سمجھنا چاہیئے کہ روس کا قدم بھی وہان جما اور دشواری یہ تھی کہ ۱۸۱۴ء کے معاہدہ مین یہ شرط بدستور بحال رکھی گئی تھی کہ اگر افغانستان اور ایران مین جنگ واقع ہو تو انگلش گورنمنٹ کچھ دخل نہ دے تاوقتیکہ

دونون اوس سے اس امر کی استدعا نکرین کہ وہ بیچ بچاؤ کردے

ایلس اور اوسکے جانشین میکنگ نے ہر چند شاہ ایران کو ہرات پر حملہ کرنے سے باز رکھنے کی کوشش کی مگر ایک نہ چلی تب برطانیہ اعظم کی طرف سے سینٹ پیٹرس برگ مین اس بارہ مین تحریک کیگئی مگر وہان سے بھی مذبذب جواب ملا۔ حالت جیسی کچھ سنگین ہو رہی تھی اس سے اندازہ ہو سکتا ہے کہ اپریل ۱۸۳۶ء مین ایلس نے لکھا تھا کہ ہندوستان مین حملہ کرنے کے لئے روسیون کا پہلا خط متوازی ایران ہوگا۔ ۱۸۳۷ء کے ابتدا مین لارڈ آکلینڈ گورنر جنرل ہندوستان نے میکنگ کو لکھا کہ شاہ کو ترغیب دے کہ اس حملہ سے باز رہین اس لئے کہ وہ بحیثیت گورنر جنرل ہند اس قسم کی مداخلت اور فتوحات اپنی مغربی سرحد پر نہایت نارضامندی اور ناخوشی کی نظر سے دیکھین گے مگر شاہ نے سفیر برطانیہ کے معروضات پر مطلق اعتنا نہ کی اور ہرات کی طرف

روانہ ہوا۔

۲۳۔ نومبر ۱۸۳۷ء مین محاصرہ شروع ہوا۔ میکنگ ایک عرصہ تک ہرات کے سامنے ایرانی کیمپ مین پڑا رہا مگر کچھ طے نہ کرسکا روسی سفارت کو شاہ کی مزاج مین بہت رسوخ تھا۔ آخر کار انگریزی سفیر کو متواتر اہانت اوٹھا کر شکست فاحش ہوئی اور وہ ایرانی کیمپ سے چلا گیا۔ چھہ دن گولہ باری کرکے ۲۳ جون ۱۸۳۸ء مین ایرانیون اور روسیون نے دھاوا کردیا مگر پسپا ہوئے اور بہت نقصان اُٹھایا تب شاہ نے مایوس ہوکر محاصرہ اوٹھانے کا ارادہ کرلیا۔ اس عرصہ مین ایرانی کیمپ مین کرنل اسٹوڈارٹ یہ خبر لائے کہ ایک جنگی فوج بمبئی سے جنگی جہازون کو لئے ہوئے خلیج فارس مین جزیرہ کرک پر اُتری ہے اور یہ الیٹیمیٹم لائی ہے کہ شاہ فی الفور ہرات سے واپس ہون۔ لارڈ پامرسٹن نے اسحالت مین عہدنامہ کی شرط کے خلاف یہ کارروائی کرنا واجبی خیال کیا اس لئے

کہ اول اول اکثر اوقات انگلستان اسکا پابند رہ چکا تھا - اب
رہے شاہ انہین اس الٹیمیٹم کا ایک عذر ملگیا - ۹ ستمبر کو وہ اپنے
گھوڑے پر سوار ہوئے اور ہرات سے روانہ ہوگئے - یہ محاصرہ
ساڑھے نو مہینے تک رہا اس واقعہ کو پچاس برس گذرے - ہرات
تو فتح نہو سکا مگر ہرات کو مسمار کرکے سائمونک سفیر روس محمد شاہ
کے ہمراہ وہان سے واپس گیا - وہی شہر آج افغانون کے قبضہ
مین ہے جہان اونکے سلاح خانہ بنے ہین -

شاہ شجاع الملک اوس نامور احمد شاہ کا پوتا ۱۸۰۳ء سے
۱۸۰۹ء تک افغانستان مین حکمران رہا - جب اوسکا ستارہ اقبال
زوال مین آیا تو کئی برس تک افغانستان مین بدعملی رہی - آخرکار
۱۸۲۶ء مین دوست محمد خان کابل کے تاج و تخت کا مالک ہوا اور
یہ زبردست شخص تین برس تک جبکہ ملک پر انگریز قابض تھے
برابر حکمرانی کرتا رہا تین برس کے بعد زمانہ کے نشیب و فراز جھیل کر

یہہ نوجوان سپاہی اپنے کل دشمنون پر غالب آیا اور ۱۸۲۶ء مین کابل کا بادشاہ ہوا۔ اوس کے دل مین انگریزون کی بہت وقعت تھی اور اوس سے صرف دوسری جنگ پنجاب مین البتہ خلاف وفاداری یہ فعل سرزد ہوا کہ اوس نے سکھون کو مدد دی۔

بیچارہ شاہ شجاع لدہیانہ مین مقیم رہا اور یہین سے کابل کے تخت کے لئے برابر سازشین کرتا تھا۔ اوس کی تدبیرین ایک عرصہ تک بیکار رہین۔ یہان تک کہ ۱۸۳۲ء مین مہاراجہ رنجیت سنگھ کے اور اوسکے درمیان کچھ عہد و پیمان ہوا۔ شاہ شجاع نے گورنمنٹ ہند سے فوجی اور مالی مدد کی استدعا کی۔ گورنمنٹ ہند نے یہ جواب دیا کہ فوجی مدد دینا اصول نیوٹرلیٹی کے خلاف ہوگا جو گورنمنٹ ہند نے اختیار کیا ہے مگر گورنمنٹ ہند نے خلاف دانشمندی اوسے مالی مدد دیدی وہ بھی اسطرح پر کہ چار مہینے کا وظیفہ اوسے پیشگی دیدیا۔ اگرچہ سولہ ہزار روپیہ ایک تخت و تاج

حاصل کرنے کے لیے بہت ہی قلیل رقم تھی مگر شاہ شجاع ماہ فروری
۱۸۳۳ء مین کابل پر چڑہ دوڑا پہلے سندہ کے امیرون سے سب بھیڑ
ہوئی جس مین وہ کامیاب رہا۔ بعدازان اوسنے قندہار پر چڑہائی کی
اور قلعہ کا محاصرہ کرلیا۔ قریب تھا کہ قندہار فتح ہوجائے مگر دوست محمد
بتعجیل تمام کابل سے آیا اور قندہار کو بچا لیا پھر اوس نے قندہار مین
فوج کے ساتھہ ملکر شاہ شجاع کو ایسی شکست فاحش دی کہ وہ تنوکدم
ہوکر بھاگا اور اپنا توپخانہ اور سارا سامان کیمپ وہین چھوڑ گیا۔ جنوبی
افغانستان مین دوست محمد کی غیبت مین رنجیت سنگھہ کی فوج دریائے
اٹک کے پار اُتری اور پشاور پر قبضہ کرلیا افغانون کو نکال کر درۂ خیبر
کی طرف بھگا دیا۔ دوست محمد نے بعد کو ہر چند کوشش کی کہ سکھون
کو پشاور سے نکال دے مگر نہ نکال سکا اور جب اوسے یہ گمان ہوا
کہ اس معاملہ مین رنجیت سنگھہ کے ساتھہ انگریزون کی بھی سازش
ہے تب اوس نے بمقتضائے مصلحت یہ مناسب سمجھا کہ ایران سے

اتحاد کرلے۔ اب رہا شاہ شجاع وہ پھر رینگ کر اپنی پناہ گاہ لدہیانہ
مین آرہا۔

ماہ مارچ ۱۸۲۶ء مین لارڈ اکلینڈ بجاے لارڈ ولیم بٹینک گورنر
جنرل ہند مقرر ہوے۔ انہون نے دوست محمد کے تہنیت نامہ
کے جواب مین یہ لکھا۔ کہ "برٹش گورنمنٹ کی یہ عادت نہین کہ دوسری
خود مختار ریاستون کے معاملہ مین دخل دے" مگر لارڈ اکلینڈ نے
خود بہت جلد اس اصول کو توڑ دیا۔ وہ انگلستان سے بہت ہی بھرے
ہوے آئے تھے کیونکہ ایران اور روس کی سازشین جن کی خبر ہمارے
سفیر نے گورنمنٹ انگلستان کو برابر پہنچائی تھی اون سے بخوبی یہ
واقف تھے مگر انہون نے کوئی قطعی فیصلہ نہ کیا کہ کیا طریقہ اختیار
کرنا چاہیے۔ بقول ڈیورانڈ انہون نے ایک ایسے خطرہ سے
خائف ہوکر جو محض خیالی تھا اور جسکا ڈر بہ نسبت اون کے دوسرے
لوگون کو زیادہ تھا تجارتی مشن کے پردہ مین ایک شخص مسمی کپتان

برنس کو افغانستان روانہ کیا جو فی الحقیقت ایک مدبرانہ چال تھی
مگر غلطی یہ ہوئی کہ کپتان برنس کو کوئی قطعی اختیار نہ دیا۔" ماہ ستمبر ۱۸۳۷ء
مین کپتان برنس کابل پہونچے یہ وہ زمانہ ہے کہ جسکے دو مہینے قبل
ایرانی فوج نے ہرات کا محاصرہ شروع کیا تہا۔ کپتان برنس دوست محمد
کے بڑے حامی تہے۔ وہ ۱۸۳۲ء مین اونکے مہمان رہ چکے تہے
انہون نے جس امر کی تائید کی تہی وہ یہ تہا کہ برٹش گورنمنٹ کا فائدہ
اس مین ہے کہ شاہ شجاع کی حمایت کرنے کے بدلے دوست محمد
خان کیساتہہ اتحاد بڑہائے اونکو مدد دے تاکہ اون کی سلطنت
اور مستحکم ہو۔

کپتان برنس نے یہ خیال کیا کہ اچھے وقت کابل آئے اسلئے
کہ شاہ ایران کا ایلچی معہ تحائف قندہار پہونچ چکا تہا اور شاہ کیطرف
سے مدد کا پیغام لایا تہا۔ دوست محمد نے کپتان برنس سے کوئی
بات چھپائی نہین بلکہ اوس سے صاف صاف کہدیا کہ جب

انگریزون کی طرف سے مجھے مایوسی ہوئی تو مین نے ایران اور
روس سے اتحاد بڑہایا اِسلیئے کہ سکھون کی دست اندازی کے
مقابلہ مین مجھے سخت ضرورت تھی۔ لیکن مین اب بھی یہ تعلقات
قطع کرنے کے لیئے آمادہ ہون اگر مجھے یہ یقین ہو جاے کہ
گورنمنٹ ہند میری مدد کرے گی۔ کپتان برنس نے اپنی گورنمنٹ
کو ان مخلصانہ تجاویز سے آگاہ کیا اور خود بھی اوس کی بہت تائید
کی بلکہ جوش مین آکر اوس نے اس بات کی کوشش شروع کی کہ
والیان قندہار کو ایران کے ساتھ اتحاد بڑہانے سے باز رکہے اور
اون سے یہ وعدہ کیا کہ اگر ایران کچھہ تعرض کرے گا۔ تو گورنمنٹ
ہند اوس کے مقابلہ کے لیئے روپیہ سے اون کی مدد کریگی۔ کپتان
برنس کا یہ فعل گورنمنٹ ہند کو ناگوار ہوا اور اوس کی معقول تنبیہ کیگئی
اور اوسے یہ حکم ہوا کہ والیان قندہار سے اپنا قول واپس
لے۔ کپتان برنس بیچارہ ایک تو یونہی دقتون مین پھنسا تھا۔

اوس پر طرہ یہ ہوا کہ ایک روسی افسر کابل مین وارد ہوا جسکا بیان
یہ تھا کہ زار روس کا ایلچی ہے اوس کا اعتماد نامہ مشتبہ خیال کیا گیا۔
مگر کاونٹ نسلروڈ نے اوس کی تصدیق کردی دوست محمدؐ نے
اس ایلچی کا کچھ خیال نہ کیا اور کپتان برنس کو برابر یقین دلاتا رہا کہ اوسے
بجز انگریزون کے کسی کی پروا نہین چنانچہ کپتان برنس نے اپنی
گورنمنٹ کو اسکا پورا یقین دلایا مگر لارڈ اکلینڈ نے والی کابل کو جو
جواب لکھا وہ کچھ ایسے متکبرانہ اور سخت الفاظ مین تھا جس سے
کاتب کا یہ منشا ظاہر ہو کہ مکتوب الیہ کی توہین مقصود ہے چنانچہ
اوس خط کا نتیجہ یہ ہوا کہ کپتان برنس کو معاملہ کی یکسو ہونے کی کوئی
اُمید باقی نہ رہی۔ تاہم ایک آخری حجت دوست محمدؐ نے یہ ختم
کی کہ اپنے خلاف شان گورنر جنرل کو التجا کرکے لکھا کہ افغانون
کی شکایات رفع کیجئے اور اونھین کچھ ترغیب و اختیار دلائے مگر
ان ملایم الفاظ کا کچھ اثر نہوا۔ روسی سفیر جو دوست محمدؐ کے ساتھ

ہر قسم کے وعدہ کرتا تھا - اب وہ رسوخ پا گیا اور اوس کی بہت
خاطر و مدارات ہوئی - واپسی کے وقت اوس نے والیان قندہار
سے ایک عہدنامہ لکھوایا جسکی سفیر روس نے ایران مین تصدیق
کرائی - جب کپتان برنس کابل مین بے اعتبار ٹھہرا تب وہ ماہ اگست
۱۸۳۸ء مین وہان سے واپس چلا آیا -

کپتان برنس کی ناکامیابی کا سبب یہ تھا کہ اوسکے کابل روانہ
ہوتے ہی لارڈ اکلینڈ نے اپنی حکمت عملی بدلدی - لارڈ اکلینڈ جب
وارد ہندوستان ہوئے ہین تب تو ایک صلح جو آدمی تھے چنانچہ
اون کی تحریر سے ظاہر ہوتا ہے جو اُنہون نے ماہ اپریل ۱۸۳۷ء
مین لکھی تھی جسکا منشا یہ تھا کہ افغانستان کے معاملات مین وہ دخل
نہین گے اور گورنمنٹ نے یہ قطعی ارادہ کر لیا ہے کہ شجاع الملک
شاہ معزول افغانستان جب تک گورنمنٹ ہند کی حمایت مین رہے
اوس کی خاطر سے والیان کابل و قندہار کے مقابلہ مین کوئی مخالفانہ

کارروائی نہ کیجائے گی مگر تعجب ہے کہ باوجود اس تحریر کے ماہ
جون مین اُنہون نے شاہ شجاع کے ساتھہ ایک تحریری معاہدہ
کیا اور انگریزی فوج اوسکے ہمراہ کرکے اوسے کابل بھیجا اس تناقض کی
کوئی وجہ نہین بیان کیگئی۔ کہان دریاے ستلج جہان ہماری سرحد
تھی اور کجا ہرات جو وسط ایشیا کی سرحد پر واقع تھا۔ بارہ سو میل
کا فاصلہ طے کرنا اور وہ بھی ایسی سرزمین پر جو دنیا مین دشوارگذار
مانی گئی ہو کوئی آسان بات نہ تھی۔ اس مین شک نہین کہ گورنمنٹ
ہند کا یہ فعل باین نظر کسیقدر واجبی تھا کہ فوج ایران باعانت روس
ہرات کا محاصرہ کر رہی تھی اور ایرانی و روسی ایلچی افغانستان
مین مشغول بکار تھے مگر یہ دونون معاملے محض خیالی خطرے
تھے جسکا ثبوت آج یہ موجود ہے کہ افغانستان کی سرحد ہرات
کے آگے قایم ہے اور کابل کی مسند پر دوست محمد خان کا پوتا
جلوہ افروز ہے۔ لیکن نہ تو انگلستان نے اور نہ ہندوستان

نے کرک کی دھمکی دینے مین پس وپیش کیا جس سے ہرات
کا محاصرہ رک گیا پس جو حکمت عملی گورنمنٹ ہند کو افغانستان کے
متعلق اختیار کرنا چاہیئے تھی وہ یہی تھی کہ سازشون کے نتیجہ کو
بغور دیکھتے رہتے اگر کوئی نتیجہ ظاہر نہوتا تو لاعلم رہتے یا اگر کوئی
نازک معاملہ پیش آتا تو اونہین چالون سے اوسکا تدارک کردیتے ۔
رنجیت سنگھہ کے ساتھہ ہمارے تعلقات مضبوط تھے اب رہا
پشاور کے متعلق دوست محمد اور رنجیت سنگھہ کا جھگڑا اوس کا
فیصلہ بھی بہت آسان تھا۔

پہلی جنگ افغان کا عذاب کس کی گردن پر ہے ۔ متوفی
لارڈ براؤٹن نے جب سر جان ہاب ہاؤس ۱۸۳۵ء سے ۱۸۴۱ء
تک بورڈ آف کنٹرول کے میر مجلس تھے ۱۸۵۱ء مین ہاؤس
آف کامنز کی کمیٹی کے روبرو یہ بیان کیا کہ جنگ افغان بغیر
اطلاع بورڈ آف ڈائرکٹرز بالکل میری وجہ سے ہوئی جس کے

معنی یہ ہوئے کہ برٹش گورنمنٹ اس جنگ کی ذمہ دار ٹھہری اسلئے کہ جورکن سلطنت ہندوستان کے معاملات کا ذمہ دار تھا۔ وہ اس جنگ کا باعث ہوا۔ گو ایسٹ انڈین کمپنی کے ڈائرکٹرز سے اسبارہ مین کچھ رائے نہین لیگئی۔ اور اس بیان کی توضیح سرہاب ہاؤس نے ۱۸۴۲ء مین ہاؤس آف سر کا منز مین اپنی تقریر مین اس طرح کی "کہ جو مراسلہ اس معاملہ کے متعلق ہندوستان بھیجا گیا تھا وہ اور لارڈ اکلینڈ کا مراسلہ جس مین انہون نے یہہ اطلاع دی تھی کہ کابل پر فوج کشی ہوچکی دونون مراسلے اثنائے راہ مین لڑ گئے۔

۱۸۳۸ء مین جو معاہدہ گورنمنٹ ہند اور رنجیت سنگھ اور شاہ شجاع کے درمیان ہوا تھا اوس کا مضمون یہ تھا کہ شاہ شجاع ایک ہندوستانی فوج اور گورنمنٹ ہند کے روپیہ سے برضامندی واعانت مہاراجہ پنجاب اپنا تخت حاصل کرنے کی کوشش کرے۔

بعدازان یہ سفارش کیگئی جو منظور بھی ہوئی کہ شاہ شجاع
کو انگریزی فوج سے مدد لینے کی ضرورت ہے اور اس کام کیلئے
صرف دو انگریزی رجمنٹ کافی ہونگے۔ لیکن مسٹر ہنری فن نے جو
اوسوقت کمانڈر ان چیف تھے اس بارہ مین مخالفت کی اور یہ بیان
کیا کہ ایسے دور دراز خوفناک مہم پر تھوڑے سے انگریزی سپاہی
بھیجنا ہرگز مناسب نہین ہے۔ آخرکار گورنر جنرل نے جو سراسر
غلطی پر تھے اور اپنے مشیرون کی رائے پر عمل کر رہے تھے
یہ مصمم ارادہ کر لیا کہ ایک انگریزی فوج جمع کر کے بہ ماتحتی بدبخت
شاہ شجاع افغانستان کے نامعلوم اور دور و دراز کوہستانون
مین روانہ کرین۔ جب یہ قصد مصمم ہو لیا تو حسب قاعدہ گورنر جنرل
نے اس کو واجبی قرار دینے کیلئے ایک اظہار نامہ مرتب کیا۔
اس اظہار نامہ کی نسبت مین کچھ اور نہ کہونگا۔ صرف ڈیورانڈ کی
رائے کا حوالہ دیتا ہون جو کہتے ہین کہ لفظ انصاف اور ضرورت

اوس اظہارنامہ مین ایسے موقع پر استعمال ہوے ہین جس کی
مثال انگریزی زبان مین نہین ملتی - اور مسٹر ہنری اڈورڈس نے
بھی غضب کا اعتراض کیا ہے - وہ بیان کرتے ہین کہ دوست محمد
کا برتاؤ اور اوس کے خیالات ایسی بیرحمی کے ساتھہ غلط بیان
کئے گئے کہ روسی حیلہ باز بھی جس سے شرما جاتے - جو جو لوگ
تجربہ کار تھے سب نے ایک زبان ہوکر اس مہم کی مخالفت
کی - مسٹر الفنسٹن نے جو تیس سال پہلے بسرکردگی مشن کابل ہو
آئے تھے یہ کہا کہ اگر فوج گہاٹیون کی راہ کابل بھیجی جاے
اور ہم اوس کی سربراہی کرسکین تو البتہ ہم کابل فتح کرکے شاہ شجاع
کو تخت پر بٹھا سکتے ہین - مگر ایسے دور و دراز مفلس برفستانی ملک
مین جہان کی رعایا ایسی فتنہ انگیز ہو یہ غیر ممکن ہے کہ وہ تخت
پر قابض رہ سکے -

لارڈ ولیم بینٹنگ جو لارڈ اکلینڈ کے پہلے گورنر جنرل ہند رہچکے


تھے انہون نے اس مہم کو ایک ابلہانہ فعل سمجھہ کر ترک کیا۔
مارکوئس ولزلی یہ کہتے تھے کہ ایسے دور و دراز کوہستانی
ملک مین جہان برف اور ریگستان ہو فوج بھیجنا جنون ہے۔
ڈیوک آف ولنگٹن نے یہ عاقلانہ پیشین گوئی کی تھی کہ اگر ہم
ایک دفع دریائے سندہ کو عبور کر کے افغانستان مین وہان کی
حکومت کا انتظام کرنے گئے تو یہ سمجھنا چاہیئے کہ ہمیشہ کے لئے
فوج بھیجنے کا سلسلہ قایم ہوا۔

(صفحہ ۴۸ اظہار نامہ از شملہ)

شاہ شجاع کا ملک جانے مین ہمارا کوئی تعلق نہ تھا۔ البتہ ہمنے
دوست محمد کو تخت سے اُتارا جس نے کبھی ہمکو ستایا نتھا۔ محض ہماری
پالسی کی تائید مین وہ بیچارہ مظلوم ہوا۔ برنس اور مگناٹن نے
اپنے کئے کی سزا پائی جو ایک بدنصیب خاندان کے رکن کی حمایت
کے لئے کابل گئے۔

مین افغانستان کی تفصیلی تاریخ یا برطانیہ اعظم کے ساتھہ
جو لڑائیان ہوئی ہین اون کا مفصل حال اس کتاب مین نہین
لکھہ سکتا - اوس کے لئے ایک علیحدہ کتاب چاہیئے علاوہ اسکے
مستند انگریزی مورخین اس باب مین قلم فرسائی کر چکے ہین مگر یہ
بات مین ضرور کہونگا کہ دوست محمد خان کو بلاوجہ اور بغیر
قصور والسرائے وگورنمنٹ ہند نے تخت سے اوتارا اور ماہ
نومبر ۱۸۴۰ء مین اُنہین قید کر کے ہندوستان بھیجا اور برنس
اور مگناٹن اور دوسرے لوگ جو معاملات سے بخوبی واقف
تھے کسی کی ایک نہ سنی - اس بے انصافی کا نتیجہ یہ ہوا کہ کابل
مین انگریزون کا قتل عام ہوا - شاہ شجاع مارا گیا اور امیر
دوست محمد خان افغانون کو واپس ملے - وہ ۱۸۴۳ء مین پھر کابل
کے تخت پر بیٹھے اور ۹ جون ۱۸۶۳ء تک حکومت کی اُنھون
نے اپنی طبعی موت سے بمقام ہرات وفات پائی جہان اونکی

قبر ابتک موجود ہے۔ اوسکے انتقال کے وقت اون کے بڑے
بیٹے یعنی میرے والد مرحوم امیر افضل خان کی غیبت مین شیر علی
خان امیر بن بیٹھا۔ اسکا جو کچھ انجام ہوا وہ میری کتاب کے
گذشتہ بابون مین بیان ہو چکا ہے صرف اسقدر کہنا باقی ہے
کہ اوسکے زمانہ مین گورنمنٹ ہند نے سخت غلطی کی اور اوسی گورنمنٹ روس
کی ساتھ مراسلت کی جازت دی بعدازان اوسپر اولٹا الزام رکھا شیر علیخان بھی الزام
سے بری نہین ہوسکتا اس لئے کہ اوس نے سردربار ملکہ
معظمہ کی نسبت گستاخانہ الفاظ کہے اور انگریزون کے خلاف
گورنمنٹ روس سے سازش کی حالانکہ اپنے تئین برطانیہ اعظم
کا سچا دوست کہتا رہا۔ گورنمنٹ ہند اور شیر علی دونون کی غلطیون
سے دوسری جنگ افغان ہوئی جسمین شیر علیخان کی فوج پسپا
ہوئی اور وہ خود اس غرض سے روس بہاگ گیا کہ وہان سے اپنے لئے
روسی کمک لے آئے۔ اُس زمانہ مین افغانستان اور گورنمنٹ روس



کے درمیان بڑا فاصلہ تہا اور یہ ممکن نہ تھا کہ گورنمنٹ روس
سرحد افغانستان پر اپنی فوج لاسکے - نتیجہ یہ ہوا کہ امیر
شیر علی خان اثنائے راہ مین گٹھیا کے مرض سے ناچار
ہو کر دل شکستہ راہی عدم ہوا - تب گورنمنٹ ہند نے ایک اور
تیسری غلطی کی جسکی وجہ سے سرلوئی کنناری تمام ہمراہیون سمیت
مارے گئے - باوجودیکہ امیر شیر علی خان کے ہاتہون
گورنمنٹ ہند کو ایسا صدمہ پہونچا تہا - مگر اوس پر بہی گورنمنٹ ہند
نے اوس کے بیٹے یعقوب کے ساتھ معاہدہ تحریری کیا - اور
سب سے بڑی غلطی یہ کی کہ یعقوب پر بھروسہ کر کے سرلوی
کنناری کو چند انگریزون کے ساتھ کابل بہیجدیا اور اون کی حفاظت
کے لئے کوئی معقول باڈی گارڈ بہی ساتھہ نہ کیا - حالانکہ گورنمنٹ
ہند خوب واقف تھی کہ مگناٹن اور برنس کا کیا انجام ہوا اور
اوسکو اس بات کا بہی علم نہ تھا کہ آیا یعقوب اتنا مضبوط ہے

کہ انگریزون کی حفاظت کرسکے گا - یا اوس نے کنارہی اور
اوسکے ہمراہیون کے لئے وکلاء ملک کے اجازت حاصل
کرلی ہے کہ وہ ملک مین داخل ہون - اس کارروائی کا نتیجہ
یہ ہوا کہ یعقوب قید ہوا سارے ملک مین غدر ہوگیا جسکی وجہ
سے دوسری جنگ افغان کی نوبت آئی جس مین بہت خونریزی
ہوئی اور روپیہ کا خسارہ اوٹھانا پڑا - اوسی زمانہ مین مین روس
سے آکر کابل مین تخت نشین ہوا اور مین نے انگریزی فوج
بحفاظت تمام افغانستان کے باہر پہونچا دی -

اس طرح افغانستان و گورنمنٹ ہند کا نقشہ کھینچکر اب مین
اس معاملہ مین بحث کرونگا اور میرے ملک کو جہان تک گورنمنٹ
ہند اور روس سے تعلق ہے اوس کی نسبت آیندہ حکمت
عملی کی بابت اپنی رائے دونگا - قبل اسکے کہ مین کچھ کہون اول
مین ناظرین کو اوس نقشہ کی طرف متوجہ کرنا چاہتا ہون جو اس کتاب

مین شامل ہے اور اون تاریخی واقعات کو یاد دلانا چاہتا ہون جو
زمانہ گذشتہ مین انگلستان اور افغانستان کے تعلقات کے
متعلق گذرے ہین۔ اون سے صاف معلوم ہوگا کہ میرے دادا
دوست محمد خان کے زمانہ مین جب سلطنت کمزور تھی انگریزون
نے بعض شہر سرحد افغانستان سے جدا کر کے اپنے اختیار مین
مین کر لئے بعد ازان امیر شیر علی خان اور یعقوب کے زمانہ مین
اُنہون نے افغانستان سے کرم خیبر پاس۔ کچھ حصہ پیشین کا
اور چند دوسرے مقامات لے لئے میرے زمانہ مین باوجود اس
روک ٹوک کے لارڈ لینس ڈاؤن کی گورنمنٹ نے میرے
عہدہ دارون کو بلند خیل وزیرستان اور دوسرے مقامات
سے یہ دھمکی دیکر نکال دیا کہ اگر نہ جاؤ گے تو انگریزی سنگینون
کا رخ میری طرف پھیرا جائیگا اسکے علاوہ میرے ملک مین بغیر
میری اجازت یا میری رعایا کے اجازت کے نیو چمن ریلوے

اسٹیشن بنایا گیا۔ گو سر مارٹمر ڈیورانڈ کی مشن نے مجھے اس کا
کچھ معاوضہ دیکر معاملات کو سلجھا دیا اور مین بالکل مطمئن اور خوش
ہون کہ مجھے گورنمنٹ ہند کی دوستی سے بجائے نقصان کے
بہت کچھ فائدہ ہوا ہے۔ مین نے یہ واقعات محض اس لئے
بیان کئے کہ ناظرین کتاب کو معلوم ہو جائے کہ گو گورنمنٹ
ہند کا یہ قول ہے کہ افغانستان کا کوئی حصہ لینا نہین چاہتی۔ مگر
جب موقع آتا ہے تو چوکتے نہین اور ہمارے دوست گورنمنٹ
ہند نے بہ نسبت روس کے افغانستان کا زیادہ حصہ دبا لیا ہے
یہ تاریخی واقعات جو اوپر بیان ہوئے بعض انگریز مورخین
اور مدبرین کی تصانیف سے لئے گئے ہین۔ اب مین اپنی قوم
اور اپنے جانشینون کے لئے نصیحت کے پیرائے مین اپنی
رائے ظاہر کرتا ہون۔ میرا مقصود اس سے کسی قسم کا مکابرہ یا مباحثہ
نہین ہے تاکہ یہ ثابت ہو کہ میرا بیان اور غیر ملک والے مصنفین

کے مقابلہ مین زیادہ عاقلانہ ہے اصل یہ ہے کہ جو کچھ میرے
دل مین ہے اوسکو عام طور پر اظہار کرنا خلاف مصلحت اور دانشمندی
سے بعید ہے مین صرف کنایۃ کچھ کہونگا میرے جانشینون
کو چاہیئے اوس سے نتیجہ نکال لین۔ العاقل تکفیہ الاشارہ۔

غیر ملکون مین یہ دستور ہے کہ جب پارلیمنٹ یا کونسل وغیرہ
کا افتتاح ہوتا ہے تو حسب دستور بادشاہ کی طرف سے ایک اسپیچ
دیجاتی ہے جس مین یہ بیان ہوتا ہے کہ ہماری گورنمنٹ کے
تعلقات اور گورنمنٹون کے ساتھہ نہایت مخلصانہ اور دوستانہ
ہین۔ اگرچہ دل مین خوب جانتے ہین کہ بعض گورنمنٹون کے
ساتھہ قطعی عداوت اور نفرت ہے۔ اس کا نام ڈپلومسی یا حکمت
عملی، کہا ہے۔

مین ڈرتا ہون کہ اگر مین یہ طریقہ اختیار کرون اور اس طرح
کے ذو وجہین جملے مُنہ سے نکالون تو میرے مخاطب سمجھہ نہ سکینگے

بلکہ دہوکہ مین آجائین گے مجھے چاہیئے کہ جو کچھ کہون بالکل صاف اور بے لگاؤ ہو اوس خدا کا ہزار ہزار شکر ہے جس پر سب کے دلون کے راز ہویدا ہین اور جو دشمنونکے دلونکو نرم کرکے دوست بنا سکتا ہے بقول شاعر۔

عدو شود سبب خیر گر خدا خواہد

الحمد للہ کہ میری گورنمنٹ کے تعلقات انگلستان۔ روس۔ ایران۔ اور چین کے ساتھہ مخلصانہ اور اطمینان بخش ہین فی الحال نہ خصومت کی کوئی وجہ ہے اور نہ جنگ کا اندیشہ ہے۔ ہمارے ان دوستون مین کسی کے پاس کوئی دستاویز یا تحریری ثبوت نہین جس کے ذریعہ سے وہ گورنمنٹ افغانستان پر بد عہدی کا الزام رکھہ سکین البتہ جو افواہین وقتاً فوقتاً اوڑا کرتی ہین۔ مین اونکا ذمہ دار نہین ہون اور نہ کوئی غیر سلطنت افغانستان پر یہ الزام لگا سکتی ہے۔ کہ اوس نے خود کوئی چھیڑ چھاڑ کی۔ گو مجھے

یقین نہین کہ کوئی گورنمنٹ میری گورنمنٹ سے مخالف ہے
مین نے ابتدا تخت نشینی سے آجتک نہ کبھی کوئی خوف ظاہر کیا
اور نہ بزدلاپن۔ مین نے اپنی جوار کی سلطنتون مین سے کسیکی
خوشامد کرکے اپنی قوم کو یا اپنے تئین کبھی ذلیل نہین کیا۔
مین نے کسی سلطنت کو دوسرے پر ترجیح دینے کے لیے اوسکی
ساتھ بیجا رعایت نہین کی مین نے کسی سلطنت کے ساتھ ایسے
دغدے نہین کئے جسکا ایفا کرنا میرے اختیار سے باہر ہو جیساکہ
اسکلے امیرون نے کیا۔ مین نے اپنے پاک نبی کے حکم کی پوری
پابندی کی خیرالامور اوسطہا۔ اگر کوئی گورنمنٹ یا عہدہ داران
گورنمنٹ میرے ساتھ اخلاق سے پیش آئے تو مین نے بھی
اون کے ساتھ ویسا ہی سلوک کیا۔ اگر میرے ساتھ بے تہذیبی
کیگئی تو مین نے بھی اوس کا ویسا ہی جواب دیا۔ اور اوسکے
ساتھ ہی یہ خیال رکھا کہ میرا سلوک حد سے تجاوز نہو۔ مین ان

باتون کو حقارت کی نظر سے دیکھتا رہا

کند تحمل بسیار مرورا بیقدر

کمان چو تن بکشیدن دہد کبادہ شود

مین کسی خاص سلطنت کا نام نہین لینا چاہتا مگر اشارتًا مین اپنے لوگون کو آگاہ کرتا ہون تاکہ وہ مختلف سلطنتون کے اوصاف مین امتیاز کرسکین۔ بعض سلطنتون کی مثال جونک کی سی ہے جو برابر خون پیے چلی جاتی ہے یہان تک کہ انسان ہلاک ہوجاتا ہے مگر اوسے کوئی درد یا تکلیف نہین محسوس ہوتی اور بعض مثل بھڑ کے ہین کہ جسکے کاٹنے سے تکلیف تو بہت ہوتی ہے مگر جان جانے کا خطرہ نہین۔ بعض سلطنتین لڑکے نئے ملک فتح کرتی ہین اور بعض دغابازی مکاری اور فتنہ سازی کے ذریعہ سے ملک کے سردارون مین نفاق ڈالکر آپ الگ رہتی ہین اور اون بیوقوفون کے باہمی جھگڑون سے فائدہ اوٹھاتی ہین

ایسی سلطنتون کے ساتھہ معاملت رکھنا بہت دشوار ہے اون سے
بمقابلہ اون سلطنتون کے بہت زیادہ ہوشیار رہنے کی ضرورت
ہے جو کھلم کھلا حملہ کرکے ملک فتح کرنا چاہین یہ ایک نہایت
پیچیدہ اور نازک معاملہ ہے مین اپنے لوگون کو یہ مشورہ دونگا کہ وہ
اپنے کل معاملات مین بہت ہوشیار اور متنبہ رہین۔ میرے
لوگ کبھی آپس مین نا اتفاقی نہ کرین ورنہ وہ اپنے ہمسایون کی
حیلہ سازی کا شکار ہوجائین گے اور اونکے ہمسائیون کو انکے
باہمی جھگڑون سے دست اندازی کا موقع ملیگا۔ اب اور آگے
بڑھنے سے پہلے مین یہ کہنا چاہتا ہون کہ جو لوگ مجھے اچھی طرح
واقف نہین وہ مجھے ظالم۔ روپیہ کا لالچی اور مزاج کا شکی کہتے ہین
اور مین اس بات کو اچھی طرح جانتا ہون۔ ان الزامات کا جواب جو
مجھ پر لگائے جاتے ہین بہت سے اہل قلم جو مجھے اچھی طرح
جانتے تھے لکھہ چکے ہین۔ مثلاً سر وسٹ رجوے سر ایل گریفن

وغیرہ جو بڑے واقف کار عہدہ دار گنے جاتے ہین اُنہون نے
اس بارہ مین یہ کہا ہے اور صحیح کہا ہے کہ گو امیر سختی سے حکومت
کرتے ہین مگر اونکا یہ فعل جائز ہے اس لئے کہ اونھین حکومت
بھی ایسے لوگون پر کرنا ہوتی ہے جو بڑے سرکش ہین سر الفرڈ لائل نے
ان اشعار مین میری حالت کی تصویر کھینچی ہے۔

راہ دکھلاتی ہے مالک کی مشیت اور کچھ
بندہ عاجز ہے سر تسلیم ہے ہر وقت خم
کافرون سے کیا اعانت لیکے مین ذمی بنون
کیا سمجھ کے منہ مین انور کے بھلا رکھون قدم
اوس سے بڑھکر مستحق تائید غیبی کا نہین
سابقہ جسکو پڑے کابل کے حل و عقد سے
جو مصیبت اوس پہ ہے کب ہے وہ عالم کہ نہیز
حکمران جو قوم افغان پر ہو دم بھر کے لئے

دیکھتا ہون مین جہان تک کام کرتی ہی نظر
قلعۂ کابل سے لیکر دامن کہسار تک
چوٹیون پر جن پہاڑونکے ہین تو پین شعلہ زا
برف کی جن کو ہسارون سے نمایان ہی چمک
جسقدر وادی ہین سب شاداب ہین سیراب ہین
چھپ گئے ہین دار بست تاک سے میدان سب
لوگ اپنے دل مین کہتے ہونگے جنت ہی یہ ملک
سچ اگر پوچھو تو دوزخ کا سا مجھپر ہے لقب

اگر مین اس اصول کو بدل کر کوئی نرمی کی راہ اختیار کرون تو یہ معترض کیا کہین گے۔ اس کا نتیجہ وہی ہوگا جو اب خیبر پاس مین ہو رہا ہے جہان ابتک مسافر بغیر ایک قوی باڈی گارڈ ہمراہ لئے سفر نہین کر سکتے حالانکہ وہ مقام ساٹھ برس سے انگریزون کے

قبضہ مین ہے۔ اب تک مسافرون اور کاروانون کو لٹنے اور
مارے جانے کا خطرہ درپیش رہتا ہے۔ مگر میری تمام قلمرو مین
کہین کاروانون کو سفر کرنے کے لئے گارڈ کی ضرورت نہین
ہوتی۔ مرد۔ عورت۔ یہان تک کہ انگریزنون کی شب و روز آمد و شد
رہتی ہے مگر کہین خطرہ کا نام نہین حالانکہ کوئی باڈی گارڈ اونکے
ساتھہ نہین رہتا۔ جب مین اپنے ملک کی آمدنی کو تحصیل کرتا ہون
تو مجھپر طمع کا الزام لگایا جاتا ہے اب مین یہ پوچھتا ہون کہ اگر مین
عہدہ دارون اور دوسرے چورونکو ملک کی مالگذاری چکہ جانے
دون تو میرے معترض دوست میری فوج کی تنخواہ اور ملک کے
اخراجات کے لئے کچھہ روپیہ دے سکینگے۔ مین کسطرح مزاج
کا شکی نہون اس لئے کہ جب مین افغانستان کے گذشتہ تاریخی
واقعات یاد کرتا ہون تو مجھے خواہ مخواہ بدگمانی ہوتی ہے مثلاً
مین دیکھتا ہون کہ گذشتہ زمانہ مین یہان کے اکثر بادشاہ قتل ہوئے

یا بے انصافی کے ساتھہ تخت سے اوتارے گئے اور دغابازی
کے ساتھہ قید کے گئے اور یہ سب کچھہ انہین اندرونی اور بیرونی
دوستون کے ہاتھون ظہور مین آیا۔ سعدی شیرازی کا حسب ذیل
قطعہ اپنے حسب حال ہے۔

گلے خوشبوئے درحمام روزے — رسید از دست محبوبے بدستم
بدو گفتم کہ مشکی یا عبیری — کہ از بوئے دلاویز تو مستم
بگفتا من گلے ناچیز بودم — ولیکن مدتے با گل نشستم
جمال ہمنشین در من اثر کرد — وگرنہ من ہمان خاکم کہ ہستم

اس قطعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ میرے ہمسایون کے سلوک
کی وجہ سے مجھپر اور اون لوگون پر جو امن جوہین اُلٹا اثر پڑا ظاہر
ہے کہ جو شخص ایسے خودغرض لوگون سے گھرا ہوا ہو جو اس بات
کے منتظر ہون کہ موقع پاتے ہی افغانستان کا کوئی ٹکڑا لے
بہاگین تو کسطرح ممکن ہے کہ وہ بدگمان نہوا ونکی حالت بالکل چوروں

کی سی ہے جو کسی دربان کو تاک رہے ہون - ادہر اوسکی آنکہین
بند ہوئین اودہر وہ گھر مین گہس گئے - اگر اتفاق سے وہ جاگ
پڑا اور پوچہا کہ کیا کرتے ہو تو یہ جواب دیا جاتا ہے کہ کچہہ نہین
دل لگی تہی - ہم تو تمہارے دوست ہین - اگر دربان کی نظر چوک
گئی تو یہ دوست ایسے ہی دل لگی دل لگی مین مال لیکر چلدیتے ہین
ہمیشہ بدگمان رہنا ہمیشہ دغابازی یا قتل کے اندیشہ سے کثیر الحذر
رہنا کوئی خوشگوار زندگی نہین ہے مگر جس حالت مین مین ہون
اوس کے لئے یہ سب باتین ضروری ہین - مین اکثر اپنے دوستون
سے اور اہل دربار سے یہ کہا کرتا ہون کہ ہم سبہون کی کیسی کمبخت
زندگی ہے - جب تک تم لوگ میرے سامنے رہتے ہو مین تمہین
بغور دیکہتا رہتا ہون کہ کہین تم مین سے کوئی اپنی حماقت کیوجہ سے
مجہپر حملہ تو نہین کرتا - بخلاف اسکے تم لوگون کو بہی اسقدر تشویش
رہتی ہے کہ تمہاری بی بیان اور بچے تمہارے گہرون مین

تمہارے انتظار مین اس بات کے متردد رہتے ہین کہ دیکھا
چاہیئے تم مین سے کون زندہ اور سلامت گھر واپس آتا ہے
اور کون اپنے اعمالون کی سزا مین یا اپنے دوستون کے ساتھہ
سازش کرنے کے صلہ مین پھانسی پاتا ہے۔

سعدی فرماتے ہین۔

خوش است زیر درختان براہ بادیہ خفت	شب رحیل ولے ترک جان باید گفت

اب مین اس معاملہ مین زیادہ بحث کرکے وقت ضایع کرنا
نہین چاہتا۔ صرف اسقدر اور کہونگا کہ گو ہر گورنمنٹ مین بھلائی
اور برائی دونون ہوتی ہین اور اعتراض و نکتہ چینی کے لیے
تو بہت گنجایش ہے مگر سب سے بڑی غلطی یہ ہے کہ کوئی
غلطی نہ کرے اس مین شک نہین کہ جو گورنمنٹ ایسے اراکین
سے مرکب ہو جو ملک کی رعایا سے منتخب ہوئے ہون وہ بہت
ہی عمدہ گورنمنٹ ہوگی۔ مگر جن اقوام پر غیر قومین حکمران ہون اونمین

غلط فہمی ضرور ہو گی اس لئے کہ جب حاکم و محکوم دو مختلف قومون سے ہون تو اون کے خیالات بھی مختلف ہونگے۔ پس مین یہ کہنا چاہتا ہون کہ مین اپنے لوگون کو بہ نسبت اور ملک کے حکمرانون سے بہتر جانتا ہون۔

کابل مین اور ملکون کی سفارت اور دوسرے ملکون مین کابل کی سفارت کا قائم ہونا

چونکہ افغانستان ایک خود مختار سلطنت ہے اور آیندہ بہت کچھ ترقی کرنیوالا ہے اس لئے ضرور ہے کہ اوس کی سفارت کل غیر سلطنتون مین قائم ہو اور غیر سلطنتون کے سفیر کابل مین آئین

مگر جسطرح اور چیزون کے لئے ابھی وقت کا انتظار ہے اسیطرح
اس بات کے لئے بھی ابھی افغانستان کو ذرا تامل کرنا چاہیئے
مین اپنے بیٹو نکو۔ اپنے جانشینون کو اپنی قوم کو یہ نصیحت
کرتا ہون کہ ہمیشہ اس بات کی کوشش مین رہین تا کہ ایک دن یہہ
مقصد پورا ہو اور میرے دل کی آرزو بر آئے۔ اس بات مین جو
فوایدیا نقصانات ہین۔ مین اون مین سے چند یہان بیان کرتا
ہون۔ ایک معنون مین تو افغانستان اس وقت کئی وجوہ سے
دنیا مین ایک نہایت خود مختار اسلامی سلطنت ہے مثل اور
بعض اسلامی سلطنتون کے وہ مجلس شورہ دول یورپ کی
اذیت وہ حکومت کی تابع نہین ہے بلکہ آزاد ہے۔ اوسپر
دول خارجہ کے عہد و پیمان کا کوئی بار نہین ہے۔ اوسے نہ کوئی
تاوان بھرنا ہے اور نہ کوئی قومی قرضہ ادا کرنا ہے جسکی وجہ سے
وہ سامان جنگ خریدنے سے پہلے غیر سلطنتون کو اور نئے

اجارے دینے پر مجبور ہو۔ انگلستان نے ایمانًا عہد کیا ہے کہ
افغانستان کی خود مختاری کو کل حملہ آورون کے مقابلہ سے بچائیگا
مگر باوجود ان سب باتون کے انگلستان میرے ملک کے اندرونی
مصالح ملکی مین دخل دینے کا مجاز نہین ہے انگلستان کے
ساتھہ یہ بہی عہد ہے کہ ہر سال میرے دربار مین ایک مسلمان سفیر
بہیجا کرے اور ضرور ہے کہ یہ مسلمان سفیر ہندی نژاد ہو اور اوس کا
تقرر بہی میری منظوری یا نامنظوری پر منحصر ہے۔ یہ اختیار
انگلستان نے دنیا مین کسی اور اسلامی سلطنت کو نہین دیا ہے
اور دنیا مین کسی سلطنت کو یہ حق نہین کہ افغانستان کے اندرونی
یا بیرونی معاملات مین دخل دے۔ البتہ برطانیہ اعظم کے ساتھ
صرف یہ شرط ہے کہ افغانستان غیر سلطنتون کے ساتھہ جو کچھہ
مراسلت کرے اوس کی اطلاع برطانیہ اعظم کو دیتا رہے۔
غرض جس حالت مین کل اسلامی سلطنتون کی سفارت غیر

ملکون مین قایم ہے کوئی وجہ نہین کہ افغانستان اس سے مستثنی کیا جاے۔

میرے لوگ بغیر سمجھے بوجھے کہین میری نصیحت کے خلاف عمل نکر بیٹھین - اس سے میری غرض یہ ہے کہ فی الحال مین ہرگز اس بات کو گوارا نکرونگا کہ غیر ملک کے سفرا میرے یہان آئین اس لئے کہ ابھی سفارت قایم ہونیکا وقت نہین آیا ہے تو غیر ملک کے سفرا کو ابھی سے کابل مین بلانا سخت غلطی ہے اس لئے کہ جب تک ہم اسقدر قوی نہ ہولین کہ غیر سلطنتون کے حملہ سے اپنے تئین بچا سکین اوسوقت تک غیر ملک کی سفارت اپنے یہان قایم کرنا حماقت ہے۔ یہ ایک ایسا مسئلہ ہے جو ریل اور تار کے پہلو بہ پہلو رہیگا۔ جب کہ ملک مین کماحقہ فوجی سامان درست ہو جائین گے۔ دوسرا خطرہ اس قسم کی سفارت قایم ہونے سے یہ ہے کہ میرے لوگ ابھی ایسے تعلیم یافتہ نہین ہین - جو اپنی

اچھائی اور برائی سمجھ سکین - اون مین ابھی اتنی حب الوطنی نہین
آئی ہے - جو اپنے ہم قوم و ہم ملت حکمران کی قدر و قیمت سمجھ سکین -
اگر غیر ملک کی سفارت یہان قایم ہوئی تو یہ نتیجہ ہوگا کہ وہ میری
رعایا کو ترغیب دیکر جھوٹی افواہین پھیلائین گے - بعد ازان میری
گورنمنٹ کے خلاف غیر عدالتون مین اون سے استغاثہ دلائینگے
اور خود جج بنکر اوسکا فیصلہ کرنے کو تیار ہونگے حالانکہ جن جھگڑون کا
فیصلہ کیا جائیگا اوس کے بانی وہ خود ہونگے اور میرے ملک کو
تقسیم کرنیکی غرض سے یہ فتنہ برپا کرینگے - تیسرا خطرہ اس سفارت سے
یہ ہے کہ ملک مین سازش پھیلے گی - اور مختلف قبیلون کو آپسمین
لڑانے کی فکر کیجائے گی تاکہ ملک منقسم ہو جائے - اسکے علاوہ
یہ اندیشہ ہے کہ ہر ایک سلطنت کچھ نہ کچھ اجارہ چاہے گی - اور
مختلف معاملات کی نگرانی کا دعوی کرے گی - الغرض اگر ہمنے موقع
دیا تو وہ ہر طرح پر ملک مین دخیل ہونگے - غرض یہ چیز ملک کی ترقی

مین بہت مانع اور ہارج ہوگی۔ البتہ جب رعایا اس بات کے لئے
پوری تیار ہو جاوے تب سفارت قایم ہونے مین کچھہ مضایقہ
نہین۔

مگر آیندہ جب افغانستان اعلیٰ درجہ کی ترقی کرلے اور اپنے
دشمنون کے مقابلہ مین کافی فوج میدان جنگ مین لاسکے اور
اوسکے مدبر ایسے تعلیم یافتہ اور فن سیاست مین اسقدر تجربہ کار ہولین
کہ غیر سفرا کی سازشون کا تدارک کرسکین تب البتہ وہ وقت ہوگا کہ
غیر ملک کے سفیر یہان بلائے جائین۔ اس سفارت سے بہت
فواید بھی حاصل ہونگے مثلاً اگر غیر سلطنتون کے سفیر افغانستان
مین مقرر ہوے تو کسی سلطنت کی یہ مجال نہ ہوگی کہ افغانستان
پر دست اندازی کرے یا بغیر معقول وجہ بیان کئے افغانستان
سے لڑے۔

علاوہ برین افغانستان کے سفرا جو غیر ممالک مین جائینگے

اُنہین بہت تجربہ حاصل ہوگا اور یہ چیز میری قوم کے لئے عموماً بہت مفید ہوگی اس لئے کہ مختلف اقوام کے لوگون سے میرے لوگون کو سابقہ اور اون سے ربط ضبط بڑہیگا۔ اس سے تجارت کو بھی بہت ترقی ہوگی۔

سیاح اور اہل دول میرے ملک کی فضا اور پیداوار کیطرف مائل ہونگے۔ ملک مین جسقدر زیادہ دولت مند لوگ ہون اوتنے ہی کم بلوہ اور فساد کا اندیشہ ہوتا ہے کیونکہ اہل دول ہمیشہ یہہ چاہتے ہین کہ امن قایم رہے تاکہ اونکے مال و اسباب کی حفاظت ہو۔

اس سفارت سے ایک اور فائدہ یہ ہوگا کہ دنیا کی نظرون مین میری گورنمنٹ کی وقعت اور شہرت بڑہیگی۔ مشرقی شہنشاہ بہ نسبت کسی اور چیز کے اپنی عزت اور توقیر کی زیادہ قدر کرتے ہین۔

ہم جانتے ہین کہ دنیا ایک دن مین نہین خلق ہوئی۔ خدا نے

سارے عالم کو ایک ہفتہ مین خلق کیا تاکہ ہمارے لئے ایک
مثال ہو اور ہم بھی اپنے کامون مین استقلال اور صبر سے کام
لین۔ پہلے ہم نے یہ معقول انتظام کیا کہ گورنمنٹ ہند کی طرف سے
ایک ہندی مسلمان ایلچی ہمارے ملک مین آئے اور اوس کے
عوض مین ہمارا سفیر گورنمنٹ ہند کے یہان جائے لیکن اب یہ
امر نہایت ضرور ہے کہ ہمارا سفیر کورٹ آف سینٹ جیمس مین بھی
مقرر ہو۔ مین نے اس بارہ مین کئی کوششین کین چنانچہ ایک
کوشش ۱۸۹۵ء مین کیگئی۔ جب مین نے اپنے بیٹے نصر اللہ
خان کو اس غرض سے انگلستان بھیجا۔ اس کوشش کی ناکامیابی
سے مجھے بہت زیادہ ملال ہوا۔ خیر اب اس معاملہ مین زیادہ طول
دینا عبث ہے۔

مین اپنے بیٹون کو اور جانشینون کو یہہ نصیحت کرتا ہون
کہ وہ دولت برطانیہ کے اس انکار سے زیادہ ملول نہون اور

ایک عاشق کی یہ حکایت یاد رکھین جو ہر روز اپنے معشوق کے
ہاتھ سے ایک شیرین خربوزہ پاتا تھا۔ اوسکی معشوقہ بڑے
تکلف سے چھوٹی چھوٹی قاشین کاٹ کر ایک خوبصورت پلیٹ
مین رکھتی تھی اور جب وہ آتا تھا اوس کے سامنے پیش کرتی
تہی۔ ایکدن ایسا اتفاق ہوا کہ غلطی سے ایک تلخ خربوزہ اوسکے
ہاتھ لگا اوسنے خود اوسے چکھا نہ تھا حسب معمول اوس کی قاشین
کاٹ کر اپنے عاشق کے سامنے پیش کین۔ وہ اوسے کھانے
لگا۔ مگر کوئی کلمۂ شکایت زبان پر نہ لایا۔ جب صرف ایک قاش
پلیٹ مین باقی رہگئی اوسوقت حسب اتفاق اوسکا ایک دوست
وہان آگیا اور اوٹھا کر کھانے لگا۔ جب اوسے کڑوی معلوم ہوئی
تو اپنے دوست سے کہنے لگا۔ کہ تمنے اپنی معشوقہ سے اس
خربوزہ کی کڑواہٹ کی شکایت کیون نہ ظاہر کی۔ اوس نے
جواب دیا کہ "بھائی مہینون ہر روز میٹھے خربوزے کھائے۔ آج

ایک دن کے لئے کڑوے خربوزہ کی شکایت کرنا بڑی ناشکری
کی بات ہے اِس چیز سے اوسکی معشوقہ کے دل مین اور زیادہ
جگہ ہو ئی ملکہ معظمہ وکٹوریہ اور اونکے اہل خاندان اور گورنمنٹ
نے میرے اور میرے اہل خاندان اور میری گورنمنٹ کے ساتھہ بہت
کچھ احسانات کئے ہین - پس ہمکو بھی چاہیئے کہ ایک جواب تلخ
سے ناراض نہون - لندن مین افغانستان کی سفارت کا قائم نہونا
نہ صرف افغانستان کے لئے مضر ہے بلکہ انگلستان کے
لئے بہی خطرناک ہے اگر زیادہ نہین تو اوسی قدر جتنا کہ افغانستان
کے لئے خطرناک ہے -

افسوس ہے کہ انگلستان سرحد ہندوستان کی حفاظت کو
ایک کہیل سمجہتا ہے حالانکہ اگر دیکھا جائے تو ہندوستان کی
بدولت انگلستان ایک سلطنت عظیم الشان ہوگیا - سارا عالم
واقف ہے کہ صرف انہین بلکہ معظمہ کے عہد مین شہنشاہ کا

خطاب اختیار کیا گیا اور گورنمنٹ برطانیہ ایک امپیریل گورنمنٹ
کہلائی۔ جب ہندوستان پر قبضہ ہوا تب انگلستان کا درجہ ہالینڈ
اور دوسری چھوٹی سلطنتون سے بڑہا ہے اگر ہندوستان برطانیہ
اعظم کے ہاتھ سے نکل گیا تو یہ سمجھنا چاہیئے کہ شہنشاہی
گئی۔ اس صورت مین برطانیہ اعظم کو چاہیئے کہ ہر طرح پر ہندوستان
کی حفاظت کرے اور اوسے غیر سلطنتون کے حملون سے
بچائے۔ باوجود ان سب باتون کے اہل انگلستان ہندوستان
کے حالات سے اس قدر کم واقف ہین اور ہندوستان کے
معاملات مین اسقدر کم توجہ رکہتے ہین جس سے خواہ مخواہ یہ
خیال پیدا ہوتا ہے کہ اون لوگون کا یہ بیان قرین قیاس ہی
جو یہ کہتے ہین کہ انگلستان کو ہندوستان کی کچھ پروا نہین
وہ اس قابل نہین ہے کہ انگلستان اوس کے لئے اتنا دردسر
گوارا کرے اوسکا جو کچھ حشر ہونا ہو۔ ہو جائے انگلستان اوسے

اوس کی قسمت پر چھوڑ دے گا۔ مین چاہتا ہون کہ اہل برطانیہ کو
ہرگز ایسا خیال نہوا ور خدا نہ کرے ایسا ہو کیونکہ اگر اہل برطانیہ
نے ہندوستان کو چھوڑ دیا تو اونکے پاس تو اور ملک موجود
ہین مگر اون ریاستون کا کیا حشر ہو گا جنھون نے اور سلطنتون
سے قطع تعلق کر کے برطانیہ اعظم کی حمایت پر بھروسہ کیا
ہے۔ اگر اونکا ملک ہمسایون نے چھین لیا تو اونہین پاؤن
ٹھکانے کو کہین ٹھکانا نہ ملیگا لیکن اگر بدقسمتی سے انگلستان کا
یہی ارادہ ہے کہ ہندوستان کو یونہین چھوڑ دے اور اوسکی
حفاظت کے لئے نہ لڑے تو اسصورت مین بہتر ہو گا کہ بہت
جلد وہ اپنے دوستون کو اس ارادہ سے اگاہ کرے تاکہ وہ اپنی
حفاظت کا کوئی معقول بندوبست کرلین مین نہین سمجھتا کہ روس
کو افغانستان کے ساتھ کوئی عناد ہے۔ وہ اسے محض ہندوستان
کا سدراہ سمجھتا ہے اور فی الحقیقت اگر روس نے کبھی افغانستان

پر حملہ کیا تو وہ حملہ محض اسیوجہ سے ہوگا۔ خیر مین اس مسئلہ پر دوسری جگہ بحث کرونگا۔

جو مضامین افغانستان کے متعلق وقتاً فوقتاً اخبارون مین اور رسالون مین شائع ہوتے ہین یا وہ اسپیچین جو بعض ممبران پارلیمنٹ افغانستان کے متعلق دیا کرتے ہین۔ اون سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ لوگ میرے ملک سے محض لاعلم ہین اور میرے ملک کو جو ہندوستان سے تعلقات ہین اوس سے بھی واقفیت نہین رکھتے اور میری دوستی کی قدر بھی نہین جانتے مثلاً روس ہر قسم کی کوشش کر رہا ہے کہ بر مشرق مین انگلستان سے دوش بدوش ہو جائے اور اوسکی سرحد ہندوستان کی سرحد سے ملجائے ہین ممبران پارلیمنٹ کی اسپیچین پڑھ کر کبھی ہنستا ہون اور بعض وقت افسوس کرتا ہون۔ اون اسپیچون سے اون کی جہالت اور لاعلمی ظاہر ہوتی ہے مثلاً وہ کہتے ہین "ہمکو چاہیئے کہ افغانستان

کو اپنی راہ مین حائل نہ ہونے دین" ہمکو چاہیئے کہ اپنی ریل روس
کی ریل سے ملادین" ہمکو چاہیئے کہ اس غیر مہذب مقام کا نام
مٹادین" ہمکو چاہیئے کہ کوہ ہندوکش کی ایکطرف قندہار تک
اپنا عمل و دخل کرلین اور دوسری طرف روس کو دیدین" افسوس
ہے کہ روس کے یہ سچے دوست امن کے بانی برطانیہ اعظم کے
نادان دوست یہ نہین سمجھتے کہ وہ جو کچھ کہہ رہے ہین اوس سے
سراسر انگلستان کا نقصان اور روس کا فائدہ ہے۔ روس کی تو
یہی تمنا ہے جو وہ کہہ رہے ہین۔ یہ ایک بدیہی بات ہے کہ جب
دو قومین ایک دوسرے سے اچھی طرح واقف نہین ہوتین
اور آپس مین ربط ضبط نہین بڑہاتین تو غلط فہمیون کا واقع ہونا
ایک لازمی چیز ہے اور یہ غلط فہمیان دوستانہ تعلقات
اور مخلصانہ معاملات کے لئے سخت مضر ہین۔ تمدنی کارروائیون
سے کچھ کام نہین نکلتا جسحالت مین کہ بدگمانی پہلی ہو اس لئے

کہ جو لفظ منہ سے نکلتا ہے وہ شبہہ اور بدگمانی کی نظر سے
دیکھا جاتا ہے اور اوس مین غلط معنی پہنائے جاتے ہین پس
اہل افغانستان اور برطانیہ اعظم کا باہمی ربط ضبط کسطرح ممکن
ہے جب اراکین سلطنت بلکہ یون کہنا چاہیئے کہ گورنمنٹ ہند
ہمیشہ اس کوشش مین ہے کہ اونکو الگ الگ رکھے اور افغانی
سفارت نہ قایم ہونے دے ۔

ابھی اس بات کے لئے بہت عرصہ درکار ہے کہ افغانستان
اس قابل ہو کہ انگلستان کے سوا دوسری سلطنتون کے سفرا کو
کابل مین قیام کی اجازت دے یا اپنے یہان کے سفرا سوائے
لندن کے اور ملکون مین بھیجے ۔ جہان تک انگلستان سے
تعلق ہے یہ چیز اوسکے تعلقات اور ربط و ضبط افغانستان
کے ساتھہ بڑہانے مین اور زیادہ معین ہوگی ۔ اس سے
وہ اتحاد مضبوط ہوگا جو بالفعل قایم ہے اس سے ساری بدگمانیان

اور شکوک رفع ہو جائینگے۔ اس سے افغانون کو برطانیہ اعظم کی قوت
کا صحیح اندازہ معلوم ہوگا۔ اور اوس کی تعلیمی ترقی اور ایجادون سے
واقف ہونگے اس سے نوجوان افغانون کو جرارت ہوگی
کہ تحصیل علم کے لئے یورپ اور انگلستان جائین اون کی تعلیم
کے لئے گویا راہ کھلیگی۔ اس سے گورنمنٹ انگلستان کو مشرقی
معاملات اور مشرقی حکمت عملی کا صحیح علم ہوگا اور اون غلط بیانات
کی تردید ہو جائے گی جو غیر ملکیون مین ہماری قوم سے بدگمانی
کا باعث ہین اس سے دنیا کی نظرون مین بالخصوص دوسرے
اسلامی بادشاہون کی نظرون مین افغانستان کی وقعت بڑہیگی
اور وہ ایک خود مختار سلطنت مانا جائے گا۔ گو خود برطانیہ اعظم
درحقیقت اب بھی اوسے ایک خود مختار سلطنت تسلیم کرتی ہے
پھر کوئی وجہ نہین کہ عملاً اوسے ایسا کیون نہ تسلیم کرے جہان
تک بہ مجھے تجربہ ہے مین کہہ سکتا ہون کہ جب کبھی مین نے بڑی

دشواری سے اپنے خطوط اراکین سلطنت انگلستان تک
پہونچائے تو ہمیشہ مجھے نہایت نرم مگر مستحکم الفاظ مین یہ جواب
ملا کہ اپنا معاملہ گورنمنٹ ہند سے رجوع کرون - کیا خوب بات ہے
کہ جو شخص کسی جج کے خلاف شکایت پیش کرے اوس سے یہہ
کہا جائے کہ اوسی جج کے سامنے اپنا معاملہ لیجاؤ -

گو انگریز مصنفین اور مدبرین سب ایک زبان ہین کہ افغانستان
کے ساتھہ جنگ کرنا غلطی ہے - مگر جب اونکے والیسرائے کی
وجہ سے جنگ چھڑ جائے تب اوسکا تدارک لاحاصل ہے - اسلئے
کہ لنڈھکے ہوئے دودھ کو بچانا بے فائدہ ہے - سعدی کہتے ہین -

انچہ دانا کند کند ناداں
لیک بعد از خرابئ بسیار

زہر کہاکر تریاق کے لئے طبیب کے پاس جانے سے بہتر
یہ ہے کہ زہر ہی نہ کھائے - جو تغیرات انگلستان کی حکمت عملی مین

افغانستان کی نسبت واقع ہوئے ہین اون سے صاف ظاہر
ہوتا ہے کہ اہل انگلستان کبھی اس بات کو نہ سمجھے کہ افغانستان
کے ساتھہ کیسے تعلقات رکھنا چاہیئے مین بالتفصیل تو سارے
معاملات نہین بیان کرسکتا مگر چند ضروری تغیرات کا ذکر کرتا ہون۔
پہلا تغیر میرے دادا دوست محمد خان کے زمانہ مین واقع ہوا
جب اونہون نے افغانستان کے شاہی خاندان کے خانگی
جھگڑون مین دخل دیا اور ایک شخص کو تخت پر بٹھایا دوسرے کو
تخت سے اوتارا اوسوقت انگریزون نے یہ کوشش کی کہ میرے
دادا دوست محمد خان کو تخت سے اوتار کر قید کرلین حالانکہ دوست
محمد خان سے اونکو کوئی ضرر نہ پہونچا تہا تو اس فعل کے وہ کسی طرح
مجاز نہ تہے۔ علاوہ برین یہ اصول راست بازی و انصاف سے بعید
تہا کہ افغانون کے خلاف مرضی محض انگریزی سنگینون کے زور
سے شاہ شجاع کو تخت پر بٹہایا۔ اس اصول کا انجام یہ ہوا کہ انگریزی

فوج کابل مین مبتلائے بلا ہوئی - اس کارروائی سے اُنہون نے
یہ سبق حاصل کیا کہ تخت کابل کے دعویدارون کے خانگی جھگڑون
مین کبھی دخل نہ دینا چاہیئے -

دوسرا تغیر یہ ہوا کہ انگریزون نے متواضع اور غیر عامل اصول
اختیار کئے یعنی افغانستان کو یونہین چھوڑ دیا - اس اصول کو انگریز
لوگ ایک قوی اصول کہتے ہین مگر میری رائے مین ایک کمزوری
اور بزدلے پن کا اصول تہا - امیر شیر علیخان کو روس کے اختیار
مین دیدیا جسکا نتیجہ یہ ہوا کہ دوسری جنگ افغان کی نوبت آئی -
یہ عجیب بات ہے کہ انگلستان نے روس سے یہ نہ پوچھا کہ خلاف
معاہدہ اوس نے شیر علی کو کیون پناہ دی اور افغانستان
کے معاملات مین کیون مخل ہوا بلکہ شیر علی کو اور اولٹی سزا دی
حالانکہ اوسنے حسب الحکم لارڈ لیٹن جنرل کاف مین کے ساتھہ
مراسلت کی تہی - مین یہ نہین کہتا کہ امیر شیر علی عہد شکنی کے الزام

سے بری تھا مگر یہ ضرور کہونگا کہ گورنمنٹ ہند کی کمزور اور متزلزل اصول کی بدولت یہ بات ظہور مین آئی یا دوسرے الفاظ مین یون کہنا چاہیئے کہ گورنمنٹ ہند نے افغانستان کو اوس کی قسمت پر چھوڑ دیا۔

تیسرا تغیر یہ واقع ہوا کہ لارڈ لیٹن نے افغانستان کو چھوٹے چھوٹے ٹکڑون مین منقسم کرنے کی کوشش کی اور چاہا کہ قندہار اور بعض دوسرے صوبے برطانیہ اعظم کے قبضہ مین آجائین۔ اور ملک کے دوسرے حصے اور حکمرانون مین تقسیم ہو جائین مگر یہ تجویز ناپسند ہوئی لیکن یہ پیشرو اصول جسے فارورڈ پالیسی کہتے ہین۔ لارڈ لیٹن کے منصوبہ کا نتیجہ ہے۔

اوسکے بعد جو چوتھا اصول اختیار کیا گیا وہ یہ ہے کہ افغانستان کو سلطنت ہند کی حفاظت کیلئے ایک مضبوط سد راہ اور خود مختار سلطنت بنائے رکھین اس لئے کہ وہ روس اور ہندوستان

کے درمیان حائل ہے - مین خوش ہون کہ گورنمنٹ انگلستان اور گورنمنٹ ہند دونون بالفعل اسی اصول کے پابند ہین اور یہہ ایک دانشمندانہ اصول ہے مگر افسوس ہے کہ جیسی چاہیئے ویسی اسکی پوری طور سے پابندی نہین کیجاتی -

لنڈن مین میری سفارت قایم ہونے کے خلاف جو وجوہ بیان کئے جاتے ہین وہ اتنے ہین جتنے کہ اینگلو انڈین کے منہ مین زبانین بلکہ کچھ اور زاید اس لئے کہ انگلستان مین بھی چند لوگ فارورڈ پالسی (اصول پیشروی) کے موئد ہین مین اون مین سے چند وجوہ کا ذکر کرتا ہون -

اوّلاً مجھسے یہ کہا جاتا ہے کہ مین لنڈن مین اپنا وکیل نہین رکھہ سکتا اسلئے کہ پھر روسی سفیر کابل مین رکھنا ہوگا - مجھے اس کی کوئی وجہ نہین معلوم ہوتی اسلئے کہ میرا سفیر گورنمنٹ ہند کے وہان اور گورنمنٹ ہند کا سفیر میرے یہان موجود ہے اور کوئی روسی

سفیر کابل مین نہین۔ اس کے علاوہ برطانیہ اعظم کے ساتھہ جو
مین نے معاہدہ کیا ہے اوس مین صاف یہ شرط موجود ہے
کہ بجز انگلستان کے مین کسی غیر سلطنت کے ساتھہ کچھ تعلقات
نہ رکھونگا پس نہ روس اور نہ کسی اور سلطنت کو کوئی حق ہے کہ مجھے
اپنی سفارت کے لئے مجبور کرے۔ اور محض اس بنا پر کہ مین نے
اپنا ایک سفیر لنڈن مین رکھا ہے۔ مین نے کسی غیر سلطنت کے
ساتھہ نہ کوئی معاہدہ کیا ہے اور نہ اس قسم کا کوئی وعدہ کیا ہے
کہ اگر مین اپنا سفیر لنڈن مین رکھون گا تو وہ مخل ہونگے۔ اگر مین
بخوشی و رضامندی محض برطانیہ اعظم کے ساتھہ تعلقات رکھنا چاہون
تو روس یا کسی اور سلطنت کو میرے فعل سے کچھ سروکار نہین
المختصر مین اس مین جیسا چاہون کرون کوئی سلطنت دخل دہی
کی مجاز نہین۔

مجھسے یہ بھی کہا جاتا ہے کہ مین لنڈن مین اپنی سفارت نہین

رکھہ سکتا جب تک کہ کابل مین ملکہ معظمہ کا سفیر بھی نرہے اور ضرور ہے کہ وہ سفیر انگریز ہو۔ مین ملکہ معظمہ کے سفیر کی اس تعریف کو نہ سمجھا کوئی وجہ نہین کہ یہ عذر کیون پیش کیا جاتا ہے۔ ایک مسلمان سفیر تو کابل مین موجود ہے جس کے نام سرکاری طور پہ برٹش ایجنٹ مقیم کابل کے لقب سے مراسلت ہوتی ہے۔ کوئی یہ نہین لکھتا کہ ایجنٹ وایسرائے مقیم کابل۔ جس سے ثابت ہوتا ہے کہ یہ عذر صرف ایک بہانہ ہے مین کہہ سکتا ہون کہ وہ وقت بھی آئیگا جب ایک انگریز برٹش ایجنٹ کابل مین رہے گا۔ مگر فی الحال یہ چیز دشوار ہے اسکی وجہ یہ ہے کہ اینگلو[۵۱] انڈین اس بات کے عادی ہوگئے ہین کہ ہندوستانی رئیسون اور والیان ریاست کو بازیچۂ طفلان سمجھین جیسا کہ ہندوستان کے دیسی ریاستون مین رزیڈنٹ سمجھتے ہین۔ میری رائے مین یہ رزیڈنٹ

۵۱ انگریزی عہدہ دار مقیم ہندوستان

ہی حقیقی حکمران ہوتے ہین اور والیان ریاست ان رزیڈنتون
کے دست نگر۔ یہ رزیڈنٹ اپنے تئین والیان ریاست
سمجھتے ہین اور اسطرح کا سلوک کرتے ہین کہ مغرور افغان کبھی اوسکی
برداشت نہین کرسکتے۔ پس بمصلحت مناسب یہی ہے کہ کابل
مین برٹش ایجنٹ مسلمان رہے اور یہ عذر جو پیش کیا جاتا ہے
کہ ملکہ معظمہ کا سفیر انگریز ہو اوسکا رد اس دلیل سے ہوسکتا ہے
کہ کل برٹش ایجنٹ انگریز نہین ہین اور نہ برٹش عہدہ دار و مدبر
ہمیشہ انگریز ہی ہوا کرتے ہین۔ اس بات سے دوسرے وفادار رعایا
ملکہ معظمہ جو انگریز نہین ہین یہ خیال کرینگے کہ وہ قابل اعتبار
نہین حالانکہ وہ بیچارے ایسے وفادار ہین جیسے کہ انگریز بلکہ
اون سے زیادہ مجھے بالذات انگریز رزیڈنٹ قبول کرنے
مین کوئی عذر نہین بشرطیکہ انگلش گورنمنٹ اوس کی حفاظت
اور خوش اطواری کی ذمہ دار ہو۔ اہل انگلستان میرے اس

بیان سے یہان کی حالت بخوبی سمجھ سکین گے کہ میرے اکثر
تجارتی ایجنٹ جو میرے ملازم رہے اور گو اُنہین میرے ملکی
معاملات مین کبھی کچھ دخل نہ ہوا بلکہ میری اندرونی یا بیرونی حکمت
عملی سے بالکل ناواقف تھے مگر انگلستان مین جاکر اُنہون نے یہ
مشہور کیا کہ ہم امیر کابل کے خانگی دوست مشیر بلکہ اونکا دست
راست تھے بلکہ بعض اوقات مین نے یہان تک سنا کہ اہل
انگلستان کو اون لوگون نے یہ یقین دلایا کہ مین بالکل اونکے
اختیار مین تھا۔ اب خیال کرنا چاہیئے کہ جب معمولی دوکانداریون
بڑائی ہانکے تو ملکہ معظمہ کے پولیٹیکل ایجنٹ سے (اگر وہ بھی انگریز
ہوا) کیا توقع ہوسکتی ہے۔

ایک اور وجہ یہ بیان کیجاتی ہے کہ گورنمنٹ ہند سے مجھے
سالانہ اٹھارہ لاکھ روپیہ ملتے ہین اسوجہ سے مین لنڈن مین اپنا
سفیر نہین رکھہ سکتا۔ اب مین یہ کہنا چاہتا ہون کہ یہ رقم مین نے

ان شرایط پر نہین منظور کی بلکہ اور مختلف وجوہ سے مجھے دیجاتی ہے جسمین کوئی وجہ خواہ بہ لحاظ لندن یا بہ لحاظ ہندوستان اس معاملہ کے متعلق نہین ہے۔ اس رقم سے میری کوئی وقعت نہین گھٹتی ہے بلکہ میری دوستی کی قدر و قیمت بڑھتی ہے۔ اور انگلستان اپنا روپیہ بیکار نہین دیتا ہے۔ تاریخ مین ایسی مثالین بہت سی ملین گی۔ جہان ایک بادشاہ نے دوسرے بادشاہ سے امدادی رقم لی ہے اور اوسکے سفیر بھی برابر شاہ مدد دہندہ کے ملک مین رہے ہین۔ زمانہ قدیم مین خود برطانیہ اعظم نے اس قسم کی امدادی رقم بعض شاہان یورپ کو دی ہے اور اونکے سفیر بلا عذر اپنے یہان رہنے دیئے ہین۔

ایک اور دلیل یہ پیش کیجاتی ہے کہ اگر میرا سفیر لنڈن مین رہیگا تو گورنمنٹ برطانیہ کو میرے ساتھ ایک خود مختار بادشاہ کی طرح برتاؤ کرنا ہوگا۔ مین ایک خود مختار بادشاہ تو اب بھی ہون جس کا

اعلان بارہا کیا گیا ہے - مین بادشاہ سلطنت خداداد افغانستان
کے لقب سے خطاب کیا جاتا ہون - خود میری قوم نے
مجھے ضیاء الملتہ والدین کا خطاب دیا جسپر وایسرائے نے کمال
خوشنودی ظاہر کی -

بعض معترض یہ کہتے ہین کہ اگر لنڈن مین افغانی سفارت
قایم ہوئی اور گورنمنٹ انگلستان سے بلا واسطہ مراسلت کیگئی
تو میری گورنمنٹ اور فارن آفس شملہ کے درمیان پیچیدگیان واقع
ہونگی - مین خود ایسا نہین سمجھتا - میرا ایجنٹ جو وایسرائے ہند
کے پاس رہتا ہے بدستور رہیگا - اور اگر کسی معاملہ مین میری
گورنمنٹ کے اور وایسرائے کے درمیان کوئی نقیض پیدا ہوگی
تو وہ اور میرا سفیر جو لنڈن مین ہوگا دونون مل کر اوس معاملہ کو
سکرٹری آف اسٹیٹ کے سامنے پیش کرسکینگے جس سے
وزرائے کیبنٹ اوس معاملہ کے دونون پہلوؤن کو سنکر واجبی

فیصلہ کر سکینگے اور اس غلط اصول کی پوری نگرانی رہیگی جسکی
وجہ سے ہر معاملہ کا صرف ایک پہلو اُنہین معلوم ہوتا ہے بالفعل
افغانستان کو اصلی واقعات بیان کرنیکا کوئی موقع نہین ہے۔
مین اپنے لوگون کو اس بات کی ترغیب دینے مین بہت کوشش
کرتا ہون کہ وہ اپنے قدیم مخالفانہ خیالات انگریزون کی طرف
سے دور کردین۔ آپس مین سچے دوست اور مخلص بن جائین ایسی
حالت مین اگر اُن مین سے کوئی اون کا ہموطن سفیر مقرر ہو اور
لنڈن مین رہے تو آپس کے ربط ضبط سے دونون قومون
کے دلون مین دوستانہ خیالات بڑہین گے اور اہل برطانیہ
کو بہ نسبت آج کل کے افغانون سے اور زیادہ واقفیت ہوگی اس
حالت مین تو اُنہین کچھ نہین معلوم ہوسکتا۔ بعض انگریز مدبرین
اور جنرلون کی رائے سے مین اتفاق نہین کرتا جو اپنے مضامین
مین یہ لکھتے ہین کہ جسقدر کم وہ افغانون سے ملین اوتنا زیادہ

اُنہین پسند کرینگے۔ میری رائے مین انگریزون اور افغانون
مین جسقدر زیادہ ربط وضبط بڑہے بہتر ہوگا۔ اسلیئے کہ وہ نخل اتحاد
جو مین نے لگایا ہے خوب سرسبز اور شاداب ہوسکیگا۔ لیکن
اگران انشا پردازون کی مراد اس سے یہ ہے کہ افغانونکے
ملک مین حملہ کرنے یا اونکی اندرونی حکمت عملی مین دخل دینے
کی غرض سے جسقدر کم وہ افغانون سے ملین تو بہتر ہے تو
بیشک اونکا کہنا بجا ہے۔ مگر مین نہین خیال کرتا کہ افغان بغیر ستائے
کسیکو کاٹ کہائینگے۔ بہرحال میری یہ نصیحت ہے کہ قوم برطانیہ
کے ساتھہ دوستانہ تعلقات اور وسیع کیئے جائین اور میرے
بیٹے نکو اور جانشینون کو چاہیئے کہ اسپر عمل کرین۔ اگر گورنمنٹ برطانیہ
میرے بیٹون کی اور جانشینون کی ارادت واتحاد کو دوستانہ نظر
سے نہ دیکھے تو اونکو چاہیئے کہ اسکی شکایت نہ کرین ورنہ جو کچھ
اتحاد اب قایم ہے وہ بھی نہ رہے گا۔

اس موقع پر مجھے ایک نقل یاد آئی - ایک شخص نے خواب
مین دیکھا کہ خداوند عالم نے اوسے کچھ پیسے عطا کرنا چاہے -
اوس شخص نے انکار کیا اور کہا کہ مین جواہرات لونگا تب خدا نے
اوسے روپے عطا کرنے چاہے مگر وہ شخص اسی بات پر اڑا رہا
کہ جواہرات لونگا تب خدا نے چند اشرفیان دینا چاہین مگر
اوس نے اور زیادہ مانگین دفعتاً اوس کی آنکھ کہلگئی - دیکھا کہ خالی
ہاتھ پڑا ہے - تب اوس نے پھر آنکھین بند کرلین اور ہاتھ پھیلا کر
یہ کہنے لگا کہ دے جو کچھ تو دینا چاہے دیدے مین بہت شکر
گذاری کے ساتھ اوسے لونگا مگر پھر کیا ملتا وقت تو گذر گیا تھا -

باب ہشتم

انگلستان ۔ روس ۔ افغانستان

میری راے مین اس کتاب کا یہ آخری حصّہ نہایت پیچیدہ اور مشکل ہے اور اس کا لکھنا آسان نہین مگر اس مین جو کچھ مین کہونگا وہ میری ساری عمر کے تجربہ کا لُب لباب ہوگا میری عمر صدہا مصیبتون تشویشون ۔ مہمون ۔ سفرون اور انواع اقسام کی ذمہ داریون مین گذری ہے بچپن سے ۱۸۸۰ء تک تقریبًا چالیس سال کا زمانہ روس مین یا روس کی سرحدونپر یا روس و چین اور روس و ایران کی سرحدون پر سفر کرنے مین گذرا ہے ۱۸۸۰ء سے اسوقت تک مین نے سارا زمانہ ان دو زبردست ہمسایون کی

یعنی انگلستان اور روس کی حکمتون اور چالون پر غور کرنے مین
بسر کیا ہے۔ جن ذریعون سے مجھے اونکے حالات معلوم ہوئے
اور اب بھی معلوم ہوتے ہین اونکا افشا کرنا خلاف مصلحت ہوگا
انہین ذرایع کی بدولت جو تجربہ مجھے حاصل ہوا ہے اوس کے
لحاظ سے مین اس مسئلہ پر بحث کرسکتا ہون۔ مین محض واقعات بیان
کرونگا مگر اونکے اسباب یا اس قسم کی تفصیل نہ لکھون گا جس سے
میری گورنمنٹ کے راز افشا ہوجائین۔ مین مختلف ممالک کے اہل قلم
وسیاح اور مدبرون کی راے یا تحریرون کا مطلق خیال نہین کرتا۔
میرا یہ منشا نہین ہے کہ اون کی راے کو رد کرون یا اپنی تحریر کا اون
سے جواب چاہون۔ مین جو کچھ اپنے بیٹون جانشینون اور اپنی
قوم کے لئے مناسب سمجھتا ہون وہ لکھون گا اور اونہین اوسکی
پیروی کرنا چاہیے۔ البتہ میری راے بالکل صاف اور منصفانہ
ہوگی اور مین اس بات کی کوشش کرون گا کہ روسیون کا نہ مخالف

ثابت ہون اور نہ طرفدار۔ اسی طرح انگریزون کا نہ طرفدار معلوم ہون اور نہ مخالف۔

ایشیا کی اسلامی سلطنتون کے متعلق برطانیہ اعظم اور روسکی پالسی

(حکمت عملی)

ایشیا مین روس کی یہ فکر ہے کہ جسطرح ہو سکے حق یا ناحق دوستانہ یا مخالفانہ صلح سے یا بذریعہ جنگ اسلامی سلطنتین اس برّاعظم سے نیست و نابود کر دیجائین۔ وہ بہت خوش ہوگا اگر ٹرکی اور ایران اور افغانستان کی حکومت معدوم ہو جائے اور روس کے دست نگ ہو کے رہین اور اونکا وجود و عدم یکسان ہو اور جب تک

روس کو اونکی ضرورت ہو قایم رکھے اوسکے بعد جب چاہے
مٹا دے۔ یہ روس کی خواہش ہے کہ رفتہ رفتہ ایران اور ٹرکی
اور افغانستان کو ہضم کر جائے۔ اگر اس تدبیر مین ناکامیاب ہوا تو
وہ یہ کوشش کریگا کہ انگلستان اور اسلامی سلطنتون مین دوستی
نہ رہے اور اونکو اپنی طرف کھینچیگا تاکہ انگلستان سے لڑین۔ اسصورت
مین بھی اسلامی سلطنتین روس کا شکار ہو جائینگی روس کا خیال ہے کہ اگر یہ پانسہ بھی اوسکا الٹا
پڑا تو تیسری تدبیر یہ اختیار کیجائے گی کہ انگلستان اور اسلامی سلطنتون
مین اس طرح نا اتفاقی ڈالدیجائے کہ روس کو انگلستان کے ساتھ
سازوباز کرنیکا موقع ملے اور برطانیہ اعظم کی مدد سے سنٹرل ایشیا
کے مسلمانون کا قلع قمع کر کے اسلامی سلطنتین آپس مین تقسیم
کرلیجائین۔ آخری چال یہ ہے اور کچھ کم قابل غور و لحاظ نہین کہ روس
کے دل مین یہ بات ٹھنی ہوئی ہے کہ ایشیا کی اسلامی سلطنتون
اور اسلامی گروہون مین ہمیشہ نفاق پڑا رہے اور انگلستان سے

بالکل جدا رہین - روس خوب جانتا ہے کہ اگر کسی وقت برطانیہ اعظم
یا کسی اسلامی سلطنت سے جنگ ہوئی تو اوس کی کل مسلمان رعایا
مین بلوہ عام ہو جائے گا اور یہ چیز اوس کے لیے بہت ہی خطرناک
ہے کیونکہ اگر ایسا ہوا تو اوسکی وسیع سلطنت ٹکڑے ٹکڑے
ہو کر چھوٹی چھوٹی ریاستون مین تقسیم ہو جائے گی جو عموماً کل
ایسی سلطنتون کا انجام ہوتا ہے جو ظلم و جبر کی بنا پر قائم ہون اگر
کسیکو میرے اس بیان کی راستی کا ثبوت درکار ہو کہ آیا روس کی یہ نیت
ہے یا نہین کہ اسلامی سلطنتون کو تباہ کرے یا اون مین نفاق
ڈلوائے یا کم از کم اونہین کمزور کر دے تو ایشیا کے پولیٹیکل
معاملات اور تاریخ کے گذشتہ واقعات حوالہ کے لیے کافی ہین
مجھے روس کے اثنا ر قیام مین جنرل کافمان گورنر جنرل
ترکستان اور دوسرے روسی مدبرین سے پولیٹیکل معاملات مین
گفتگو کرنے کا بارہا اتفاق ہوا - اوسوقت مجھے روسیون کے

اس اصول کا جو اونہون نے اسلامی سلطنتون کو تباہ کرنے کے متعلق اختیار کیا ہے پورا یقین ہوگیا۔ روسیون کو اوسوقت یہ وہم و گمان بہی نہ تہا کہ مین افغانستان کا بادشاہ ہونگا اور اون کے اس اصول کی سخت مخالفت کرونگا۔ تمثیلاً مین ایک واقعہ بیان کرتا ہون جس سے روس کی دغا بازی اور متذکرۂ بالا اصول کا اندازہ ہوسکیگا ۱۸۷۵ء مین جب مجہے جنرل کافمان سے ملنے اور اونکی خانگی و سرکاری معاملات سے واقف ہونیکا موقع حاصل تہا انہون نے اپنی گورنمنٹ کو بذریعہ کاونٹ شوویلاف سفیر روس مقیم لندن حسب ذیل تحریر لکہی۔

"ایشیا مین انگلستان اور روس کی ایک ہی غرض اور ایک ہی دشمن ہے۔ وہ غرض یہ ہے کہ تہذیب پہیلائی جائے اور مذہب عیسائی جو دونون ملکون کا مذہب ہے رائج کیا جاوے اور وہ دشمن اسلام ہے جس سے بڑہ کر ہندوستان مین برٹش

حکومت کے لئے خطرناک چیز نہین۔ دوسرے خطرے محض
خیالی ہین۔ ہندوستان مین انگریزی حکومت کے لئے اسلام
بہت خوفناک دشمن ثابت ہوگا اور موقع پاتے ہی ہندوستان
کے مسلمان رعایا عام بلوہ کردے گی۔ مناسب یہ ہے کہ انگلستان
اور روس مین مضبوط اتحاد قایم ہو تاکہ افغانستان اور دوسری
اسلامی سلطنتین جو وسط ایشیا مین واقع ہین روس و انگلستان
مین اسطرح تقسیم ہو جائین کہ سلطنت ہند اور دولت روس کی سرحدین
ایک دوسرے سے ملجائین۔ اس تدبیر سے انگلستان کو پھر
کوئی تشویش باقی نہ رہے گی۔ اس لیے کہ روس چو اوس کا دوست
صادق عیسائی ہوگا اوسے وقت پر مدد دینے کے لئے اسقدر
قریب ہو جائیگا۔ اگر ہندوستان مین غدر ہوا یا کوئی اور دقت
پیش آئی تو اوس کی کمک کریگا۔ اس بنا پر انگلستان کو چاہیئے کہ
روس کی دوستی پر اور اوسکے وعدون پر بالکل بھروسہ کرے۔"

اوس طرف تو لندن مین روسی سفیر برطانیہ اعظم کو اسبات
کا یقین دلا رہا تہا کہ روس کو انگلستان کے ساتھ صداقت اور عقیدت
ہے اور افغان کیطرف سے سخت نفرت اور ادہر خفیہ طور سے شیر علی
خان کے ساتھہ خط و کتابت جاری تہی اور نرم نرم الفاظ مین
اوسے یہ ترغیب دیجارہی تھی کہ انگلستان کا مخالف ہو کر روس سے
ملجائے - چنانچہ اس طرح سے روسیون نے انگلستان اور افغانستان
کے درمیان تخم مخاصمت بویا جسکی وجہ سے ایک جنگ عظیم
واقع ہوئی جسمین انگلستان اور افغانستان دونون کو مالی نقصان پہونچا
اور بہت سے آدمی ضایع ہوئے - روسیون کی اس چال پر مجھے
ایک نقل یاد آئی - ایک شخص چورون کا ایجنٹ تہا جو چورون سے
کمیشن لیتا تہا اور اون لوگون سے بھی جنکے گھرون مین چوری
ہونے والی ہو - چورون سے کہتا تھا کہ جاؤ اور شوق سے فلان
مکان مین جتنا جی چاہے چراؤ اسوقت وہان کوئی بیدار نہین ہے

چور اوسے اس دوستانہ مشورہ پر کمیشن دیتے تھے۔ اس کے
بعد فوراً وہ مالک مکان کے پاس جاتا تھا اور اوسے جگا کر یہ کہتا
تہا کہ ہوشیار ہو جاؤ چوری ہونیوالی ہے۔ اس طرح اوس سے
بہی کمیشن وصول کرتا تہا۔

امیر شیر علی خان ایسا بیوقوف تہا کہ اوسے روسیون کے
وعدون کا یقین آگیا۔ مگر جونہین انگلستان سے لڑائی چھڑی روسی
ایجنٹ صاحب کابل سے چلدئے اور امیر شیر علی تباہ ہوا وہ ایجنٹ
صاحب محض اس لئے تشریف لائے تھے کہ شیر علی خان اور
انگلستان مین جنگ کرادین انگلش گورنمنٹ نے بہی روس سے
کچھ اس خلاف عہد کا مواخذہ نکیا کہ اوس نے افغانستان کے
معاملات مین کیون دست اندازی کی اسکے بدلے کہ روس کی
اس چال کی (کہ افغانستان کمزور رہو) مخالفت کرتے انگریزون
نے اور اوس کی تائید کی یعنی ملک افغانستان سے قندہار کو رم

خیبر۔ اور بعض صوبہ لے لئے۔ اس سے بیشک ہندوستان
کی سرحد روسی مقبوضات ایشیا سے قریب تو ہو گئی مگر افغانستان
کمزور ہو گیا جو روس کا اصل منشا اور اوسکے دل کی خواہش تھی
اور جنرل کا فمان کی تحریر کا یہی منشا تھا۔

المختصر گورنمنٹ روس کی پالسی امیر بخارا و دیگر میران وسط ایشیا
اور ٹرکی ایران اور افغانستان کی نسبت ہمیشہ یہی رہی ہے کہ وہ
قوی نہ ہونے پائین جو اوسکی دائمی پیشقدمی مین مخل ہون۔
ایشیائی سلطنتون کی دقتون اور کمزوریون سے روس برابر
فائدہ اوٹھاتا ہے۔ بعض اسلامی ریاستون پر وہ بالکل قابض
ہو گیا ہے اور بعض پر کم کم مسلط ہے وہ دیکھہ نہین سکتا کہ کوئی
اسلامی بادشاہ فوجی تیاریان کرے۔ جنرل کا فمان کی تحریر مین
ایک بات بالکل صحیح تھی وہ یہ کہ اسلام روس کا جانی دشمن ہے اور
یہ بلا وجہ نہین۔

بخلاف اسکے انگلش پالسی عموماً اسلام اور کل اسلامی سلطنت
ہائے ایشیا کے ساتھہ دوستانہ ہے اور انگلستان کی دلی
خواہش ہے کہ یہ سلطنتین قائم رہین اور قوی وخود مختار رہون۔
مگر کبھی کبھی اس پالسی مین عارضی تغیرات ہوا کرتے ہین۔ انگلش
پالسی روس کی طرح مضبوط اور مستقل نہین ہے۔ جب کوئی مدبر
انگلستان مین با اختیار ہوتا ہے تو اوسی کی رائے پر سلطنت
چلتی ہے اور ہر امر مین وزرا اوسکی پیروی کرتے ہین۔ جب
وہ اپنی جگہ سے الگ ہو جاتا ہے اور دوسرا شخص برسرکار ہوتا ہی
تو اوسکے خیالات اور اوسکی رائے پر سلطنت کا دارومدار ہوتا ہے
گو اس کی رائے پہلے شخص کی رائے کی بالکل عکس کیون نہو
غرض برطانیہ اعظم کی کوئی پالسی مستقل یا دیرپا نہین کہی جاسکتی مگر
اسقدر تو یقین ہے کہ ایک عرصہ دراز سے برطانیہ اعظم کی عام
پالسی یہ ہے کہ اسلامی سلطنتین جو ہندوستان اور ایشیائی روس

کے درمیان مثل دیوار کے حائل ہین باقی رہین اور اونکی خودمختاری
بخوبی قایم رہے تاکہ روس کی راہ مین ایک آہنی دیوار بن جائین
بخلاف اسکے روس کی پالسی بالکل اسکے برعکس ہے نہ صرف
اسوجہہ سے کہ اوسکے ملک کے حدود ہندوستان کی سرحد سے
ملجائین بلکہ اوسے ہمیشہ اس بات کا اندیشہ ہے کہ اگر ٹرکی یا ایران
یا افغانستان یا ہندوستان کے ساتھہ جنگ ہوئی تو اوس کی
مسلمان رعایا مین عام غدر ہوجائیگا ۔

اس مین شک نہین کہ تمام دنیا کے مسلمان سلطنت برطانیہ
کی دوستی کو روس کی دوستی پر ترجیح دیتے ہین اس لیے کہ
وہ سمجھتے ہین کہ اون کی باہمی دوستی اور صلح برطانیہ اعظم کے دوستی
پر منحصر ہے یہی وجہ ہے کہ اگر بہ نسبت روس کے انہین انگلستان
سے شکایت بہی ہو تو وہ کبہی انگلستان کے خلاف ہوکر روس کا
ساتھہ نہ دینگے اور اگر بالفرض کبہی ایسا ہوا بہی تو سمجھنا چاہیئے کہ وہ

اس بات کے کرنے پر مجبور کئے گئے۔

وجوہ بالا پر لحاظ کرکے ایک امر برطانیہ اعظم وسلطنت ہند کے فائدہ کے لئے بہت ضروری ہے جس سے ٹرکی وایران وافغانستان کا بھی فائدہ ہے۔ یہ محض ایک رائے ہے اور اگر ان سلطنتون کے مدبر اسے منظور کرین تو سب کے لئے نہایت مفید ہوگا وہ رائے یہ ہے کہ ٹرکی وایران وافغانستان جو تین سلطنتین اخوت اسلامی اور ایک دین ملت رکھتی ہین آپس مین متحد ہو جائین اور اگر ممکن ہو تو اپنے اپنے دارالسلطنت ریل اور تار کے ذریعہ سے متصل کرلین اس سے یہ ہوگا کہ روسیون کا قدم ہندوستان کی طرف نہ بڑھنے پائیگا اونکی راہ مین ایک مستحکم دیوار حائل رہیگی اور اسلامی سلطنتین بھی محفوظ رہینگی۔ چونکہ اس اتحاد ثلاثہ کی بنا برطانیہ اعظم کے لئے مفید ہے اور زیادہ تر برطانیہ اعظم کی مرضی اور اعانت پر منحصر ہے تو انگلش گورنمنٹ کو چاہیئے کہ جسقدر جلد اسکی

بنا قایم ہو بہتر ہے۔ ٹرکی اور ایران تو دوستانہ تعلقات آپسمین
بڑہا ہی رہے ہین لیکن افغانستان مجبور ہے کہ ٹرکی یا ایران
کے ساتھہ مراسلت نہین کرسکتا اس لئے کہ اوس معاہدہ کی
رو سے جو برطانیہ اعظم کے ساتھہ ہوا ہے وہ بغیر اطلاع ومشورہ
برطانیہ اعظم کسی غیر سلطنت کے ساتھہ پولٹیکل مراسلت نہین کرسکتا
ورنہ افغانستان تو ایران و ٹرکی کے فوائد واغراض کو عین اپنے
فوائد واغراض سمجھتا ہے۔ اسمین شک نہین کہ سلطان المعظم۔
شاہ کجکلاہ۔ یا خود میری پالسی تو یہی ہے کہ اپنی خود مختاری
اور اپنے ملک کی سلامتی قائم رکھین۔ نہ روس کو دخیل ہونے
دین نہ انگلستان کو اپنے ملک کا کوئی حصہ لینے دین اور اپنے
ہمسایون مین اوسکا ساتھہ جو ہمارے سلامتی اور خود مختاری کی وقعت
کرے اور اوس سے لڑین جو ہماری قوت کو کمزور کرنا چاہے۔
چونکہ ہم جانتے ہین کہ انگلستان ہمارا کوئی ملک لینا نہین چاہتا بلکہ

حتی الوسع روس سے دور دور رہنا چاہتا ہے اسوجہ سے ہم
خواہ مخواہ برطانیہ اعظم کے دوست بنکر رہین گے اور جبتک
وہ ہمارے ملک کو تقویت دیگا اور کوئی دست اندازی نکریگا ہم اوسکی
دوست بنے رہینگے۔

مین دلیلاً یہ ثابت کرتا ہون کہ برطانیہ اعظم کا فائدہ اسی مین ہے
کہ مسلمان سلاطین ایشیا آپس مین ملے جلے رہین ۱۸۷۷ء
مین جب امیر شیر علیخان انگریزون کے مقابلہ مین جہاد کا
اعلان دے رہے تھے اور اپنی فوج ہندوستان کی سرحد
پر جمع کر رہے تھے اوسوقت سلطان ٹرکی کی طرف سے ایک
شخص بحیثیت سفیر امیر شیر علیخان سے ملنے آیا اور امیر کو منع کیا
کہ انگریزون کے خلاف اعلان جہاد نہ دیجئے چنانچہ امیر نے
سرحد ہندوستان پر فوجون کا جمع ہونا روک دیا۔ امیر کے ارادہ
مین یہ فوری تغیر گورنمنٹ ہند کو بھی محسوس ہوا جو انگریزون کی تائید

مین تھا اور جو دراصل سلطان کی خاطر سے وقوع مین آیا تھا۔
مگر افسوس ہے کہ چونکہ سلطان اور امیر مین پیشتر سے کچھ خط وکتابت
نہوئی تہی اس لئے روس کے ہواخواہون نے جو امیر کے
دربار مین موجود تہے امیر کو بدگمان کردیا اور اوس سے کہا کہ آپ
تو بالکل موم کی ناک ہین۔ بلکہ یہانتک جڑا کہ وہ مصنوعی سفیر
سلطان انگریزون کا بہیجا ہوا مخبر ہے اور اس لئے آیا ہے
کہ آپکو دہوکا دے۔ امیر بیوقوف تھا فقرہ مین آگیا یہہ نہ سوچا کہ
سلطان ترکی کو لکہکر اس کی تحقیقات کرلے کہ جو کچھ یہ لوگ کہتے
ہین، سچ ہے یا جھوٹ۔ غرضکہ سفیر کا آنا عبث ہوا۔ اگر ان دونون
اسلامی سلطنتون مین متصل راہ ورسم قایم ہوتی تو انگریز اور
افغانستان دونون کے لئے مفید ہوتا۔

المختصر جب تک انگلستان اور افغانستان ایک ہین اور اپنے
نفع ونقصان کو سمجہتے ہین۔ روس کبھی افغانستان یا ہندوستان

پر حملہ کرنے اور کامیاب ہونے کا خواب وخیال بھی نہ کریگا۔
اگر بالفرض روس نے حماقت سے افغانستان یا کسی اور اسلامی
سلطنت پر حملہ کیا اور برطانیہ اعظم وفاداری اور سچائی کے ساتھ
اوسکا حامی و مددگار رہا تو دیکھنا کہ روس کیسی آفتون مین پھنستا ہے
سامنے تو اسلامی سلطنت کا مقابلہ ہوگا۔ اور پیچھے سارے ملک
مین اسلامی رعایا غدر کردیگی۔ اور کیا عجب ہے کہ برٹش نیوی (بحری
فوج برطانیہ اعظم) اسینٹ پیٹرس برگ یا کسی اور مقام پر حملہ کرے
جسکا نتیجہ یہ ہوگا کہ یہ عظیم الشان سلطنت جو محبت سے نہین
بلکہ محض خوف کیوجہ سے تھمی ہوئی ہے ٹکڑے ٹکڑے ہوکر
بالکل ابتر ہوجائے گی۔

یہ دیکھکر بہت افسوس آتا ہے کہ دولت برطانیہ اعظم
اسکے عوض کہ مسلمان سلاطین کی کمک کرے اور انہین مضبوط
بنائے تاوہ بجائے خود روس کا مقابلہ کرسکین یا ایشیائی

ریاستون پر روس کی دست اندازی اور مزاحمت کو روکین
اپنے عہدنامون اور قولون اور وعدون کے خلاف اسطرح
عمل کرتی ہے کہ جب کبھی روس مشرقی ممالک کا کوئی حصّہ دبالیتا
ہے تاکہ ہندوستان کے سرحد سے اور قربت ہو جائے تو
انگریز بھی کوئی ٹکڑا لیکر روس کے فاصلہ کو کم کرتے ہین۔ اس
طرح روز بروز اسلامی سلطنتین اور ریاستین تقسیم ہوتی جاتی ہین۔
اور ہندوستان و روس کی سرحدین جو بیشتر ہزارہا میل دور واقع
تھین اب قریب قریب ایک دوسری سے ملی ہوئی ہین۔
اگر روس اور برطانیہ اعظم مین جنگ ہوئی تو ہر حالت مین مسلمان
سلاطین اور عام مسلمان انگلستان کا ساتھہ دینگے۔ اوّل تو اسلئے نہین
ملکہ معظمہ کی عملداری مین اپنے مذہبی رسوم ادا کرنے کی پوری
آزادی ہے دوسرے وہ یہ جانتے ہین کہ روس کے ظلم
وجور سے اوسی وقت تک نجات حاصل ہے جب تک کہ انگلستان

سی عظیم الشان سلطنت مشرق مین اوسکا مقابلہ کرنے کے لئے موجود ہے۔ وہ خوب سمجھتے ہین کہ اگر مشرق مین انگلستان کو زوال آیا تو کل اسلامی سلطنتین روس کے نوالہ ہون گی۔ جو لوگ یہ سمجھتے ہین کہ ایران بمقابلہ انگلستان زیادہ تر روس کے اختیار مین ہے وہ غلطی پر ہین۔ اونکو جاننا چاہیئے کہ ایران جو چپ چاپ روس کے ناز اوٹھاتا ہے وہ محض بحالت مجبوری ہے۔ اوسے ہر وقت روسی فوجون کا ڈر لگا ہوا ہے۔ اگر کبھی روس کو انگلستان کے مقابلہ مین مصیبت کا سامنا پیش آیا تو دیکھنا کہ پہلی سلطنت جو اپنے تئین ریچھ کے پنجہ سے رہا کریگی وہ ایران ہوگا۔

یہان تک روس و انگلستان کے اون تعلقات کا ذکر کرکے جو دونون سلطنتون کو ایشیا کے اسلامی سلطنتون اور مذہبی گروہون کے ساتھ ہین۔ مین اب چند ایسے امور کا ذکر کرتا ہون جو خاص افغانستان سے تعلق رکھتے ہین۔

ہندوستان پر روس کی حملہ آوری اور افغانستان کی نسبت روس کی پالسی

مین اس باب کے شروع مین بیان کرچکا ہون کہ وسط ایشیا کے اسلامی سلطنتون کی نسبت جن مین افغانستان بہی شامل ہے روس کی کیا پالسی ہے جو کچھہ مین لکھہ چکا ہون اوسکے علاوہ چند امور اور ایسے بیان کئے جائینگے جنکو خاصکر افغانستان سے تعلق ہے۔

اس زمانہ کے حالات پر نظر کرکے یہ کہا جاسکتا ہے۔ کہ ہندوستان پر روس کا حملہ کرنا دشوار بلکہ غیر ممکن بات ہے۔

اس سے یہ مطلب نہین کہ روس ہندوستان پر حملہ کرنے کی
نیت ہی نہین رکھتا بلکہ یہ سمجھنا چاہیئے کہ روس ہندوستان پر حملہ
کرنے کے لئے ہر وقت تلا ہوا ہے - اس مین ذرا بھی شک
نہین کہ وہ صرف موقعہ کا منتظر ہے - اسبارہ مین مدبر انگریزون
کی مختلف رائین ہین اور بہت سے ایسے ہین جنکا یہ خیال ہے
کہ روس ہندوستان مین انگلستان سے لڑنے کا ارادہ ہی نہین
رکھتا - جو لوگ یہ کہتے ہین کہ ہندوستان یا مشرقی سلطنت برطانیہ
پر روس حملہ کرنا ہی نہین چاہتا مین نے اونکی چار تقسیمین کی ہین -
اوّلاً وہ جو صاحب رائے نہین ہین - یہ لوگ کچھ ایسے
سادہ لوح ہین کہ متواتر روس کی عہد شکنیون اور وعدہ خلافیون کو
دیکھتے ہین اور پھر دیدہ و دانستہ اوسکے جھوٹے عہد و پیمان پر
اعتبار کرتے ہین - وہ روس کی اس پالسی کو نہین سمجھ سکتے کہ
سارے عہد و پیمان اسلئے کئے جاتے ہین کہ جب کوئی موقع

ہو توڑ دے جائین جب کوئی نیا ملک وہ لیتا ہے تو از سر نو تجدید عہد ہوتی ہے اور بعض انگریز عہدہ دار اونکو یقین کر لیتے ہین مین دیکھتا ہون کہ ان لوگون کا حافظہ بہت خراب ہے کہ روس کے اگلے وعدے یاد نہین رہتے ۔

ثانیاً ۔ وہ لوگ ہین جو بالذات یا بالواسطہ روسیون کی طرفداری کرنے کیلیے روسیون کی طرف سے معین ہین ۔

ثالثاً ۔ وہ لوگ جنہین برطانیہ اعظم کی عظمت کا بڑا گھمنڈ ہے اور یہ سمجھتے ہین کہ روس کی کیا مجال ہے جو ایسی بڑی سلطنت کے مقابلہ مین آئے ۔

رابعاً ۔ وہ لوگ جو اپنے تئین صلح جو یا صلح پسند کہتے ہین وہ دیکھتے ہین کہ روس وسط ایشیا کو ہضم کرتا ہوا ۔ شہر پر شہر لیتا ۔ ہندوستان کی سرحد کی طرف بڑھا چلا آرہا ہے ۔ اونکو معلوم ہے کہ ہندوستان پر حملہ کرنے کے لئے روسی چالین بارہا ظاہر و ثابت ہوگئین ہین

مگر پھر بھی انہین اس بات کا یقین ہے کہ اگر انگلستان روس کی دست اندازی مین دخل نہ دے اور اس خیال کو دل سے نکالڈالے کہ روس ہندوستان پر حملہ کرنیوالا ہے تو روس کبھی ہندوستان پر حملہ نہ کرے گا۔ کسی شاعر نے خوب کہا ہے۔

چو خصم دید بجنگش تو نیستی تیار
پی شکست تو خود حملہ آورد یکبار

ان آخر الذکر حضرات کے حسب حال مجھے ایک کبوتر کی نقل یاد آئی جس نے بلی کو اپنی طرف آتے ہوئے دیکھکر آنکھین بند کرلی تھین اور یہ خیال کیا تھا کہ اگر وہ بلی کو نہ دیکھے گا تو بلی بھی اوسے نہ دیکھیگی مگر بلی نے اوسے دیکھہ لیا اور پکڑکر چٹ کرگئی۔

اسبارہ مین جو کچھ مین ابتک بیان کرچکا ہون اوسکے علاوہ ناظرین کی معلومات کے لیئے مین یہ کہنا چاہتا ہون کہ مین بارہ برس تک روس مین رہا اور اس مدت قیام مین مجھے بخوبی معلوم

ہو گیا کہ بلاشک روس ہندوستان پر حملہ کرنے کی فکر مین ہے
اب رہا کل وجوہ بالتفصیل بیان کرنا کہ کیا چیز روس کو ہندوستان
پر حملہ کرنے کے لئے ترغیب دیتی ہے اوسکے واسطے ایک
علیحدہ کتاب چاہیئے پس اسقدر کہنا یہان کافی ہو کہ روس بالطبع
ایک ملک گیر زود رفتار اولوالعزم قوم ہے اور یہ خوب جانتی ہے
کہ ایشیا کی سلطنتون مین کسی مین اتنا دم نہین کہ تنہا اوسکا مقابلہ
کرسکے البتہ برطانیہ اعظم ہندوستان مین ہے اور یہی اوسکا ند
مقابل ہے۔ پس ضرور ہے کہ روس برطانیہ اعظم کو ایشیا مین اپنا
رقیب اور خطرناک دشمن سمجھے۔ ہر شخص جانتا ہے کہ اگر برطانیہ اعظم
حائل نہ ہوتا تو روس ایران و افغانستان و چین و ٹرکی کی مطلق
پروا نکرتا اور نہ اون کی خودمختاری کو اتنے عرصہ تک وقعت کی
نگاہ سے دیکھتا۔ سوا برطانیہ اعظم کے اور کسی یورپین سلطنت کے
مقبوضات مشرق مین ایسے نہین جو قابل بیان ہون پس وہ سب کے

سب الگ رہتے اور روس کو اپنی راہ جانے دیتے اگر انہین
بھی اس لوٹ مین کچھ حصّہ ملجاتا تو اوسے غنیمت سمجھتے اور مطمئن
رہتے۔ بمقابلہ روس کے مشرقی سلطنت مین انگلستان کی رعایا
کی تعداد بہت زیادہ ہے پس یہ انگلستان کا فرض ہے کہ روس
کی دست درازیون پر مزاحمت کرے جو وہ ایشیا کے کمزور سلطنتون
کے ساتھہ کرتا ہے اور اوسے ہندوستان کی سرحد سے دور
رکھے۔ روس کو جو برطانیہ اعظم کی سی عظیم الشان سلطنت سے
نفرت ہے وہ بالکل ایک طبعی چیز ہے۔ جنگ کریمیا مین برطانیہ
اعظم کے ہاتھون جو اوسے نقصان پہونچا ہے وہ اتنا جلد بھول
نہین سکتا اسکے علاوہ اور بہت سے پھپولے ہین جو ابھی پھوٹنے
باقی ہین۔

روسی ہندوستان کو لوٹنے کے لئے ایک سونے کی
چڑیا سمجھتے ہین اور مین نے اکثر روسی سپاہیون کو اس بات پر فخر

خوشی سے ناچتے دیکھا ہے کہ کسی دن وہ بھی ہندوستان کی
لوٹ مین شریک ہونگے۔ وہ آرزو کرتے ہین کہ وہ دن آئے کہ
انگلستان اور روس مین ہندوستان کی سرحد پر لڑائی چھڑے۔
روسی اسقدر جاہل ہین کہ اونہین یقین ہے کہ ہندوستانی انگریزون
کو پسند نہین کرتے بلکہ روسیون کے طرفدار ہین اور جس زمین پر
روسی گذرے وہان آنکھین بچھانے کو تیار ہین۔ یہان تک
کہ بعض بڑے بڑے روسی مدبرون کو بھی یقین ہے کہ جسوقت
روس کوہ ہمالیہ اور ہندوکش کی چوٹیون پر سے ہندوستان
کی طرف نگاہ کریگا سارے ہندوستانی بہڑون کی طرح اُمڈین گے
اور انگریزون کو اپنی نیش زنی سے تباہ کردین گے اور روسیون
کے حامی ہونگے فی الحقیقت اون کی جہالت اس درجہ بڑھی ہوئی
ہے کہ اونکا یہ عام عقیدہ ہے کہ روس کو دیکھتے ہی انگریز لوگ دُم
بھاگ جائینگے اور اپنی حفاظت کے لئے ایک گولی بھی نہ چلائینگے

مجھے اندیشہ ہے کہ روسی کسیدن اپنی حماقت کی سزا پائینگے۔

روسی یہ ٹہلتے ہوئے ہین کہ خوب عہد و پیمان توڑتے جاؤ آگے بڑہتے جاؤ ملک لیتے جاؤ۔ انگریز اونکی دست درازیون پر بے اعتنائی ظاہر کرتے ہین یا خود بھی کوئی حصّہ لیکر مطمئن ہو جاتے ہین یہ چیز انگلستان کی کمزوری کا بیّن ثبوت ہے اور اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اوسے روس کا کسقدر ڈر ہے انگلستان کے اس فعل سے کہ روس برابر بڑہا آتا ہے اور وہ اوسے روکتا نہین روس کی وقعت مشرقی بادشاہون کے نظرون مین بہت بڑہگئی ہے اور انگلستان کی وقعت اور اعتبار گہٹ گیا ہے۔ روسیون کے اختیارین متصل ترقی ہونے سے روسیون کو یقین ہے کہ مشرقی سلطنتین بخوشی یا بمجبوری روس ہی کا ساتہہ دینگی پانچوین وجہ یہ ہے اور غالبًا یہ ایک معقول وجہ معلوم ہوتی ہے کہ روسیون کا خیال ہے کہ انگلستان سے بحری لڑائی لڑنا بہت مشکل ہے مگر بری لڑائی

مین انگلستان کے پاس اتنی زیادہ فوج نہین کہ اپنی سلطنت کے دوسرے مقامات کو غیر محفوظ چھوڑکر ہزار ہا میل تک سرحد کی حفاظت کے لئے جمع کرسکے کیونکہ جب روس کی سرحد از چین تاٹر کی انگلستان سے جا ملیگی تب سرحد کا طول اتنا ہی ہوگا اور روسیونکے خیال اور اونکی مستعدی جو ریل اور سڑکون کی تعمیر سے ظاہر ہے اوسکے لحاظ سے تو وہ دن بہت دور نہین معلوم ہوتا۔ یہ بیان کرنے کے بعد کہ روس کبھی نہ کبھی ہندوستان پر ضرور حملہ کرے گا وہ محض موقع کی تاک مین ہے اسباب مین ہمارے غور و لحاظ کے لئے کئی سوال پیدا ہوتے ہین۔

مین کوئی نبی نہین ہون اور ہمارا یہ مذہبی عقیدہ ہے کہ آیندہ کا حال خدا ہی جانتا ہے اور سارے پوشیدہ اسرار اوسی پر عیان ہین۔ کوئی شخص یقین کے ساتھ نہین کہہ سکتا کہ کل کیا ہوگا۔ مگر حالات پر نظر کرکے مین اپنی رائے ظاہر کرتا ہون۔

لفظ غیر ممکن پر میرا اعتقاد نہین اور فی الحقیقت دنیا مین کوئی چیز

غیر ممکن نہین اگر کسی چیز کا ہونا خدا کو منظور ہو تو ضرور ہوگی گو ہمین وہ
غیر ممکن معلوم ہو۔ خدا کے نزدیک کچھہ غیر ممکن نہین۔ اگر وہ کسی امر
کا ہونا نہ چاہے تو کوی دنیوی قوت اوسے وقوع مین نہین
لاسکتی۔ پس یہ بات امکان سے باہر نہین ہے کہ روس ہندوستان
پر حملہ کرے مگر وہ تنہا بغیر کسی دوسری سلطنت کے شرکت یا مدد کے
ایسا نہین کرسکتا اور کسی دوسری سلطنت کا اس حملہ مین روس
کا ساتھہ دینا بعید از قیاس ہے اگر ایسا ہوا تو کوئی اور سلطنت انگلستان
کی شریک ہوجائے گی۔ پس روس کے یہ منصوبے محض خواب
وخیال ہین جو کبھی پورے نہونگے۔ یہہ ممکن ہے کہ روس کا یہ
خواب وخیال کسی حد تک پورا ہوجائے جیسا کہ ایک ڈاکٹر کا
خواب تھا جس نے عالم رویا مین یہ دیکھا کہ ایک مریض کو اچھا
کیا ہے جسکے صلہ مین اوس سے یہ کہا گیا ہے کہ جسقدر اشرفیان
وہ اُٹھا سکے خزانہ سے لیلے اوس لالچی ڈاکٹر نے اتنی اشرفیان

اپنے اوپر لادین کہ اونکے وزن سے اوسکے شانے اوکھڑ گئے
اور جب درد معلوم ہوا تو آنکھ کھل گئی دیکھا کہ اشرفیان تو نہین ہین
مگر درد باقی ہے اسیطرح روس بھی ہندوستان پر حملہ کرنے کیلیے
اور اوسکے خزانے لوٹنے کے لیے بہت کچھ بیکار کا بوجھ اور
دقتین اپنے سر لیگا جیسا کہ ڈاکٹر نے خواب مین کیا مگر نتیجہ بجز
ناکامیابی اور کچھ نہ ہوگا اور اس مہم کا صدمہ باقی رہیگا۔

اب یہ دیکھنا چاہیئے کہ ہندوستان کے حملے مین کوئی اور
سلطنت روس کا ساتھہ دیگی یا نہین۔ اس مین شک نہین کہ بعض
یورپین سلطنتین دولت برطانیہ کی عظمت وشان کو بڑے رشک
وحسد کی نظر سے دیکھتی ہین اور اس حسد کی وجہ سے انہین انگلستان
کے ساتھہ ایک بغض للہ ہے مگر اسکے ساتھہ ہی مین نہین سمجھتا
کہ ان سلطنتون کو روس کے ساتھہ کوئی خاص عشق ہے اور اسمین
شک نہین کہ انگلستان کے مقابلہ مین اونکا روس کی طرف

ہونا اونکے لئے مضر ہے اس لئے کہ انگلستان روس کی طرح
ایسا دست دراز اور ظالم نہین - چند سال سے قوم فرنچ کا میلان
روس کی دوستی کی طرف بڑھ رہا ہے اور انگلستان کی طرف سے
نفرت روز بروز ترقی پر ہے اس بات سے مجھے خیال ہوتا ہے
کہ شاید فرانس ہندوستان اور واٹرلو کے گذشتہ واقعات یاد
کرکے روس کا شریک ہو جائے جسکو خود بھی انگلستان سے
کچھ پرانا عوض لینا ہے مگر ڈپلومیٹک واقعات کی رفتار پر نظر
کرکے کوئی بھی ہوشیار مبصر یہ کہہ سکے گا کہ اگر فرانس نے روس کا
ساتھ دیا تو جرمنی انگلستان کو مدد دیگا - اس مین شک نہین کہ
جرمنی اور انگلستان کی باہمی قوت روس اور فرانس سے بدرجہا
بڑھی ہوئی ہے اسلئے کہ انگلستان دنیا مین اول درجہ کی بحری
طاقت رکھتا ہے اور جرمنی کی بری فوج نہایت مکمل اور آراستہ ہے
مین سمجھتا ہون کہ آسٹریا - اٹلی اور امریکہ گو بظاہر نہ روس کے

دشمن ہین اور نہ انگلستان کے خاص دوست اس لیئے وہ نیوٹرل
خیال کیئے جاتے ہین مگر اونکا میلان زیادہ تر انگلستان کی
طرف ہے اور یہ چیز انگلستان کے لیئے مفید اور روس کے
حق مین مضر ہوگی۔ ان سب باتون کا خیال کرکے مین نہین سمجھتا
کہ کوئی یورپین سلطنت یا امریکہ ہندوستان کے حملہ مین روس کا
شریک ہو اور دوسری مدمقابل سلطنتین انگلستان کا ساتھہ نہ دین
اگر ایسا ہوا کہ بعض سلطنتین روس سے مل گئین اور بعض انگلستان
کی شریک ہوئین تو ایک ایسی جنگ عظیم واقع ہوگی کہ دنیا مین کبھی
نہین ہوئی اور یہ جنگ کسی خاص مقام پر محدود نہ رہیگی بلکہ سارے
عالم مین پھیلیگی۔ اسکے متعلق بعض مستند لوگون نے بھی پیشین
گوی کی ہے۔

خیر اب اس مسئلہ کو قطع نظر کرکے ہم ایشیا کی سلطنتون کی
نسبت رائے زنی کرتے ہین بجز جاپان کے ایشیا کی ہر سلطنت

صرف یہ چاہتی ہے کہ اپنا ملک محفوظ رہے۔ کسی کو ملک گیری کی
ہوس نہین۔ انمین کسی کی یہ نیت نہین کہ انگلستان کے مقابلہ مین
روس سے مل جائین یا روس کے مقابلہ مین انگلستان کا ساتھہ
دین۔ یہ لوگ روس اور انگلستان دونون کو کم و بیش ملک گیر
زبردست غاصب سلطنتین سمجھتے ہین۔ وہ فقط یہ چاہتے ہین کہ
اون سے الگ الگ رہین اور جہان تک ممکن ہو اپنا ملک
بچائین اور اپنا وقار قایم رکھین۔ انہین وجوہ سے ان مین کوئی
ایسا نہین کہ ہندوستان کے حملہ مین روس کے شریک ہون۔
بلکہ اونکا خیال ہے کہ اونکی حفاظت روس اور انگلستان دونون
کے قوی رہنے مین ہے اس لئے کہ جب دونون ہم پلہ رہینگی
تو ایک دوسرے کی دست درازیون پر مزاحمت کرینگی۔ غرض
ایشیا کے بادشاہون کا تحفظ ان دونون سلطنتون کی رقابت
پر منحصر ہے ورنہ وہ جانتے ہین کہ اگر یہ بات باقی نہ رہی تو اونکے

ملک دونون آپس مین تقسیم کرلین گے۔ لہذا یہی بہتر ہے کہ "ہر فرعون را موسائی" کا معاملہ قایم رہے۔ ایک شاعر کہتا ہے۔ کہ

شغال بیشۂ مازندران را	نگیرد جز سگ مازندرانی

سلطنت جاپان وسط ایشیا مین نہین واقع ہے۔ روس کی راہ مین حائل نہین۔ اوسے کچھ فرض نہین کہ ہندوستان کے حملے مین روس یا انگلستان کا ساتھ دے مگر افغانستان کی حالت دوسری ہے اسمین شک نہین کہ سلطنت جاپان برطانیہ کی بحری قوت سے خوش ہوتی ہوگی۔ اسلیے کہ اوسکا فایدہ اسی مین ہے۔ علاوہ برین اوسکی خواہش بھی یہ ہے کہ دونون ملکون مین دوستانہ تعلقات قائم رہین اور دونون کو ہمیشہ روس کی دست درازیون کا ڈر رہے۔ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ اگر روس نے ہندوستان پر حملہ کیا تو ایشیا مین کوئی سلطنت اوسکا ساتھ ندیگی لیکن افغانستان کی سلطنت جو روز بروز ترقی کر رہی ہے وہ البتہ

ایک ایسی سلطنت ہے کہ جسکی نسبت روس اور انگلستان دونونکو
اپنی اپنی چالون مین ہمیشہ لحاظ رکھنا چاہیئے ان دونون بڑی
سلطنتون کے لئے ایشیا مین کسی اور بڑی سلطنت کی نسبت افغانستان
کی دوستی یا دشمنی بہت قابل غور ہے اسلئے کہ افغانستان کے پاس
ایک جرار فوج ہے جسمین لکھو کہا اسلامی بہادر ہین جو فطرتی سپاہی
ہین اور جب تک ایک شخص بھی اون مین سے باقی رہیگا وہ اپنے
خدا اپنے نبی۔ اپنے گھر۔ اپنے خاندان۔ اپنی قوم اپنے بادشاہ
اپنی آزادی۔ اپنی خود مختاری کے لئے جان فدا کریگا۔ ملک
کی پولٹیکل اور جغرافیائی حیثیت سے افغانستان کا بادشاہ بھی
بہت قابل قدر ہے۔ اگر روس اور انگلستان مین جنگ ہوئی
اور اوسوقت تک افغانستان باقی رہا تو یاد رکھنا کہ وہی سلطنت
فتح یاب ہوگی جو افغانستان کو اپنا شریک کریگی۔ دراصل میرا تو یہہ
خیال ہے کہ جب تک افغانستان قائم ہے۔ اور برطانیہ اعظم

کے ساتھہ اتحاد باقی سے یہ امر غیر ممکن ہی کہ روس کبھی ہندوستان پر
حملہ کرنیکا قصد کرے یا ایشیا مین انگلستان سے لڑے۔ روس
اس باتکو خوب جانتا ہے کہ جب تک افغانستان قوی اور خود مختار
ہے ہندوستان پر حملہ کرنا غیر ممکن ہے اس لئے وہ چاہتا ہے
کہ افغانستان کو اپنی طرف ملالے یا کسی حکمت سے اوسکا وجود ہی
مٹادے۔ مدبرین روس کی ان چالون پر غور کرنا بہت ضرور ہے
جو اس کوشش مین ہین کہ افغانستان کو نیست و نابود کردین۔ شاہ
افغانستان و اراکین دولت برطانیہ کو لازم ہے کہ اس معاملہ مین
بہت ہوشیار رہین۔

یہان پر یہ بیان کرنا مناسب ہوگا کہ روس اون دقتون سے
واقف ہے جو افغانستان کے مقابلہ مین پیش آینگی۔ اور اون
دشواریون کو بہ نسبت اور لوگون کے بہتر جانتا ہے جو محض کسی
کتاب یا مضامین اخبار سے اپنی معلومات حاصل کرتے ہین۔ یہہ

کتابین یا مضامین ایسے لوگون کے لکھے ہوئے ہوتے ہین
جو بغرض سیاحت ہفتہ عشرہ کے لئے ملک مین آتے ہین اور
اور ہکر چلدیتے ہین۔ نہ انہین اہل ملک کی زبان آتی ہے اور
نہ اونکی حالت سے واقف ہوتے ہین۔ بڑی بڑی کتابین تصنیف
کرتے ہین جن مین ملک کے راز خفیہ تدابیر اور اہل ملک کے
خیالات درج کرتے ہین۔ عوام ان کتابون کو اور مضامین کو بڑی
سند سمجھتے ہین اور دراصل انہین زیادہ تر تحقیق چاہیئے اور جو کچھ
اون کتابون مین لکھا ہے اوسکا اعتبار نہ کرنا چاہیئے کیونکہ ایسی
کتابین اور مضامین پڑھنے سے بہ نسبت فائدہ کے نقصان ہوتا
ہے اسلئے کہ ملک کے حالات و انتظامات یا وہان کے بادشاہ
و اہل ملک کے خیالات بالکل غلط درج ہوتے ہین۔ ان مصنفین
کی جہالت پر مجھے اکثر ہنسی آتی ہے تمثیلاً مین ایک مثال لکھتا ہون
بہت سے مصنفین نے اس چالیس سال کے عرصہ مین

افغانستان کے حالات لکھے ہین جس مین یہان کی آبادی پچاس
ہزار اور فوج پینتیس ہزار دکھائی گئی ہے یہ تعداد اونکے بیانکے
مطابق نہ کبھی گھٹتی ہے نہ بڑہتی ہے بلکہ پچاس برس سے ایک
ہی طرح پر قائم ہے۔ مین اون کی اس لاعلمی پر الزام نہین رکھتا۔
اس لئے کہ انہین ملک کی حالت یا جو کچھ تغیرات ملک مین
ہوئے ہین اوسکے دریافت کرنے کا کوئی وسیلہ نہین۔ مگر مین البتہ
اسی بات کا الزام دونگا کہ غلط واقعات لکھکر لوگون کو مغالطے
مین ڈالتے ہین اور جو چیز معلوم نہین اوسکے جاننے کا ادعا کرتے
ہین۔ خیر یہی شکر ہے کہ وہ آبادی یا فوج کی تعداد کو گھٹاتے
نہین گو یہ امر بھی اون سے کچھ بعید نہ تھا۔

افغانستان ابھی ایسا قوی نہین ہے کہ تنہا کسیکا مقابلہ کرسکے
اوسے اپنی حفاظت کیلئے فرض ہے کہ اپنے دو زبردست
ہمسایون مین سے کسی ایک پر سہارا کرکے دوسرے کی دست

درازیون کا تدارک کرے - جو شخص بغرض عبور دریا دو
کشتیون مین پاؤن رکھیگا وہ ضرور پانی مین گر پڑیگا اور ڈوب
جائیگا اوسکو چاہیئے کہ دونون کشتیون مین سے جسے وہ زیادہ
محفوظ خیال کرے اوسپر کھڑا ہو جائے - لیکن تا وقتیکہ ضرورت
نہ پیش آئے کوئی وجہ نہین کہ وہ ایک کشتی پر سوار ہو اور دوسرے
پر گولی چلائے یہ کیونکر ممکن ہے کہ افغان کی سی چھوٹی سی
سلطنت جو دو شیرون کے بیچ مین مثل ایک گوسفند کے ہے
یا چکی کے دو بھاری پتھرون کے درمیان مثل ایک دانہ گندم کے
ہے اوسے اتنی جرارت ہو سکے پسکر سرمہ نہ ہو جائیگی - پس
یہ لازمی بات ہے کہ اوسکی دونون قوی ہمسایون مین کوئی نہ کوئی
اوسکی مدد کرتا رہے اور اوسے اپنے رقیب کے پنجہ سے بچائے
افغانستان بالکل آزاد اور خود مختار ہے اپنے دو ہمسایون مین
سے جسکو چاہے ترجیح دے اور دوستانہ تعلقات بڑھائے

تاکہ فریق ثانی خواہ مخواہ اوس پر حملہ نکرے - مین جانتا ہون کہ ریل
اور سڑک جو روس تعمیر کرکے میرے ملک کے قریب تک لایا ہی
اوس سے ہمکو بہت تشویش ہے اور ہم بہت ہوشیار رہتے ہین
مگر ایک لحاظ سے روس کی اتنی قربت افغانستان کے لئے
مفید بھی ہے اِسلئے کہ اگر انگلستان بلا وجہ اور بلا قصور افغانستان
کو لینا چاہے تو وہ جانتا ہے کہ روس اوسکے مقابلہ کے لئے
بہت قریب ہے - اس لئے اب افغانستان کی حالت وہ نہین رہی
جو شاہ شجاع اور امیر شیر علی کے وقت مین تہی جب روس اتنی
دور تہا کہ اوسے اپنی فوجین افغانستان کی سرحد پر لانا غیر ممکن
تہا - صحرا حایل تہے جہان نہ ریل تہی اور نہ پانی کا نشان تہا -
یہ بات بیان کرنیکے بعد کہ افغانستان بضرورت مجبور ہے
کہ اپنے ہمسایون مین سے کسی ایک کا شریک ہو جاے
اب مین یہ بیان کرتا ہون کہ بالفعل اوسکا فائدہ اسی مین ہے

کہ انگلستان کو ترجیح دے اور انگلستان کی دوستی و اعانت پر
بھروسہ کرے ۔

اولاً انگلستان کا یہ ارادہ نہین کہ ایران یا ترکستان پر حملہ کرے
جسکے لئے اوسے ایک ایسی سڑک بنانیکی ضرورت ہو جو افغانستان
مین سے ہوکر گذرے البتہ روس ہندوستان پر حملہ کرنا چاہتا
ہے اور اس لئے اوسے میرے ملک مین سے گذرنے کی
ضرورت ہے مگر اوسکی نیت محض یہی نہین کہ ملک بین سے گذر جائے
بلکہ یہ چاہتا ہے کہ حتی الوسع افغانستان بھی لیلے ۔

ثانیاً۔ انگلستان ایک بڑی بحری طاقت ہے ۔ وہ نہین چاہتا
کہ خواہ مخواہ روس سے بڑی لڑائی لڑے ۔ پس یہ امر تو خود انگلستان
کے لئے مفید ہے کہ افغانستان روس اور ہندوستان کے
درمیان مثل ایک قوی بفر اسٹیٹ کے حدِ فاصل بنا رہے
اس صورت مین اگر انگلستان یہ چاہتا ہے کہ افغانستان قوی اور

محفوظ رہے تو یہ ایک طبعی بات ہے۔ اس لئے کہ افغانستان
کی قوت اور حفاظت سے ہندوستان کی قوت اور حفاظت وابستہ
ہے۔ بخلاف اسکے روس یہ چاہتا ہے کہ انگلستان سے بڑی
لڑائی لڑے اس لئے اوسکی خواہش ہے کہ افغانستان روس سے
ملجائے اور ہندوستان کے حملہ مین اوس کی مدد کرے یا اوسکی
جو کچھ حیثیت ہے وہ بالکل مٹادی جائے۔

ثالثاً انگلستان کے پاس روپیہ ہے اور ہتیار ہین مگر سپاہیون
کی ضرورت ہے۔ افغانستان کے پاس سپاہی ہین مگر اوسے
روپیہ اور ہتیار کی ضرورت ہے تو انگلستان اور افغانستان دونون
کا باہمی فائدہ یہی ہے کہ دونون آپس مین ملے رہین تاکہ انگلستان
کے لئے افغانی سپاہی کام آئین اور افغانستان کے لئے انگلستان
کا روپیہ اور ہتیار۔ روس افغانستان کو کچھ روپیہ نہین دیسکتا
اسلئے کہ خود اپنی ضرورتون کے لئے اوسکے پاس نہین ہے

اور اُسے افغانستان کے سپاہی بھی درکار نہین اس لئے کہ خود
اوس کے وہان ضرورت سے زیادہ ہین۔

رابعًا۔ افغانستان کی دوستی روس کے لئے کچھ بکار آمد نہین
وہ صرف یہ چاہتا ہے کہ ہندوستان پر حملہ کرتے وقت
ملک مین سے گذر جائے جسکا مطلب یہ ہے کہ افغانستان
روسیون کے زیر قدم ہو جائے۔

البتہ یہ ممکن ہے کہ روس والی افغانستان کو پنجاب یا ہندوستان
کا کوئی اور حصّہ دینے کا وعدہ کرے اور اوس کے ساتھہ ہی دوستانہ
عہد و پیمان کرے کہ افغانستان کی خودمختاری پر کبھی آنچ نہ آئیگی
لیکن اس عہد و پیمان کا وہی انجام ہوگا جو اور سب عہدنامون کا
ہوا یعنی جب روس کو اوسکی ضرورت نرہیگی کالعدم کردے گا۔
بالفرض اگر کالعدم بھی نہ کیا جسے عقل باور نہین کرتی۔ تو اوس
صورت مین روس ہندوستان مین حکمرانی ہی نہین کرسکتا جبتک

کہ اوس کی فوجین۔ عہدہ دار سیاح وغیرہ روس اور ہندوستان
مین افغانستان ہوکر متصل آمدورفت جاری نہ رکھین ایسی حالت
مین افغانستان ہمیشہ روسیون کے زیر قدم رہیگا اور وہ اپنی ضرورتون
کے لئے ملک کے پیداوار جانور وغیرہ اپنے کام مین لائینگے
وہ افغانون کو اپنے یہان کی فوجی ملازمت کی طرف مائل کرینگے
اور جب کبھی لڑائی ہوگی تو مقابلہ کے لئے اونہین کو سامنے
کردینگے جس سے اونکے دو مقصد حاصل ہونگے۔ اوّل تو افغانون
کی تعداد گھٹیگی دوسرے اونکے مال وازواج پر متصرف ہون گے۔
مسلمان جنہین اپنے ناموس وخاندان کی حرمت کا بڑا خیال ہے
روسیون کے اس برتاؤ کو دیکھہ نہ سکین گے اور نتیجہ یہ ہوگا کہ
روس اور افغانستان مین لڑائی چھڑیگی۔ ایسے وقت مین انگلستان
کی مدد کی بھی توقع نہ ہوگی۔ ہزارہا آدمی مارے جائینگے اور لاکھ
صدہا بیواؤن اور یتیم بچون سمیت روس کے ہاتھہ لگیگا۔ مین یہ

نہین کہتا کہ میرے لڑکے اور جانشین روس کے دشمن ہو جائین
بلکہ میری تو یہ صلاح ہے کہ انہین بظاہر دوست رہنا چاہیئے۔
بلکہ دل سے دوست رہنا چاہیئے اس لئے کہ روس ایک بڑی
سلطنت ہے ممکن ہے کہ کبھی نہ کبھی مصیبت کے وقت اونکے
کام آئے۔ افغانون کے لئے اس سے بڑھکر کوئی حماقت ہوگی
کہ وہ بیٹھے بٹھائے روس کو چھیڑین۔ بہترین اصول یہ ہے کہ
روس سے گاڑھے تعلقات نہ بڑھائین بلکہ "خیرا لامورا وسطہا"
پر عمل کرین۔

اگر بدقسمتی سے انگلستان اپنا اصول بدل دے اور دست
اندازی شروع کرکے افغانستان لے لے یا اوس کی خودمختاری
مین مزاحم ہو تو اوسصورت مین افغانون کو مجبوراً انگلستان سے
لڑنا ہوگا اور اگر بالکل شکست کھائی تب وہ روس سے ملجائینگے
اس لئے کہ اسوقت انگلستان کی بہ نسبت روس سرحد افغانستان

سے بہت قریب ہوگا۔ اور افغانستان کی پوری مدد کر سکیگا۔ یہ چیز امیر شیر علی کے زمانہ مین نہ تھی۔ اوس وقت روس اس قدر دور تھا کہ اوس سے کچھ مدد نہو سکی۔

المختصر افغانستان کو چاہیئے یہ اصول اختیار کرے کہ اپنے دونون قوی ہمسایون مین اوسکا دوست بنے جو دست درازکم ہو اور دوسرا جو افغانستان کے ملک مین سے گذرنا چاہے یا اوسکی خود مختاری مین مخل ہو۔ اوس سے مخالف رہے۔

افغانستان کو چاہیئے کہ اپنی طرف سے ان دونون مین کسیکو نہ چھیڑے اور نہ انہین اپنے ملک مین کسیطرح آنے دے گو اونکے عہد و پیمان کچھ ہی ہون۔

روسی مدبرین کا اصول جو ایشیا مین پولیٹیکل بساط بچھائے ہین بہت قابل تعریف ہے روسی گروہ مدبرین کی چالین مثل ایک فوج کے پرون کی ہین۔ جو کسی بڑے کارآزما کمانڈر انچیف

کے تابع حکم ہون جو اپنی فوج کو چار حصون مین تقسیم کر کے ایک ہی وقت مین کئی جگہ لڑا رہا ہو۔

وہ ان چارون پر دنکو اسطرح ترتیب دیتا ہے کہ اُن مین سے کوئی دشمن سے لڑنے یا حملہ کرنے کا ارادہ اوس وقت تک نہین ظاہر کرتا جب تک کہ عمدہ موقع نہ پیش آئے۔ وہ دشمن کی توجہ کسی ایک مقام سے بٹائے رکھتا ہے اور جو نہین وہ غنیم کو کمزور اور غافل پاتا ہے فوراً حملہ کر دیتا ہے اور اُسے حملہ کی روک کے لئے تیار ہونے کا موقع نہین دیتا۔

گورنمنٹ روس کے افسر مشرق مین ان چار مقامات پر سرگرم رہتے ہین جو ذیل مین درج ہین۔

کوریہ اور چین ایک طرف۔ پامیر اور افغانستان دوسری طرف۔ ایران تیسری جانب اور ٹرکی چوتھی طرف۔ ان چارون مقامات کے علاوہ وہ کسی اور مقام کو جسے ہوشیار اور اپنے

مقابلہ کے لئے تیار پاتے ہین محسوب نہین کرتے اور اپنے حملے
محض کمزور اور غافل سلطنتون پر محدود رکھتے ہین - شاعر کہتا ہے

ع سکندر کہ باشرقیان حرب داشت

رخ خیمہ گویند در غرب داشت

ایسی چالون سے امیر شیر علی کے وقت مین روسیون کو افغانستان
مین بہت رسوخ حاصل تہا مگر میرے زمانہ مین انہین معلوم ہوگیا کہ
اب کوئی فقرہ نہین چلتا - اولاً پنجدیہہ - قلعہ نوا در مغرب پر خوب
چالین چلے مگر اب سمجھ گئے ہین کہ افغانستان غافل نہین ہے
اگر زیادہ چنین چنان کرینگے تو وہ معقول خبر لیگا - جب یہان سے
مایوس ہوئے تب اونہون نے اپنی توجہہ پامیر کی طرف رجوع
کی مگر جو نہین انہون نے دیکھا کہ انگلستان کشمیر اور چترال کی
سرحد پر اونکے خیر مقدم کے لئے تیار ہے انہون نے وہ مقام
بھی چھوڑ دیا اور چین کی طرف متوجہ ہوئے مگر جب وہان بہی

انگلستان اور جرمنی اور فرانس کو برسرِ مقابلہ تیار پایا تو اُدھر سے پھر ایران کی طرف پلٹے۔

غالباً۔ روسی افسر یہ خیال کرتے ہین کہ والی افغانستان اپنے یہان کی فوجی تیاریان روک دیگا۔ جب دیکھے گا کہ روسی ہندوستان پر حملہ کرنے کے لئے پامیر کی طرف سے چترال و کشمیر اور پنجاب آئینگے اور ایران و سیستان اور خلیج فارس کیطرف سے کراچی اور کوئیٹہ پر حملہ کرینگے اور چین کی سمت سے برما اور بنگال پر حملہ آور ہونگے اور افغانستان کو تلوہ چھوڑ دینگے۔ لیکن افغانون کو جاننا چاہیئے کہ اسطرح افغانستان چھوڑنے کے لئے روسی میری موت کے منتظر ہین یا کسی اور موقع کی تاک مین ہین مجھے افسوس ہے کہ میرے روسی دوستونکو کئی دفعہ نا اُمیدی ہوئی گو انہون نے تکلیف کرکے میری موت کا اشتہار بھی دیدیا حالانکہ مین زندہ تہا اور اونکی چالون کو خوب غور سے دیکھ رہا تھا اگر مین مرا نہین تو

یہہ میرا قصور نہین۔ مین اونکی خوشی کے لئے نہین مرسکتا اس
لئے کہ موت ایک مشیت ایزدی ہے۔

روسی فوجین جو افغانستان کی سرحد کے قریب جمع ہو رہی
ہین شاید اسلئے ہون کہ ایران کی طرف رخ کرین یا شاید میرے
ڈرانے کے لئے جمع کیگئین ہون تاکہ مین انگلستان کو چھوڑکر روس
سے ملجاؤن۔ یا یہ فوجین انگریزی مدبرین کو تردد مین ڈالنے کیلئے
اور کسی دوسری جانب انگریزی فوج کے رخ کو روکنے کے لئے
جمع کیگئین ہون۔ یا شاید یہ فوجی تیاریان اس لئے ہون کہ اسحاق
کو مدد دیکر اوبھارین کہ میرے مرنے کے بعد تخت کابل کا دعویٰ
کرے یا غالبًا اس غرض سے ہون کہ جب انگریز قندہار پر قبضہ
کرین تو روسی ہرات اور بلخ کو لے لین۔ المختصر کوئی سمجھہ نہین سکتا
کہ سرحد افغانستان پر فوجین جمع کرنے سے اونکا کیا منشا ہے
مین صرف یہ کہہ سکتا ہون کہ مین ایسا آدمی نہین کہ کسی کے ڈرانے

سے ڈر جاؤن - جو لوگ یہ کہتے ہین کہ روسی ہرات لینے والے ہین وہ واقعات سے بہت کم واقف ہین - روسی افسر ایسے بیوقوف نہین ہین اونکا حافظہ ایسا ناقص نہین ہے کہ ۱۸۳۷ء کا واقعہ بھول گئے ہون جب ہرات ایک شراب خوار احمق کامران کے قبضہ مین تھا جو صرف یہی ایک شہر رکھتا تھا افغانستان بھی اوسکے پاس نہ تھا مگر روس اور ایران دونون ملکر ہرات نہ لیسکے اور چھ مہینے محاصرہ کرکے اپنا سا منہ لیکر واپس گئے اور ہرات فتح نہ ہوا -

مین اسوقت ایک ہفتہ کے اندر ایک لاکھ فوج ہرات پر جمع کرسکتا ہون - اب افغانستان کے پاس ایسا عمدہ سامان جنگ اور سپاہی موجود ہین کہ وہ دکھا ویگا کہ وہ کیا کرسکتا ہے - اگر روس نے کسی مسلمان سلطنت کیساتھ جنگ چھیڑی تو کل روسی ترکستان مین جتنے مسلمان رئیس - ملا اور سرداران قبائل ہین اونکو ترغیب

دیکر مین سارے ترکستان مین غدر کرادونگا۔ اِن سب باتون کا
خیال کرکے روسی افسر خوب جانتے ہین کہ میری زندگی مین ہرات
پر حملہ کرنا محال ہے اسلئے کہ مین اونکی خبر لینے کے لئے پورا
تیار ہون۔

اب رہی افغانستان کی شمالی و مغربی سرحد مین نے اوسکے
لئے سرحد کے اختتام پر قلعہ دہداوی بنایا ہے جو بلخ کی حفاظت
اور استحکام کیلئے تعمیر ہوا ہے۔ یہ قلعہ بارہ برس مین تیار ہوا اور
ہزار ہا مزدورون نے روز کام کیا۔ یہ قلعہ ایک بلند پہاڑ کی چوٹی پر
واقع ہے جہان سے وہ سڑکین نظر آتی ہین جو دریائے جیحون
سے سرحد افغانستان کی طرف آئی ہین۔ قلعہ کی دیوارین اور
بُرج اس طرح زمین مین چھپی ہوئی ہین۔ کہ بہاری سے بہاری
توپین قلعہ کو نقصان نہین پہونچا سکتین بعض ماہران فنون جنگ
کا یہ کہنا بالکل بجا ہے کہ قلعے گو کیسے ہی مضبوط ہون مگر آجکل کی

نئی توپون کے سامنے وہ ہیچ ہین۔ مین نے کوٹک فائرنگ
بحری توپین۔ کرپ ۔ ہاچکس۔ نارڈن فلٹ۔ میگزم اور دوسرے
بہترین اقسام کے سامان جنگ اس قلعہ مین فراہم کئے ہین
جو آجکل کسی سلطنت کے پاس ہو سکتے ہین۔ اور اگر اون مین کوئی
اور ایجاد ہو گی تو سب سے پہلے مین اُنہین منگاؤنگا۔ اس معاملہ
مین مین اپنے ہمسایہ والون سے پیچھے نہ رہونگا۔

روس اگر ہرات پر حملہ کرے گا تو مرو اور عشق آباد کی طرف سے
آئیگا جہان سے قندہار اور کوئیٹہ کو سڑک گئی ہے۔ اگر بلخ پر حملہ
کرے گا تو تاشقند اور سمرقند کی طرف سے آئیگا اس لئے کہ بلخ
اوس سڑک پر واقع ہے جو کابل سے پشاور کو گئی ہے اور اگر فیض آباد
وکتغان پر حملہ آور ہوگا تو بدخشان کیطرف سے آئیگا۔ یا اگر روس
کا یہ ارادہ ہوا کہ افغانستان اور ہندوستان دونون پر ایک
ساتھ ہی حملہ کرے تو پامیر کیطرف سے داخان۔ چترال۔ کشمیر

پر حملہ آور ہوگا۔ یہ بھی ممکن ہے کہ آئندہ روس کو ہندوستان پر
حملہ کرنے کے لئے برما اور ایران مین کوئی سوراخ ملجائے۔
جب روس پنجدیہ کے قریب آیا مین نے ہرات کی قلعبندی
پہلے سے زیادہ مضبوط کردی۔ اسپر روس نے بلخ کی طرف سرگرمی
ظاہر کی تب مین نے بلخ کو بھی قلعبندی کرکے خوب مستحکم کردیا۔
تب روس نے بدخشان اور پامیر کیطرف توجہ کی اسکا جواب مین نے
یون دیا کہ کافرستان فتح کرلیا اور جلال آباد۔ لم خان۔ کابل اور
پنج شہر سے سڑکین بنادین اور اوس طرف بھی روسیون کے مقابلہ
کے لئے تیار ہوگیا۔ سنہ ۱۸۹۳ع مین مین نے سر مارٹمر ڈیورانڈ سے
کہا کہ اگر انگریز ہمسے چترال اور بجور لے لینگے تو مین روسیون کی
دست اندازی سے واخان کو نہ بچاسکون گا۔ چنانچہ مین نے
واخان انگریزون کی ذمہ واری پر چھوڑدیا اونکو اختیار ہے اوسکی
حفاظت کرین یا نکرین۔ اب چونکہ روسی ایران کی طرف زیادہ

انگلستان یا افغانستان سے جنگ کرے اس لئے کہ گورنمنٹ
روس ایسی جنگ کے لئے تیار نہین ہے بلکہ اوسکا اصول یہ ہے
کہ آہستہ آہستہ استقلال کے ساتھہ آگے بڑہنا چاہیئے اور اُن
سلطنتون سے تھوڑا ملک لینا چاہیئے جو بہت کمزور ہین اور اپنے
تئین بچا نہین سکتین - چنانچہ اس اصول کو روس جاری رکھنا
چاہتا ہے تاکہ بتدریج اوسکی سرحد ایک سرے سے دوسرے
سرے تک سلطنت ہند سے ملجائے جب اس کی تکمیل ہوجائیگی
تب وہ انگلستان سے جنگ چھیڑیگا - ایسی حالت مین روس کے
اس منصوبہ کو پورا ہونے کے لئے بہت زمانہ چاہیئے اور اس
درمیان مین ممکن ہے کہ بہت سے ایسے واقعات پیش آئین
جنکی وجہ سے روس اور انگلستان مین جنگ رک جائے -

صرف بنظر دوراندیشی یہ بحث کیگئی ہے کہ اگر ہندوستان
اور افغانستان دونون مین اتفاق رہا تو روس حملہ نکرسکیگا یا نکریگا

اس سے یہ غرض نہین ہے کہ ہم محض ایک خیالی اطمینان پر بھروسہ کرکے بالکل غافل ہوجائین۔ اس سے بڑھکے کوتاہ اندیشی اور حماقت نہین ہوسکتی اگر ہم روسیون کی دست درازیون کا تدارک کرنے کے لئے تیار نہ رہین۔

ہندوستان اور افغانستان کی طرف روسیون نے جو پالسی اختیار کی ہے اوسکو روکنے یا بالکل مٹانے کے لئے مین تجویزین تو بہت پیش کرسکتا ہون مگر بالفعل مین صرف اشارۃً چند ضروری امر بیان کرونگا۔ سب سے پہلا اور نہایت ضروری امر جسکی بابت اوّل ہی زور دیچکا ہون یہ ہے کہ انگلستان اور افغانستان اپنے اتحاد مین خوب مضبوط بنے رہین۔ جب تک یہ اتحاد قائم رہیگا روس کبھی نہ ہندوستان پر حملہ کریگا نہ افغانستان پر جو انگریز یہ کہتے ہین کہ ہرات یا کسی اور حصہ افغانستان کے لئے ہم کیون روس سے لڑین وہ محض جاہل ہین۔ اونکو معلوم نہین کہ ہرات۔ ہندوستان

سرگرمی دکھا رہے ہین اس لئے مجھے ضرور ہے کہ افغانستان
کے جنوبی اور مغربی سرحد کیطرف زیادہ توجہ کرون جو ہرات اور
قندہار کے درمیان واقع ہے۔ چنانچہ اس طرح روسی مدبر جدہر
چاہین اپنی فوجین لیجائین مجھے بھی اپنے مخبرون کے ذریعہ سے
برابر خبر رہتی ہے اور دو چند سپاہی اوس مقام پر بھیج دیتا ہون
تاکہ اگر روسی بہت قریب آئین تو اونکی مزاج پرسی کر لیجائے۔
اسکے علاوہ میرے دربار مین بدخشان دروازہ۔ کولاب۔ روشان
بخارا کے معزول حکمران موجود ہین اور مین نے ان امیرون اور
ترکمانی سردارون کے لڑکون سے اپنا خاص باڈی گارڈ بنایا
ہے۔ اس بات سے وہ سب مجھسے بدل خوش ہین اور ہمارے
اور اونکے درمیان رشتۂ اتحاد بہت مضبوط ہو گیا ہے۔ اگر
روس نے کبھی میرے ملک کا رخ کیا تو یہ چیز بہت کام آئیگی۔
گو مجھے یقین ہے اور روسی بھی خوب جانتے ہین کہ جب تک

مین زندہ ہون افغانستان اور انگلستان ایک ہین - وہ کبھی ہرات
یا افغانستان کے کسی اور مقام پر حملہ نہ کرینگے - مگر روسی اپنی فوجین
اس حیلہ سے میرے ملک کی سرحد کے قریب جمع کر رہے ہین
کہ اُن سے وہان کی رعایا کی حفاظت مقصود ہے اگر میرے
مرنے کے بعد افغانستان مین بلوہ ہو تو اپنی رعایا کو بچا سکین -
اس سے یہ معنی نکلتے ہین کہ گویا میری موت افغانون کے لئے
اشارہ ہوگی کہ میرے مرتے ہی وہ روس پر حملہ کردین - پس
مین بھی اگر روسی سرحد کے قریب اپنی فوجین جمع کرون تو واجبی
ہے اس لئے کہ اگر روسی مسلمان یا روس کی اور بیدل رعایا روس
مین بلوہ عام کرے تو میری فوج کے ڈر سے امن قایم رہے
اسلئے کہ کسی جریص دشمن کو ڈرانے کے لئے ایک زبردست فوج
کا وجود ہی بس ہوتا ہے -

مجھے یقین کامل ہے کہ بالفعل روس کی یہ مصلحت نہین کہ

انگلستان یا افغانستان سے جنگ کرے اس لئے کہ گورنمنٹ
روس ایسی جنگ کے لئے تیار نہین ہے بلکہ اوسکا اصول یہ ہے
کہ آہستہ آہستہ استقلال کے ساتھہ آگے بڑہنا چاہیئے اور اُن
سلطنتون سے تہوڑا ملک لینا چاہیئے جو بہت کمزور ہین اور اپنے
تئین بچا نہین سکتین - چنانچہ اس اصول کو روس جاری رکہنا
چاہتا ہے تاکہ بتدریج اوسکی سرحد ایک سرے سے دوسرے
سرے تک سلطنت ہند سے ملجائے جب اس کی تکمیل ہوجائیگی
تب وہ انگلستان سے جنگ چھیڑیگا - ایسی حالت مین روس کے
اس منصوبہ کو پورا ہونے کے لئے بہت زمانہ چاہیئے اور اس
درمیان مین ممکن ہے کہ بہت سے ایسے واقعات پیش آئین
جنکی وجہ سے روس اور انگلستان مین جنگ رک جائے -

صرف بنظر دوراندیشی یہ بحث کیگئی ہے کہ اگر ہندوستان
اور افغانستان دونون مین اتفاق رہا تو روس حملہ نکر سکیگا یا نکریگا

اس سے یہ غرض نہین ہے کہ ہم محض ایک خیالی اطمینان پر بھروسہ کرکے بالکل غافل ہوجائین۔ اس سے بڑھکے کوتاہ اندیشی اور حماقت نہین ہوسکتی اگر ہم روسیون کی دست درازیون کا تدارک کرنے کے لئے تیار نہ رہین۔

ہندوستان اور افغانستان کی طرف روسیون نے جو پالسی اختیار کی ہے اوسکو روکنے یا بالکل مٹانے کے لئے مین تجویزین تو بہت پیش کرسکتا ہون مگر بالفعل مین صرف اشارۃً چند ضروری امر بیان کرونگا۔ سب سے پہلا اور نہایت ضروری امر جسکی بابت اوّل ہی زور دیچکا ہون یہ ہے کہ انگلستان اور افغانستان اپنے اتحاد مین خوب مضبوط بنے رہین۔ جب تک یہ اتحاد قائم رہیگا روس کبھی نہ ہندوستان پر حملہ کریگا نہ افغانستان پر جو انگریز یہ کہتے ہین کہ ہرات یا کسی اور حصہ افغانستان کے لئے ہم کیون روس سے لڑین وہ محض جاہل ہین۔ اونکو معلوم نہین کہ ہرات۔ ہندوستان

کی کنجی ہے۔ ہرات کے لئے لڑنا عین ہندوستان کے لئے لڑنا ہے
اگر روس نے ہرات اور افغانستان لے لیا تو پھر اوسے
ہندوستان پر حملہ کرنے مین کچھ دقت ہی نہ ہوگی اس لئے کہ جب
ہندوستان کی سرحد روس کی سرحد سے جا ملیگی تو اوس وقت
انگلستان کو ہندوستان مین حکومت کرنا بہت دشوار ہوگا ایک
بڑی فوج رکھنے کی ضرورت ہوگی۔ اتنی بڑی کہ ہندوستان کا
خزانہ اوس کے بار کا متحمل نہ ہوسکیگا۔ اسکے علاوہ جب روس
ہندوستان کا ہمسایہ ہوگا تو اور بہت سی پیچیدگیان اور دقتین پیش
آئین گی۔ خصوصاً جبوقت افغانستان اور ترکمان کے بہادر سپاہی
روسی جھنڈے کے نیچے لڑ رہے ہونگے تو اوسوقت انگلستان
کو اپنی حفاظت اور اپنے مقبوضات کے بچانے کے لئے
ایک لشکر عظیم درکار ہوگا اگر انگلستان کی نیت یہ نہین ہے کہ (میری
گورنمنٹ کے ساتھ جو اس مضمون کے عہدنامے ہوئے ہین کہ

انگلستان بمقابلہ روس افغانستان کو بچائیگا) توڑے جائین اور
ہرات کے معاملہ مین روس سے لڑنا بھی نہین چاہتا ہے تو اُن
صاحبون کو چاہیئے کہ اس پالسی کا عام اعلان نہ کرتے پھرین اسلیئے
کہ اگر روس افغانستان پر حملہ کرے گا تو وہ حملہ محض ہندوستان پر
حملہ کرنیکی غرض سے ہوگا۔ جب تک روس یہ جانتا ہے کہ انگریز اور
افغان دونون یکدل ہین۔ دونون ساتھہ لڑینگے یا دونون ساتھہ
مرینگے۔ تب تک وہ کبھی دونون مین کسی پر حملہ نہ کرے گا۔ اسلیئے
کہ جانتا ہے کہ دونون کی متحدہ قوت اوس کے لیے بہت زیادہ ہے
دوسرا امر یہ ہے کہ جب تک انگلستان روس کی رفتار نہ روکے
وہ نہ رکیگا۔ اگر انگلستان اوسکی دست درازیون کو روکنا چاہتا ہے
تو اوسکو چاہیئے کہ وہ ضعیف سست اور مجہول پالسی کو ترک کرے
جو اب تک گذشتہ انگلش مدبرین کی رائے سے چلتی رہی۔ اگر ایک
دفعہ ڈاٹ کر روس سے یہ کہدیا جائے کہ اب اگر آگے بڑھوگے

تو جنگ ہو جائیگی تو وہ بآسانی پیچھے ہٹ جائیگا - مین خوب جانتا ہون
کہ روس اسوقت جنگ کے لئے تیار نہین ہے اور نہ یہ چاہتا ہے
کہ انگلستان کے ساتھہ جنگ ہو مگر جب تک انگلستان روسی
دست اندازیون پر خاموشی اور بے پروائی ظاہر کرتا رہیگا تب تک
روس آہستہ آہستہ بڑہتا ہی چلا جائیگا - اگر روس نے افغانستان
ایران یا ٹرکی ان تینون ملکون مین سے کسی ملک پر قبضہ کر لیا یا
اوسے اپنے دائرہ اختیار مین لے لیا تو باقی دو ملکون کو ضرر پہنچیگا
اور ہندوستان پر بھی اسکا اثر ہوگا - لہذا اگر وہ ان ملکون مین سے
کسی ملک کو لینا چاہے تو اوسکی مخالفت کرنا چاہیئے -

سعدی فرماتے ہین -

سر چشمہ شاید گرفتن بہ بیل	چو پر شد نباید گرفتن بہ پیل

تیسرا طریقہ ہندوستان کیطرف روسی دست درازیون کے روکنے
کا یہ ہے کہ انگلستان کو چاہیئے کہ افغانستان کو روپیہ اور سامان جنگ

دغیرہ کی مدد دیکر خوب مضبوط کر لے اور روس سے صاف صاف
کہدے کہ اگر میری زندگی مین یا میرے بعد افغانستان کے
معاملات مین کوئی دست اندازی کیجائے گی یا تخت کابل کیلئے
کوئی دعویدار کھڑا کیا جائیگا تو روس اور انگلستان مین جنگ ہوگی۔
جب تک افغانستان کے پاس کافی روپیہ اور ہتیار ہین۔
اوسے اسبات کی ضرورت نہین اور نہ وہ چاہتا ہے کہ انگریزی
فوج روسیون سے لڑنے کے بہانے کسیوقت ملک مین داخل ہو البتہ
اُسوقت افغان انگریزی فوج کو بخوشی اپنے ملک مین
آنے دینگے۔ جب یہ دیکھین گے کہ روسیون سے انہون نے
شکست فاحش کہائی۔ اور اب کوئی ذریعہ ملک بچانیکا نہین ہے
مگر جب تک افغانون مین خود لڑنیکا دم باقی ہے وہ دشمن کو اپنے
ملک سے نکالنے کے لئے انگلستان یا روس کے ایک سپاہی
کو بہی اپنے ملک مین قدم رکہنے کی اجازت نہ دینگے اور ایسا ہی

کرنا بھی چاہیئے ورنہ پھر اوس فوج کو اپنے ملک سے نکالنا جسکو
خود بلایا ہو محال ہوگا۔ وہ ہمیشہ اسی ملک مین رہنے کا بہانہ ڈھونڈیگی
اور یہ کہیگی کہ وہ قیام امن کے لئے رہنا چاہتی ہے۔ ایسی حالت
مین اگر انہون نے دیکھا کہ ملک مین امن ہے اور لوگ اونکے
رہنے سے ناراض نہین تو بس وہ وہین رہین گے۔ اگر لوگون
نے اُنپر بلوہ کیا تو اوسوقت یہ کہا جائیگا کہ جبکہ تم خود اسکا باعث
ہوئے پھر ہمین اپنے وعدہ کی پابندی کہ تمہارا ملک تمہین واپس
دین کچھ ضرور نہین۔"

اگر انگلستان اور روس نے اتفاق کرکے یہ چاہا کہ افغانستان
آپس مین تقسیم کرلین تو یہ یقین سمجھنا چاہیئے کہ ہندوستان مین
دونون کی جنگ کی بنا پڑی اور ایسا عہدنامہ ہوتے ہی یہ جنگ
واقع ہوگی اگر اس طرح افغانستان کی تقسیم ہوئی تو بلخ۔ ترکستان۔
کنتان۔ ہرات اور فراح جو ممالک ہندوکش کی مغرب مین واقع

ہین وہ روس کے حصہ مین آئین گے اور یہی افغانستان کے
بہت شاداب وزرخیز خطے ہین۔ اب رہا جلال آباد و کابل یہ دونون
انگریزون کے ہاتھ آئینگے اور انکا محاصل اتنا بہی نہین کہ اخراجات
کے لئے کافی ہو۔ یہ بڑی غلطی ہے کہ کارپردازان برٹش میری
دوستی مین شک کرین جب وہ دیکہتے ہین کہ والی افغانستان
عقلمند۔ زبردست وفادار ہے تو اونکا فرض ہے کہ اوس کی حمایت
کرین اسلئے کہ اسی مین اونکا فائدہ ہے۔ اگر تخت کابل پر کوئی کمزور
ناتجربہ کار۔ بے اعتبار شخص امیر ہوتا تو البتہ افغانستان اور
ہندوستان دونون کے لئے خوف تھا۔

میری چوتہی رائے یہ ہے کہ انگریزون کو ایران وٹرکی سے
غافل نہونا چاہیئے جیساکہ چندسال سے ہورہے ہین۔ اونکو چاہیئے
ان دونون ملکون کو روس کے پنجہ سے بچائین اور اس بات کی
کوشش کرین کہ ایران وٹرکی مضبوط ہون اور اون سے دوستانہ

تعلقات بڑھتے جائین - میری راے کے موافق جو مین اوپر
بیان کرچکا ہون انگلستان کو چاہیئے کہ ایران - ٹرکی اور افغانستان
مین اتحاد وتلافہ قائم کرائے جسکے یہ معنی ہونگے کہ روس کے سامنے
ساری اسلامی دنیا کی ایک مضبوط دیوار کھڑی ہو جائے گی جو
روسیون کی دست درازیون مین سد سکندری کا کام دیگی - علاوہ
برین اس سے یہ نتیجہ ہوگا کہ تمام ایشیا مین جہان روسی دست
اندازیان جاری ہین ایک عام امن قائم ہو جائیگا اور آیندہ کسی
خوفناک جنگ کا اندیشہ باقی نہ رہے گا - یہ ظاہر ہے کہ جب یہ تینون
اسلامی سلطنتین جو ہم ملت ہین متحد ہو جائینگی اور انگلستان کی دوست
ہونگی تو یہ سمجھنا چاہیئے کہ کل اسلامی دنیا انگلستان کے ساتھہ
ہو گی -

میری پانچوین تجویز یہ ہے کہ انگلستان اور افغانستان دونونکو
چاہیئے کہ اپنی فوجین نہایت آراستہ رکھین - اپنی رعایا کی آسودگی

اور بحالی کی طرف توجہ کرین اور فوج اسقدر رکھین کہ دشمن کے
مقابلہ کے لئے کافی ہو جسطرح بیمار ہونے سے پہلے کوئی مقوی
دوا کھانا بہتر ہے بہ نسبت اسکے کہ بیمار ہو کر مرض کی دوا کا استعمال کرنا
ایک شاعر کہتا ہے۔ اگر تم چاہتے ہو کہ امن قایم رہے تو جنگ
کی تیاریان ظاہر کرو۔ رعایا کو خوش آسودہ اور تعلیم یافتہ کرنے سے
ملک کی بنا مضبوط ہوتی ہے اس لئے کہ رعایا مثل دیوارون کے
ہین جن پر سلطنت کی عمارت قایم ہے۔

افغانستان کی آسودہ حالی اس طرح ممکن ہے کہ صنعت وحرفت
کو ترقی دیجائے اور تجارت کے ذرایع وسیع کئے جائین تاکہ رعایا
کو کسب معاش کا ذریعہ ملے اور آرام سے زندگی بسر کرسکین۔ دوسرا
ذریعہ یہ ہے کہ فاتح اور مفتوح اقوام مین ربط ضبط بڑہایا جائے
اور لوگون کے خیالات پر غور کیا جائے۔ اونکی فریاد سنی جائے
اور بلا امتیاز قوم وملت ورنگ ومذہب سبکو مساوی حقوق دئے

جائین۔ مین روسیون کے اس اصول کی تعریف کرتا ہون جو انہون نے روسی ترکستان مین اپنی مشرقی رعایا کے ساتھہ برتا ہے۔ وہان کے دیسی لوگ فوج مین کرنل اور جنرل تک کی خدمت پاتے ہین اور آپس مین دونون قومین شادی بیاہ تو اکثر کرتی ہین۔ وہان ہندوستان کا سا حال نہین ہے جہان اس قسم کی شادیان بہت شاذونادر ہوتی ہین اور انگریز ہمیشہ ہندیون سے الگ الگ رہتے ہین۔ اگر کوئی انگریز کسی ہندوستانی عورت سے شادی کرلے تو اپنی گروہ مین نکّو بنتا ہے اور سب انگریز اوسے حقارت کی نظر سے دیکھتے ہین اسکا نتیجہ یہ ہے کہ انگریز اور ہندوستانی ایک دوسرے کے خیالات اور حالات پر غور نہین کرسکتے اور ایک دوسرے سے بالکل اجنبی رہتے ہین۔

ایک اور بات ہندوستان مین قابل افسوس یہ ہے کہ وہ دوستانہ تعلقات جو قدیم انگریز عہدہ دارون اور ہندوستانیون

مین ہوا کرتے تھے اب بہت کم ہین کیونکہ نئے تعلیم یافتہ نوجوان
سولیین جو امتحانات پاس کرکے انگلستان سے ہندوستان کو آتے
ہین اُنہین کچھ دینوی تجربہ نہین ہوتا اور اپنی مدت ملازمت کو
ہندوستان مین ایک عارضی چیز سمجھتی ہین اور چونکہ اب ہندوستان
اور انگلستان کے درمیان آمدورفت کے ذرایع آسان ہوگئے
ہین اس لئے وہ اپنے دوستون سے ملنے کے لئے جلد جلد
ولایت جاسکتی ہین اور ہندوستان مین کسی سے دوستی پیدا کرنا
نہین چاہتے - بخلاف اسکے پہلے یہ دستور تھا کہ قدیم اینگلو انڈین
لوگ ہندوستان مین بود و باش اختیار کرتے تھے - اسے اپنا گھر سمجھتے
تھے اور ہندوستانیون سے دوستی و رسم و راہ بڑہاتے تھے -

یہ بیان کرکے کہ ہندوستان اور افغانستان پر روس کا حملہ
کرنا ممکن ہے اور کن ذرایع سے یہ حملہ رک سکتا ہے مین اب
یہ ظاہر کرونگا کہ روس کہان تک اپنے خیالات مین غلطی پر ہے -

اور آیا ہندوستان پر حملہ کرنا ممکن ہے یا نہین -

اس سوال کا جواب دیتے ہوئے مجھے افسوس ہوتا ہے اس لئے کہ میرے روسی دوست جنھون نے میری بڑی خاطر و مدارات کی مایوس ہونگے - مگر مین اون سے سچ کہتا ہون کہ جب تک افغانستان روس کا شریک نہو ہندوستان کا حملہ غیر ممکن ہے اور اس حملہ مین افغانستان روس کا ساتھہ دے یہ امر زیادہ تر محال ہے - اگر روسی مجھے اپنا سچا دوست سمجھکر میری نصیحت سنین تو مین درحقیقت انہین ایک بہت ہی عمدہ رائے دونگا اس لئے کہ مین اونکا مرہون منت ہون - اونکو چاہیئے کہ اس بازی سے باز آئین اس کا نتیجہ روس کے لئے تباہی ہے اور یقیناً اس نقل کا مصداق ہوگا جو مین ذیل مین لکھتا ہون -

ایک شخص بہت دبلا تھا اور اوس کی جورو یہہ چاہتی تھی کہ خوب موٹا ہو جائے اوسے بھڑون کے چھتے چھیڑنے کا بڑا

شوق تہا گو عورت اوسے منع کر چکی تہی کہ ایسا نہ کیا کر

ایک دن یہ اتفاق ہوا کہ بہڑین چھتے سے نکلکر اوسے چمٹگئین خوب ڈنکہ مارے - جب وہ گہر آیا تو تمام جسم سوجا ہوا اور منہ بھی ورم سے پہولا ہوا تہا - اوسکی جورو یہ دیکہکر بہت خوش ہوئی اور اوس سے پوچہنے لگی کہ یہ حالت کیونکر پیدا ہوئی - اوس نے جواب دیا کہ بہڑون نے کاٹا ہے اور درد سے سخت تکلیف ہے اوسکی جورو دعا مانگنے لگی کہ یا اللہ اوسکا درد جاتا رہے مگر ورم نجائے لیکن بدقسمتی سے اولٹا اثر ہوا - ورم تو تحلیل ہو گیا مگر خون مین زہر باد پیدا ہو گیا - یہی انجام روس کا ہوگا - اگر اوسنے ہندوستان پر حملہ کیا - وہ ہندوستان نہ لے سکیگا مگر جنگ عظیم کا صدمہ اور درد باقی رہیگا اور اوسکے رنج کو بڑہائیگا -

اگر آیندہ کوئی والی افغانستان ہندوستان کے حملہ مین روس سے ملجائیگا تو اوس امیر کی دوستی وحمایت کسی اور سلطنت

کی اعانت سے بڑھکر مفید ہوگی اس لئے کہ وہ ہندوستان سے بہت قریب ہوگا مین اوپر بیان کرچکا ہون کہ ایسا اتفاق بالکل غیر ممکن ہے اور یہ مسئلہ نہایت نازک اور دشوار ہے - بالفرض اگر کوئی امیر آیندہ ایسی حماقت کرے کہ روس یا انگلستان کو بلاکر اپنے ملک پر قبضہ دے یا ملک مین سے گذرنے دے تو اوسکا نتیجہ وہی ہوگا جو شاہ شجاع کیوقت مین ہوا یعنی افغانون نے شاہ شجاع کو مار ڈالا اور اُن انگریزونکو بھی تہ تیغ کیا جو شاہ شجاع کے بلانے سے ملک مین آئے تہے غالباً انگلش گورنمنٹ دو تجربہ اُٹھانے کے بعد اب تیسرے تجربہ کی کوشش نہ کریگی اور اگر روس کو کچھ عقل ہے تو وہ انگریزون کے حادثات سے ایک سبق لیگا اور افغانستان کے معاملات مین دخل نہ دے گا گو کوئی امیر افغانستان بھی اونکو بلائے -

افغانستان کا نقشہ دیکھنے سے معلوم ہوگا کہ ۱۸۱۶ء سے پہلے

کشمیر اور دوسرے سرحدی اضلاع جو اب سلطنت ہند مین شامل
ہین سب میرے آبا و اجداد کے زیر حکومت تھے۔ شاہ شجاع
کے زمانہ سے انگریزون نے افغانستان کے معاملات مین دخل
دینا شروع کیا اور ایک ایک کرکے سب لے لئے۔ جب کبھی
انہین موقع ملا کوئی نہ کوئی حصّہ ضرور لیا۔

مثلاً لارڈ لٹن نے یہ پالسی اختیار کی کہ ملک کو کمزور کرنے کے
لئے چترال پیشین قلعات امیر شیر علی سے علیحدہ کرلئے
جائین تاکہ افغانستان ٹکڑے ٹکڑے ہوکر چھوٹی چھوٹی ریاستون
مین تقسیم ہوجائے۔ بعدازان انگریزون نے امیر یعقوب سے
۲۶ مئی ۱۸۷۹ء مین صلحنامہ گندمک لکھوایا جسکی رو سے پیشین
سیبی۔ کرم۔ شتواری۔ خیبر اور پیور کوٹال لے لیا۔

افغانستان کا کل جنوبی حصّہ جو پرسندہ کی سرحد کے جنوب
مین واقع ہے انگریزون نے اسی طرح اپنی فارورڈ پالسی کی

تکمیل کیلئے دبا لیا۔ اور اسکا سارا بار بیچارے فاقہ مست ہندوستان کے سر منڈھا۔ یہہ اب برٹش بلوچستان کہلاتا ہے گو وہان ۹۰ فیصدی افغان بستے ہین اور صرف دس فیصدی بلوچی۔

پھر انگریز آہستہ آہستہ رینگتے ہوئے آگے بڑھے اور بجور۔ دیر۔ سوات۔ نواجی۔ بلند خیل۔ چغائی۔ وزیری۔ اور مہمند چمن پر قبضہ کر لیا۔ جب مین نے اسمارہ مہمند اور کافرستان دینے سے انکار کیا تو گورنمنٹ ہند بہت ہی چراغ پا ہوئی۔ وہ یہ نہین سمجھتی کہ جسقدر سرزمین ہند اور سرحد آگے بڑہائی جائے گی اوسی قدر اوسکی زیادہ حفاظت کرنی ہوگی اور بار خرچ اتنا ہوگا کہ گورنمنٹ ہند متحمل نہو سکیگی۔ اس مین شک نہین لارڈ لارینس نے جو سرحد قائم کی تھی وہ بہت ہی دانشمندانہ اصول پر تھی۔ اب جو سرحد قایم ہوئی ہے اوسمین بیرونی حملہ کا زیادہ خطرہ ہے بہ نسبت اوس سرحد کے جو پہلے تھی۔ روسیون کا اصول یہ ہے کہ کمزور کو دباؤ اور طاقتور کو چھوڑ دو

مثلاً ۲۵ سال کا زمانہ گذرا کہ وہ موقع پاکر ترکون سے لڑا بعدازان
افغانستان کیطرف رخ کیا مگر جو نہین اوس نے دیکہا کہ ملک
اب ایک قوی امیر کے زیر حکم ہے لیکن چترال اور کشمیر کیطرف
سناٹا ہے اوس نے جہٹ سے پامیر پر قبضہ کرلیا۔ جب انگریزون
نے کشمیر اور چترال پر قلعبندی کردی تب وہ چین اور ایران کیطرف
متوجہ ہوا۔ بالفعل وہ اس گہات مین ہے کہ میرے مرنے کے
بعد یا کوئی اور اچھا موقع دیکہکر افغانستان پر حملہ کردے۔

اگر روس انگلستان اور افغانستان کی متحدہ فوجون کے مقابلہ
مین اس طرح پر حملہ کرنا چاہے کہ ایک فوج کشمیر اور چترال پر حملہ کرنے
کے لئے پامیر کیطرف سے بہیجے۔ دوسری فیض آباد اور کتغان
پر حملہ کرنے کے لئے بدخشان کی طرف سے روانہ کرلے تیسری
بلخ پر حملہ کرنے کے لئے سمرقند و تاشقند کیطرف سے بہیجے۔
چوتہی ہرات پر حملہ کرنے کے لئے مرو عاشق آباد اور کشک

کیطرف سے روانہ کرے اور پانچوین قندہار و کوئیٹہ پر حملہ کرنیکے
لئے ایران کیطرف بھیجے تو ظاہر ہے کہ ایسی جنگ کے لئے
بہت کچھہ روپیہ کی ضرورت ہوگی اور روس کو اپنی فوج متعدد حصوںمیں
تقسیم کرنا پڑے گی۔ چونکہ روس کو چین۔ جاپان۔ آسٹریا۔ جرمنی
اور ٹرکی کے قریب سرحدون کی حفاظت کے لئے ہمیشہ ایک
بڑی فوج کی ضرورت ہے اسکے علاوہ ملک کے اندرونی بلوے
اور ترکمانی مسلمان اور دوسرے بیدل رعایا کے ہنگامے فرو کرنے
اور اپنا ملک محفوظ رکھنے کیلئے بھی فوج درکار ہوگی اس سے ظاہر
ہے کہ وہ اس جنگ کے لئے تمام مقامات سے جو اوپر بیان
ہوئے ہین بہت ہی تھوڑی فوج بھیج سکتا ہے اور یہ چھوٹے
چھوٹے دستے ایک دوسرے سے بہت دور رہین گے۔
غرض اس جنگ کے لئے نہ روس کے پاس کافی فوج ہے
اور نہ اتنا روپیہ کہ رسد اور باربرداری کا سامان مہیا کرسکے۔

بالفرض اگر اوس نے محض ہرات۔ بلخ اور سرحد افغانستان
پر حملہ کرنا چاہا تو ایسی حالت مین (گو مین اپنی فوج کی تعداد نہین بتانا)
مین یقینا کہہ سکتا ہون کہ مجھے انگریزی فوج سے مدد لینے کی مطلق
ضرورت نہ ہوگی۔ اگر انگلستان نے یورپ مین روس پر حملہ کرکے
گولہ باری شروع کردی تو مین جانتا ہون کہ اوس کی فوج کافی نہوگی
کہ میرا مقابلہ کرسکے اور اون مسلمان شاہان معزولین سے لڑے
جو اسوقت میرے دربار مین موجود ہین شاہ کولاب۔ درواز۔ بدخشان
شغنان۔ روشان اور بخارا اپنے عزیزون اور دوستون کے ذریعہ
سے وہ آگ لگا ینگے کہ روس کو ٹھہرنا دشوار ہوگا۔

بالفرض اگر روس نے ہرات یا بلخ پر حملہ بھی کردیا اور اگر انگلستان
نے باوجود عہد و پیمان کے افغانستان کو مدد دینے سے انکار کیا
تو کیا ہوگا۔ غالبًا روسی یہ سمجھتے ہونگے کہ جسطرح ۱۸۸۵ء مین پنجدیہ
پر قبضہ کرلیا اور صاحب بہادرون نے چون نہ کی اسی طرح ہرات

یا بلخ پر بھی قبضہ کر لینگے۔ مگر میرے روسی دوست بہت غلطی پر ہین
اگر ایسا خیال ہے۔ جب تک افغانونمین ایک شخص بھی زندہ رہیگا وہ ہرات
تو کیا اپنی ملک کی ایک انچ زمین بھی روسیو مکو نہ لینے دینگے اور اگر بالفرض روسیون
کو نکال نہ سکے تو اوسوقت افغانستان انگلستان کی نذر کرین گے
اگر انگلستان اور افغانستان کی مجموعی فوجین بھی ہرات اور بلخ پر روس
سے پسپا ہوئین تب وہ کابل۔ غزنی اور قندہار مین آکر جمینگے اور یہان
سے لڑینگے اور اسی طرح تیسرا مقام کوئٹہ۔ پشاور اور چترال ہوگا۔
ان سب حالتون مین انگریز و افغان ہی نفع مین رہین گے۔ اسلئے
کہ اپنے ملک مین لڑینگے اور یہ یاد رہے کہ ایک ایک سپاہی ایک
ایک کسان اور کاشتکار روس کا مقابلہ کریگا اور افغانستان کے
لئے اپنی جان فدا کریگا روس اوسی طرح گہاٹے مین رہیگا جسطرح
کہ ہنری اول بادشاہ فرانس تہا جب فرانس اور اسپین مین جنگ
ہوئی تہی۔ اگر بہت بڑی فوج لائیگا تو سپاہی فاقون مرینگے اور اگر

تھوڑی فوج لائیگا تو وہ بآسانی افغانون کا نوالہ ہوگی. دوسرا فائدہ
انگلستان اور افغانستان کو یہ حاصل ہے کہ بالفرض اگر پہلے وار
مین شکست کھائی تو پیچھے ہٹکر پھر لڑنے کے لئے دوسرا اور
تیسرا مقام موجود ہے۔ البتہ روسیون کے لئے اسقدر فاصلہ طے
کرکے آنا اور سارے لوازمات فوج پیچھے مسلمان ترکمانون اور
افغانون کے قابو مین چھوڑ آنا بہت خطرناک چیز ہے۔ اگر روسیون
نے شکست کھائی تو یہ بڑی عظیم الشان سلطنت جس کے اجزا رشتۂ
محبت سے نہین بلکہ جبر سے بندھے ہوئے ہین اس طرح منتشر
ہوجائین گے جیسے دھاگا کھینچنے سے کسی مالے کے موتی۔
روس کی کیا طاقت ہے کہ سندھ تک لڑتا چلا جائے اور برابر لڑائی
جاری رکھے۔ اس کے لئے ہزارہا کرور روپیہ کی ضرورت ہے
اور لڑنے کے لئے ایک مدت چاہیئے۔ روس اپنے ملک
کے افلاس کیوجہ سے اسکا مقدر نہین ہوسکتا اور اوسکے پیچھے

خود اوسکے ملک مین صدہا فتنے بپا ہونیکا اندیشہ ہے۔

بہرحال اگر لڑائی شروع ہوتی ہے تو ہرات ہی پر شروع ہو۔ انگریزون کا اسی مین فائدہ ہے اس صورت مین افغان انگریزون کے روپیہ اور ہتیارون کی مدد سے ایشیا مین خوب لڑینگے اور اور یورپین رشیا انگریزون پر چھوڑ دینگے وہ وہان اونکی خبر لے لین۔ انگلستان کو یہ چاہیئے کہ روسی حملہ کی دفاع کے لیئے نہ صرف ہندوستان کی سرحد کی قلعبندی کرے بلکہ بمقابلہ روس افغانستان کے سرحد کی قلعبندی کردے تاکہ حملہ کی نوبت ہی نہ آئے۔

اچھا اب یہ فرض کرو (گو یہ امر ممکن نہین ہے) کہ اگر انگریز ایسی حماقت کرین کہ جب روس کو ہرات دبلغ لیتے ہوئے دیکھین تو بجائے اِسکے کہ اونکو ہرات سے نکالین خود بھی (بلا دعوت و مرضی اہل افغانستان) قندہار۔ کابل اور غزنی پر قبضہ کرلین۔ اگر یہ طریقہ اختیار کیا تو

افغانستان اور ہندوستان دونون کے لیے مضر ہوگا اسلیے
کہ افغانستان جواب روس کے سامنے حائل ہے اوسکی سدراہ
نہ رہیگا اور افغان لوگ انگلستان کی عہد شکنی اور خلف وعدسے
ایسے ناراض ہونگے کہ روس کی حمایت مین چلے جائین گے
جسکے معنی یہ ہونگے کہ انگلستان کے مقابلہ مین روس اور افغانون
مین یہ عہد و پیمان قایم ہوگا کہ اگر روس انگلستان سے لڑے تو
افغانستان روس کا ساتھ دے۔

روس کو افغانستان کے نہایت شاداب وزرخیز مقامات جو کوہ
ہندوکش کے شمال اور مغرب مین واقع ہین (ترکستان۔ کتغان۔
فراح۔ ہرات) ہاتھ آئینگے اور پشاور سے جلال آباد اور کابل تک
جو صوبہ جات کوہ ہندوکش کے جنوب و مشرق مین واقع ہین اور
بالکل بنجر و غیر مزروعہ زمین ہے انگریزون کو ملیگی۔ اگر روس
و انگلستان نے باہمی معاہدہ کرکے اس طرح پر افغانستان کی تقسیم

کرلی تو ہندوستان کا خزانہ اس نئی سرحد کی قلعہ بندی اور حفاظت کے لئے کافی نہ ہوگا اور وہ معاہدہ گویا ہندوستان پر حملہ کرنے کی بنا ہوگا۔

الحمد للہ کہ انگریز و افغان دونون کو خدا نے عقل دی ہے اور وہ سمجھتے ہین کہ اونکی حفاظت اور قوت اتحاد سے ہے۔ اور اونکا زوال نفاق سے۔

ہر ملک کی تاریخ مین ایک زمانہ ایسا آتا ہے کہ قدیم خیال کے مدبرون مین اور نئے ترقی خواہون مین جنگ ہوتی ہے۔ اگر میدان نئے خیالات والون کے ہاتھ رہا تب تو ملک ترقی کرتا ہی قوی اور مہذب بنتا ہے۔

اگر قدیم خیال والے غالب آئے تو قوم ضعف و جہالت مین اور زیادہ غرق ہو جاتی ہے اور بیدلی پھیلتی ہے۔ ایسا ایک وقت انگلستان پر بھی گذر چکا ہے۔ ہندوستان بھی چند سال پہلے

اسی حالت مین تھا مگر شکر ہے کہ وہ بلا ٹل گئی۔ اب اہل ہندوستان جنہون نے انگریزی طریقہ پر تعلیم پائی ہے اور جنہین خدا نے جوہر عقل بھی دیا ہے وہ خوب سمجھتے ہین کہ روسیون کے مقابلہ مین برطانیہ کی حکومت سے کیا کیا فوائد حاصل ہین۔

بالفرض یہ مان لیا جاے کہ انگلستان کے پاس اتنی بڑی فوج نہین ہے جیسی کہ روس کے پاس ہے مگر مین اپنے روسی دوستونکو ایک بڑے جنرل نپولین کے یہ الفاظ یاد دلاتا ہون "یہ کبھی نہ معلوم ہوگا کہ انگریزونکو کب شکست ہوئی" کیون؟ وجہ اوسکی یہ ہے کہ انگریزی رعایا ایسی جان نثار اور وفادار ہے کہ اس بات کی مطلق کچھ پروا نہین کرتی کہ انگریزی فوج متواتر پسپا ہوئی یا صدہا اہل وطن مارے گئے بلکہ اس سے اونکا جوش وفاداری۔ گورنمنٹ کی حمایت اور غنیم کو خاک سیاہ کرنیکی خواہش اور زیادہ ہوتی ہے۔ یہ جوش محض جزائر برطانیہ تک محدود نہین ہے بلکہ کل قلمرو مین پھیلا ہوا ہے۔ وہ وطن کی

حمایت مین والینٹیرون کی تازہ پر تازہ فوج بھیجتے ہین یہان تک کہ غنیم کو شکست فاحش ہوتی ہے اور سر اوبھارنے کی قوت باقی نہین رہتی۔ اتنا کہا جاسکتا ہے کہ گو دولت برطانیہ کے پاس کوئی بڑی فوج تیار نہین مگر ہر متنفس جو برطانیہ کی رعایا سے ہے اوسکے فتحمند جھنڈے کے نیچے لڑنیکے لئے تیار ہے تو سلطنت برطانیہ کی کل رعایا (جو انگلستان کی آبادی سے دس گنی ہے) فوج سمجھنا چاہیئے جو جنگ کے وقت بخوبی برطانیہ کی فوج مین شامل ہوکر لڑیگی۔ اور انگریز اسطرح برسون جنگ جاری رکھہ سکین گے جسکے لئے اونکے پاس بکثرت روپیہ۔ ہتیار اور آدمی موجود ہین یہان تک کہ روس کے کل ذرایع ختم ہوجائینگے اوس وقت فتح انگلستان کی ہوگی جیساکہ ہر ایک بڑی لڑائی مین ہوتی آئی ہے۔ جو انگلستان کو روس فرانس یا دوسرے دشمنون سے پڑی۔

تمت